

قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام

محمد متین خالد

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام

محمد متین خالد

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

حضوری باغ روڈ، ملتان پاکستان فون: 061-4514122

www.sirat-e-mustaqeem.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام

www.sirat-e-mustaqeem.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

- نام کتاب .... قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام
- مصنف .... محمد متین خالد
- ناشر .... عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان پاکستان
- قانونی مشیر .... محمد نوید شاہین ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
- سن اشاعت 2006ء
- تعداد 1100
- قیمت .... -/220 روپے

واحد تقسیم کار

مکتبہ ختم نبوت، اُردو بازار لاہور

38-غزنی سٹریٹ اُردو بازار، لاہور۔فون: 0300-4385230

www.sirat-e-mustaqeem.com

فہرست

انتساب		7
قادیانی رسوائی کی تقریب رونمائی	محمد امیر القادری	9
قادیانیوں کو موت کیسے آئی؟	ندیم رضا	14
''فطرت سے محاذ آرائیاں زہر ہلاہل ہیں''	یونس الحسنی	16
''تاریخ احمدیت کے گم گشتہ اوراق کا ماسٹر پرنٹ''	شفیق مرزا	19
''ہوئے مر کے وہ جو رسوا''	مولانا قاری منصور احمد	30
یقین کیجئے!	محمد متین خالد	32
شاتمانِ رسول کا عبرتناک انجام	آغا ثاقب سلیمانی	40
مرزا غلام احمد قادیانی		45
حکیم نور الدین		109
مرزا بشیر الدین محمود		134
نصرت جہاں بیگم		172
مرزا ناصر احمد		183
مرزا طاہر احمد		195
چوہدری ظفر اللہ خاں		218
ڈاکٹر عبد السلام		234

www.sirat-e-mustaqeem.com

❑ مبارکہ بیگم	256
❑ مرزا بشیر احمد ایم اے	263
❑ مرزا شریف احمد	271
❑ ایم ایم احمد	273
❑ مولوی عبدالکریم سیالکوٹی	281
❑ قاضی ظہورالدین اکمل	286
❑ مفتی محمد صادق	294
❑ مریم بیگم	300
❑ ڈاکٹر میر محمد اسماعیل	305
❑ مرزا منصور احمد	307
❑ ثاقب زیروی	309
❑ مرزا مبارک احمد	314
❑ شیخ عبدالماجد	315
❑ مرزا سعید احمد	316
❑ امۃ الحفیظ بیگم	317
❑ محمد علی لاہوری	320
❑ پیام شاہجہان پوری	330
❑ مرزا ادریس احمد	333
❑ میجر عبداللطیف	335
❑ عبدالمجید خالد بٹ	336
❑ دیکھو انہیں جو دیدہ عبرت نگاہ ہو	337

www.sirat-e-mustaqeem.com

انتساب!

- مجاہد ختم نبوت جناب مبشر سعید
- مجاہد ختم نبوت جناب احمد کمال

کے نام

جن کے سینے میں عشق رسالت مآب ﷺ کی محبت
کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔

اللہ کرے یہ مرحلہ شوق نہ ہو طے

www.sirat-e-mustaqeem.com

❁

”سلام پہنچے...... اللہ تعالیٰ کے اس جلیل القدر پیغمبر (ﷺ) کو...... جو کائنات کی تخلیق کا باعث ہیں جن کا عشق ہمارا قبلۂ مراد اور کعبۂ ذوق ہے۔ جو تمام نبیوں میں آخری نبی ہیں۔ جن کی ختم المرسلینی پر کئی رہزنوں نے دست درازی کرنا چاہی لیکن وقت کی غیرت نے انہیں نقش آب کی طرح محو کر دیا اور اُن کی قبروں کے نشان، فطرت کی دستبرد سے غبار معصیت ہو کر اُڑ گئے۔“

(آغا شورش کاشمیری مرحوم)

❁

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانی رسوائی کی تقریب رونمائی

اس کائناتِ بسیط میں دو قوتیں ہمیشہ برسر پیکار رہی ہیں، ایک طرف حق کی تابانیوں نے خاکدان گیتی کے گوشہ گوشہ کو منور کیا تو دوسری جانب باطل کی تاریکیوں نے اس کی رعنائیوں کو حوالہ تکدر کر دیا۔ حق وصداقت کی خوشبوئیں اگر ماحول کو لالہ زار بناتی رہیں تو باطل کی گرد وغبار فضا کو ناخوشگوار کرتی رہی، اگر صدق وصفا کی بادِ نسیم گلہائے رعنا کی نشو ونما کے لیے کارگر ثابت ہوئی تو کذب وافتراء کی بادِ صرصر نے چمن انسانیت کی ہر کلی کو جھلسا دیا، اگر ایقان وعرفان، انسان کو رفعتوں کا مکین بناتے رہے تو تشکیک وارتیاب نے اسے خاک نشین بننے پر مجبور کر دیا، اگر طاغوتی قوتیں اپنی ریشہ دوانیوں سے اثم وعدوان کا کاروبار کرتی رہیں تو ملکوتی طاقتیں اپنے رحمٰن پروردگار کے سامنے پیکران تسلیم و رضا بنی رہیں، اگر خودتراشیدہ بتوں کے پرستار اپنی کارستانیوں میں مگن رہے تو مقابلے میں توحید کے علمبردار بھی خیمہ زن رہے، بقول اقبال ؂

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغ مصطفوی ﷺ سے شرار بولہبی

1857ء کی جنگ آزادی کے بعد برصغیر (پاک وہند) میں فتنوں کے ایسے ایسے طوفان اٹھے جنہوں نے گلشن اسلام کی مہکتی کلیوں کو افسردہ و پژمردہ کر دیا، ریشہ دوانیوں کے ایسے دبیز بادل چھائے جس سے ملک کا گوشہ گوشہ تاریک نظر آنے لگا، فتنہ سازیوں کے ایسے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کیے گئے جس سے اہل اسلام تلملا اٹھے، باطل تحریکوں کی سازشوں کی ایسی بادِ سموم چلی جو ہر عاشق رسول ﷺ کے شاداب چہرے کو مغموم کر گئی...... غلامانِ مصطفیٰ ﷺ کے خلاف ریشہ دوانیوں میں ہندو عفریت نے بھی انگریز سامراج کا پورا پورا ساتھ دیا، ان دونوں نے مل کر ملت اسلامیہ کے زخم خوردہ جسم پر نمک پاشی کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا، اس سلسلہ میں ایک منظم پروگرام انہوں نے یہ ترتیب دیا کہ ؂

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روح محمد ﷺ اس کے بدن سے نکال دو

www.sirat-e-mustaqeem.com

غلامانِ مصطفیٰ ﷺ کے دلوں سے محبت رسول ﷺ کا یہ پاکیزہ جذبہ کھرچنے کے لیے انہوں نے وقت کے سمندر میں کئی کنکر ڈالے، کئی حربے آزمائے، کئی پروپیگنڈے کیے۔ جب ان کی ساری سیاسی افتراء پردازیاں اور معاشی حیلہ سازیاں جواب دے گئیں تو اپنے تئیں انہوں نے حسن فطرت کے عظیم ترین شاہکار (ﷺ) کے جمال جہاں آراء کی رعنائیوں کو مدھم کرنے کے لیے آخری حربے کے طور پر ایک ''خانہ ساز نبوت'' کا سوانگ رچایا اور ایک مخبوط الحواس اور فاتر العقل شخص کو ''قصر نبوت'' میں نقب زنی پر اکسایا، دنیا اسے ''مرزا قادیانی'' کے نام سے جانتی ہے۔

انگریزوں کا یہ خود کاشتہ پودا، یہودیوں کا لے پالک، ہندوؤں کا داشتہ، طاغوتی قوتوں کا ایجنٹ اور اسلام دشمن لابیوں کا آلہ کار (مرزا قادیانی) پہلے پہل ایک عالم دین کے روپ میں سامنے آیا۔ پھر مناظر اسلام کا روپ دھارا، بعدازاں مصلح، مجدد اور مسیح موعود کی مسند پر حملہ کرتا نظر آیا، پھر پینترا بدلا اور ظلی و بروزی نبی کی اصطلاحوں سے سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دیتا رہا اور آخر کار نبوت کا دعویٰ کر دیا...... اس بدنام زمانہ متنبی نے اپنے آقا (انگریز) کی خوشنودی کے لیے اس کی تائید و اطاعت میں ہزاروں کی تعداد میں پمفلٹ اور کتابیں لکھیں، اس کے ساتھ ساتھ اسلام کے انتہائی اہم رکن ''جہاد'' کی تنسیخ پر سینکڑوں صفحات سیاہ کیے، اپنی کتاب ''تریاق القلوب'' میں بڑے فخر کے ساتھ اس نے اس حقیقت کا انکشاف کرتے ہوئے لکھا ہے:

''میں نے ممانعتِ جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھی ہیں کہ اگر وہ اکٹھی کی جائیں تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں، میں نے ان کتابوں کو تمام ممالک عرب مصر، شام، کابل اور روم تک پہنچا دیا ہے، میری یہ کوشش رہی ہے کہ مسلمان اس سلطنت کے سچے خیر خواہ ہو جائیں اور مہدی خونی اور مسیح خونی کی بے اصل روایتیں اور جہاد کے جوش دینے والے مسائل جو احمقوں کے دلوں کو خراب کرتے ہیں، ان کے دلوں سے معدوم کر دیئے جائیں۔''

اس بدقماش اور عیار نے ایک طرف اسلام دشمن طاقتوں سے مل کر ملت اسلامیہ کی ساکھ کو نقصان پہنچایا تو دوسری جانب ناموس رسالتؐ پر بھی رکیک حملے کیے ہیں، اس دریدہ دہن نے محسن انسانیت حضرت محمد ﷺ، آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، آپ کی ازواج مطہرات اور خاندان اہل بیت کی شان میں وہ ہذیان بکے ہیں کہ ان کو پڑھ کر یا سن کر انسان کے اوسان خطا ہو جاتے ہیں، انہیں نقل کرتے ہوئے بھی قلم کانپتا اور وجدان پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ ذرا جگر تھام کر اس کی درج ذیل روح فرسا اور دل گداز

www.sirat-e-mustaqeem.com

عبارات پڑھیے:

- نبی (ﷺ) سے دین کی مکمل اشاعت نہ ہوسکی، میں نے پوری کی ہے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)
(حاشیہ تحفہ گولڑویہ ص165 از مرزا قادیانی)
- ہجرت گاہ مصطفیٰ (ﷺ) نہایت متعفن اور حشرات الارض کی جگہ ہے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)
(حاشیہ تحفہ گولڑویہ، ص112، از مرزا قادیانی)
- میری وحی کے مقابلے میں حدیث مصطفیٰ (ﷺ) کوئی شے نہیں۔ (نعوذ باللہ من ذلک)
(اعجاز احمدی، ص56، از مرزا قادیانی)
- قرآن شریف میں گندی گالیاں بھری ہیں اور قرآن عظیم سخت زبانی کے طریق کو اپنا رہا ہے۔
(نعوذ باللہ من ذلک) (ازالہ اوہام، ص28، از مرزا قادیانی)
- بعض نادان صحابہ کو درایت میں سے کوئی حصہ نہ تھا۔ (نعوذ باللہ من ذلک)
(ضمیمہ نصرت الحق، ص120)
- پرانی خلافت کا جھگڑا چھوڑو، اب نئی خلافت لو، ایک زندہ علی (مرزا قادیانی) تم میں موجود ہے، اس کو تم چھوڑتے ہو اور مردہ علی (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کو تلاش کرتے ہو۔ (نعوذ باللہ من ذلک) (ملفوظات احمدیہ، ص131)
- کربلا میرے روز کی سیر گاہ ہے، حسین جیسے سینکڑوں میرے گریبان میں ہیں۔ (نعوذ باللہ من ذلک) (نزول المسیح، ص99)
- قارئین کرام! یہ تو چند نمونے تھے، ورنہ اس مجسمۂ غلاظت نے ان پاکیزہ اور قدسی صفات شخصیات کی شان میں ایسے ایسے ہفوات بکے ہیں، جنہیں سن کر سنگلاخ چٹانیں پگھل جائیں اور پتھر دلوں میں شگاف ہو جائیں۔

بدنما دھبے ہیں جتنے چہرۂ تاریخ پر
غور سے پڑھیے انہیں اور فیصلہ خود کیجئے

جب سے اس منحوس گروہ نے جنم لیا ہے، اصحاب منبر و محراب اور ارباب قلم و قرطاس اس کی سفاکیوں اور زہرناکیوں سے اہل اسلام کو آگاہ کرتے رہے ہیں، جس سے کئی تشکیک و ارتیاب کے خارزاروں میں بھٹکنے والوں کو عرفان و ایقان کی مہکتی فضا ملی ہے، ان کے خطبات کی طغیانی اور قلم کی جولانی سے کئی دلوں کو شادمانی کے جذبے عطا ہوئے ہیں، ان وفاکیشوں نے ملت کو افتراق و انتشار کی پگڈنڈیوں اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

تعصب وعناد کے تنگناؤں سے نکال کر شفاعت نگر کی شاہراہ پر لگا دیا، کفر و باطل خصوصاً مرزائیت کے قلعوں میں انہوں نے ایسے شگاف ڈالے کہ قادیانی حلقوں میں صف ماتم بچھ گئی، دشمنان رسول ﷺ کے مذموم منصوبوں کو طشت ازبام کرنے اور بدعقیدگی کی تیرگی میں چراغاں کرنے والے یہ بلند ہمت لوگ جریدۂ عالم کے دیباچہ کی حیثیت رکھتے ہیں، اسی فہرست میں ایک چمکتا دمکتا نام، منزل محبت کے راہی، لشکر عشق کے سپاہی، ملک کے بلند پایہ ادیب، نامور دانشور و محقق، مجاہد ختم نبوت جناب محمد متین خالد کا بھی آتا ہے، جو اپنی پوری تابانی کے ساتھ چمک رہا ہے، نہ صرف خود چمک رہا ہے بلکہ ظلمت کے کئی مکینوں کو بھی روشنی و رعنائی کے خزینے عطا کر رہا ہے۔

متین خالد صاحب کے قلمی جواہر پاروں میں ''جب حضور ﷺ آئے''، ''بارگاہِ رسالت ﷺ میں'' ''شہیدان ناموسِ رسالت ﷺ''، ''عیسائیت کے تعاقب میں''، ''پادریوں کے کرتوت''، ''ثبوت حاضر ہیں'' اور ''قادیانیت سے اسلام تک'' کے علاوہ درجنوں بلند پایہ علمی و تحقیقی کتب زیور طبع سے آراستہ ہو کر قبولِ عام کا درجہ حاصل کر چکی ہیں، ''ثبوت حاضر ہیں'' تو رد مرزائیت میں انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتی ہے۔ متین خالد صاحب کی یہی کتاب دیکھ کر حضرت ضیاء الامت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ ''اس کتاب سے نہ صرف عزیزی محمد متین خالد کا قد بلند ہوا ہے بلکہ ملت اسلامیہ کو بھی اس سے بلند قامتی ملی ہے، مجھے اس خوش قسمت نوجوان پر فخر ہے۔''

علم و آگہی کے نور کے ساتھ اگر ذوق و جنون کا سرور بھی میسر آ جائے تو انسان عظمت کی بلندیوں پر فائز ہوتا ہے، متین خالد صاحب بھی ان بلند بخت اور سعادت مند لوگوں میں سے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے بحر علم و حکمت کی شناوری کے ساتھ ساتھ عشق و محبت کے بے پایاں جذبوں سے بھی نوازا ہے، انہوں نے اپنے دنوں کا سکون تج کر کے اور راتوں کو جگراتوں میں بدل کر ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ کے لیے ایسے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں جو تاریخ دعوت و عزیمت کے ماتھے کا جھومر ہیں۔

دُر مضمون کوئی یوں گوندھ لے اے شاد مشکل ہے
سلیقہ انتہا کا چاہیے موتی پرونے میں

زیر نظر کتاب ''قادیانی راسپوٹینوں کے عبرت ناک انجام'' بھی اسی زریں سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس میں موصوف مرزا قادیانی سمیت اس کی روحانی و جسمانی ذریت کے عبرتناک انجام، تاریخ کے بوسیدہ اوراق سے نکال کر منظر عام پر لائے ہیں، ہر چند کہ اس کام کے لیے انہیں دشوار گزار اور خارزار وادیوں سے گزرنا پڑا ہوگا، لیکن جب متین خالد منزل پر پہنچ کر دشمنانِ رسول ﷺ کی ''رسوائی'' کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

"تقریب رونمائی" میں کامیاب ہوئے تو ان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رقص کر رہی تھی اور آنکھوں میں خوشی کے آنسوؤں کے چراغ جگمگا رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو شرف قبول عطا فرمائے اور ان کے پاکیزہ جذبات کو سدا سلامت رکھے۔ وہ یونہی عشقِ مصطفیٰ ﷺ کی فولادی قوت سے سنگلاخ زمینوں میں محبت و وفا کا چمن آباد کرتے رہیں اور اس چمن کو اخلاص و عقیدت کے چشمۂ شیریں سے سیراب کرتے رہیں۔

صدائے حق کی جرأت سے تو زندہ رکھ زمانے کو
کہ تیرے ساتھ دنیا کے ہزاروں دل دھڑکتے ہیں

تحفظ ختم نبوت کا ادنیٰ سپاہی

محمد امیر القادری

ڈائریکٹر محمدیہ غوثیہ رائٹرز گلڈ

بھیرہ شریف۔ ضلع سرگودھا

7 ربیع الاوّل 1426ھ

18 اپریل 2005ء

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانیوں کو موت کیسے آئی؟

کسی بھی تصنیف پر تبصرہ کرنے سے قبل اسے ترتیب دینے والے کی علمی قابلیت اور تحقیقی فہم و فراست کو پرکھنا ضروری ہوتا ہے، ''قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام'' کے مصنف جناب محمد متین خالد کی شخصیت کا جائزہ لیں تو اس میں خوبیاں بھی ہیں اور خامیاں بھی، سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ وقت ضائع نہیں کرتا اور ہمہ وقت مطالعہ میں غرق رہتا ہے جبکہ سب سے بڑی خامی بھی یہی ہے کہ وہ اپنا وہ وقت بھی کتابوں کو دے دیتا ہے جس پر اس کی اپنی ذات کا حق ہے، یعنی تفریح کا وقت، اس کی سب سے بڑی تفریح کسی لائبریری میں بیٹھ کر ایسے مضامین کی تلاش ہے جن میں اسلام دشمنوں نے جان بوجھ کر حقائق مسخ کر کے اسلام کو نقصان پہنچانے کی دیدہ دانستہ کوشش کی ہو، اسلام دشمن قوتوں کو سازش کا جواب سازش کے بجائے اپنی تحریروں سے دینا، اس کا مشغلہ ہے، وہ اس کیچڑ کو صاف کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا رہتا ہے جو اسلام مخالفین دین مبین، انبیاء کرام اور بالخصوص حضور نبی کریم ﷺ کی ذات مقدسہ پر اچھالنے کی ناپاک جسارت گاہے بگاہے کرتے رہتے ہیں۔ اسے اللہ کی کرم نوازی ہی کہا جاسکتا ہے کہ وہ ہر بار کامیاب ہو جاتا ہے، اس کی کامیابی میں سب سے بڑا کردار ان دلائل کا ہوتا ہے جنہیں تلاش کرنے کے واسطے اُسے گھنٹوں انٹرنیٹ کے سامنے بیٹھنا پڑتا ہے، جن کی کھوج میں ڈھیروں کتابوں کی عرق ریزی کرنا پڑتی ہے...... بے شک گھنٹوں جانگسل محنت کے پیچھے بھی ایک لالچ ہے...... اور لالچ بھی خوب...... بھلا آقائے دو عالم ﷺ کی قربت سے بڑھ کر بھی کوئی لالچ ہوسکتا ہے؟ اس لالچ کا وہ برملا اظہار بھی کرتا ہے۔ وہ اکثر کہتا ہے کہ مجھے اس سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں چاہیے کہ روزِ قیامت مجھے ان سپاہیوں کی صف میں کھڑا کیا جائے جو تحفظ ناموسِ رسالت ؐ پر کٹ مرے، جن کا وجود مخالفین رسول ؐ کے سینے میں کسی خنجر کی طرح کھٹکتا رہا۔ اس موضوع پر انتہائی جذباتی لہجے میں بات کرنے والے متین خالد نے جس راہ کو چنا ہے، وہ ہر کسی کو نصیب نہیں ہوتی، یہ راستہ سبھی کو دکھائی دیتا ہے لیکن اس پر لڑکھڑائے بغیر چلنا غازی علم الدین شہیدؒ جیسے غلامانِ رسول ؐ ہی کا کام ہے، اگر متین خالد کو عہد حاضر میں ''غازی علم الدین کا مرید صادق'' قرار دیا جائے تو ہرگز مبالغہ نہ ہوگا کیونکہ اس کا قلم بھی علم الدین شہیدؒ کی طرح ناموسِ رسالت پر حملہ آوروں کے سینے میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

یوں پیوست ہے جیسے چودھویں کے چاند کا خنجر تاریک شب کے سینے میں۔ بالخصوص فتنہ قادیانیت تو اس کے خوف سے یوں کانپ اٹھتا ہے جیسے حضرت عمرؓ کے درہ سے شیطان، دو درجن سے زائد کتابیں لکھنے والے متین خالد نے زیرِ نظر تصنیف میں ایک بار پھر قادیانیت کو گریبان سے پکڑ کر بیچ چوراہے میں لاکر دلائل کے وہ تھپڑ مارے ہیں کہ مرزا قادیانی کی قبر میں پڑی عذاب جھیلتی بوسیدہ ہڈیاں بھی تھرا اٹھی ہیں۔

اس طرح یہ تصنیف قادیانیت کے تابوت میں آخری کیل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہم مصنف کی تحقیق کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور زورِ قلم کو بھی۔ زیرِ نظر کتاب میں مصنف نے حوالہ جات کے لیے مستند روایات سے استفادہ کیا ہے، بالخصوص مرزا قادیانی ملعون کے بارے میں قادیانیوں کی ہی روایات سے ثابت کر دینا کہ نبوت کے اس دعویدار کو یہ خبر تک ہوتی کہ اس نے اپنا جوتا سیدھا پہن رکھا ہے یا الٹا، اسی طرح یہ حوالہ بھی خوب ہے کہ مرزا ملعون گھڑی پر درست وقت بھی نہیں دیکھ سکتا تھا، اسی طرح تقریر کی مہارت کے دعویٰ کو مصنف نے بری طرح مسترد کرتے ہوئے قادیانیوں کی کتابوں سے ہی حوالہ دیتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ مرزا قادیانی ملعون کئی عام الفاظ کی ادائیگی بھی درست طریقے سے نہ کر پاتا تھا۔ وہ ''پرنالہ'' کو ''پنالہ'' بولتا۔ مرزا قادیانی ملعون کی موت کا منظر بیان کرتے ہوئے مصنف نے ہرگز حقائق سے تجاوز نہیں کیا اور وہی لکھا جو قادیانیوں کی اپنی کتب اور تاریخ سے ثابت ہے ورنہ ایسے معاملات میں جانبداری سے کام لینا اور واقعات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا عام سی بات ہے۔

اسی طرح انہوں نے حکیم نورالدین، مرزا محمود، بشیر احمد، ایم ایم احمد، محمد علی لاہوری، نصرت جہاں بیگم، مبارکہ بیگم، ثاقب زیروی اور پیام شاہجہان پوری کے بھیانک انجام کے بارے میں جو حقائق بیان کئے ہیں، اس سے پہلے وہ منظرِ عام پر نہیں آئے۔

مجموعی طور پر مذکورہ تصنیف کو کسی بھی تحقیقی بک شیلف میں پہلی دس کتابوں کے ساتھ رکھا جاسکتا ہے، جس کی سب سے بڑی وجہ حقائق سے تجاوز نہ کرنا ہے اور واقعات کو اسی حد تک بیان کرنا ہے کہ ان پر مبالغہ آرائی کی مہر نہ لگائی جاسکے، متین خالد نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ اچھا عاشقِ رسول ہے، یہی عشق اسے مجبور کرتا ہے کہ وہ ہر بار قادیانیت کے بھیانک چہرے کا نیا رخ سامنے لے آتا ہے۔ عہدِ حاضر میں متین خالد وہ دیوار ہے جس سے قادیانیت کی تعفن زدہ ہوائیں ٹکرانے کی جرأت ہی نہیں کرتیں اور پلٹ جاتی ہیں۔

اللہ رب العالمین سے دعا ہے کہ وہ اسلام کے اس سپاہی کو سلامت رکھے اور اس کی تحقیق میں مزید جان پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے ''لالچ'' میں بھی اضافہ کرے۔ (آمین)

ندیم رضا

میگزین انچارج روزنامہ ''انصاف''

www.sirat-e-mustaqeem.com

''فطرت سے محاذ آرائیاں زہر ہلاہل ہیں'

مذہب رہنمائے زندگی ہے۔ دین اسلام، مذہب کی صورتِ کمال کا نام ن اس کا آئینہ۔ ایمان قلب، مسلم کی شمع فروزاں ہے، مومنِ حقیقی وہ ہے جو اس شمعِ روشن کی: ، ، مل ہو کر شبستانِ عالم کو منور کر دے۔ یہ کام صرف تدبر فی القرآن سے ممکن ہے۔ یہ وہی کتاب ہے جس پر امت مسلمہ کا اٹوٹ ایمان ہے کہ وہ دین و دنیا کی تمام ضروریات پورا کرنے کی واحد مکلف ہے۔ اسی پاک کتاب کے متعلق نبوت و رسالت کے شخصِ اعظم تاجدارِ ختم نبوت سرور عالم ﷺ کا ارشاد ہے کہ میرے بعد قرآن حکیم اور میری سنت قیامت تک تمہاری راہنمائی کا کام دے گی۔ بالفاظِ دیگر یہی کتاب مقدس دستورِ حیاتِ انسانی ہے، آئین زندگی ہے، اور قانونِ فطرت ہے۔ اگر آج سے ساڑھے چودہ سو برس قبل بنی آدم کے ایک بدترین طبقے نے اس قانونِ جبلت انسانی کا عامل ہو کر ہمہ جہت ترقی کی منازل آسانی طے کر لی تھیں، چرواہے معلمین ادراک حقیقت بن گئے تھے، بیٹیوں کو زندہ در گور کرنے والے اُجڈ اور گنوار عرب دنیا کو تہذیب و شائستگی سکھانے لگے تھے تو کوئی وجہ نہیں کہ اکیسویں صدی کے نام نہاد ترقی یافتہ انسان اُس نسخۂ کیمیائے تمسک کی بدولت عزت و عروج کے اس مقام پر فائز المرام نہ ہو سکیں۔

اسلام دین فطرت ہے، اس پر ایمان کا تقاضائے اوّلیں یہ ہے کہ مومن کھجور کی اس چٹائی پر صدقے واری ہو جائے جو فرشِ زمین پر پڑی تھی اور کائنات کے آخریں معلم قدسی ﷺ ہدایت انسانیت کے لیے اس پر جلوہ افروز تھے، یہ وہ زمین تھی جس کے مقابل چرخ نیلی فام پست تر اور جس کا ہر ذرہ آفتاب سے روشن تر تھا۔ ان تجلیوں کی بنیاد وہی منزل من اللہ قانونِ فطرت تھا جو اپنے ماننے والوں کو نیابت فی الارض کی اہلیت سے مالا مال کرنا چاہتا تھا اور اُس نے یہ کام کر دکھایا۔ یہ دستور و آئین ہر اعتبار سے مکمل، ہر دور کے لیے شافی اور اس کا لانے والا تمام جہانوں اور تمام زمانوں کے لیے اکمل و کافی ہے۔ اس کے بعد کسی نئے اصول و ضابطے یا کسی نوتراشیدہ تشریعی و غیر تشریعی ظلی و بروزی کی ضرورت ہی نہیں رہی۔ اگر کوئی متنفس ایسا دعویٰ کرے تو وہ فطرت کے خلاف محاذ آرائی کا مرتکب ہو کر عبرت کے چوراہے پر لٹکتی برہنہ لاش کا منظر پیش کرتا دکھائی دیتا ہے کہ فطرت کسی فرد، گروہ یا قوم کا ایسا گناہ ہرگز ہرگز معاف نہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

کرتی۔ انسان ان لاتبدیل حقائق کو تنکھیوں سے دیکھتا رہتا ہے۔ مگر جب دریائے زندگی کا بہاؤ بدلنے کی نامشکور سعی کرتا ہے تو قدم قدم پر ہنگامے جنم لیتے ہیں جن سے سوسائٹی کے اجتماعی بگاڑ کا خطرہ سروں پر منڈلانے لگتا ہے۔ ایسے میں قانونِ فطرت حرکت میں آ کر دھرتی کو قانون شکنوں کے بوجھ سے بہ لطائف الحیل نجات دلا دیتا ہے۔

یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ امت مسلمہ میں اصولِ فطرت کے کئی باغی پیدا ہوئے۔ مرزا غلام احمد قادیانی اس گروہِ خنازیر میں سب سے زیادہ خطرناک تھا جو عالمی استعمار کا دلال بن کر دینِ فطرت کی بنیاد یعنی حضور ختمی مرتبت علیہ السلام کے منصبِ ختمِ نبوت پر حملہ آور ہوا۔ افراتفری کے اس دور میں کئی بکاؤ لوگ اس دنی سیرت غلط پیان شخص کے ممد و معاون ہو گئے۔ اسلامیانِ برصغیر شدید تحیر میں مبتلا تھے۔ پھر ایکا ایکی حواس مجتمع کر کے از سر نو صف بندی کی اور باطل کے مقابل پوری توانائیوں کے ساتھ صف آرا ہو گئے، دشمن بازی ہار گیا مگر فرنگی کی پشت پناہی سے سانسیں لیتا رہا۔ دوسری طرف فطرت نے ان باغیوں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا؟، یہ بڑے خاصے کی بات ہے۔ فدائے ختم نبوت جناب محمد متین خالد نے خاندان ارتداد کے بڑوں کی غلیظ اموات کے سلسلے میں "قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام" کے زیرِعنوان حقائق پر مبنی کتاب ترتیب دی ہے۔ ایک ایک حرف ان کی عرق ریزی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ مسلیمہ پنجاب مرزا غلام احمد قادیانی سے لے کر مرزا طاہر تک سر برآوردہ مرزائی مردوں وعورتوں کے حالات و واقعات اور آخری ہچکی تک کی کیفیات ٹھوس شواہد کے ساتھ کتاب میں بلاکم و کاست بیان کر دیئے ہیں۔ قادیانی امت کے دوسرے امام المرتدین مرزا بشیرالدین محمود کے آخری ایام کا ایک واقعہ مجھے ابھی تک یاد ہے جو ان کے سرکاری معالجوں کے چیف نے اخباری نمائندگان کو سنایا تھا اور بطل حریت عاشق رسول آغا شورش کاشمیریؒ کے سامنے بھی بیان کیا تھا۔ مرزا محمود شدید بیمار تھا۔ غالباً یہ 1965ء وسط کا ذکر ہے اس وقت کے صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے سرکاری ڈاکٹرز کی ایک ٹیم لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر خواجہ عبدالرشید کی سربراہی میں اس کا علاج کرنے کے لیے ربوہ (اب چناب نگر) بھیجی مگر وہ پوری ٹیم تیسرے ہی روز واپس آ گئی خواجہ صاحب کے بقول انہوں نے صدر مملکت کو رپورٹ بھیجی کہ "مرزا محمود کی بیماری لاعلاج ہے کیونکہ:

1- مرزا محمود بہت شور مچاتا اور اکثر کتے کی طرح آوازیں نکالنا شروع کر دیتا ہے۔

2- اس سے بدبوئے اس قدر شدید بھبھوکے اٹھتے رہتے ہیں کہ صفائی کرنے اور خوشبوئیں لگانے کے باوجود بھی ختم ہونے کو نہیں آتے، ایسے میں اس کے پاس کھڑا ہونا بالکل ناممکنات میں سے ہے۔

3- ہم نے تمام صلاحیتیں اور توانائیاں بروئے کار لا کر اسے ٹیکہ لگانے کی کوشش کی۔ مگر عجیب بات ہے کہ اس کے جسم کے جس حصے میں بھی ٹیکہ لگایا، جاتا وہاں سے پیپ نکل آتی اور جسم دوائی قبول نہ کرتا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ان حالات و واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ مرزا بشیرالدین محمود جھوٹی نبوت کا پرچارک بن کر سخت خدائی گرفت میں آ گیا ہے، اس لیے ہم اس کا علاج کرنے سے یکسر قاصر ہیں۔ یوں بھی علاج تو کسی بیماری کا ہوتا ہے، عذابِ الٰہی کا علاج کرنے سے میڈیکل سائنس عاری ہے۔''

حضرت آغا جیؒ اپنی تقاریر میں بھی کبھی کبھار یہ واقعہ سنا دیا کرتے تھے۔ خواجہ عبدالرشید صاحب میو ہاسپٹل لاہور کے ایڈمنسٹریٹر تھے اور آغا صاحبؒ کے گہرے دوست بھی۔ ان دونوں میں عقیدۂ ختم نبوت ایسی قدر مشترک تھی جس نے ان کی دوستی کو چار چاند لگا دیئے تھے۔

برادرِ گرامی قدر محمد متین خالد صاحب نے ''**ثبوت حاضر ہیں**'' ترتیب دے کر قادیانی ذریت البغایہ کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ رسید کیا تھا جس سے ایک طرف پوری امت خبیثہ تلملا کر رہ گئی اور اس کے بزرجمہروں سے کوئی جواب بھی بن نہیں پڑا۔ اب ''**قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام**'' ابلیسی ٹولے کے تابوت میں آخری میخ ثابت ہوگی تو دوسری طرف نام نہاد ''روشن خیال'' آزاد منش لوگوں کی فکری آوارہ خرامی کے لیے تازیانۂ عبرت بھی ہوگی جس سے وہ اندر ہی اندر اپنی اصلاح کے مختلف پہلو تلاش کرنے لگیں گے۔ متین صاحب نے ڈانواں ڈول طبقات کو حقائق آشنا کرنے کے لیے بروقت قدم اٹھایا جس کا نتیجہ اس کتاب کی تدوین کی صورت میں نکلا ہے۔ انہوں نے اپنی نژادِ نو کو تفریق حق و باطل کے لیے جس قدر مواد فراہم کیا ہے، اس کی اہمیت و ضرورت مسلمہ ہے۔ فکری محاذ پر ان کا کام عدیم النظیر ہے۔ ان کے رشحاتِ قلم ہر پڑھے لکھے شخص کو اس کی قامت علمی کے مطابق لحۂ فکریہ فراہم کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کی کتب تمام طبقات میں یکساں شغف کے ساتھ پڑھی جا رہی ہیں۔ شکر ایزد! کہ انہوں نے نوجوانانِ وطن کو غدارانِ دین فطرت کے انجام بد سے آگاہ کرنے کا بیڑا اٹھایا اور ایک انوکھی کتاب کی نیو اٹھائی۔ مجھے یقین ہے کہ مسلمانوں کی نسل نو جو میڈیائی مفکرین کے ہاتھوں تشکیک کا شکار ہے، اسے اس کتاب کے مطالعے سے اپنے ایمان کی اہمیت کا اندازہ ہوگا اور وہ مصنوعی اشکالات دور کر کے اسے مضبوط و مستحکم کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گی۔ متین صاحب کے فراہم کردہ مواد سے اس پر یہ انمٹ سچائی بھی آشکار ہوگی کہ

''فطرت سے محاذ آرائیاں زہر ہلاہل ہیں''

گدائے درِ ختم المرسلین

سیّد یونس الحسنی

www.sirat-e-mustaqeem.com

''تاریخ احمدیت'' کے گم گشتہ اوراق کا ماسٹر پرنٹ

فیبئن (Fabian) سوسائٹی کی منافقتوں اور دہرے معیاروں کا پردہ چاک کرنے والے شہرہ آفاق دانشور اور ڈرامہ نگار برنارڈ شاء نے عصر حاضر کے پیچیدہ تر اور گنجلک مسائل کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ گویہ مسائل بے حد الجھے ہوئے ہیں لیکن اگر (حضرت) محمد (ﷺ) دنیا میں ایک مرتبہ پھر تشریف لے آئیں اور پھر ان سے استدعا کی جائے کہ ان لاینحل مسائل کو حل کرنے کی کوئی راہ نکالیں تو میرا خیال ہے کہ وہ اپنی بے نظیر فراست سے ساری گتھیوں کو سلجھانے اور تمام پریشان کن مسئلوں کا کوئی نہ کوئی حل تلاش کرنے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔

حضور ﷺ کی سیاسی، معاشی اور عمرانی دانش کو ایک غیر مسلم کی طرف سے پیش کیا جانے والا یہ ایک زبردست خراجِ تحسین ہے اور گو موجودہ دور میں سیاسی و معاشی معاملات بھی غیر معمولی تناؤ کا موجب بنے ہوئے ہیں لیکن اس وقت قادیانی امت کے عبرتناک انجام کے حوالے سے ہمارا موضوع زیادہ تر عمرانیات کی ذیل میں ہی آتا ہے اس لیے ہمیں اپنے آپ کو اسی دائرہ کے اندر محدود رکھنا ہوگا۔ حکیم الامت ڈاکٹر علامہ اقبال سے اسی سیاق میں جب ایک مغربی مفکر نے یہ کہا کہ عہد جدید میں عمرانی مسائل بہت خوفناک شکل اختیار کر رہے ہیں اور ان کا حل تلاش کرنا کارے دارد ہے تو علامہ اقبال نے انہیں بتایا کہ حضور ﷺ کی ان مسائل پر بہت گہری نگاہ تھی اور انہوں نے 14 سو سال پہلے ہی یہ ہدایت دی ہوئی ہے کہ نوجوان دیور و بھابی ایک جگہ اکٹھے نہیں ہونے چاہئیں اور ان کی علیحدہ علیحدہ رہائش کا بندوبست کیا جانا چاہیے تو فیلسوف مغرب نے بے اختیار کہا اگر آپؐ نے یہ کہا ہے تو پھر ان کے نبی ہونے میں کوئی شک نہیں۔

امر واقعہ یہ ہے کہ آزادانہ اختلاط کسی بھی سطح پر کیوں نہ ہو، اس کے تباہ کن نتائج سے کسی طرح نہیں بچا جا سکتا اور حضور ختمی مرتبت ﷺ نے تو اس بارے میں اس قدر حزم اور احتیاط کا مظاہرہ کیا کہ بیعت رسالت لیتے ہوئے بھی انہوں نے خواتین کو کبھی اپنا ہاتھ آگے بڑھانے کی اجازت نہیں دی۔ اور عصمت و عفت کے اعلیٰ ترین مقام پر فائز ہونے کے باوجود انہوں نے اس بارے میں اس قدر احتیاط کی کہ ایک مرتبہ جب وہ جھٹپٹے کے عالم میں اپنی ایک اہلیہ محترمہ (ام المؤمنین) کے ہمراہ جا رہے تھے تو راستے میں چند صحابہ آتے ہوئے مل گئے۔ سرکارِ دو عالم نے اپنی زوجہ محترمہ سے فرمایا اپنے چہرے سے چادر ہٹا دو اور جب

www.sirat-e-mustaqeem.com

انہوں نے اس ہدایت پر عمل کیا تو آپ نے صحابہ سے فرمایا دیکھ لیں، یہ میری بیوی ہیں تو صحابہ کرام نے بے ساختہ عرض کیا حضور ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ہم آپ کے بارے میں کوئی غلط خیال ذہن میں لانے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تو آپ نے ارشاد فرمایا درست ہے لیکن شیطان تو دلوں میں وسوسے ڈالنے سے باز نہیں آتا۔ اس لیے میں نے چاہا کہ اسے تمہارے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کا موقع ہی نہ دوں۔

اب ایک طرف تو امام المعصومین خاتم الانبیاء علیہ السلام کا یہ کردار ہے اور دوسری طرف دعووں، تعلّیوں اور الہامات کی رداؤں میں لپٹے ہوئے مسیح مردود مرزا غلام احمد قادیانی کی نجی زندگی جس طرح آلودگیوں کا شکار رہی، اس کا ہر گوشہ خود نبی کذاب کی کتابوں اور اس کے نام نہاد ''خلفاء'' کی تحریروں، تقریروں اور اخبارات کے اقتباسات کی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔ اور برادرم متین خالد نے جس محنت اور جانفشانی کے ساتھ قادیانیت کے اس رخ سے نقاب سرکائی ہے، اس سے روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ مرزا غلام احمد کی جنسی زندگی سخت ناآسودہ تھی۔ بھلا ایک ایسا شخص جو ذیابیطس، دورانِ سر، کثرت پیشاب، مراق اور سینکڑوں دوسرے امراض کے گھیرے میں آیا ہوا ہو، اسے بیمار تو نہیں کہا جا سکتا بلکہ یہی کہا جائے گا کہ وہ خود اتنی بڑی بیماری تھا جو تمام امراض کا ناطقہ بند کیے ہوئے تھا، ایسا آدمی اگر یہ اقرار نہ بھی کرے کہ اسے بار بار یہ گمان گزرتا تھا کہ وہ نامرد ہو گیا ہے تو بھی علم طب کی تھوڑی سی شدھ بدھ رکھنے والا کوئی بھی شخص یہ جان سکتا ہے کہ ذیابیطس کا سب سے پہلا حملہ ہی انسان کی جنسی قوت پر ہوتا ہے اور وہ اسے ناکارہ بنا کر رکھ دیتی ہے اور یہاں تو امراض کا ایک پورا لشکر بھی ساتھ ہے جس نے لامحالہ حشر میں بپا کر کے رکھ دیا ہوگا۔ ان حالات میں متنبی قادیان کی پہلی بیوی بیچاری حرمت بی بی کے لیے اس کے سوا اور کیا چارہ تھا کہ وہ اپنے بھائی کے گھر میں جا کر بیٹھ جاتی لیکن اس سے بھی بڑا ستم یہ ہوا کہ مولوی نورالدین کے زد جام عشق ٹائپ نسخوں نے مرزا غلام احمد کی مردہ رگوں میں بھی خون کی لہر دوڑا دی اور اس نے دہلی کے ایک مفلوک الحال خاندان کے میر ناصر نواب کی 16 سالہ ناکتخدا بیٹی اللہ رکھی کے سر پر ''نصرت جہاں بیگم'' کا تاج رکھ کر یہ نعرہ لگا دیا کہ خدا نے مجھے کہا ہے کہ

ہر چہ باید نو عروسے را ہمہ ساماں کنم
واں چہ مطلوب شما باشد عطائے آں کنم

کہ نئی بیوی کی جو بھی ضروریات ہوں گی وہ میں پوری کروں گا اور تمہیں جس چیز کی ضرورت ہوگی وہ میں دوں گا۔

لیکن سینکڑوں امراض کے نرغے میں آیا ہوا ایک 45 سالہ بڈھا قانون قدرت کو تو نہیں توڑ سکتا۔ ایک طرف چڑھتی دھوپ تھی اور دوسری طرف ڈھلتی چھاؤں۔ ان حالات میں دھوپ کو اپنی تمازت کم کرنے کے لیے دوسرے راستے اختیار کرنے ہی تھے کہ یہ ایک فطری عمل تھا اور فطرت کے راستوں کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

آگے جب بندھ باندھنے کی کوشش کی جاتی ہے تو یہ سیلاب بلا ہر رکاوٹ کو توڑ کر نکل جاتا ہے پھر یہاں بھی ایسا ہی ہوا اور اتنا کچھ ہوا کہ اس کے اپنے بیٹے نے اپنی والدہ سے سیرت المہدی جلد اوّل کے پہلے ایڈیشن میں ایسی ایسی روایات بیان کیں کہ کوئی ماں اپنے بیٹے سے مجامعت کی ایسی تفصیلات بیان کر سکتی ہے نہ کسی بیٹے میں یہ ہمت ہے کہ وہ انہیں سن ہی لے چہ جائیکہ وہ انہیں ضبط تحریر میں بھی لے آئے (یہاں اس امر کا تذکرہ ضروری ہے کہ اگرچہ سیرۃ المہدی کی جلد اول کے دستیاب ایڈیشنوں میں بھی اس نوع کا مواد خاصی مقدار میں موجود ہے لیکن اس کا اصلی ایڈیشن اول مرزا محمود احمد نے واپس لے لیا تھا) لیکن یہ کار آمد ریفرنس تو آپ اب بھی پڑھ سکتے ہیں کہ حضور نے پہلی بیگم سے مباشرت عرصہ ہوا ترک کر دی تھی۔ یہ انکشاف خواہ مؤلف سیرۃ المہدی کی والدہ نے کیا ہو یا والد نے، ہر دو صورتوں میں لاجواب ہے کہ مادرِ گیتی ایسے والدین روز روز پیدا کرتی ہے نہ ایسے بیٹے ہی روز روز جنم لیتے ہیں جو والدین کی خلوتوں کو بے نقاب کرنے میں بھی کوئی شرمندگی محسوس نہ کریں۔

جن لوگوں نے History of Prostitution, My Secret Garden اور Secret Lives of Great People اور جنس پر اس نوع کی دوسری تحقیقی کتب کا مطالعہ کیا ہے۔ انہیں معلوم ہے جب کچھ لوگ مردانہ ضعف کا شکار ہوتے ہیں تو جس رفتار سے یہ کمزوری ان میں در آتی ہے، اس سے کئی گنا زیادہ تیزی سے وہ اپنی مردانگی کے جوہر دکھانے کے لیے پاپڑ بیلنے لگتے ہیں۔ یہی حال مرزا غلام قادیانی کا تھا کہ اس کی ایک بیوی تو معلقہ ہو کر رہ گئی تھی جبکہ دوسری نے چندہ خوری سے ملنے والی دولت کے لیے ایک از کار رفتہ بڈھے کے ہاں رہنا تو قبول کر لیا لیکن اپنی جوان امنگوں کا خون کرنے کی بجائے وہ کچھ کرنے کی راہ اختیار کر لی جس کا تصور بھی لرزہ براندام کر دیتا ہے۔

مگر مرزا غلام احمد کا جوش جنوں اب بھی فرو نہ ہوا اور اس کی نظر اپنی ایک رشتہ دار لڑکی محمدی بیگم پر پڑ گئی اور وہ اس پر کچھ اس انداز سے لٹو ہوا کہ آسمان پر اس سے اپنا نکاح بھی پڑھے جانے کا اعلان کر دیا اور یہاں تک لکھ دیا کہ اگر اس کا نکاح کسی دوسرے سے ہوا تو اس کا شوہر مر جائے گا یا اسے طلاق دے دے گا اور وہ ہر حال میں میرے نکاح میں آئے گی مگر ایسا نہ ہونا تھا نہ ہوا اور مرزا غلام احمد قادیانی وصل کی تمام حسرتیں دل میں لیے صرف محمدی بیگم کے پاجامے سونگھنے ہی پہ اکتفا کرتا رہا۔ یوں یہ ساری پیشگوئیاں ایک خبطی کی پیش خبریاں ثابت ہوئیں لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ جن لوگوں کے یہ چھچھن ہوں، کیا وہ نبوت کے قریب بھی پھٹک سکتے ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں۔

اس ماحول میں پروان چڑھنے والے مرزا غلام احمد کی دوسری بیوی کے بڑے بیٹے مرزا محمود احمد کو صرف 22 سال کی عمر میں مولوی نورالدین کی وفات کے بعد اس کے ماموؤں نے غنڈہ گردی سے ''خلافت'' کی گدھی پر بٹھایا اور اہلِ نظر جانتے ہیں کہ مذہبی جماعتوں کی سربراہی کے لیے یہ عمر کس قدر غیر

www.sirat-e-mustaqeem.com

موزوں ہے۔ اسی پس منظر میں یہاں اس امر کا تذکرہ بھی بے محل نہیں ہوگا کہ اس ''منصب'' پر فائز ہونے سے پہلے مرزا غلام احمد کی زندگی میں ہی میر سراج الحق نعمانی نے مرزا محمود احمد کی جنسی بے اعتدالیوں کی ایک شکایت مرزا غلام احمد کی پگڑی میں ایک چٹ ڈال کر کی تھی جس پر مولوی محمد علی کی سربراہی میں ایک انکوائری کمیٹی بنائی گئی جس کی Findings کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے خود کہا ہے کہ جرم تو ثابت ہو گیا تھا مگر ہم نے شبہ کا فائدہ دے کر ملزم کو بری کر دیا لیکن قانونی موشگافیوں کے ذریعے ایک مجرم کو بے گناہ قرار دینے کی یہ پیر پرستانہ کارروائی پھر بھی مولوی محمد علی کو قادیانؒ میں رہنے کے قابل نہ بنا سکی اور مولانا عبدالرحمٰن مصری، حکیم عبدالعزیز اور حقیقت پسند پارٹی کے چیئرمین ملک عزیز الرحمٰن کے بقول جب ایک دن مرزا محمود احمد نے مولوی محمد علی کی اہلیہ ہی کے پاؤں پر اپنا پاؤں رکھ کر انہیں اپنے ڈھب پر لانے کی طرح ڈالی اور ان کی بیٹیوں تک پر نگاہ بد ڈالنا شروع کر دی تو پھر ان کے لیے قادیان سے بھاگنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ رہا اور اس عجلت میں وہ مرزا غلام احمد کی نام نہاد نبوت بھی وہیں بھول آئے اور لاہور میں آ کر ان کی مجددیت'' کا پروپیگنڈہ شروع کر دیا تاکہ گلشن کا کاروبار چلتا رہے۔

اب مرزا محمود احمد کے لیے اپنے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے کوئی روک باقی نہ رہ گئی تھی، اس لیے اس نے پہلے قادیان اور اس کے بعد ربوہ (چناب نگر) میں ایک ایسا آہنی نظام قائم کیا کہ مرزا غلام احمد کی ''نبوت'' کو نہ ماننے والوں کو کافر اور دائرہ اسلام سے خارج قرار دے کر ان سے مصاہرت اور مناکحت کے رشتے توڑ دیئے۔ اور ان کے جنازے تک پڑھنے کو حرام قرار دے ڈالا اور جب ان سے مسلمانوں کے بچوں کے بارے میں پوچھا گیا تو کہا کہ سانپ کا بچہ سانپ ہی ہوتا ہے۔ اس طرح جب مرید اپنے رشتہ داروں اور معاشرے سے پوری طرح کٹ گئے تو پھر اس نے ان کے مال ومنال، عزت اور اولاد ہر چیز پر ہاتھ صاف کرنے کو پوری طرح مباح سمجھ لیا اور مرید بھی پیر پرستی میں اس حد تک آگے نکلے ہوئے تھے کہ وہ اپنے نام نہاد خلیفے کے خلاف کسی بات پر یقین کرنے کے لیے تیار نہ تھے اور پیر قادیانی نے تو پیش بندی کے طور پر اپنے ایک خطبے میں یہاں تک کہہ دیا تھا کہ اگر تم مجھے کسی ناگفتہ بہ حالت میں دیکھ بھی لو تو سمجھ لو کہ یہ تمہاری آنکھ کی غلطی ہے۔ اسی طوفانی پروپیگنڈے کی یہ تاثیر تھی کہ ان کے ایک انتہائی قریبی ساتھی مولوی عبدالرحمٰن مصری کو جب ان کے بیٹے بشیر احمد مصری نے بتایا کہ جس خلیفے کو آپ تقدس مآب اور پتہ نہیں کن کن القابات سے نوازتے ہیں، وہ تو اول درجے کا چھٹا ہوا بدمعاش ہے اور اس سے کوئی محرم یا غیر محرم عورت تو درکنار کوئی خوبرو نوجوان تک محفوظ نہیں تو مریدِ سادہ کو اپنے بیٹے کے بیان پر بھی یقین نہ آیا اور وہ یہی سمجھتا رہا کہ میرا بیٹا مخالفین کے ہاتھوں میں کھیل رہا ہے لیکن جب بیٹے نے اپنے باپ کو ساتھ لے جا کر روشندان سے تمام منظر اپنی آنکھوں سے دکھا دیا تو تب کہیں جا کر اسے یقین آیا کہ اس شہر طلسمات میں تو وہ کچھ ہوتا ہے جس کا خواب میں بھی تصور نہیں کیا جا سکتا اور جب مرزا محمود کو اپنے جاسوسوں کی معرفت اس

www.sirat-e-mustaqeem.com

ساری کارروائی کی خبر ہوئی تو مصری صاحب بدترین سوشل بائیکاٹ کی زد میں آ گئے اور پھر اس کے بعد ایک نہیں سینکڑوں خاندان وقتاً فوقتاً سماجی مقاطعہ کا شکار بنتے رہے۔ اور کئی مراحل تو ایسے بھی آئے کہ "الہامات" کی چادروں میں لپٹی ہوئی ان بستیوں کو چھوڑنے والے لوگوں کا سامان اٹھانے کے لیے بھی کوئی تیار نہ ہوتا تھا۔ اور اگر ان میں کوئی بیمار پڑ جاتا تو اس کا علاج تو کیا، اس کی تیمارداری تک کوئی نہ کرتا۔ مگر طرفہ تماشا یہ ہے کہ اگر مسلمان قادیانی امت کا سوشل بائیکاٹ کرنے کا کبھی اعلان کرتے ہیں تو وہ آسمان سر پر اٹھا کر اسے غیر انسانی قرار دیتے ہیں۔ امریکہ و یورپ میں اس کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔ حقوق انسانی کے عالمی فورموں میں چلا چلا کر اپنی مظلومیت کا ڈھنڈورہ پیٹتے ہیں لیکن یہ نہیں بتاتے کہ ان کے ہاں تو یہ روز کا معمول ہے۔ بلکہ اس سے بھی کہیں آگے بڑھ کر وہ قتل و غارت تک کی جو وارداتیں کرتے ہیں اس سے تو حسن بن سباح اور اس کے باطنی ساتھیوں کی روحیں بلکہ بدروحیں بھی کپکپا کر رہ جاتی ہیں۔

مرزا محمود احمد نے اپنے قریب ترین رحمی اور غیر رحمی رشتوں کے ساتھ جو سلوک کیا، اس کی داستان بیان کرنے والے ان کے عزیز، رشتہ دار اور اس کے وہ قریب ترین ساتھی ہیں جو سب کچھ قادیانیت کے لیے قربان کر کے اس کے چرنوں میں گئے تھے۔ مگر پھر جب انہیں اصل حقیقت کا علم ہوا تو پتہ چلا کہ خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا۔ حافظ شیرازی نے کسی ایسے ہی موقع کے لیے کہا تھا ؎

واعظاں کیں جلوہ بر محراب و منبر می کنند
چوں بخلوت می روند آں کار دیگر می کنند

اس جنسی بے راہروی کا یہ نتیجہ نکلا کہ مرزا محمود احمد بدترین فالج کا شکار ہوا اور پندرہ سال تک ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرا لیکن اس کی احمق جماعت کا یہ حال تھا کہ وہ الفضل میں لوگوں کی یہ خوابیں شائع کر رہی تھی کہ چاند کو گرہن لگ گیا ہے اور وہ بہت جلد اپنی اصلی حالت میں آ جائے گا لیکن عذاب الٰہی کی گرفت میں آیا ہوا کوئی شخص کیسے بچ سکتا ہے اور میں نے تو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا ہے کہ ربوہ کی ہر عبادت گاہ میں قادیانی صبح کی نماز کے بعد رکوع سے کھڑے ہونے کے بعد رو رو کر اور چیخ چیخ کر رب اشف امیر المومنین شفاءً عاجلاً کاملاً لایغادر سقماً کی دعائیں اس طرح مانگا کرتے تھے کہ ان کی گھگھی بند جاتی تھی لیکن پی آئی اے کی پرواز سے روزانہ جرمنی سے دوائیں منگوانے اور سوئٹزرلینڈ کے بہترین ڈاکٹروں سے علاج کروانے کے باوجود اس کے مرض نے ایسی خوفناک صورت اختیار کر لی کہ اس کا نصف سے زیادہ دھڑ بالکل بیکار اور شل ہو گیا، ٹانگیں توری کی طرح لٹکنے لگیں اور مگر دولت کا پجاری "خاندان نبوت" اس عبرتناک حالت میں بھی حضرت صاحب کی زیارت کے نام پر نمائش کر کے چندہ اکٹھا کرتا رہا کہ دولت ہی تو اس کی سب سے بڑی کمزوری ہے اور یہ سارا ناٹک اسی لیے رچایا گیا۔ یہاں اس امر کی نشاندہی بھی ضروری ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری کے بارے میں جو روایات موجود ہیں، قادیانی

www.sirat-e-mustaqeem.com

اس کی پرزور تردید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقربین کے ساتھ کبھی ایسا نہیں کرتا لیکن جب مرزا محمود احمد عذاب خداوندی کی پکڑ میں آیا تو پھر ابوالآ ٹا (ابوالعطا) جالندھری جیسے ملاؤں نے انہی روایات کو مرزا محمود کی بیماری کے لیے بطور دلیل پیش کرنا شروع کر دیا۔

اور جب 1965ء میں مرزا محمود احمد اپنی تمام مکاریوں اور عیاریوں کو ساتھ لے کر جہنم کی سب سے نچلی تہ کی جانب روانہ ہوا تو وہ مرزا ناصر احمد کو اپنا جانشین بنانے کی تمام پلاننگ کر چکا تھا اور قادیانی جماعت میں رائج نیم آزاد اور محدود طریق انتخاب کو منسوخ کر کے اس کی جگہ پوپ کی طرز پر اپنے لے پالک عمائدین (کارڈینلز) کا ایک انتخابی کالج بھی بنا چکا تھا مگر اتنے وسیع انتظامات کے باوجود اس کا سوتیلا بھائی مرزا رفیع احمد اس کے لیے ایک بڑا خطرہ تھا جس سے نمٹنے کے لیے مرزا ناصر احمد کے حقیقی بھائیوں اور حواریوں نے پہلے سے تیاریاں کر رکھی تھیں اور مرزا طاہر احمد جس کی اس سے پہلے مرزا رفیع احمد سے گاڑھی چھنتی تھی، وہ بھی مرزا رفیع احمد سے آنکھیں پھیر چکا تھا اور کمینگی اور مخبری میں اس حد تک آگے چلا گیا تھا کہ مرزا رفیع احمد کے صدر خدام الاحمدیہ ہونے کے زمانے میں جو طاہر کبڈی ٹورنامنٹ ہوتا تھا، اس کے بارے میں اس نے اپنے ہاتھ سے لکھ کر مرزا ناصر کو یہ رپورٹ بھیجی کہ یہ نام سابق صدر مرزا رفیع احمد کا تجویز کردہ ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو اس کو رکھا جائے ورنہ تبدیل کر دیا جائے۔ میں بھی اس زمانے میں خدام الاحمدیہ کی مرکزی مجلس کا ایک اہم رکن تھا، اس لیے یہ تحریر میں نے خود پڑھی اور یہ جان کر حیران رہ گیا کہ محلاتی سازشیں یہاں کس طرح ہوتی ہیں؟ اس مخبری کے ساتھ ساتھ اس نے اپنی بیٹی کا نکاح مرزا ناصر احمد کے بیٹے لقمان سے کر کے ''عروج بالفروج'' کے ذریعے اپنی ''خلافت'' پکی کرنے کی کوششیں بھی تیز کر دیں۔

ان حالات میں جب ڈرامہ بازی کر کے مرزا ناصر احمد کو خلیفہ ثالث یا سالوس بنانے کا جعلی اعلان کیا گیا تو کسی کو اس کا یقین نہ آیا اور قادیانی عبادت گاہ (مسجد مبارک) میں اس قدر شور برپا ہوا کہ مرزا ناصر کو اپنی چگی داڑھی سمیت یہ اعلان کرنا پڑا کہ خاموش ہو جائیں لیکن ہنگامہ پھر بھی فرو نہ ہوا تو میر محمود احمد نے باآواز بلند حاضرین سے اپیل کی کہ یہ ''خلیفہ المسیح کا پہلا حکم ہے خاموش ہو جائیں'' اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اندر خانے کیا کچھ ہوا ہوگا۔ یہ سارا منظر میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا اور خدا شاہد ہے کہ اس میں ایک ذرہ بھی مبالغہ نہیں کیا گیا۔ مرزا ناصر احمد اور مرزا طاہر احمد جس ماحول میں پلے بڑھے، اس میں ان کے شریف ہونے کا تو کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا۔ لیکن انہوں نے اپنے آبا کی سنت پر چلتے ہوئے جو ''کارنامے'' انجام دیئے، اس کی ایک جھلک ''قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام'' میں آپ کو ضرور ملے گی اور یہ نام ان پر مسلسل اور متواتر نازل ہونے والے عذاب کے حوالے سے بہت ہی موزوں ہے قادیانیوں کو حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بڑی کد ہے۔ مرزا غلام احمد نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

انجیل کی بعض الحاقی روایات کے مورچے میں بیٹھ کر ان کے خلاف اپنی روایتی بدزبانی کا مظاہر تو کیا ہی ہے لیکن مرزا طاہر احمد نے بھی ان کے بارے میں ایک کتاب ''ابن مریم کا انجام'' لکھی اور جب ایک دن میں نے اس کے منہ پر کہا کہ یہ عنوان نہایت نامناسب ہے تو وہ زبان سے تو کچھ نہ بولا لیکن اگلے ایڈیشن میں اس کا عنوان ''وصال ابن مریم'' کر دیا۔ یہ دونوں کتب میرے پاس موجود ہیں۔

مرزا ناصر احمد نے اپنے والد اور دادا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جنسی بے راہ روی کی جونت نئی راہیں کھولیں، ان کے بارے میں راجہ غالب احمد کے بھائی راجہ منور احمد جو سابق وزیر اعلیٰ پنجاب محمد حنیف رامے کے سیاسی مشیر بھی رہے ہیں، خاصی روشنی ڈال سکتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ اب انہیں اپنے بھائی بشیر احمد رازی کی طرح سب کچھ کہہ ہی دینا چاہیے۔ مرزا ناصر احمد اگرچہ اس عہد میں ہی بے راہروی کے راستے پر چل نکلا تھا جس کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

جوانی سے طفلی گلے مل رہی تھی
ہوا چل رہی تھی کلی کھل رہی تھی

لیکن بڑھاپے میں خلافت کی گدی سنبھالنے کے بعد اس نے اپنے بیٹے لقمان کی معشوقہ فاطمہ جناح میڈیکل کالج لاہور کی طالبہ طاہرہ خاں کو جس طرح اپنے حرم میں داخل کیا، اس سے ''خاندان نبوت'' کی پرانی روایت اس طرح تازہ ہوئی کہ مرزا ناصر احمد کو کشتے کھا کر اپنے عبرتناک انجام کی طرف جانا پڑا اور شدت بیماری سے ان کے سارے جسم پر پھوڑے نکل آئے اور چہرہ بھی اس سے نہ بچ سکا۔ ان ایام میں، میں نے لاہور کے ایک سکہ بند قادیانی عبدالعزیز بھٹی ایڈووکیٹ سے پوچھا: کہ یہ کیا ہوا تو اس نے فوراً کہا کہ اول تو حضرت صاحب کو اس عمر میں شادی کرنی ہی نہیں چاہیے تھی اور اگر کر ہی لی تھی تو پھر کشتے نہیں کھانے چاہئیں تھے کیونکہ یہ سب کچھ کشتوں ہی کا کیا دھرا ہے۔ میں نے استفسار کیا جب آپ کو سب کچھ پتہ ہے کہ بڑھاپے میں ایسی شادیاں بگڑے ہوئے امراء کا چلن ہیں اور اگر دینداری کا لبادہ اوڑھ کر یہ حرکت کی جائے تو یہ اس سے بھی بدتر ہے۔ تو پھر آپ قادیانیت سے تائب کیوں نہیں ہو جاتے تو اس نے کہا کہ میرے والد نے سکھ مذہب کو چھوڑ کر ''احمدیت'' قبول کی تھی، اس وقت ان کے بڑھاپے کا عالم تھا اور 50 سال کے بعد اب مجھے اصل حالات کا علم ہوا ہے تو میں کسی نئی سوسائٹی میں ایڈجسٹ نہیں ہو سکتا کیونکہ ہمیں زندگی میں سب سے قطع تعلق کر کے ایک مخصوص فضا میں رہنا سکھایا گیا ہے اس لیے اس ماحول سے الگ ہو کر زندگی بسر کرنا بہت مشکل کام ہے۔ بچوں کی شادیاں بھی کرنی ہیں جو سب سے بڑا پرابلم ہے۔ ''احمدیت'' چھوڑ دیں تو مسلمان بھی ہمیں قبول کرنے پر تیار نہیں ہو پاتے، ان حالات میں ہمیں تو اب یہیں جینا اور یہیں مرنا ہے۔ یہی مسئلہ ایئر مارشل (ر) ظفر چوہدری کا ہے کہ وہ سب کچھ جانتے ہوئے بھی اسی جوہڑ میں رہنے پر مجبور ہیں۔ اسی طرح ٹھیکیدار اسمٰعیل جہلمی کا بیٹا ظفر جو امریکہ میں مقیم ہے، اُسے آج بھی خوب اچھی یاد ہے کہ بچپن میں ترکی کے مقام پر مرزا محمود نے ان کے ہاتھ میں رائفل پکڑا کر اور انہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

فائرنگ پر آمادہ کر کے ابوالہاشم خاں بنگالی کی بیٹی اور صلاح الدین ناصر بنگالی کی بہن کو کس طرح قتل خطاء کا ڈرامہ کر کے قتل کیا تھا تا کہ اپنے گناہ پر پردہ ڈالا جا سکے۔ سینکڑوں قادیانی خوب سمجھتے ہیں کہ "امن پسند جماعت احمدیہ" کیسی کیسی غنڈہ گردی کرتی ہے۔ جسٹس منیر مرحوم نے فسادات پنجاب 1953ء کی انکوائری رپورٹ میں لکھا ہے کہ ایک سیاہ رنگ کی کار آتی تھی جو ختم نبوت کی حمایت میں نکالے جانے والے جلوسوں پر گولیاں برساتے ہوئے گزر جاتی تھی۔ اس عہد میں بورسٹل جیل کے قادیانی سپرنٹنڈنٹ نذیر نے جو منڈی بہاء الدین کے ایک گاؤں کے رہنے والے تھے، راقم کو یہ بتایا کہ مسلمانوں کو بھوننے کا یہ انتظام بھی ہم نے ہی کیا تھا اور ہم ساری کارروائی کرنے کے بعد اس کار کو واپس لا کر بورسٹل جیل کے اندر کھڑی کر دیتے تھے۔ سچ بولنا قادیانیوں کے لیے واقعی بہت مشکل ہے مگر انہیں بالآخر یہ کڑوا گھونٹ پینا ہی پڑے گا کیونکہ "میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا" کی پیشگوئی ایسی ناکامی سے دوچار ہوئی ہے کہ "احمدیت" اپنی ہی جنم بھومی میں اجنبی ہو کر رہ گئی ہے اور بیرونی ممالک قادیانیوں کے پرزور پروپیگنڈے کے باوجود پاکستان میں ان کے غیر مسلم قرار دیئے جانے کے فیصلے پر خط تنسیخ نہیں کھینچا جا سکا۔ جنوبی افریقہ میں بھی انہیں دائرۂ اسلام سے خارج کیا جا چکا ہے۔ بنگلہ دیش میں انہیں غیر مسلموں کی صف میں شامل کرنے کے لیے مظاہرے ہو رہے ہیں اور اگر امت مسلمہ کو اس بات کا پورا ادراک ہو گیا کہ جہاد اور دہشت گردی کو آپس میں لازم وملزوم قرار دینے کی امریکی کوششوں میں قادیانیوں کی جدوجہد کا کس قدر عمل دخل ہے اور وہ جہاد کے اسلامی احکامات کا استخفاف کرنے کی امریکی مساعی پر کس قدر خوش ہو رہے ہیں تو یہ سودا بھی انہیں بالآخر مہنگا ہی پڑے گا۔

قادیانی جب آلو اور گوبھی زیادہ کھا لیتے ہیں تو ان کی پیشگوئیوں میں جوش بھی کچھ زیادہ ہی پیدا ہو جاتا ہے لیکن جس طرح مرزا غلام احمد کی مصر میں احمدیوں کے ریت کے ذروں کی طرح ہونے کی پیش گوئی صحراء میں ہی بکھر کر رہ گئی، اسی طرح مرزا ناصر احمد اور مرزا طاہر احمد کی جانب سے ان کی تعداد ایک کروڑ تک پہنچانے کی پیشگوئیاں بھی تیز دھوپ میں برف کی طرح پگھل کر مٹی میں ملتی جا رہی ہیں۔

یہ تفصیلات تو یونہی پھسل کر قلم کی نوک پر آ گئیں ورنہ اصل تذکرہ تو قادیانی راسپوٹینوں کے عبرتناک انجام کا تھا۔ مرزا غلام احمد دوسروں کی موت کی پیشگوئیاں کرنے کے کتنے شوقین تھے، اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے کبھی طاعون سے مرنے والوں کو اپنے "معجزے" کا نتیجہ قرار دیا۔ کبھی کوئٹہ میں آنے والے زلزلے کو اپنی صداقت کا نشان بتایا۔ کبھی شاہ کابل کی ریاست میں 85 ہزار افراد کے مرنے کی خبریں سنائیں۔ کبھی اپنے مخالفین کو عبرتناک موت کی وعید دی اور خاص طور پر مولانا ثناء اللہ امرتسری، عبداللہ آتھم اور مولانا سعد اللہ لدھیانوی کو تو نام لے کر دشنام طرازی کی سان پر چڑھایا۔ اسی کا ایک مرجو قادیانی کلام بلاغت نظام کا ادنیٰ سا نمونہ ہے، ملاحظہ فرمائیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ومن اللئام اری رجیلا فاسقا
غولا لعینا نطفه السفہاء
شکس خبیث مفسد و مزور
نجس سیمی السعد فی الجہلاء

اور لیئموں میں سے ایک فاسق شخص کو دیکھتا ہوں کہ ایک شیطان ملعون ہے۔ سفیہوں کا نطفہ اور وہ بدگو خبیث مفسد اور جھوٹا ہے جو ہے تو نحس مگر جاہلوں میں سعد کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

پیر مہر علی شاہ گولڑوی" جنھوں نے علمی محاذ پر مرزا غلام احمد کے براہین کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں، ان کو گالیاں دینے کی اس نے نت نئی طرح ڈالی اور مہر علی کو مہر علیٰ لکھتا اور پڑھتا رہا۔ انسان تو انسان شہر بھی اس کی گالیوں سے نہ بچ سکے۔

جہلم کو گالیاں نکالتے ہوئے اس نے تحریر کیا ہے کہ اس کے پہلے تین حرف جہل یعنی جہالت پر دلالت کرتے ہیں اور م روحانی و جسمانی موت کا پتہ دیتی ہے۔ جو شخص اپنے مخالفین کو جہاں سے نکلے ہو وہیں واپس چلے جاؤ اور ہندوؤں کے خدا کو ناف سے ایک بالشت 4 انگل نیچے قرار دیے بلکہ اسے لکھنے سے بھی باز نہ آتا ہو، اس کا انبیا تو بہت دور کی بات ہے کسی معمولی شریف آدمی سے بھی موازنہ نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن چونکہ ایک گروہ محض اپنے حلوے مانڈے کے لیے اسے نبی منوانے پر تُلا ہوا ہے، اس لیے دیکھیں کہ انبیاء علیہم السلام کی تو پوری تاریخ میں کوئی ایک فرد بھی ایسا نہیں ملتا جس نے اپنے مخالفین کو اس طرح گالیاں نکالی ہوں اور ان کے برے انجام کی کہانیاں سنا سنا کر اپنے دل کو تسکین دی ہو لیکن یہ ساری پیش گوئیاں غلط نکلیں اور مرزا غلام احمد خود عبرتناک موت کا شکار ہوا۔

مولوی نورالدین اعانتِ جرم کی پاداش میں گھوڑے سے گر کر فوت ہوا اور خود مرزا محمود احمد نے اس پر اپنے باپ کا الہام فٹ کر دیا کہ اس کی ''استقامت میں فرق آ گیا۔'' جبکہ مرزا محمود اس عبرتناک طریقے سے مرا کہ وہ پاگلوں کی طرح سر مارتا تھا اور قادیان واپس جانے کی ضد کرتا تھا اور گدی نشینوں کا ٹولہ مریدوں کو صرف یہ بتاتا تھا کہ ''حضور'' مقامات مقدسہ کے ذکر پر آبدیدہ ہو جاتے اور اصرار کرتے ہیں کہ انہیں ان کی جنم بھومی میں واپس لے جایا جائے لیکن رہیں دل کی دل میں حسرتیں کہ نشاں قضا نے مٹا دیا۔ قاضی اکمل ایسی خوفناک بواسیر سے مرا کہ وہ بستر پر ہی لیٹا رہتا تھا اور ہل تک نہیں سکتا تھا۔ مرزا محمود کا سالا ولی اللہ شاہ ناظر امورِ عامہ بھی فالج سے لنگڑا ہو کر چلنے پھرنے سے معذور ہو گیا اور سالہا سال تک اسی حالت میں رہا جس پر حسن رہتاسی نے اس پر یہ نظم کہی:

چلے جب تو چال اس کی والعادیات
کھڑا ہو تو تفسیر قالوا کسالیٰ

www.sirat-e-mustaqeem.com

میں حیراں ہوں اس کا کیا نام رکھوں
نویلی دلہن یا پرانی چھنالہ

مرزا ناصر احمد کی موت کا احوال کسی قدر تفصیل سے آچکا ہے مرزا طاہر بھی بدترین موت کی گرفت میں آکر جلاوطنی کی موت مرا اور بھنڈراں والا جنتی بھی جرأت نہ دکھا سکا۔ مرزا طاہر احمد کی والدہ مریم آتشک سے جس المناک طریقے سے مری، اس کی تفصیل میری کتاب شہر سدوم میں موجود ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اتنی زیادہ پڑھی گئی ہے کہ جہاد کی مخالفت اور انگریز کی شان میں مرزا غلام احمد کی پچاس الماریوں پر محیط کتابیں اس کے سامنے ہیچ ہو کر رہ گئی ہیں اور خود قادیانی تبرک کے طور پر اسے چھپا کر رکھتے اور پڑھتے ہیں۔

نوبل پرائز یافتہ ڈاکٹر عبدالسلام کی بہن صلاح الدین بنگالی کی بہن روزی کی سہیلی تھی، اس لیے ناممکن ہے کہ انہیں اس خاندان کے جنسی عصیان کی کوئی خبر نہ ہو، اس لیے وہ کتمان حق کی پاداش میں علاج معالجے کی بہترین سہولتوں کے باوجود اپنی یادداشت کھو بیٹھا اور سالہا سال تک اس حالت میں رہا کہ ایک سیکنڈ کے لیے کھڑے ہوتا تو نیچے گر جاتا۔ چوہدری ظفر اللہ خاں اپنی عمر کا آخری حصہ نہایت اذیت ناک طریقے سے گزار کر مرا حالانکہ اسے مرزا محمود کی بدمعاشیوں کا ذاتی علم تھا اور وہ خود بھی بہت بڑا ''مدبر'' تھا اور اس کی جنسی اناڑی کی اس مقام کو پہنچی ہوئی تھی کہ ایک دفعہ لاہور ریلوے سٹیشن پر وہ معروف صحافی بننے والے عبداللہ ملک کو عہد جوانی میں راجہ غضنفر علی کے ساتھ جانے سے روکنے کے لیے اس سے باقاعدہ گتھم گتھا ہو گیا۔ ان حالات میں خود قادیانی یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی قادیانی فالج یا دوسری عبرتناک بیماری سے نہیں مرتا تو وہ قادیانی ہی نہیں۔ کوئی شخص خواہ وہ ہندو، یہودی، عیسائی، ملیچھ یا قادیانی کوئی بھی ہو، اس کی بیماری کو ہدف طعن بنانا یا اس کی موت پر کسی قسم کی مسرت کا اظہار کرنا نہایت نازیبا ہے لیکن چونکہ قادیانیوں کے متنبی اعظم سے لے کر ان کے نام نہاد گدی نشینوں تک نے یہ وتیرہ بنالیا ہے کہ وہ ہر قابل ذکر مسلمان لیڈر اور عالم کی موت پر جشن مناتے ہیں اور ذوالفقار علی بھٹو اور شاہ فیصل کی موت پر تو انہوں نے باقاعدہ انبساط کا اظہار کرتے ہوئے مٹھائیاں تک تقسیم کیں، اس لیے ہم نے نہایت افسوس کے ساتھ یہ اجمالی سا تذکرہ کیا ہے کہ قادیانی امت کے اکابر کس طرح مقابر کی تاریکیوں میں ڈوبتے ہیں۔

چند روز پیشتر ایک قادیانی نے مجھے ٹیلی فون کیا کہ کچھ وقت دیں، آپ سے چند ضروری باتیں کرنی ہیں۔ میں نے کہا کسی وقت تشریف لے آئیں۔ چنانچہ وہ اگلے ہی روز آپہنچے اور سلسلہ کلام شروع کرتے ہی کہا کہ ''خلیفہ ثانی'' کی جنسی بے اعتدالیاں تو واقعی حد سے بڑھی ہوئی تھیں۔ آپ ان کے بارے میں ضرور لکھیں لیکن مرزا غلام احمد کے متعلق کوئی بات نہ کریں۔ میں نے کہا اس نے تاج برطانیہ کے سائے تلے جعلی نبوت کا دعویٰ کر کے جہاد کو منسوخ کر کے اور تمام مسلمانوں کو غلیظ ترین گالیاں دے کر جس طرح

www.sirat-e-mustaqeem.com

امت مسلمہ کو نقصان پہنچایا ہے، اس صورتحال میں اسے کس طرح نظر انداز کیا جاسکتا ہے؟ کہنے لگے سوچ لیں ہم آپ کو اتنے پیسے دے سکتے ہیں جو جماعت اسلامی، جماعۃ الدعوہ اور ختم نبوت والے آپ کو نہیں دے سکتے، میں نے جواب دیا کہ میرا ان جماعتوں سے فکری اتحاد ہے اور میں نے آج تک ان سے ایک پیسہ بھی نہیں لیا۔ ان میں سے ایک صاحب نے کہا کہ اگر آپ باز نہ آئے تو ہم آپ کو ایسے طریقے سے بدنام کرنے کی کوشش کریں گے کہ کسی کو شبہ بھی نہیں ہوگا۔ تو میں نے جواباً کہا آپ جو چاہیں کرلیں، الزامات اگر جھوٹے ہوں تو سچ کی ایک کرن ہی ان کی پیدا کردہ تاریکی کا پردہ چاک کرنے کے لیے کافی ہے۔ اس لیے آپ جو چاہیں کرلیں لیکن میرے تین سوالات بھی اپنے بڑوں کے سامنے ضرور پیش کردیں:

-1 نذیر ڈرائیور اور مرزا اظہر کی شکلیں آپس میں ہو بہو کیوں ملتی ہیں؟

-2 خلیفہ صلاح الدین کے ایک بیٹے کی شکل آپ کے ایک خلیفے کی تصویر کا عکس کیوں دکھائی دیتی ہے۔

-3 مرزا محمود احمد کی بیٹی امۃ القیوم عرف قمی اور ان کی بیوی بشریٰ المعروف مہر آپا کا رحم کیوں غائب ہے۔ الٹرا ساؤنڈ کروالیں اگر ہماری بات غلط نکلے تو شہر سدوم کی تمام کاپیاں تلف کردوں گا جس پر وہ اٹھ کر باہر نکلنے لگے۔ تو ایک نے بڑبڑاتے ہوئے کہا کہ آپ اکیلے یہ جنگ کب تک لڑیں گے۔ میں نے کہا ''میں ختم نبوت کا ایسا سپاہی ہوں جس کے ہاتھ میں پرانی توڑے دار بندوق ہے لیکن میں آخری گولی تک اپنے مورچے میں ڈٹا رہوں گا۔''

جناب متین خالد نے جس محنت اور عرق ریزی سے یہ ساری تفصیلات خود قادیانیوں کی کتب، رسائل اور اخبارات سے جمع کی ہیں، یہ ایک بہت بڑا کام ہے جو نہ صرف قادیانیوں کے لیے ''سرمہ چشم احمدیہ'' کا کام دے کر ان کے ''ازالہ اوہام'' کا موجب بنے گا بلکہ آنے والے مورخ کی تحقیق کے لیے ایک ماخذ کا کام بھی دے گا۔ اس اعتبار سے دیکھا جائے تو ان کی اس کتاب کو قادیانی زعماء کی جنسی زندگی کا نریل ایکس ماسٹر پرنٹ قرار دیا جاسکتا ہے۔

شفیق مرزا

لاہور

✿……✿……✿

www.sirat-e-mustaqeem.com

دریچہ

”ہوئے مر کے وہ جو رسوا“

بے نظیر بھٹو کے دورِ اقتدار میں اسلم اظہر پی ٹی وی کے مینیجنگ ڈائریکٹر تھے۔ اس محکمے کے ایک قادیانی کو اپنے کسی کام کے سلسلے میں ڈائریکٹر کی منظوری درکار تھی۔ وہ درخواست لے کر حاضر ہوا، ڈائریکٹر نے درخواست پڑھی اور بلا تاخیر دستخط کر دیئے۔ بغیر کسی دفتری اڑچن کے اس آسانی سے کام ہونے پر اس نے یہ سمجھا کہ ڈائریکٹر بھی اپنا آدمی ہے۔ اس لیے اگلے دن وہ بڑے اعتماد اور اپنائیت کے احساس کے ساتھ مٹھائی کا ڈبہ لے کر دفتر میں مسکراتا ہوا داخل ہوا اور وہاں موجود دوسرے لوگوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اس نے ڈبہ میز پر رکھا اور بے تکلفی سے اپنا ہاتھ مصافحہ کے لیے اس انداز سے آگے بڑھایا کہ اس کی مخصوص انگوٹھی واضح رہے۔ ایم ڈی نے اس کی مسکراہٹ، انگوٹھی اور بے تکلفی کو نظر انداز کرتے ہوئے اسے اور ڈبے کو سوالیہ نظروں سے دیکھا تو اس نے ہنس کر کہا: ”سر! وہ میرا کام ہو گیا ہے، اس لیے خوشی میں منہ میٹھا کرانے آیا ہوں اور ویسے بھی سر! آپ تو اپنے آدمی ہیں۔“

ایم ڈی نے اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہا: ”اوہو...... میاں! آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ آپ کا کام تو میں نے اس لیے کر دیا کہ میرٹ پر آپ کا حق بنتا تھا اور یہ جو میرے چہرے پر لعنت برس رہی ہے اس کی وجہ کچھ اور ہے۔“

مجھے یہ قصہ اس کتاب کے مصنف و مؤلف محمد متین خالد نے سنایا۔ اسلم اظہر کے نزدیک گو مرزائیت اسبابِ لعنت میں سے ایک بڑا سبب تھا۔ لیکن کوئی اور فعل بد بھی اس کی وجہ بن سکتا ہے۔ متین خالد نے تقریباً بیس کتابوں میں لعنت و پھٹکار کے اصل اور بڑے سبب کے علاوہ دیگر وجوہ کی تفصیلات مع ثبوت کے جمع کر دی ہیں لیکن زیرِ نظر کتاب میں ان لعنتیوں کا انجامِ بد مذکور ہے۔

یوں تو اس کائنات کے بنانے والے نے بدکاروں، سیاہ کاروں، بدمعاشوں، سرکشوں اور نافرمانوں کو دنیا میں ڈھیل دے رکھی اور انجام و سزا روزِ قیامت تک موقوف ہے مگر کبھی کبھی اپنی قدرت کے اظہار اور اپنے بندوں کی عبرت کے لیے یہاں بھی ایک جھلک دکھا دی جاتی ہے۔ خصوصاً ایسوں کے لیے جو اپنے منہ سے رسوائی، لعنت اور ذلت طلب کریں۔ آنجہانی مرزا قادیانی نے اپنی تحریروں میں جابجا اپنے

www.sirat-e-mustaqeem.com

جھوٹا ہونے کی صورت میں عبرتناک اور ذلت آمیز موت کی پیش گوئیاں خود اپنے حق میں کی ہیں، اس وضاحت کے ساتھ کہ عبرتناک موت جو قہر الٰہی اور بہت بری موت ہے، وہ ہیضہ ہے، اور یہ بات کون نہیں جانتا کہ مرزا قادیانی کی موت ہیضے سے ہوئی تھی۔ عذاب الٰہی اور انجام بد کے لیے کفر و ارتداد اور ختم نبوت کا انکار ہی کافی ہے لیکن اگر اس کے ساتھ فحاشی، لواطت، بدکاری، شراب خوری، دھوکہ، فراڈ اور ظلم و ستم بھی شامل ہو جائے تو یہ کفر کی بدترین شکل ہے۔ پھر یہ سیاہ کاریاں کھلے بندوں ڈنکے کی چوٹ پر ہوں تو اللہ کے عذاب کا کوڑا اسی دنیا میں حرکت میں آ جاتا ہے۔

"سچا خدا وہی خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔"

(دافع البلاء ص 11 مندرجہ روحانی خزائن نمبر 18 ص 231 از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی کی اس تحریر کا مطلب یہ ہوا کہ سچے خدا کی نشانی صرف یہ ہے کہ اس نے مرزا قادیانی کو قادیان میں رسول بنا کر بھیجا ہے اور اگر مرزا قادیانی رسول نہیں ہے تو پھر (نعوذ باللہ) خدا کی سچائی بھی مشکوک ہے۔

ختم نبوت، ایک باطل عقیدہ، اسلام شیطانی مذہب

"یہ کس قدر لغو اور باطل عقیدہ ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ بعد آنحضرت ﷺ کے وحی الٰہی کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو گیا ہے اور آئندہ کو قیامت تک اس کی کوئی بھی امید نہیں۔ صرف قصوں کی پوجا کرو۔ پس کیا ایسا مذہب کچھ مذہب ہو سکتا ہے جس میں براہِ راست خدا تعالیٰ کا کچھ بھی پتہ نہیں لگتا۔ جو کچھ ہیں، قصے ہیں اور کوئی اگرچہ اس کی راہ میں اپنی جان بھی فدا کرے، اس کی رضا جوئی میں فنا ہو جائے اور ہر ایک چیز پر اس کو اختیار کر لے، تب بھی وہ اس پر اپنی شناخت کا دروازہ نہیں کھولتا اور مکالمات اور مخاطبات سے اس کو مشرف نہیں کرتا۔

میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس زمانہ میں مجھ سے زیادہ بیزار ایسے مذہب سے اور کوئی نہ ہوگا۔ (دریں چہ شک۔ ناقل) میں ایسے مذہب کا نام شیطانی مذہب رکھتا ہوں نہ کہ رحمانی اور میں یقین رکھتا ہوں کہ ایسا مذہب جہنم کی طرف لے جاتا ہے اور اندھا رکھتا ہے اور اندھا ہی مارتا اور اندھا ہی قبر میں لے جاتا ہے۔" (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص 184، روحانی خزائن جلد 21 ص 354 از مرزا قادیانی)

ایک غلطی کا ازالہ

"ہماری جماعت میں سے بعض صاحب جو ہمارے دعویٰ اور دلائل سے کم واقفیت رکھتے ہیں جن کو نہ بغور کتابیں دیکھنے کا اتفاق ہوا اور نہ وہ ایک معقول مدت تک صحبت میں رہ کر اپنے معلومات کی تکمیل کر سکے، وہ بعض حالات میں مخالفین کے کسی اعتراض پر ایسا جواب دیتے ہیں کہ جو سراسر واقعہ کے خلاف ہوتا ہے، اس لیے باوجود اہل حق ہونے کے ان کو ندامت اٹھانی پڑتی ہے۔ چنانچہ چند روز ہوئے ہیں کہ ایک صاحب پر ایک مخالف کی طرف سے یہ اعتراض پیش ہوا کہ جس سے تم نے بیعت کی ہے، وہ نبی اور رسول ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور اس کا جواب محض انکار کے الفاظ سے دیا گیا حالانکہ ایسا جواب صحیح نہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

ہے، حق یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی وہ پاک وحی جو میرے پر نازل ہوتی ہے۔ اس میں ایسے الفاظ، رسول اور مرسل اور نبی کے موجود ہیں نہ ایک دفعہ بلکہ صدہا دفعہ۔ پھر کیونکر یہ جواب صحیح ہوسکتا ہے کہ ایسے الفاظ موجود نہیں ہیں بلکہ اس وقت تو پہلے زمانہ کی نسبت بھی بہت تصریح اور توضیح سے یہ الفاظ موجود ہیں۔''

(ایک غلطی کا ازالہ ص3، روحانی خزائن نمبر 18 ص206 از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا محمود کی گواہی

ذیل میں مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا محمود کی کتاب کا ایک اقتباس پیش خدمت ہے جس میں وہ مرزا قادیانی کے حوالہ جات نقل کر کے استدلال کرتا ہے کہ نبوت جاری ہے اور مرزا قادیانی نبی ہے۔

-1 ''میں مسیح موعود ہوں اور وہی ہوں جس کا نام سرور انبیاء نے نبی اللہ رکھا ہے۔''

(نزول المسیح ص48)

-2 ''میں رسول اور نبی ہوں یعنی باعتبار ظلیت کاملہ کے، میں وہ آئینہ ہوں جس میں محمدی شکل اور محمدی نبوت کا کامل انعکاس ہے۔'' (نزول المسیح ص3 حاشیہ)

-3 ''میں خدا کے حکم کے موافق نبی ہوں۔''

(آخری خط مرزا قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

-4 ''میں صرف اس وجہ سے نبی کہلاتا ہوں کہ عربی اور عبرانی زبان میں نبی کے یہ معنی ہیں کہ خدا سے الہام پا کر بکثرت پیشین گوئی کرنے والا اور بغیر کثرت کے یہ معنی محقق نہیں ہو سکتے۔''

(آخری خط مرزا قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

-5 ''پس اسی بنا پر خدا نے میرا نام نبی رکھا ہے کہ اس زمانے میں کثرتِ مکالمہ، مخاطبہ الٰہیہ اور کثرتِ اطلاع بر علوم غیب صرف مجھے ہی عطا کی گئی ہے۔''

(آخری خط مرزا قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

-6 ''ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔ دراصل یہ نزاع لفظی ہے۔ خدا تعالیٰ جس کے ساتھ ایسا مکالمہ مخاطبہ کرے کہ جو بلحاظ کمیت و کیفیت دوسروں سے بہت بڑھ کر ہو اور اس میں پیشین گوئیاں بھی کثرت سے ہوں، اسے نبی کہتے ہیں اور یہ تعریف ہم پر صادق آتی ہے پس ہم نبی ہیں۔'' (بدر 5 مارچ 1908ء)

-7 ''جس حالت میں خدا میرا نام نبی رکھتا ہے تو میں کیونکر انکار کرسکتا ہوں۔ میں اس پر قائم ہوں، اس وقت تک جو اس دنیا سے گذر جاؤں۔''

(آخری خط مرزا قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

-8 ''میں نبی ہوں اور امتی بھی ہوں تا کہ ہمارے سید آقا کی وہ پیش گوئی پوری ہو کہ آنے والا مسیح

www.sirat-e-mustaqeem.com

امتی بھی ہوگا اور نبی بھی ہوگا۔" (آخری خط مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

9- "کبھی نبی کی وحی خبر واحد کی طرح ہوتی ہے اور مع ذالک مجمل ہوتی ہے اور کبھی وحی ایک امر میں کثرت سے اور واضح ہوتی ہے..... پس میں اس سے انکار نہیں کرسکتا کہ کبھی میری وحی بھی خبر واحد کی طرح ہو اور مجمل ہو۔" (لیکچر سیالکوٹ ص 33)

حضرت محمد ﷺ، اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور اس کی جملہ مخلوقات میں سب سے اعلیٰ، افضل اور رب العزت کے مقرب خاص ہیں۔

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

آپ ﷺ کے لیے کہا گیا اور سچ یہ ہے کہ اس سے بڑھ کر آپ کے مقام رفیع کا بیان ممکن نہیں۔

ہزار بار بشویم دہن بہ مشک و گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبیست

حضور نبی کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ ایسی بے نظیر اور آئیڈیل تھی جس کی مثال ڈھونڈنے سے نہیں ملتی۔ آپ ﷺ کے مبارک منہ سے پژمردہ دلوں کو تازگی اور فرحت ملی۔ آپؐ نے زندگی بھر کسی کو نہ جھڑکا اور نہ گالی دی، آپؐ رحمت ہی رحمت تھے۔ دشمن آپ ﷺ کو صادق اور امین کہہ کر پکارتے تھے۔ آپ ﷺ کی زندگی چلتا پھرتا قرآن تھی۔ کس کو طاقت ہے کہ وہ آپ ﷺ کی زندگی کے کسی ایک لمحہ کو ہی کماحقہ بیان کرسکے۔ آپ ﷺ کے محاسن اتنے ہیں کہ وہ شمار ہی نہیں ہوسکتے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری کلام قرآن مجید میں مختلف حوالوں سے اپنے اس "عبد کامل" اور "رسول خاتم" کا ذکر کیا اور اتنے پیار اور محبت سے کہ

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

لیکن ایک مرزا قادیانی ہے جس کے بے لگام اور گستاخ قلم سے اس انسانِ اعظم، رسولِ اکرم ﷺ اور نبی مکرم ﷺ کے متعلق وہ وہ دلخراش عبارتیں نکلیں کہ الامان والحفیظ۔

ایسی جسارت تو ابلیس اعظم علیہ ماعلیہ بھی نہ کرسکا۔ اس نے بھی محض اپنی بڑائی کے اظہار کے لیے "انا خیر منہ" کی بات کہی۔ لیکن تیرھویں صدی کے دم آخر، انگریزی استبداد کے زیر سایہ نبوت کا ڈھونگ رچانے والے اس ابلیس مجسم نے اس امام الانبیاء ﷺ کا کس طرح ذکر کیا، وہ بڑی ہی اندوہناک داستان ہے۔ افسوس کہ گوری اقلیت کے زیر سایہ یہ سب گند اچھالا جاتا رہا اور اب تک بعض بدقسمت اس مردود ازلی سے اپنی عقیدتوں کا رشتہ جوڑے بیٹھے ہیں۔ ہم اس کفر کو دل پر پتھر رکھ کر نقل کر رہے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانی محمد رسول اللہ

- ❑ ”پھر اسی کتاب میں اس مکالمہ کے قریب ہی یہ وحی اللہ ہے محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔“
(ایک غلطی کا ازالہ ص 4، مندرجہ روحانی خزائن جلد 18 ص 207 از مرزا قادیانی)

- ❑ ”خدا تعالیٰ نے آج سے چھبیس برس پہلے میرا نام براہین احمدیہ میں محمد اور احمد رکھا ہے اور آنحضرت ﷺ کا بروز مجھے قرار دیا ہے۔“ (حقیقۃ الوحی تتمہ ص 67، مندرجہ روحانی خزائن جلد 22 ص 502 از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی خاتم النبیین

- ❑ ”میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں موجب آیت و آخرین منھم لما یلحقوبھم بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں، میرا نام محمدؐ اور احمدؐ رکھا ہے اور مجھے آنحضرت ﷺ کا ہی وجود قرار دیا ہے۔ پس اس طور سے آنحضرت ﷺ کے خاتم الانبیاء ہونے میں میری نبوت سے کوئی تزلزل نہیں آیا کیونکہ ظل اپنے اصل سے علیحدہ نہیں ہوتا۔“ (ایک غلطی کا ازالہ ص 10، مندرجہ روحانی خزائن جلد 18 ص 212 از مرزا قادیانی)

- ❑ ”مبارک وہ جس نے مجھے پہچانا۔ میں خدا کی سب راہوں میں سے آخری راہ ہوں۔ اور میں اس کے سب نوروں میں سے آخری نور ہوں۔ بدقسمت ہے وہ جو مجھے چھوڑتا ہے، کیونکہ میرے بغیر سب تاریکی ہے۔“ (کشتی نوح ص 56، مندرجہ روحانی خزائن جلد 19 ص 61 از مرزا غلام احمد قادیانی)

مرزا قادیانی تمام نبیوں کا مجموعہ

”میں آدمؑ ہوں، میں نوحؑ ہوں۔ میں ابراہیمؑ ہوں، میں اسحاقؑ ہوں، میں یعقوبؑ ہوں، میں اسمٰعیلؑ ہوں، میں موسیٰؑ ہوں، میں داؤدؑ ہوں، میں عیسیٰؑ ابن مریم ہوں، میں محمد ﷺ ہوں۔“
(تتمہ حقیقت الوحی ص 521 مندرجہ روحانی خزائن جلد 22 ص 521 از مرزا قادیانی)

قادیان میں محمد رسول اللہ

”اور چونکہ مشابہت تامہ کی وجہ سے مسیح موعود (مرزا قادیانی) اور نبی کریم ﷺ میں کوئی دوئی باقی نہیں کہ ان دونوں کے وجود بھی ایک وجود کا ہی حکم رکھتے ہیں جیسا کہ خود مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ صار وجودی وجودہ (دیکھو خطبہ الہامیہ صفحہ 171) اور حدیث میں بھی آیا ہے کہ حضرت نبی کریمؐ نے فرمایا کہ مسیح موعود (مرزا قادیانی) میری قبر میں دفن کیا جائے گا جس سے یہی مراد ہے کہ وہ میں ہی ہوں یعنی مسیح

www.sirat-e-mustaqeem.com

موعود (مرزا قادیانی) نبی کریم ﷺ سے الگ کوئی چیز نہیں ہے بلکہ وہی ہے جو بروزی رنگ میں دوبارہ دنیا میں آئے گا تا کہ اشاعت اسلام کا کام پورا کرے اور هو الذی ارسل رسوله بالهدیٰ و دین الحق لیظهره علی الدین کله کے فرمان کے مطابق تمام ادیانِ باطلہ پر اتمام حجت کر کے اسلام کو دنیا کے کونوں تک پہنچا دے تو اس صورت میں کیا اس بات میں کوئی شک رہ جاتا ہے کہ قادیان میں اللہ تعالیٰ نے پھر محمد ﷺ کو اتارا تا کہ اپنے وعدہ کو پورا کرے۔"

(کلمۃ الفصل ص 105، از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

محمدؐ رسول اللہ کے تمام کمالات مرزا غلام احمد قادیانی میں

"ہر ایک نبی کو اپنی استعداد اور کام کے مطابق کمالات عطا ہوتے تھے، کسی کو بہت، کسی کو کم۔ مگر مسیح موعودؑ کو تو تب نبوت ملی جب اس نے نبوت محمدیہ کے تمام کمالات کو حاصل کر لیا اور اس قابل ہو گیا کہ ظلی نبی کہلائے پس ظلی نبوت نے مسیح موعود کے قدم کو پیچھے نہیں ہٹایا بلکہ آگے بڑھایا اور اس قدر آگے بڑھایا کہ نبی کریم ﷺ کے پہلو بہ پہلو لا کھڑا کیا۔"

(کلمۃ الفصل ص 113، از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

قادیانی کلمہ

"ہم کو نئے کلمہ کی ضرورت پیش نہیں آتی کیونکہ مسیح موعود (مرزا قادیانی) نبی کریمؐ سے کوئی الگ چیز نہیں ہے جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے صار وجودی وجوده نیز من فرق بینی وبین المصطفی فما عرفنی وماریٰ اور یہ اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ وہ ایک دفعہ اور خاتم النبیین کو دنیا میں مبعوث کرے گا جیسا کہ آیت آخرین منهم سے ظاہر ہے، پس مسیح موعودؑ خود محمدؐ رسول اللہ ہے جو اشاعت اسلام کے لیے دوبارہ دنیا میں تشریف لائے، اس لیے ہم کو کسی نئے کلمہ کی ضرورت نہیں۔ ہاں اگر محمدؐ رسول اللہ کی جگہ کوئی اور آتا تو ضرورت پیش آتی۔"

(کلمۃ الفصل ص 158، از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

افضلیت مرزا

"اس (نبی کریمؐ) کے لیے چاند کے خسوف کا نشان ظاہر ہوا اور میرے لیے چاند اور سورج دونوں کا، اب کیا تو انکار کرے گا۔" (اعجاز احمدی ص 71، مندرجہ روحانی خزائن جلد 19 ص 183 از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی پر درود

☐ "صلی الله علیک وعلی محمد"

(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 794 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

- ''یصلون علیک صلحاء العرب وابدال الشام وتصلی علیک الارض والسماء ویحمدک اللہ من عرشہ''

(ترجمہ) تجھ پر عرب کے صلحاء اور شام کے ابدال درود بھیجیں گے۔ زمین و آسمان تجھ پر درود بھیجتے ہیں اور اللہ تعالیٰ عرش سے تیری تعریف کرتا ہے۔'' (تذکرہ ص168 از مرزا قادیانی)

بڑی فتح مبین

''اور ظاہر ہے کہ فتح مبین کا وقت ہمارے نبی کریم کے زمانہ میں گذر گیا اور دوسری فتح باقی رہی کہ پہلے غلبہ سے بہت بڑی اور زیادہ ظاہر ہے اور مقدر تھا کہ اس کا وقت مسیح موعود (مرزا غلام احمد قادیانی) کا وقت ہو۔'' (خطبہ الہامیہ ص193 مندرجہ روحانی خزائن جلد 16 ص288 از مرزا قادیانی)

نبی کریمؐ کے تین ہزار معجزات

''مثلاً کوئی شریر النفس ان تین ہزار معجزات کا کبھی ذکر نہ کرے جو ہمارے نبی ﷺ سے ظہور میں آئے اور حدیبیہ کی پیش گوئی کو بار بار ذکر کرے کہ وہ وقت اندازہ کردہ پر پوری نہیں ہوئی۔''

(تحفہ گولڑویہ ص67 مندرجہ روحانی خزائن جلد 17 ص153 از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی کے 10 لاکھ نشانات

''ان چند سطروں میں جو پیش گوئیاں ہیں، وہ اس قدر نشانوں پر مشتمل ہیں جو دس لاکھ سے زیادہ ہوں گے اور نشان بھی ایسے کھلے کھلے ہیں جو اوّل درجہ پر خارقِ عادت ہیں۔'' (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص72 مندرجہ روحانی خزائن جلد 21 ص72 از مرزا قادیانی)

نشان اور معجزہ ایک ہی ہے

''امتیازی نشان جس سے وہ شناخت کیا جاتا ہے پس یقیناً سمجھو کہ سچا مذہب اور حقیقی راست باز ضرور اپنے ساتھ امتیازی نشان رکھتا ہے اور اسی کا نام دوسرے لفظوں میں معجزہ اور کرامت اور خارقِ عادت امر ہے۔'' (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص63 مندرجہ روحانی خزائن جلد 21 ص63 از مرزا قادیانی)

حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ، مرزا قادیانی کے معجزات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے معجزات پر سینکڑوں مستقل کتابیں لکھی گئی ہیں اور ہر ہر معجزہ کو علیحدہ علیحدہ سند متصل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ مرزا قادیانی کے نام نہاد ''صحابہ و تابعین'' کو بھی چاہیے کہ وہ مرزا قادیانی کے دس لاکھ معجزات پر کوئی کتاب لکھ کر دنیا کے سامنے پیش کریں تاکہ دنیا کو مرزا قادیانی کے معجزات کا علم ہو سکے کہ آخر وہ کیا معجزات تھے؟

www.sirat-e-mustaqeem.com

آگے سے بڑھ کر

”امام اپنا عزیزو اس زماں میں
غلام احمد ہوا دارالاماں میں
غلام احمد ہے عرش رب اکرم
مکاں اس کا ہے گویا لامکاں میں
غلام احمد رسول اللہ ہے برحق
شرف پایا ہے نوع انس و جاں میں
محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں
اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شاں میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل
غلام احمد کو دیکھے قادیاں میں“

(اخبار بدر قادیان 25 اکتوبر 1906ء)

جب اس دلخراش قصیدہ پر اعتراض ہوا تو قادیانی قیادت نے جلتی پر تیل کی طرح جو جواب دیا، وہ نہایت افسوسناک ہے، ملاحظہ فرمائیں:

”یہ وہ نظم ہے جو حضرت مسیح موعود کے حضور میں پڑھی گئی اور خوشخط لکھے ہوئے قطعے کی صورت میں پیش کی گئی اور حضور اسے اپنے ساتھ اندر لے گئے۔ پھر یہ نظم اخبار بدر 25 اکتوبر 1906ء میں چھپی اور شائع ہوئی۔ پس حضرت مسیح موعود کا شرف سماعت حاصل کرنے اور جزاکم اللہ تعالیٰ کا صلہ پانے اور اس قطعے کو اندر خود لے جانے کے بعد کسی کو حق ہی کیا پہنچتا ہے کہ اس پر اعتراض کرکے اپنی کمزوری ایمان و قلت عرفاں کا ثبوت دے۔“ (اخبار روزنامہ ”الفضل“ 23 اگست 1944ء ص 4)

رسولِ قدنی

اے مرے پیارے مری جان رسول قدنی
تیرے صدقے، ترے قربان رسول قدنی
تو نے ایمان ثریا سے ہمیں لا کے دیا
نازش دودۂ سلمانؓ رسول قدنی
انت منی وانا منک خدا فرمائے
میں بتاؤں تری کیا شان رسول قدنی

www.sirat-e-mustaqeem.com

عرش اعظم پہ تری حمد خدا کرتا ہے
ہم ہیں ناچیز سے انسان رسول قدنی
دستخط قادر مطلق تری مسلوں پہ کرے
اللہ! یہ تری شان رسول قدنی
آسماں اور زمیں تو نے بنائے ہیں نئے
تیرے کشفوں پہ ہے ایمان رسول قدنی
پہلی بعثت میں محمدؐ ہے تو اب احمدؐ ہے
تجھ پہ پھر اُترا ہے قرآن رسول قدنی
سر چشم تری خاک قدم بنواتے
غوث اعظم شہ جیلان رسول قدنی
عرش بلقیس معانی ہے ترے قبضے میں
اس زمانہ کے سلیمانؑ رسول قدنی

(روزنامہ اخبار الفضل قادیان جلد 10 شمارہ نمبر 30، 16 اکتوبر 1922ء)

مندرجہ بالا نظم بھی قاضی ظہورالدین اکمل قادیانی کی ہے جس میں اس نے نبی کریم ﷺ، جن کو تمام مسلمان ان کے شہر مبارک "مدینہ طیبہ" کی نسبت سے "رسول مدنی" کہتے ہیں، کی نقل اتارتے ہوئے مرزا قادیانی کی شان میں اس کے شہر "قادیان" کی نسبت سے "رسول قدنی" کے عنوان سے نظم لکھی۔

محمد رسول اللہ سے بڑھ کر

"یہ بالکل صحیح بات ہے کہ ہر شخص ترقی کرسکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پاسکتا ہے حتیٰ کہ محمد رسول اللہ ﷺ سے بھی بڑھ سکتا ہے۔" (حضرت خلیفہ المسیح مرزا بشیرالدین محمود کی ڈائری، اخبار الفضل قادیان نمبر 5 جلد 17,10 جولائی 1922ء)

نبی کریمؐ سور کی چربی استعمال کرتے تھے (نعوذ باللہ)

"آنحضرت ﷺ اور آپ کے اصحاب...... عیسائیوں کے ہاتھ کا پنیر کھالیتے تھے حالانکہ مشہور تھا کہ سور کی چربی اس میں پڑتی ہے۔" (مرزا قادیانی کا مکتوب، اخبار الفضل قادیان 22 فروری 1924ء)

مرزا قادیانی، احمد مجتبیٰ

"منم مسیح زمانہ و منم کلیم خدا   منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد"

(ترجمہ) "میں مسیح زماں ہوں، میں کلیم خدا یعنی موسیٰ ہوں، میں محمد ہوں، میں احمد مجتبیٰ ہوں۔"

(تریاق القلوب ص 6 مندرجہ روحانی خزائن جلد 15 ص 134 از مرزا قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

اپنی وحی پر ایمان

"مجھے اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ توریت اور انجیل اور قرآن کریم پر۔"
(اربعین نمبر 4 ص 19 مندرجہ روحانی خزائن جلد 17 ص 25 از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی پر نازل ہونے والی وحی

- "انا اعطیناک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک هو الابتر"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 281-282 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "ورفعنالک ذکرک" (تذکرہ مجموعہ الہامات ص 282 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "هو الذی ارسل رسوله بالهدی و دین الحق لیظهره علی الدین کله"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 621 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "اصحاب الصفة وما ادرک ما اصحاب الصفة تری اعینهم تفیض من الدمع یصلون علیک" (تذکرہ مجموعہ الہامات ص 626,625 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "وَداعیًا الی اللّٰه و سراجاً منیراً"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 626 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "یا احمد فاضت الرحمة علی شفتیک"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 626 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "یرفع اللّٰه ذکرک" (تذکرہ مجموعہ الہامات ص 626 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "تبت یدا ابیٔ لهب وتب"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 632 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "قُل اِن کنتم تحبون اللّٰه فاتبعونی یحببکم اللّٰه"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 634 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "وما ارسلنک الا رحمة للعالمین"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 636 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "انت منی بمنزلة عرشی. انت منی بمنزلة ولدی"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 636 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)
- "انا انزلناه قریباً من القادیان وبالحق انزلناه وبالحق نزل صدق اللّٰه ورسوله وکان امر اللّٰه مفعولا"
(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 637 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

''قرآن مجید قادیان کے قریب نازل ہوا''

''انا انزلناہ قریبا من القادیان''

اس کی تفسیر یہ ہے کہ انا انزلناہ قریبًا من دمشق بطرف شرقی عند المنارۃ البیضاء کیونکہ اس عاجز کی سکونتی جگہ قادیان کے شرقی کنارہ پر ہے۔''

(تذکرہ مجموعہ الہامات ص76 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)

قرآن، مرزا قادیانی پر دوبارہ اُترا

''ہم کہتے ہیں کہ قرآن کہاں موجود ہے؟ اگر قرآن موجود ہوتا تو کسی کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔ مشکل تو یہی ہے کہ قرآن دنیا سے اُٹھ گیا ہے۔ اسی لیے تو ضرورت پیش آئی کہ محمد رسول اللہ (مرزا قادیانی) کو بروزی طور پر دوبارہ دنیا میں مبعوث کر کے آپ پر قرآن شریف اتارا جائے۔''

(کلمۃ الفصل ص173 از صاحبزادہ مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

قرآن شریف، مرزا کی باتیں

''قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔''

(تذکرہ مجموعہ الہامات ص635 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)

مرزا کے الہامات، قرآن کی طرح

□ ''میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جیسا کہ قرآن شریف پر اور خدا کی دوسری کتابوں پر۔ اور جس طرح میں قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں، اسی طرح اس کلام کو بھی جو میرے پر نازل ہوتا ہے، خدا کا کلام یقین کرتا ہوں۔'' (حقیقۃ الوحی ص220، مندرجہ روحانی خزائن جلد 22 ص220 از مرزا قادیانی)

احادیث رسولؐ کی توہین

''تائیدی طور پر ہم وہ حدیثیں بھی پیش کرتے ہیں جو قرآن شریف کے مطابق ہیں اور میری وحی کے معارض نہیں۔ اور دوسری حدیثوں کو ہم ردی کی طرح پھینک دیتے ہیں۔''

(اعجاز احمدی ص30 مندرجہ روحانی خزائن جلد 19 ص140 از مرزا قادیانی)

عیسائی، یہودی، مشرک

''جو میرے مخالف تھے، ان کا نام عیسائی اور یہودی اور مشرک رکھا گیا۔''

(نزول المسیح (حاشیہ) ص4 مندرجہ روحانی خزائن جلد 18 ص382 از مرزا غلام احمد قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

بدکار عورتوں کی اولاد

"تلک کتب ینظر الیھا کل مسلم بعین المحبة والمودة وینتفع من معارفھا ویقبلنی ویصدق دعوتی الّا ذریة البغایا"

(ترجمہ) "میری ان کتابوں کو ہر مسلمان محبت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کے معارف سے فائدہ اٹھاتا ہے اور میری دعوت کی تصدیق کرتا ہے اور اسے قبول کرتا ہے مگر رنڈیوں (بدکار عورتوں) کی اولاد نے میری تصدیق نہیں کی۔" (آئینہ کمالات اسلام ص 547, 548 مندرجہ روحانی خزائن جلد 5 ص 548,547 از مرزا قادیانی)

مرد خنزیر، عورتیں کتیاں

"دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے۔ اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں۔"

(نجم الہدیٰ ص 53 مندرجہ روحانی خزائن جلد 14 ص 53 از مرزا غلام احمد قادیانی)

مرزا کو نہ ماننے والا پکا کافر

"ہر ایک ایسا شخص جو موسیٰ کو تو مانتا ہے مگر عیسیٰ کو نہیں مانتا یا عیسیٰ کو مانتا ہے مگر محمدؐ کو نہیں مانتا اور یا محمدؐ کو مانتا ہے پر مسیح موعود کو نہیں مانتا وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔"

(کلمۃ الفصل ص 110 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

جہنمی

- "اور مجھے بشارت دی ہے کہ جس نے تجھے شناخت کرنے کے بعد تیری دشمنی اور تیری مخالفت اختیار کی، وہ جہنمی ہے۔" (تذکرہ مجموعہ الہامات ص 168 طبع دوم از مرزا قادیانی)
- "خدا تعالیٰ نے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا۔ وہ مسلمان نہیں ہے۔"

(تذکرہ مجموعہ الہامات ص 600 طبع دوم از مرزا غلام احمد قادیانی)

- "اس الہام کی تشریح میں حضرت مسیح موعود نے الذین کفروا غیر احمدی مسلمانوں کو قرار دیا ہے۔" (کلمۃ الفصل ص 143 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی کا انکار کفر

"اب معاملہ صاف ہے، اگر نبی کریمؐ کا انکار کفر ہے تو مسیح موعود کا انکار بھی کفر ہونا چاہیے کیونکہ مسیح موعود نبی کریمؐ سے الگ کوئی چیز نہیں ہے بلکہ وہی ہے اور اگر مسیح موعود کا منکر کافر نہیں تو نعوذ باللہ نبی

www.sirat-e-mustaqeem.com

کریم کا منکر بھی کافر نہیں کیونکہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ پہلی بعثت میں تو آپ کا انکار کفر ہو مگر دوسری بعثت میں جس میں بقول حضرت مسیح موعود آپ کی روحانیت اقویٰ اور اکمل اور اشد ہے، آپ کا انکار کفر نہ ہو۔"

(کلمۃ الفصل ص147,146 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

خواہ نام بھی نہیں سنا

"کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے، خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کا نام بھی نہیں سنا، وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔"

(آئینہ صداقت ص35 از مرزا بشیر الدین محمود ابن مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی کی پیچیدہ بیماریاں

انبیاء کرام انسانوں میں اللہ تعالیٰ کا بہترین انتخاب ہوتے ہیں۔ انہیں نبوت و رسالت ایسے عظیم ترین منصب سے سرفراز اور ممتاز کیا جاتا ہے۔ وہ عنداللہ بے حد مقبول اور محبوب ہوتے ہیں۔ ان کا مقام و مرتبہ پوری انسانیت میں سے بلند ہوتا ہے۔ انہیں جہاں دیگر اعلیٰ ترین اوصاف حمیدہ سے نوازا جاتا ہے، وہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ انبیاء کرام کی صحت نہایت قابل رشک ہوتی ہے کیونکہ بارِ نبوت اٹھانے اور نباہنے کے لیے ان کا تندرست اور صحت مند ہونا لازمی امر ہے۔ وہ کسی خاص مرض کا نشانہ نہیں بنتے۔ اس کے برعکس آنجہانی مرزا قادیانی پوری زندگی جسمانی اور دماغی بیماریوں کا شکار رہا۔ وہ بیمار نہیں بلکہ "بیماری" تھا۔ اسے لاحق چند پیچیدہ امراض کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

-1	بدہضمی	(ریویو، مئی 1928ء)
-2	تشنج دل	(ضمیمہ اربعین نمبر 3 نمبر 4 ص4 خزائن ص471 ج17)
-3	تشنج اعصاب	(سیرۃ المہدی ص13 ج1)
-4	جسمانی قویٰ مضمحل	(آئینہ احمدیت ص186 دوست محمد)
-5	دق	(حیات احمد جلد دوم نمبر اوّل ص79 یعقوب علی)
-6	سل	(سیرۃ المہدی ص42 ج1 بدر جون 1906ء)
-7	مراق	(سیرۃ المہدی ص55 ج2 بدر جون 1906ء)
-8	ہسٹیریا	(سیرۃ المہدی ص13 ج1 ص55 ج2)
-9	دماغی بے ہوشی	(الحکم 21 مئی 34ء)
-10	غشی	(سیرۃ المہدی ص13 ج1)
-11	سوسو بار پیشاب	(ضمیمہ اربعین ص4 نمبر4)

www.sirat-e-mustaqeem.com

-12	کثرت اسہال	(نسیم دعوت ص68)
-13	دل و دماغ سخت کمزور	(تریاق القلوب ص35)
-14	قولنج زحیری	(تریاق القلوب ص334)
-15	مسلوب القویٰ	(آئینہ احمدیت ص186)
-16	ذیابیطس	(نزول المسیح ص209 حاشیہ)
-17	ریگن	(مکتوبات احمدیہ)
-18	دورانِ سر	(نزول المسیح ص209 حاشیہ)
-19	شدید درد سر جس کا آخری نتیجہ مرگی	(حقیقۃ الوحی ص363)
-20	حافظہ نہایت ابتر	(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم ص3 و ص21)
-21	حالت مردمی کالعدم	(تریاق القلوب ص35)
-22	سستی نامردی	(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم ص14)

میں یہاں یہ تمام حوالہ جات نقل کرنا چاہتا تھا مگر صفحات کی کمی کے پیش نظر صرف چند حوالہ جات پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

صحت کا ٹھیکہ

(1) ''ہم نے تیری صحت کا ٹھیکہ لیا ہے۔'' الہام (تذکرہ ص803)

(2) ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے تھے کہ ہمارے ساتھ خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ تمہارے تین اعضاء پر خدا کی رحمت کا نزول ہے، ایک ان میں سے آنکھ ہے۔'' (سیرۃ المہدی حصہ سوم ص51)

آنکھوں میں مائی اوپیا

ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت صاحب کی آنکھوں میں مائی اوپیا تھا۔ اسی وجہ سے پہلی رات کا چاند نہیں دیکھ سکتے تھے۔'' (سیرۃ المہدی حصہ سوم 119)

اُلٹے سیدھے پاؤں کی پہچان

''ایک دفعہ کوئی شخص آپ کے لیے گرگابی لے آیا۔ آپ نے پہن لی۔ مگر اس کے الٹے سیدھے پاؤں کا پتہ نہیں لگتا تھا۔ کئی دفعہ الٹی پہن لیتے تھے۔ اور پھر تکلیف ہوتی تھی۔ بعض دفعہ الٹا پاؤں پڑ جاتا تھا تو بہت تنگ ہوتے تھے۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ میں نے آپ کی سہولت کے واسطے الٹے سیدھے پاؤں کی شناخت کے لیے نشان لگا دیئے تھے۔ مگر باوجود اس کے آپ الٹا سیدھا پہن لیتے تھے۔ اس لیے آپ نے

www.sirat-e-mustaqeem.com

اسے اتار دیا۔" (سیرۃ المہدی حصہ اوّل ص 53)

اپنی سوٹی کی پہچان

"مولوی صاحب کے ہاتھ میں اس وقت حضرت صاحب کی چھڑی تھی، حضرت صاحب باہر نکلے تو مولوی صاحب نے آپ کو چھڑی دی۔ حضرت صاحب نے چھڑی ہاتھ میں لے کر اسے دیکھا اور فرمایا یہ کس کی چھڑی ہے؟ عرض کیا گیا کہ حضور ہی کی چھڑی ہے جو حضور ہاتھ میں رکھا کرتے ہیں۔ فرمایا اچھا میں نے سمجھا تھا کہ میری نہیں ہے۔ خان صاحب کہتے ہیں کہ وہ چھڑی مدت سے آپ کے ہاتھ میں رہتی تھی۔" (سیرۃ المہدی حصہ اوّل ص 227)

اپنی گھڑی پر وقت کی پہچان

"بیان کیا مجھ سے میاں عبداللہ صاحب سنوری نے کہ ایک دفعہ کسی شخص نے حضرت صاحب کو ایک جیبی گھڑی تحفہ میں دی تھی۔ حضرت صاحب اس کو رومال میں باندھ کر جیب میں رکھتے تھے۔ زنجیر نہیں لگاتے تھے اور پھر جب وقت دیکھنا ہوتا تھا تو گھڑی نکال کر اس کے ہندسے یعنی عدد سے گن کر وقت کا پتہ لگاتے تھے۔ اور انگلی رکھ رکھ کر ہندسے گنتے تھے اور منہ سے بھی گنتے جاتے تھے۔ گھڑی دیکھتے ہی وقت نہیں پہچان سکتے تھے۔" (سیرۃ المہدی حصہ اوّل ص 166)

دایاں ہاتھ

بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب (حال عبدالرحیم درد صاحب قادیانی) ایم۔ اے کے کہ "ایک دفعہ والد صاحب (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی) اپنے چوبارے کی کھڑکی سے گر گئے اور دائیں بازو پر چوٹ آئی۔ چنانچہ آخر عمر تک وہ ہاتھ کمزور رہا۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ آپ کھڑکی سے اترنے لگے تھے۔ سامنے سٹول رکھا تھا، وہ الٹ گیا اور آپ گر گئے اور دائیں ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ گئی اور یہ ہاتھ آخر عمر تک کمزور رہا۔ اس ہاتھ سے آپ لقمہ تو منہ تک لے جا سکتے تھے مگر پانی کا برتن وغیرہ منہ تک نہیں اٹھا سکتے تھے۔" ("سیرت المہدی" حصہ اوّل، ص 198، روایت نمبر 187، مولفہ مرزا بشیر احمد قادیانی)

دندانِ مبارک

"دندان مبارک آپ کے (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی صاحب کے) آخر عمر میں کچھ خراب ہو گئے تھے، یعنی کیڑا بعض داڑھوں کو لگ گیا تھا جس سے کبھی کبھی تکلیف ہو جاتی تھی۔ چنانچہ ایک دفعہ ایک داڑھ کا سرا ایسا نوک دار ہو گیا تھا کہ اس سے زبان میں زخم پڑ گیا تو ریتی کے ساتھ اس کو گھسوا کر برابر بھی کرایا تھا۔" ("سیرۃ المہدی" حصہ دوم، ص 135، روایت نمبر 444، مولفہ مرزا بشیر احمد قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

ایک ابتلاء

''ایک ابتلاء مجھ کو اس (دہلی کی) شادی کے وقت یہ پیش آیا کہ بباعث اس کے کہ میرا دل اور دماغ سخت کمزور تھا اور میں بہت سے امراض کا نشانہ رہ چکا تھا اور دو مرضیں یعنی ذیابیطس اور دردِ سر مع دورانِ سر قدیم سے میرے شامل حال تھیں جن کے ساتھ بعض اوقات تشنج قلب بھی تھا۔ اس لیے میری حالت مردی کالعدم تھی اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی......

غرض اس ابتلاء کے وقت میں نے جناب الٰہی میں دعا کی اور مجھے اس نے رفع مرض کے لیے اپنے الہام کے ذریعہ سے دوائیں بتلائیں اور میں نے کشفی طور پر دیکھا کہ ایک فرشتہ وہ دوائیں میرے منہ میں ڈال رہا ہے۔ چنانچہ وہ دوائیں میں نے تیار کیں اور اس میں خدا نے اس قدر برکت ڈال دی کہ میں نے دلی یقین سے معلوم کیا کہ وہ پرصحت طاقت جو ایک پورے تندرست انسان کو دنیا میں مل سکتی ہے، وہ مجھے دی گئی...... میں اس زمانہ میں اپنی کمزوری کی وجہ سے ایک بچہ کی طرح تھا اور پھر اپنے تئیں خداداد طاقت میں پچاس مرد کے قائم مقام دیکھا۔''

(''تریاق القلوب'' ص35-36 ''روحانی خزائن'' ص204-203، ج15، مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

مجرب دوائیں

☐ مخدومی مکرمی اخویم مولوی (نورالدین) صاحب

''السلام علیکم...... وہ دوا جس میں مروارید داخل ہیں، جو کسی قدر آپ لے گئے تھے، اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ مجھ کو بہت فائدہ ہوا۔ قوت باہ کو ایک عجیب فائدہ یہ دوا پہنچاتی ہے اور مقوی معدہ اور کاہلی سستی کو دور کرتی ہے اور کئی عوارض کو نافع ہے۔ آپ ضرور استعمال کر کے مجھ کو اطلاع دیں۔ مجھ کو تو یہ بہت ہی موافق آ گئی۔

خاکسار غلام احمد 30 دسمبر 1886ء

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2، ص12، مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

☐ مخدومی مکرمی اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب

''السلام علیکم۔ عنایت نامہ پہنچا۔ مجھے نہایت تعجب ہے کہ دوا معلومہ سے آں مخدوم کو کچھ فائدہ محسوس نہ ہوا۔ شاید کہ یہ وہی قول درست ہو کہ ادویہ کو ابدان سے مناسبت ہے۔ بعض ادویہ بعض ابدان کے مناسب حال ہوتی ہیں اور بعض دیگر کے نہیں۔ مجھے یہ دوا بہت ہی فائدہ مند معلوم ہوئی ہے کہ چند امراض کاہلی وسستی و رطوبات معدہ اس سے دور ہو گئے ہیں۔ ایک مرض مجھے نہایت خوفناک تھی کہ صحبت کے وقت لیٹنے کی حالت میں نعوظ بکلی جاتا رہتا تھا۔ شاید قلت

www.sirat-e-mustaqeem.com

حرارت غریزی اس کا موجب تھی۔ وہ عارضہ بالکل جاتا رہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ دوا حرارت غریزی کو بھی مفید ہے اور منی کو بھی غلیظ کرتی ہے۔ غرض میں نے تو اس میں آثار نمایاں پائے ہیں۔ واللہ اعلم وعلمہ احکم۔

اگر دوا موجود ہو اور آپ دودھ اور ملائی کے ساتھ کچھ زیادہ قدر شربت کر کے استعمال کریں تو میں خواہش مند ہوں کہ آپ کے بدن میں ان فوائد کی بشارت سنوں۔ کبھی کبھی دوا کی چھپی چھپی تاثیر بھی ہوتی ہے کہ جو ہفتے عشرے کے بعد محسوس ہوتی ہے۔ چونکہ دوا ختم ہو چکی ہے اور میں نے زیادہ زیادہ کھالی ہے اس لیے ارادہ ہے کہ اگر خدا تعالیٰ چاہے تو دوبارہ تیار کی جائے۔'' خاکسار غلام احمد از قادیان، 19 جنوری 1887ء

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2 ص 14)

محبی عزیزی اخویم نواب صاحب سلمہ تعالیٰ

''السلام علیکم۔ کسی قدر تریاق جدید کی گولیاں ہمدست مرزا خدا بخش صاحب آپ کی خدمت میں ارسال ہیں اور کسی قدر اس وقت دے دوں گا جب آپ قادیان آئیں گے۔ یہ دوا تریاق الٰہی سے فوائد میں بہت بڑھ کر ہے۔ اس میں بڑی بڑی قابل قدر دوائیں پڑی ہیں۔ جیسے مشک، عنبر، نربسی، مروارید، سونے کا کشتہ، فولاد، یاقوتِ احمر، کونین، فاسفورس، کہربا، مرجان، صندل، کیوڑہ، زعفران۔ یہ تمام دوائیں قریب سو کے ہیں اور بہت سا فاسفورس اس میں داخل کیا گیا ہے۔ یہ دوا علاجِ طاعون کے علاوہ مقوی دماغ، مقوی جگر، مقوی معدہ، مقوی باہ اور مراق کو فائدہ کرنے والی اور مصفی خون ہے۔ مجھ کو اس کے تیار کرنے میں اوّل تامل تھا کہ بہت سے روپیہ پر اس کا تیار کرنا موقوف تھا لیکن چونکہ حفظ صحت کے لیے یہ دوا مفید ہے اس لیے اس قدر خرچ گوارا کیا گیا۔

خوراک اس کی اوّل استعمال میں دو رتی سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے تا کہ گرمی نہ کرے۔ نہایت درجہ مقوی اعصاب ہے اور خارش اور بثورات اور جذام اور ذیابیطس اور انواع و اقسام کے خطرناک امراض کے لیے مفید ہے اور قوت باہ میں اس کو ایک عجیب اثر ہے۔''

خاکسار مرزا غلام احمد 29 اگست 1899ء

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 4، ص 105، مجموعہ مکتوبات مرزا قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم حکیم نورالدین

''ایک میرے دوست سامانہ علاقہ پٹیالہ میں ہیں جن کا نام مرزا محمد یوسف بیگ ہے۔ انہوں نے کئی دفعہ ایک معجون بنا کر بھیجی ہے جس میں کچھ مدبر داخل ہوتا ہے۔ وہ معجون میرے تجربے

www.sirat-e-mustaqeem.com

میں آیا ہے کہ اعصاب کے لیے نہایت مفید ہے اور امراض رعشہ اور فالج اور تقویت دماغ اور قوتِ باہ کے لیے اور نیز قوتِ معدہ کے لیے فائدہ مند ہے۔ مدت سے میرے استعمال میں ہے۔ اگر آپ اس کو استعمال کرنا قرین مصلحت سمجھیں تو میں کسی قدر جو میرے پاس ہے، بھیج دوں۔" (''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2، ص55، مجموعہ مکتوبات مرزا قادیانی)

پہلا دورہ

بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ ''حضرت مسیح موعود (یعنی والد صاحب) کو پہلی دفعہ دورانِ سر اور ہسٹریا کا دورہ...... بشیر اوّل کی وفات کے چند دن بعد ہوا تھا۔ رات کو سوتے ہوئے آپ کو اتھو آیا اور پھر اس کے بعد طبیعت خراب ہوگئی مگر یہ دورہ خفیف تھا۔ پھر اس کے کچھ عرصے بعد آپ ایک دفعہ نماز کے لیے باہر گئے اور جاتے ہوئے فرما گئے کہ آج کچھ طبیعت خراب ہے۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تھوڑی دیر کے بعد شیخ حامد علی...... نے دروازہ کھٹکھٹایا کہ جلدی پانی کی ایک گاگر گرم کردو۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ میں سمجھ گئی کہ حضرت صاحب کی طبیعت خراب ہوگئی ہوگی۔ چنانچہ میں نے کسی ملازم عورت کو کہا کہ اس سے پوچھو میاں کی طبیعت کا کیا حال ہے؟ شیخ حامد علی نے کہا کہ کچھ خراب ہوگئی ہے۔ میں مسجد میں چلی گئی تو آپ لیٹے ہوئے تھے۔ میں جب پاس گئی تو فرمایا کہ میری طبیعت بہت خراب ہوگئی تھی لیکن اب افاقہ ہے۔ میں نماز پڑھ رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ کوئی کالی کالی چیز میرے سامنے سے اٹھی ہے اور آسمان تک چلی گئی۔ پھر میں چیخ مار کر زمین پر گر گیا اور غشی کی سی حالت ہوگئی۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں، اس کے بعد سے آپ کو باقاعدہ دورے پڑنے شروع ہوگئے۔ خاکسار نے پوچھا دورہ میں کیا ہوتا تھا؟ والدہ صاحبہ نے کہا ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے تھے اور بدن کے پٹھے کھنچ جاتے تھے۔ خصوصاً گردن کے پٹھے اور سر میں چکر ہوتا تھا اور اس حالت میں آپ اپنے بدن کو سہار نہیں سکتے تھے۔ شروع شروع میں یہ دورے بہت سخت ہوتے تھے۔ پھر اس کے بعد کچھ تو دوروں کی ایسی سختی نہیں رہی اور کچھ طبیعت عادی ہوگئی۔ خاکسار نے پوچھا کہ اس سے پہلے تو سر کی کوئی تکلیف نہیں تھی؟ والدہ صاحبہ نے فرمایا پہلے معمولی سر درد کے دورے ہوا کرتے تھے۔ خاکسار نے پوچھا کیا پہلے حضرت صاحب خود نماز پڑھاتے تھے؟ والدہ صاحبہ نے کہا کہ ہاں مگر پھر دوروں کے بعد چھوڑ دی۔"

(''سیرۃ المہدی'' حصہ اوّل، ص13، روایت نمبر 19، مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

رمضان کے دورے

بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ ''جب حضرت مسیح موعود کو دورے پڑنے شروع ہوئے تو آپ نے اس سال سارے رمضان کے روزے نہیں رکھے اور فدیہ ادا کر دیا۔ دوسرا رمضان آیا تو

www.sirat-e-mustaqeem.com

آپ نے روزے رکھنے شروع کیے مگر آٹھ نو روزے رکھے تھے کہ پھر دورہ ہوا۔ اس لیے باقی چھوڑ دیئے اور فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جو رمضان آیا تو اس میں آپ نے دس گیارہ روزے رکھے تھے کہ پھر دورہ کی وجہ سے روزے ترک کرنے پڑے اور آپ نے فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جو رمضان آیا تو آپ کا تیرھواں روزہ تھا کہ مغرب کے قریب آپ کو دورہ پڑا اور آپ نے روزہ توڑ دیا اور باقی روزے نہیں رکھے اور فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جتنے رمضان آئے آپ نے سب روزے رکھے مگر پھر وفات سے دو تین سال قبل کمزوری کی وجہ سے روزے نہیں رکھ سکے اور فدیہ ادا فرماتے رہے۔ خاکسار نے دریافت کیا کہ جب آپ نے ابتداءً دوروں کے زمانہ میں روزے چھوڑے تو کیا پھر بعد میں ان کو قضا کیا۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ نہیں، صرف فدیہ ادا کر دیا تھا۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ جب شروع شروع میں حضرت مسیح موعود کو دورانِ سر اور بردِ اطراف کے دورے پڑنے شروع ہوئے تو اس زمانہ میں آپ بہت کمزور ہو گئے تھے اور صحت خراب رہتی تھی......"

("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص 51، روایت نمبر 81، مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

سخت دورہ

بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ "اوائل میں ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو سخت دورہ پڑا۔ کسی نے مرزا سلطان احمد اور مرزا فضل احمد کو بھی اطلاع دے دی اور وہ دونوں آ گئے۔ پھر ان کے سامنے بھی حضرت مرزا صاحب کو دورہ پڑا۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں اس وقت میں نے دیکھا کہ مرزا سلطان احمد تو آپ کی چارپائی کے پاس خاموشی کے ساتھ بیٹھے رہے مگر مرزا فضل احمد کے چہرہ پر ایک رنگ آتا تھا اور ایک جاتا تھا اور وہ کبھی ادھر بھاگتا تھا اور کبھی ادھر۔ کبھی اپنی پگڑی اتار کر حضرت صاحب کی ٹانگوں کو باندھتا تھا اور کبھی پاؤں دبانے لگ جاتا تھا اور گھبراہٹ میں اس کے ہاتھ کانپتے تھے۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص 22، روایت نمبر 36، مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

خطرناک

"پھر آپ نے (یعنی مرزا قادیانی نے) فرمایا میں کیا کروں میں نے تو خدا کے سامنے پیش کیا ہے کہ میں تیرے دین کی خاطر اپنے ہاتھ اور پاؤں میں لوہا پہننے کو تیار ہوں مگر وہ کہتا ہے کہ نہیں میں تجھے ذلت سے بچاؤں گا اور عزت کے ساتھ بری کروں گا۔ پھر آپ محبت الٰہی پر تقریر فرمانے لگ گئے اور قریباً نصف گھنٹے تک جوش کے ساتھ بولتے رہے۔ لیکن پھر یک لخت بولتے بولتے آپ کو ابکائی آئی اور ساتھ ہی قے ہوئی جو خالص خون کی تھی جس میں کچھ خون جما ہوا تھا اور کچھ بہنے والا تھا۔ حضرت نے قے سے سر اٹھا کر رومال سے اپنا منہ پونچھا اور آنکھیں بھی پونچھیں جو قے کی وجہ سے پانی لے آئی تھیں۔ مگر آپ کو یہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

معلوم نہیں ہوا کہ قے میں کیا نکلا ہے، کیونکہ آپ نے یک لخت جھک کر قے کی اور پھر سر اٹھالیا۔ مگر میں اس کے دیکھنے کے لیے جھکا تو حضور نے فرمایا کیا ہے۔ میں نے عرض کیا حضور قے میں خون نکلا ہے۔ تب حضور نے اس کی طرف دیکھا۔ پھر خواجہ صاحب اور مولوی محمد علی صاحب اور دوسرے لوگ کمرے میں آ گئے اور ڈاکٹر کو بلوایا گیا۔ ڈاکٹر انگریز تھا۔ وہ آیا اور قے دیکھ کر خواجہ صاحب کے ساتھ انگریزی میں باتیں کرتا رہا۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ اس بڑھاپے کی عمر میں اس طرح خون کی قے آنا خطرناک ہے۔" ("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص80، روایت نمبر 106، مولفہ حضرت صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

مراق کا سلسلہ

- "مراق کا مرض حضرت مرزا صاحب میں موروثی نہ تھا بلکہ یہ خارجی اثرات کے ماتحت پیدا ہوا اور اس کا باعث سخت دماغی محنت، تفکرات، غم اور سوء ہضم تھا جس کا نتیجہ دماغی ضعف تھا اور جس کا اظہار مراق اور دیگر ضعف کی علامات مثلاً دورانِ سر کے ذریعہ ہوتا تھا۔"

(رسالہ "ریویو" قادیان، ص10، بابت اگست 1926ء)

- "میری بیوی کو مراق کی بیماری ہے۔ کبھی کبھی وہ میرے ساتھ ہوتی ہے، کیونکہ طبی اصول کے مطابق اس کے لیے چہل قدمی مفید ہے۔ ان کے ساتھ چند خادم عورتیں بھی ہوتی ہیں...... ہم باغ تک جاتے ہیں پھر واپس آ جاتے ہیں۔" (مرزا قادیانی کا بیانِ عدالت مندرجہ اخبار "الحکم" قادیان جلد5، نمبر 29، مورخہ 10 اگست 1901ء، منقول از منظور الٰہی، ص244، مصنفہ منظور الٰہی قادیانی لاہور)

- "بیان کیا مجھ سے والدہ صاحبہ نے کہ حضرت (مرزا) صاحب کے ایک حقیقی ماموں تھے جن کا نام مرزا جمعیت بیگ تھا۔ ان کے ہاں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہوئے اور ان کے دماغ میں کچھ خلل آ گیا تھا۔ لڑکے کا نام مرزا علی شیر تھا اور لڑکی کا حرمت بی بی۔ لڑکی حضرت صاحب کے نکاح میں آئی اور اسی کے بطن سے مرزا سلطان احمد اور فضل احمد پیدا ہوئے۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص206، روایت 212، مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

- "مراق کے اسباب میں سب سے بڑا سبب ورثہ میں ملا ہوا طبعی میلان اور عصبی کمزوری ہے۔ عصبی امراض ہمیشہ ورثہ میں ملتے ہیں اور لمبے عرصے تک خاندان میں چلتے ہیں۔"

(بیاض نورالدین، جلد اوّل، منقول از اخبار "پیغام صلح" لاہور، جلد 106، ص47، مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

"جب خاندان میں اس کی ابتدا ہو چکی تو پھر اگلی نسل میں بے شک یہ مرض منتقل ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح ثانی (مرزا محمود احمد) نے فرمایا کہ مجھ کو بھی کبھی کبھی مراق کا دورہ ہوتا ہے۔"

(مضمون ڈاکٹر شاہنواز قادیانی، مندرجہ رسالہ "ریویو" قادیان، ص11، بابت اگست 1926ء)

www.sirat-e-mustaqeem.com

مالیخولیا مراق

''مالیخولیا کی ایک قسم ہے جس کو مراق کہتے ہیں۔ یہ مرض تیز سوداء سے جو معدہ میں جمع ہوتا ہے، پیدا ہوتا ہے اور جس عضو میں یہ مادہ جمع ہو جاتا ہے، اس سے سیاہ بخارات اٹھ کر دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔ اس کی علامات یہ ہیں ترش دخانی ڈکاریں آنا، ضعف معدہ کی وجہ سے کھانے کی لذت کم معلوم ہونا، ہاضمہ خراب ہو جانا، پیٹ پھولنا، پاخانہ پتلا ہونا، دھوئیں جیسے بخارات چڑھتے ہوئے معلوم ہونا۔'' (ترجمہ) (شرح الاسباب والعلامات امراضِ راس مالیخولیا تصنیف برہان الدین نفیس)

''یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس مرض (مراق) کی علامات کا ظہور فتورِ قوت حیوانی یا روحِ حیوانی سے ہوتا ہے۔ جو کہ جگر و معدے میں ہوتی ہے مگر تحقیقات جدیدہ سے معلوم ہوا ہے کہ مرض عصبی ہے اور جیسا کہ عورت میں رحم کی مشارکت سے مرض اختناق الرحم (ہسٹریا) پیدا ہو جاتا ہے، اسی طرح اعضائے اندرونی کے فتور سے ضعف دماغ ہو کر مردوں میں مراق ہو جاتا ہے۔

علاماتِ مرض

- ''مریض ہمیشہ سست و متفکر رہتا ہے۔ اس میں خودی کے خیالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ ہر ایک بات میں مبالغہ کرتا ہے...... بھوک نہیں لگتی، کھانا ٹھیک طور پر ہضم نہیں ہوتا۔''

(''مخزنِ حکمت'' مصنفہ شمس الاطباء حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب، طبع دوم)

- ''فساد ہضم، کھٹی دخانی ڈکاریں، منہ میں زیادہ رال آئے، پیٹ پھولتا ہو، پیٹ میں قراقر، تناوٹ اور سوزش ہو، جھوٹی بھوک معلوم ہو، تالو کی طرف دھوئیں جیسے بخارات چڑھتے ہوئے معلوم ہوں، ہاضمہ اچھا ہو تو مرض میں تخفیف ہو۔ ہاضمے کی خرابی اور تخمے سے مرض میں زیادتی ہو...... گاہے جسم کے اوپر کے حصے میں کپکپی اور لرزہ، ہاتھ پاؤں کی ہتھیلیوں یا تمام بدن کا ٹھنڈا ہو جانا۔ مرض کی کمی بیشی کے مطابق کمزوری لاحق ہونا، یہاں تک کہ کبھی غشی کی نوبت پہنچ جائے...... کبھی ایک چیز کے دو معلوم ہونا۔ کبھی آنکھوں کے سامنے بجلی سی کوندتی معلوم ہونا۔ آنکھوں کی کرختگی، پلکوں کا بوجھ ہونا، دماغ اور سر میں سوزش و گرمی، دردِ سر اور نسیان، یک بیک اچھو لگ جانا...... مرض مراق کے لوازم سے ہے لیکن ان سب کا ایک مریض میں پایا جانا ضروری نہیں۔ (ترجمہ)'' (''اکسیر اعظم'' ج اوّل، ص 189، مصنفہ حکیم محمد افضل خان)

- ''مالیخولیا اس مرض کو کہتے ہیں جس میں حالت طبعی کے خلاف خیالات و افکار متغیر بخوف و فساد ہو جاتے ہیں۔ اس کا سبب مزاج کا سوداوی ہو جانا ہوتا ہے، جس سے روح دماغی اندرونی طور پر متوحش ہوتی ہے اور مریض اس کی ظلمت سے پراگندہ خاطر ہو جاتا ہے یا پھر یہ مرض حرارتِ

www.sirat-e-mustaqeem.com

جگر کی شدت کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہی چیز مراق ہوتی ہے۔ جب اس میں غذا کے فضلات اور آنتوں کے بخارات جمع ہو جاتے ہیں اور اس کے اخلاط جل کر سوداء کی صورت میں تبدیل ہو جاتے ہیں تو ان اعضاء سے سیاہ بخارات اٹھ کر سر کی طرف چڑھتے ہیں۔ اسی کو نفخہ مراقیہ، مالیخولیائے نافخ اور مالیخولیائے مراقی کہتے ہیں۔" (ترجمہ)

(قانون شیخ الرئیس حکیم بوعلی سینا، فن اوّل از کتاب ثالث)

علاج

عمدہ خون پیدا کرنے والی غذائیں استعمال کرائی جائیں۔ مثلاً مچھلی، (پرندوں کا) زود ہضم گوشت اور کبھی کبھی سفید ہلکی شراب جو تیز اور پرانی نہ ہو...... اور عمدہ عمدہ خوشبوئیں جیسے مشک، عنبر، نافہ اور عود استعمال کرائیں۔ نیز فم معدہ کے لیے مقوی جوارشات کا استعمال کرائیں۔

مریض مالیخولیا کو لازم ہے کہ کسی دل خوش کام میں مشغول رہے اور اس کے پاس وہ لوگ رہیں جو اس کی تعظیم و تکریم کرتے رہیں اور اس کو خوش رکھیں اور شراب تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر اعتدال کے ساتھ پلائی جائے۔" (قانون شیخ الرئیس حکیم بوعلی سینا، فن اوّل از کتاب ثالث)

مریض مالیخولیا کے کرشمے

"مالیخولیا خیالات و افکار کے طریق طبعی سے متغیر بخوف و فساد ہو جانے کو کہتے ہیں...... بعض مریضوں میں گاہے گاہے یہ فساد اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو غیب دان سمجھتا ہے اور اکثر ہونے والے امور کی پہلے ہی خبر دے دیتا ہے...... اور بعض میں یہ فساد یہاں تک ترقی کر جاتا ہے کہ اس کو اپنے متعلق یہ خیال ہوتا ہے کہ میں فرشتہ ہوں۔"

(شرح الاسباب والعلامات امراضِ راس مالیخولیا، مصنفہ برہان الدین نفیس)

"مریض کے اکثر اوہام اس کام سے متعلق ہوتے ہیں جس میں مریض زمانہ صحت میں مشغول رہا ہو۔ مثلاً...... مریض صاحب علم ہو تو پیغمبری اور معجزات و کرامات کا دعویٰ کر دیتا ہے۔ خدائی کی باتیں کرتا ہے اور لوگوں کو اس کی تبلیغ کرتا ہے۔" ("اکسیر اعظم" جلد اوّل، ص 188، مصنفہ حکیم محمد اعظم خان)

ہسٹریا

☐ ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ "میں نے کئی دفعہ حضرت مسیح موعود سے سنا ہے کہ مجھے ہسٹریا ہے۔ بعض اوقات آپ مراق بھی فرمایا کرتے تھے لیکن دراصل بات یہ ہے کہ آپ کو دماغی محنت اور شبانہ روز تصنیف کی مشقت کی وجہ سے بعض ایسی عصبی علامات پیدا ہو جایا کرتی تھیں جو ہسٹریا کے مریضوں میں بھی عموماً دیکھی جاتی ہیں۔ مثلاً کام کرتے کرتے یک

www.sirat-e-mustaqeem.com

دم ضعف ہو جانا، چکروں کا آنا، ہاتھ پاؤں کا سرد ہو جانا، گھبراہٹ کا دورہ ہو جانا، ایسا معلوم ہوتا کہ ابھی دم نکلتا ہے یا کسی تنگ جگہ یا بعض اوقات زیادہ آدمیوں میں گھر کر بیٹھنے سے دل کا سخت پریشان ہونے لگنا وغیر ذالک۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ دوم، ص55، روایت نمبر 369، مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

- "ہسٹریا کا بیمار جس کو اختناق الرحم کہتے ہیں، چونکہ عام طور پر یہ مرض عورتوں میں زیادہ ہوتا ہے اس لیے اس کو رحم کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ ورنہ مردوں میں بھی یہ مرض ہوتا ہے۔ جن مردوں کو یہ مرض ہو، ان کو مراقی کہتے ہیں۔" (خطبہ جمعہ مرزا محمود احمد، خلیفہ قادیان، مندرجہ اخبار "الفضل" قادیان، جلد 10 نمبر 84، ص6، مورخہ 30 اپریل 1923ء)
- "یہ درست ہے کہ مرگی اور ہسٹریا میں بھی مراق کی علامات پائی جاتی ہیں مگر یہ نہیں کہ ہر مراقی کو مرگی یا ہسٹریا کا مرض ہوتا ہے۔" ("بیاض نورالدین، جلد اوّل، منقول از اخبار "پیغام صلح" لاہور، جلد 36، نمبر 47، مورخہ یکم دسمبر 1948ء)
- "ایک مدعی الہام کے متعلق اگر یہ ثابت ہو جاوے کہ اس کو ہسٹریا، مالیخولیا، مرگی کا مرض تھا تو اس کے دعوے کی تردید کے لیے پھر کسی اور ضرب کی ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ یہ ایسی چوٹ ہے جو اس کی صداقت کی عمارت کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتی ہے۔" ("مضمون ڈاکٹر شاہ نواز قادیانی، مندرجہ رسالہ "ریویو آف ریلیجنز" قادیان، ص7-6، بابت ماہ اگست 1926ء)

دق اور سل

- "حضرت اقدس نے اپنی بیماری دق کا بھی ذکر کیا ہے۔ یہ بیماری آپ کو مرزا غلام مرتضیٰ صاحب کی زندگی میں ہوگئی تھی اور آپ قریباً چھ ماہ تک بیمار رہے۔ مرزا غلام مرتضیٰ آپ کا علاج خود کرتے تھے اور آپ کو بکرے کے پائے کا شوربا کھلایا کرتے تھے۔ اس بیماری میں آپ کی حالت بہت نازک ہوگئی تھی۔" ("حیات احمد" جلد دوم، نمبر اوّل، ص79، مولفہ یعقوب علی قادیانی)
- بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے "ایک دفعہ تمہارے دادا کی زندگی میں حضرت (مرزا) صاحب کو سل ہوگئی...... حتیٰ کہ زندگی سے ناامیدی ہوگئی...... والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تمہارے دادا خود حضرت صاحب کا علاج کرتے تھے اور برابر چھ ماہ تک انہوں نے آپ کو بکرے کے پائے کا شوربا کھلایا تھا۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص42، روایت 66، مؤلفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

دو چادریں

- ''دیکھو میری بیماری کی نسبت بھی آنحضرت ﷺ نے پیش گوئی کی تھی جو اس طرح وقوع میں آئی۔ آپ نے فرمایا تھا کہ مسیح آسمان پر سے۔ جب اترے گا تو دو زرد چادریں اس نے پہنی ہوئی ہوں گی تو اسی طرح مجھ کو دو بیماریاں ہیں۔ ایک اوپر کے دھڑ کی اور ایک نیچے کے دھڑ کی یعنی مراق اور کثرت بول۔''

(ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی صاحب، مندرجہ رسالہ ''تشحیذ الاذہان'' قادیان)

- ''دو مرض میرے لاحق حال ہیں۔ ایک بدن کے اوپر کے حصہ میں اور دوسرا بدن کے نیچے کے حصہ میں۔ اوپر کے حصہ میں دوران سر ہے اور نیچے کے حصہ میں کثرتِ پیشاب ہے اور یہ دونوں مرضیں اس زمانہ سے ہیں جس زمانہ سے میں نے اپنا دعویٰ مامور من اللہ ہونے کا شائع کیا ہے۔'' (اخبار ''بدر'' قادیان، جلد 2 نمبر 23، مورخہ 7 جون 1906ء) (''مرزا قادیانی کی تالیف ''حقیقت الوحی'' ص 307، ''روحانی خزائن'' ص 320، ج 22)

- ''مسیح موعود زرد چادروں میں اترے گا۔ ایک چادر بدن کے اوپر کے حصہ میں ہوگی اور دوسری چادر بدن کے نیچے کے حصہ میں ہوگی۔ سو میں نے کہا کہ اس طرف اشارہ تھا کہ مسیح موعود دو بیماریوں کے ساتھ ظاہر ہوگا۔ کیونکہ تعبیر کے علم میں زرد کپڑے سے مراد بیماری ہے اور وہ دونوں بیماریاں مجھ میں ہیں۔ یعنی ایک سر کی بیماری اور دوسری کثرتِ پیشاب اور دستوں کی بیماری (عیسیٰ مسیح کا معجزہ تھا کہ بیماروں کو تندرست بلکہ مردوں کو زندہ کرتے تھے اور مسیح موعود یعنی بزعم خود مرزا قادیانی صاحب کی نشانی خود امراض ہیں۔ خاص کر سر کی بیماری اور پیشاب اور دستوں کی بیماری لیکن کیا عجب ہے یہ چودھویں صدی کا کمال ہو جس سے اچھے اچھوں نے پناہ مانگی)...... (مرزا قادیانی کی تالیف ''تذکرۃ الشہادتین'' ص 23-24، ''روحانی خزائن'' ج 20، ص 46)

- ''مسیح موعود کی نسبت حدیثوں میں دو زرد رنگ چادروں کا ذکر ہے۔ ایسے ہی میرے لاحق حال دو بیماریاں ہیں۔ ایک بیماری بدن کے اوپر کے حصہ میں ہے جو اوپر کی چادر ہے اور وہ دورانِ سر ہے، جس کی شدت کی وجہ سے بعض وقت میں زمین پر گر جاتا ہوں اور دل کا دورانِ خون کم ہو جاتا ہے اور ہولناک صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ (بعض دیگر دماغی امراض خاص کر مرگی میں یہ کیفیت گزرتی ہے۔ دردِ سر میں تو بیشتر تکلیف رہتی ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی نے اپنی خرابی صحت میں ہسٹریا کا مرض بھی ظاہر کیا اور دوسری بیماری بدن کے نیچے کے حصہ میں ہے جو مجھے کثرتِ پیشاب کی مرض ہے جس کو ذیابیطس کہتے ہیں اور معمولی طور پر مجھے ہر روز پیشاب

www.sirat-e-mustaqeem.com

کثرت سے آتا ہے اور پندرہ یا بیس دفعہ تک نوبت پہنچ جاتی ہے اور بعض اوقات قریب سو دفعہ کے دن رات میں آتا ہے اور اس سے بھی ضعف بہت ہو جاتا ہے۔"

(مرزا قادیانی کی تالیف "ضمیمہ براہین احمدیہ" حصہ پنجم، ص 201، "خزائن" ص 373، ج 21، منقول از اخبار "پیغام صلح" لاہور، جلد 36، نمبر 47، مورخہ یکم دسمبر)

دو بیماریاں

"مجھے دو بیماریاں مدت دراز سے تھیں۔ ایک شدید دردِ سر، جس سے میں نہایت بے تاب ہو جاتا تھا اور ہولناک عوارض پیدا ہو جاتے تھے اور یہ مرض قریباً پچیس برس تک دامن گیر رہی اور اس کے ساتھ دوران سر بھی لاحق ہو گیا اور طبیبوں نے لکھا کہ ان عوارض کا آخری نتیجہ مرگی ہوتی ہے۔ چنانچہ میرے بڑے بھائی مرزا غلام قادر قریباً دو ماہ تک اسی مرض میں مبتلا ہو کر آخر مرض صرع میں مبتلا ہو گئے اور اسی سے ان کا انتقال ہو گیا۔ لہٰذا میں دعا کرتا رہا کہ خدا تعالیٰ ان امراض سے مجھے محفوظ رکھے۔ ایک دفعہ عالم کشف میں مجھے دکھائی دیا کہ ایک بلا سیاہ رنگ چار پایہ کی شکل پر جو بھیڑ کے قد کے مانند اس کا قد تھا اور بڑے بڑے بال تھے اور بڑے بڑے پنجے تھے، میرے پر حملہ کرنے لگی اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہی صرع ہے تو میں نے اپنا داہنا ہاتھ زور سے اس کے سینے پر مارا اور کہا کہ دُور ہو، تیرا مجھ میں حصہ نہیں۔ تب خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ بعد اس کے وہ خطرناک عوارض جاتے رہے اور وہ دردِ شدید بالکل جاتی رہی۔ صرف دوران سر کبھی کبھی ہوتا ہے تا دو زرد رنگ چادروں کی پیش گوئی میں خلل نہ آوے۔ دوسری مرض ذیابیطس تخمیناً بیس برس سے ہے جو مجھے لاحق ہے، جیسا کہ اس نشان کا پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے اور ابھی تک بیس دفعہ کے قریب ہر روز پیشاب آتا ہے اور امتحان سے بول میں شکر پائی گئی۔ ایک دن مجھے خیال آیا کہ ڈاکٹروں کے تجربہ کی رُو سے انجام ذیابیطس کا یا تو نزول الماء ہوتا ہے یا کاربنکل یعنی سرطان کا پھوڑا نکلتا ہے جو مہلک ہوتا ہے۔ سو اسی وقت نزول الماء کی نسبت مجھے الہام ہوا یعنی تین عضو پر رحمت نازل کی گئی۔ آنکھ اور دو اور عضو پر اور پھر جب کاربنکل کا خیال میرے دل میں آیا تو الہام ہوا السلام علیکم۔

("حقیقۃ الوحی" ص 363، روحانی خزائن، ص 376، 377، ج 22 مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

تیس برس

☐ "مجھے دو مرض دامنگیر ہیں۔ ایک جسم کے اوپر کے حصہ میں کہ سر درد اور دورانِ سر اور دوران خون کم ہو کر ہاتھ پیر سرد ہو جانا۔ نبض کم ہو جانا اور دوسرے جسم کے نیچے کے حصہ میں کہ پیشاب کثرت سے آنا اور اکثر دست آتے رہنا۔ یہ دونوں بیماریاں قریباً تیس برس سے ہیں۔"

("نسیم دعوت" ص 68، "روحانی خزائن" ص 435، ج 19، مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

www.sirat-e-mustaqeem.com

- ''یہ دونوں بیماریاں کبھی دعا سے ایسی رخصت ہو جاتی ہیں کہ گویا دُور ہوگئیں مگر پھر شروع ہو جاتی ہیں۔ ایک دفعہ میں نے دعا کی کہ یہ بیماریاں بالکل دُور کر دی جائیں تو جواب ملا کہ ایسا نہیں ہوگا...... مسیح موعود کے لیے یہ بھی ایک علامت ہے۔ کیونکہ لکھا ہے کہ وہ دو زرد چادروں میں اُترے گا۔'' (اخبار ''پیغام'' صلح لاہور جلد 36، نمبر 47، مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

دائم المرض

''میں ایک دائم المرض آدمی ہوں...... ہمیشہ درد سر اور دوران سر اور کمی خواب اور تشنج دل کی بیماری دورہ کے ساتھ آتی ہے...... وہ بیماری ذیابیطس ہے کہ ایک مدت سے دامنگیر ہے اور بسا اوقات سو سو دفعہ رات کو یا دن کو پیشاب آتا ہے اور اس قدر کثرت پیشاب سے جس قدر عوارض ضعف وغیرہ ہوتے ہیں وہ سب میرے شامل حال رہتے ہیں۔'' (''ضمیمہ اربعین'' نمبر 3-4، صفحہ 4 ''روحانی خزائن'' ص470-471، ج17 مصنفہ مرزا قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

''حالت صحت اس عاجز کی بدستور ہے۔ کبھی غلبہ دورانِ سر اس قدر ہو جاتا ہے کہ مرض کی جنبش شدید کا اندیشہ ہوتا ہے اور کبھی یہ دوران کم ہوتا ہے لیکن کوئی وقت دورانِ سر سے خالی نہیں گزرتا۔ مدت ہوئی نماز تکلیف سے بیٹھ کر پڑھی جاتی ہے۔ بعض وقت درمیان میں توڑنی پڑتی ہے۔ اکثر بیٹھے بیٹھے رینگن ہو جاتی ہے اور زمین پر قدم اچھی طرح نہیں جمتا۔ قریب چھ سات ماہ یا زیادہ عرصہ گزر گیا ہے کہ نماز کھڑے ہو کر نہیں پڑھی جاتی اور نہ بیٹھ کر اس وضع پر پڑھی جاتی ہے جو مسنون ہے اور قرأت میں شاید قل ھواللہ بہ مشکل پڑھ سکوں کیونکہ ساتھ ہی توجہ کرنے سے تحریک بخارات کی ہوتی ہے۔''

خاکسار غلام احمد قادیان، 5 فروری 1891ء (''مکتوبات احمدیہ'' جلد 5، نمبر 2، ص88)

چشم نیم باز

''مولوی شیر علی صاحب نے بیان کیا کہ باہر مردوں میں بھی حضرت (مرزا قادیانی) صاحب کی یہ عادت تھی کہ آپ کی آنکھیں ہمیشہ نیم بند رہتی تھیں...... ایک دفعہ حضرت مرزا صاحب مع چند خدام کے فوٹو کھنچوانے لگے تو فوٹو گرافر آپ سے عرض کرتا تھا کہ حضور ذرا آنکھیں کھول کر رکھیں ورنہ تصویر اچھی نہیں آئے گی اور آپ نے اس کے کہنے پر ایک دفعہ تکلف کے ساتھ آنکھوں کو کچھ زیادہ کھولا بھی مگر وہ پھر اسی طرح نیم بند ہوگئیں۔'' (''سیرۃ المہدی'' حصہ دوم، ص77، روایت 403-404 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

عصبی کمزوری

''حضرت (مرزا) کی تمام تکالیف مثلاً دورانِ سر، دردِ سر، کمی خواب، تشنج دل، بدہضمی، اسہال،

www.sirat-e-mustaqeem.com

کثرتِ پیشاب اور مراق وغیرہ کا صرف ایک ہی باعث تھا اور وہ عصبی کمزوری تھا۔"

(رسالہ "ریویو" قادیان، بابت مئی 1937ء)

مرض اعصابی

مخدومی مکرمی اخویم (مولوی نورالدین صاحب) السلام علیکم

یہ عاجز پیر کے دن 9 مارچ 1891ء کو مع اپنے عیال کے لودھیانہ کی طرف جائے گا اور چونکہ سردی اور دوسرے تیسرے روز بارش بھی ہو جاتی ہے اور اس عاجز کی مرض اعصابی ہے، سرد ہوا اور بارش سے بہت ضرر پہنچتا ہے۔ اس وجہ سے یہ عاجز کسی صورت سے اس قدر تکلیف اٹھا نہیں سکتا کہ اس حالت میں لدھیانہ پہنچ کر پھر جلدی لاہور میں آوے۔ طبیعت بیمار ہے، لاچار ہوں۔ اس لیے مناسب ہے کہ اپریل کے مہینہ میں کوئی تاریخ مقرر کی جاوے"...... والسلام خاکسار غلام احمد

("مکتوبات احمدیہ" جلد پنجم، نمبر 2 ص 90، مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

خرابی حافظہ

مکرمی اخویم سلمہ

"......میرا حافظہ بہت خراب ہے۔ اگر کئی دفعہ کسی کی ملاقات ہو تب بھی بھول جاتا ہوں۔ یاد دہانی عمدہ طریقہ ہے۔ حافظہ کی یہ ابتری ہے کہ بیان نہیں کر سکتا۔" خاکسار غلام احمد، از صدر انبالہ حاطہ ناگ پھنی ("مکتوبات احمدیہ" جلد پنجم، نمبر 3، ص 21)

مرزا بشیر احمد سے روایت ہے کہ:

میں نے والدہ صاحب سے پوچھا کہ حضرت صاحب کو دودھ ہضم ہو جاتا تھا؟ فرمایا ہضم تو نہیں ہوتا تھا مگر پی لیتے تھے۔ (سیرۃ المہدی ص 50 جلد اوّل از مرزا بشیر احمد)

مقدمہ کی فکر

بیان کیا مجھ سے مولوی ذوالفقار علی خان صاحب نے کہ "جن دنوں میں گورداسپور میں کرم دین کا مقدمہ تھا، ایک دن حضرت (مرزا) صاحب کچہری کی طرف تشریف لے جانے لگے اور حسب معمول پہلے دعا کے لیے اس کمرہ میں گئے جو اس غرض کے لیے پہلے مخصوص کر لیا تھا۔ میں اور مولوی محمد علی صاحب وغیرہ باہر انتظار میں کھڑے تھے اور مولوی صاحب کے ہاتھ میں اس وقت حضرت صاحب کی چھڑی تھی۔ حضرت صاحب دعا کر کے باہر نکلے تو مولوی صاحب نے آپ کو چھڑی دی۔ حضرت صاحب نے چھڑی ہاتھ میں لے کر اسے دیکھا اور فرمایا یہ کس کی چھڑی ہے؟ عرض کیا گیا کہ حضور ہی کی ہے جو حضور اپنے ہاتھ

www.sirat-e-mustaqeem.com

میں رکھا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اچھا! میں نے تو سمجھا تھا کہ یہ میری نہیں ہے۔"

("سیرۃ المہدی، حصہ اوّل، ص 227، روایت 246، مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

بے توجہی

❑ "ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی جسمانی عادات میں ایسے سادہ تھے کہ بعض دفعہ جب حضور جراب پہنتے تھے تو بے توجہی کے عالم میں اس کی ایڑی پاؤں کے تلے کی طرف نہیں بلکہ اوپر کی طرف ہو جاتی تھی اور بار ہا ایک کاج کا بٹن دوسرے کاج میں لگا ہوتا تھا اور بعض اوقات کوئی دوست حضور کے لیے گرگابی (جوتہ) ہدیۃً لاتا تو آپ بسا اوقات دایاں پاؤں بائیں میں ڈال لیتے تھے اور بایاں دائیں میں۔ چنانچہ اسی تکلیف کی وجہ سے آپ دیسی جوتہ پہنتے تھے۔ اسی طرح کھانا کھانے کا یہ حال تھا کہ خود فرمایا کرتے تھے کہ ہمیں تو اس وقت پتہ لگتا ہے کہ کیا کھا رہے ہیں کہ جب کھاتے کھاتے کوئی کنکر وغیرہ کا ریزہ دانت کے نیچے آ جاتا ہے۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ دوم، ص 58، روایت 375، مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد)

❑ "بار ہا دیکھا گیا کہ بٹن اپنا کاج چھوڑ کر دوسرے ہی میں لگے ہوئے ہوتے تھے بلکہ صدری کے بٹن کوٹ کے کاجوں میں لگائے ہوئے دیکھے گئے۔"

(سیرت المہدی جلد دوئم ص 126 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

جیب کے ڈھیلے

"آپ کو (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی صاحب کو) شیرینی سے بہت پیار ہے اور مرض بول بھی آپ کو عرصہ سے لگی ہوئی ہے۔ اسی زمانہ میں آپ مٹی کے ڈھیلے بعض وقت جیب میں ہی رکھتے تھے اور اسی جیب میں گڑ کے ڈھیلے بھی رکھ لیا کرتے تھے۔ اسی قسم کی اور بہت سی باتیں ہیں جو اس بات پر شاہد ناطق ہیں کہ آپ کو اپنے یار ازل کی محبت میں ایسی محویت تھی کہ جس کے باعث سے اس دنیا سے بالکل بے خبر ہو رہے تھے (البتہ کھانے میں مرغ، بٹیر، مقویات میں مشک، عنبر، مفرح عنبری اور خاص مجربات اور مشاغل میں سرکار عظمت مدار کی توصیف و تائید اور دین میں تاویلات اور نبوت کے دعوے۔ دنیا کی طرف صرف اسی قدر توجہ باقی رہ گئی تھی، اس سے زیادہ نہیں ......) ("مرزا صاحب کے حالات" مرتبہ معراج الدین عمر قادیانی "تتمہ براہین احمدیہ" جلد اوّل، ص 67)

مصروفیت اور مراق

"میرا تو یہ حال ہے کہ باوجود اس کے کہ دو بیماریوں میں ہمیشہ سے مبتلا رہتا ہوں تاہم آج کل

www.sirat-e-mustaqeem.com

کی مصروفیت کا یہ حال ہے کہ رات کو مکان کے دروازے بند کر کے بڑی بڑی رات تک بیٹھا اس کام کو کرتا رہتا ہوں حالانکہ زیادہ جاگنے سے مراق کی بیماری ترقی کرتی ہے اور دوران سر کا دورہ زیادہ ہو جاتا ہے تاہم میں اس بات کی پرواہ نہیں کرتا اور اس کام کو کیے جاتا ہوں۔" (مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ اخبار "الحکم" قادیان، جلد 5، نمبر 40، "ملفوظات" ص 376، ج 2 مورخہ 30 اکتوبر 1901ء منقول از کتاب منظور الٰہی ص 348، مولفہ محمد منظور الٰہی قادیانی)

انہماک

"مجھے اسہال کی بیماری ہے اور ہر روز کئی کئی دست آتے ہیں مگر جس وقت پاخانے کی بھی حاجت ہوتی ہے تو مجھے رنج ہی ہوتا ہے کہ ابھی کیوں حاجت ہوئی۔ ایسا ہی روٹی کے لیے جب کئی مرتبہ کہتے ہیں تو بڑا جبر کر کے جلد جلد چند لقمے کھالیتا ہوں۔ بظاہر تو میں روٹی کھاتا ہوا دکھائی دیتا ہوں مگر میں سچ کہتا ہوں کہ مجھے پتہ نہیں ہوتا کہ وہ کہاں جاتی ہے اور کیا کھاتا ہوں۔ میری توجہ اور خیال اسی طرف لگا ہوا ہوتا ہے۔" (مرزا غلام احمد قادیانی، مندرجہ اخبار "الحکم" قادیان، جلد 5، نمبر 40، "ملفوظات" ص 376-377، جلد 2، طبع ربوہ)

روٹی کے ٹکڑے

"حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام جب کھانا کھایا کرتے تھے تو بمشکل ایک پھلکا آپ کھاتے اور جب آپ اٹھتے تو روٹی کے ٹکڑوں کا بہت سا چورہ آپ کے سامنے سے نکلتا۔ آپ کی عادت تھی کہ روٹی توڑتے اور اُس کے ٹکڑے ٹکڑے کرتے جاتے۔ پھر کوئی ٹکڑا اٹھا کر منہ میں ڈال لیتے اور باقی ٹکڑے دسترخوان پر رکھے رہتے۔" (میاں محمود احمد صاحب، خلیفہ قادیان کا خطبہ جمعہ، مندرجہ اخبار "الفضل" قادیان، جلد 22، نمبر 105، ص 7-8، مورخہ 3 مارچ 1935ء، ملخص "سیرت المہدی" ص 131، ج 2، نمبر 444)

دورانِ سر

"پان عمدہ بیگی اور ایک انگریزی وضع کا پاخانہ جو ایک چوکی ہوتی ہے اور اس میں ایک برتن ہوتا ہے۔ اس کی قیمت معلوم نہیں آپ ساتھ لاویں۔ قیمت یہاں سے دی جاوے گی۔ مجھے دورانِ سر کی بہت شدت سے مرض ہوگئی۔ پیروں پر بوجھ دے کر پاخانہ پھرنے سے مجھے سر کو چکر آتا ہے۔"

(خطوطِ امام بنام غلام، ص 6، حکیم محمد حسین قریشی قادیانی، مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

دماغی بیہوشی

"پہلے بھی کئی دفعہ ایسا ہوا کہ جب حضور سخت دماغی محنت کیا کرتے تو اچانک آپ کے دماغ پر

www.sirat-e-mustaqeem.com

ایک کمزوری کا حملہ ہوتا اور بے ہوش ہو جاتے۔

ایک دفعہ کا واقعہ مجھے یاد ہے جب کہ عیسائی دشمنوں نے حضور پر مقدمہ اقدام قتل کا بنایا اور مسلمان مولوی صاحبان عیسائیوں کی تائید میں گواہیاں دینے کے لیے آئے تو جس دن بٹالہ میں پیشی تھی، اس سے قبل رات عشاء کی نماز کے بعد حضور جواب دعویٰ لکھنے بیٹھے اور مجھے حکم فرمایا کہ میں حضور کے مسودہ کو خوشخط لکھتا جاؤں۔ اندر کے صحن میں حضور بیٹھ گئے۔ لالٹین اور بتیاں روشن کی گئیں...... حضرت صاحب مسودہ لکھتے رہے اور میں نقل کرتا رہا۔ اسی حالت میں ساری رات گزر گئی اور صبح کی اذان ہوگئی۔ اس وقت اچانک حضرت صاحب کو دماغ میں تکلیف محسوس ہوئی جس سے لیٹ گئے اور بیہوش ہوگئے۔ لوگ باہر سے بلائے گئے۔ بہت دیر تک بدن کو دبانے اور ملنے کے بعد ہوش میں آئے۔" ("منظر وصال" از مفتی محمد صادق قادیانی، مندرجہ اخبار "الحکم" قادیان، خاص نمبر، مورخہ 21 مئی 1934ء)

خرابی صحت

"عرصہ تین چار ماہ سے میری طبیعت نہایت ضعیف ہوگئی ہے۔ بجز دو وقت ظہر وعصر کے نماز کے لیے بھی نہیں جا سکتا اور اکثر بیٹھ کر نماز پڑھتا ہوں اور اگر ایک سطر بھی کچھ لکھوں یا فکر کروں تو خطرناک دورانِ سر شروع ہو جاتا ہے اور دل ڈوبنے لگتا ہے۔ جسم بالکل بے کار ہو رہا ہے اور جسمانی قویٰ ایسے مضمحل ہوگئے ہیں کہ خطرناک حالت ہے۔ گویا مسلوب القویٰ ہوں اور آخری وقت ہے۔ ایسا ہی میری بیوی دائم المریض ہے۔ امراض رحم وجگر دامن گیر ہیں۔" (ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی، مندرجہ اخبار "بدر" قادیان، جلد 2، نمبر 21، منقول از "آئینہ احمدیت" ص 186، مولفہ دوست محمد قادیانی لاہوری)

قولنج زحیری

❑ بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب (حال عبدالرحیم صاحب درد قادیانی) ایم۔ اے کہ "ایک دفعہ والد صاحب (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی) سخت بیمار ہوگئے اور حالت نازک ہوگئی اور حکیموں نے ناامیدی کا اظہار کر دیا اور نبض بھی بند ہوگئی مگر زبان جاری رہی۔ والد صاحب نے کہا کہ کیچڑ لا کر میرے اوپر اور نیچے رکھو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور اس سے حالت رُو بہ اصلاح ہوگئی۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضرت (مرزا) صاحب نے لکھا ہے کہ یہ مرض قولنج زحیری کا تھا۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں:

❑ "ایک مرتبہ میں قولنج زحیری سے سخت بیمار ہوا اور سولہ دن تک پاخانہ کی راہ سے خون آتا رہا اور سخت درد تھا جو بیان سے باہر ہے۔"

("حقیقۃ الوحی" ص 334 "روحانی خزائن" ص 246، ج22)

www.sirat-e-mustaqeem.com

اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھایا تھا کہ پانی اور ریت منگوا کر بدن پر ملی جاوے۔ سو ایسا کیا گیا تو حالت اچھی ہو گئی۔

("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص 203، روایت 200، مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

مرغوبات

بیان کیا مجھ سے میاں عبداللہ صاحب سنوری نے کہ "حضرت (مرزا) صاحب جب بڑی مسجد میں جاتے تھے تو گرمی کے موسم میں کنوئیں سے پانی نکلوا کر ڈول سے ہی منہ لگا کر پانی پیتے تھے اور مٹی کے تازہ ٹنڈیا تازہ آبخورہ میں پانی پینا آپ کو پسند تھا اور میاں عبداللہ صاحب نے بیان کیا کہ حضرت صاحب اچھے تلے ہوئے کرارے پکوڑے پسند کرتے تھے۔ کبھی کبھی مجھ سے منگوا کر مسجد میں ٹہلتے ٹہلتے کھایا کرتے تھے اور سالم مرغ کا کباب بھی پسند تھا...... گوشت کی خوب بھنی ہوئی بوٹیاں بھی مرغوب تھیں...... حضرت صاحب نے ایک دفعہ یہ بھی فرمایا تھا کہ گوشت زیادہ نہیں کھانا چاہیے۔ جو شخص چالیس دن لگاتار کثرت کے ساتھ صرف گوشت ہی کھاتا رہتا ہے، اس کا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ دال، سبزی، ترکاری کے ساتھ بدل بدل کر گوشت کھانا چاہیے۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ اوّل، ص 163، روایت 167، مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

درستی صحت

"مجھے دماغی کمزوری اور دورانِ سر کی وجہ سے بہت سی ناطاقتی ہو گئی تھی۔ یہاں تک کہ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ اب میری حالت بالکل تالیف و تصنیف کے لائق نہیں رہی اور ایسی کمزوری تھی کہ گویا بدن میں روح نہیں تھی۔ اسی حالت میں مجھے الہام ہوا **اترد الیک انوار الشباب** یعنی جوانی کے نور تیری طرف واپس کیے۔ بعد اس کے چند روز میں ہی مجھے محسوس ہوا کہ میری گم شدہ قوتیں پھر واپس آتی جاتی ہیں اور تھوڑے دنوں کے بعد مجھ میں اس قدر طاقت ہو گئی کہ میں ہر روز دو دو جزو تو تالیف کتاب کو اپنے ہاتھ لکھ سکتا ہوں اور نہ صرف لکھنا بلکہ سوچنا اور فکر کرنا جو نئی تالیف کے لیے ضروری ہے، پورے طور پر میسر آ گیا۔ ہاں دو مرض میرے لاحق حال ہیں۔ ایک بدن کے اوپر کے حصہ میں اور دوسرے بدن کے نیچے کے حصہ میں۔ اوپر کے حصہ میں دوران سر ہے اور نیچے کے حصہ میں کثرت پیشاب ہے۔ یہ دونوں مرضیں اسی زمانہ سے ہیں جس زمانہ سے میں نے اپنا دعویٰ مامور من اللہ ہونے کا شائع کیا ہے۔ میں نے ان کے لیے بھی دعائیں کیں مگر منع میں جواب پایا اور میرے دل میں القا کیا گیا کہ یہ ابتداء سے مسیح موعود کے لیے یہ نشان مقرر ہے کہ وہ دو زرد چادروں کے ساتھ دو فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اترے گا۔ سو یہ وہی دو زرد چادریں ہیں جو میری جسمانی حالت کے ساتھ شامل کی گئیں۔"

("حقیقۃ الوحی" ص 306 "روحانی خزائن" ص 319-320، ج 22)

www.sirat-e-mustaqeem.com

روغن بادام

''ایسی حالت میں روغن بادام سر اور پیروں کی ہتھیلیوں پر ملنا اور پینا فائدہ مند محسوس ہوتا ہے۔ اس لیے میں مولوی یار محمد صاحب کو بھیجتا ہوں کہ آپ خالص تلاش سے ایسا روغن بادام کہ جو تازہ ہو اور کہنہ نہ ہو اور نیز اس کے ساتھ کوئی ملونی نہ ہو ایک بوتل خرید کر بھیج دیں۔ پانچ روپیہ قیمت اس کی ارسال ہے۔''
(''خطوط امام بنام غلام، ص5 از حکیم محمد حسین قریشی قادیانی، مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

''بادام روغن میری بیماری کے لیے خریدا جاوے گا۔ نیا اور تازہ ہو اور عمدہ ہو۔ یہ آپ کا خاص ذمہ ہے۔'' (''خطوط امام بنام غلام'' ص7 از حکیم محمد حسین قریشی قادیانی، مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

مشک

''آپ براہِ مہربانی ایک تولہ مشک خالص جس میں ریشہ جھلی اور صوف نہ ہوں اور تازہ و خوشبودار ہو، بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل ارسال فرما دیں۔ کیونکہ پہلی مشک ختم ہو چکی ہے اور باعث دورہ مرض ضرورت رہتی ہے۔''
(''خطوطِ امام بنام غلام'' ص6، از حکیم محمد حسین قریشی قادیانی، مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

مخدومی مکرمی حضرت مولوی صاحب۔ السلام علیکم

''اور اس عاجز کی طبیعت آج بہت علیل ہو رہی ہے۔ ہاتھ پاؤں بھاری اور زبان بھی بھاری ہو رہی ہے۔ مرض کے غلبے سے نہایت لاچاری ہے۔ مجھ کو ایک مرتبہ آں مکرم نے کسی قدر مشک دیا تھا۔ وہ نہایت خالص تھا اور مجھ کو بہت فائدہ اس سے ہوا تھا۔ اب میں نے کچھ عرصہ ہوا، لاہور سے مشک منگوائی تھی اور استعمال بھی کی مگر بہت کم فائدہ ہوا۔ بازاری چیزیں مغشوش ہوتی ہیں۔ خاص کر مشک، یہ تو مغشوش ہونے سے خالی نہیں ہوتی۔ چونکہ میری طبیعت گری جاتی ہے اور ایک سخت کام کی محنت سر پر ہے اس لیے تکلیف دیتا ہوں کہ ایک خاص توجہ اس طرف فرمائیں اور مشک کو ضرور دستیاب کریں۔ بشرطیکہ وہ بازاری نہ ہو۔ کیونکہ بازاری کا تو چند دفعہ تجربہ ہو چکا ہے۔ اگرچہ مشک دو ماشے یا تین ماشے ہو وہ بالفعل کفایت کرے گا مگر عمدہ ہو۔ اگر اصلی نافہ جو مصنوعی نہ ہو، مل جائے تو نہایت خوب ہے مگر جلد ہو۔'' (خاکسار غلام احمد از قادیان 24 اگست 1892ء، ''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2 ص120-121، مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم سیٹھ صاحب سلمہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ......

''کل سے میری طبیعت علیل ہوگئی ہے۔ کل شام کے وقت مسجد میں اپنے تمام دوستوں کے روبرو جو حاضر تھے، سخت درجہ کا عارضہ لاحق حال ہوا اور ایک دفعہ تمام بدن سرد اور نبض کمزور اور طبیعت میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

سخت گھبراہٹ شروع ہوئی اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا زندگی میں ایک دو دم باقی ہیں۔ بہت نازک حالت ہو کر پھر صحت کی طرف عود ہوا مگر اب تک کلی اطمینان نہیں۔ کچھ کچھ آثار عود مرض کے ہیں۔

ایسے وقتوں میں ہمیشہ مشک کام آتی ہے۔اس وقت مشک جو بمبئی سے آپ نے منگوا کر بھیجی تھی، لیکن طبیعت کی سخت سرگردانی اور دل کے اضطراب کی وجہ سے وہ مشک کھولنے کے وقت زمین پر متفرق ہو کر گر گئی اور گرنے کے سبب سے خشک تھی اور ہوا چل رہی تھی، ضائع ہو گئی۔اس لیے مجھے دوبارہ آپ کو تکلیف دینی پڑی۔ یہ مشک بہت عمدہ تھی۔ اس دکان سے ایک تولہ مشک لے کر جہاں تک ممکن ہو، جلد ارسال فرمائیں کہ دورہ مرض کا سخت اندیشہ ہے اور خدا تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ ہے۔'' خاکسار غلام احمد از قادیان

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، حصہ اوّل، ص28)

''سر کے دورے اور سردی کی تکلیف کے لیے سب سے زیادہ آپ مشک یا عنبر استعمال فرمایا کرتے تھے اور ہمیشہ نہایت اعلیٰ قسم کا منگوایا کرتے تھے۔ یہ مشک خریدنے کی ڈیوٹی آخری ایام میں حکیم محمد حسین صاحب لاہوری موجد مفرح عنبری کے سپرد تھی۔عنبر اور مشک دونوں مدت تک سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب مدراسی کی معرفت بھی آتے رہے۔مشک کی تو آپ کو اس قدر ضرورت رہتی کہ بعض اوقات سامنے رومال میں باندھ رکھتے تھے کہ جس وقت ضرورت ہوئی، فوراً نکال لیا۔''

(''سیرۃ المہدی'' حصہ دوم، ص137، روایت 444، مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

عنبر

- مخدومی مکرمی اخویم سیٹھ صاحب سلمہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ......

''عنایت نامہ پہنچا۔ اب بفضلہ تعالیٰ میری طبیعت ٹھہر گئی ہے۔ دورہ مرض سے امن ہے۔ حقیقت میں یہ عمر جب انسان ساٹھ پینسٹھ سال کا ہو جاتا ہے، مرنے کے لیے ایک بہانہ چاہتی ہے، جیسا کہ ایک بوسیدہ دیوار۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس قدر سخت حملوں سے وہ بچا لیتا ہے۔کل کی تاریخ عنبر بھی پہنچ گیا۔

عنبر سفید دراصل بہت ہی نافع معلوم ہوا۔تھوڑی خوراک سے دل کو قوت دیتا ہے اور دوران خون تیز کر دیتا ہے۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے کہ ایسی بیماری دامن گیر ہے کہ ان چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ (مکتوب نمبر 68)

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، حصہ اوّل، ص26-27، مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

- عزیزی اخویم نواب صاحب سلمہ تعالیٰ السلام علیکم۔

میں بباعث علالت طبع چند روز جواب لکھنے سے معذور رہا۔ میری کچھ ایسی حالت ہے کہ ایک دفعہ ہاتھ پیر سرد ہو کر اور نبض ضعیف ہو کر غشی کے قریب قریب حالت ہو جاتی ہے اور دوران

www.sirat-e-mustaqeem.com

خون یک دفعہ ٹھہر جاتا ہے جس میں اگر خدا تعالیٰ کا فضل نہ ہو تو موت کا اندیشہ ہوتا ہے۔ تھوڑے دنوں میں یہ حالت دو دفعہ ہو چکی ہے۔ آج رات پھر اس کا سخت دورہ ہوا۔ اس حالت میں صرف عنبر یا مشک فائدہ کرتا ہے۔ رات دس خوراک کے قریب مشک کھایا۔ پھر بھی دیر تک مرض کا جوش رہا۔ میں خیال کرتا ہوں کہ صرف خدا تعالیٰ کے بھروسے پر زندگی ہے ورنہ دل جو رئیس بدن ہے، بہت ضعیف ہو گیا ہے۔" (خاکسار مرزا غلام احمد، 20 جون 1899ء "مکتوبات احمدیہ" جلد پنجم، نمبر چہارم، ص98، مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

مفرح عنبری

"میں (حکیم محمد حسین) اپنے مولا کریم کے فضل سے اس کو بھی اپنے لیے بے اندازہ فخر و برکت کا موجب سمجھتا ہوں کہ حضور (مرزا صاحب) اس ناچیز کی تیار کردہ مفرح عنبری کا بھی استعمال فرماتے تھے۔ حضور کو چونکہ دورہ مرض کے وقت اکثر مشک و دیگر مقوی دل ادویات کی ضرورت رہتی تھی جو اکثر میری معرفت جایا کرتی تھیں۔"

("خطوط امام بنام غلام" ص8، از حکیم محمد حسین قریشی قادیانی، مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

افیون

"مجھے اس وقت اپنا سرگزشت قصہ یاد آتا ہے اور وہ یہ کہ مجھے کئی سال سے ذیابیطس کی بیماری ہے۔ پندرہ بیس مرتبہ روز پیشاب آتا ہے اور بعض وقت سو سو دفعہ ایک ایک دن میں پیشاب آتا ہے بوجہ اس کے کہ پیشاب میں شکر ہے۔ کبھی کبھی خارش کا عارضہ بھی ہو جاتا ہے اور کثرت پیشاب سے بہت ضعف تک نوبت پہنچتی ہے۔ ایک دفعہ مجھے ایک دوست نے یہ صلاح دی کہ ذیابیطس کے لیے افیون مفید ہوتی ہے۔ پس علاج کی غرض سے مضائقہ نہیں کہ افیون شروع کر دی جائے۔ میں نے جواب دیا کہ یہ آپ نے بڑی مہربانی کی کہ ہمدردی فرمائی۔ لیکن اگر میں ذیابیطس کے لیے افیون کھانے کی عادت کرلوں تو میں ڈرتا ہوں کہ لوگ ٹھٹھا کر کے یہ نہ کہیں کہ پہلا مسیح تو شرابی اور دوسرا افیونی۔"

("نسیم دعوت" مصنفہ مرزا قادیانی، ص67، "روحانی خزائن" ص434-435، ج19)

افیون دواؤں میں اس کثرت سے استعمال ہوتی ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام (مرزا صاحب) فرمایا کرتے تھے کہ بعض اطباء کے نزدیک وہ نصف طب ہے۔ پس دواؤں کے ساتھ افیون کا استعمال بطور دوا نہ کہ بطور نشہ کسی رنگ میں بھی قابل اعتراض نہیں۔ ہم میں سے ہر ایک شخص نے علم کے ساتھ یا بغیر علم کے ضرور کسی نہ کسی وقت افیون کا استعمال کیا ہوگا......

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تریاق الٰہی دوا خدا تعالیٰ کی ہدایت کے ماتحت بنائی اور اس کا

ایک بڑا جزو افیون تھا اور یہ دوا کسی قدر اور افیون کی زیادتی کے بعد حضرت خلیفہ اوّل (حکیم نور الدین) کو حضور (مرزا قادیانی) چھ ماہ سے زائد تک دیتے رہے اور خود بھی وقتاً فوقتاً مختلف امراض کے دوروں کے وقت استعمال کرتے رہے۔ (مضمون مرزا محمود احمد، خلیفہ قادیان، مندرجہ اخبار ''الفضل'' جلد 17 نمبر 6، ص 2، مورخہ 19 جولائی 1929ء)

ٹانک وائن

محبی اخویم حکیم محمد حسین صاحب السلام علیکم۔

''اس وقت میاں یار محمد بھیجا جاتا ہے۔ آپ اشیاء خریدنی خود خرید دیں اور ایک بوتل ٹانک وائن کی پلومر کی دکان سے خرید دیں مگر ٹانک وائن چاہیے۔ اس کا لحاظ رہے۔ باقی خیریت ہے۔ والسلام (مرزا غلام احمد) (خطوط امام بنام غلام، ص 5، مجموعہ مکتوبات، مرزا غلام احمد قادیانی، بنام حکیم محمد حسین قریشی قادیانی، مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

''ٹانک وائن کی حقیقت لاہور میں پلومر کی دکان سے ڈاکٹر عزیز احمد صاحب کی معرفت معلوم کی گئی۔ ڈاکٹر صاحب جواباً تحریر فرماتے ہیں حسب ارشاد پلومر کی دکان سے دریافت کیا گیا جواب حسب ذیل ملا:

''ٹانک وائن ایک قسم کی طاقتور اور نشہ دینے والی شراب ہے جو ولایت سے سربند بوتلوں میں آتی ہے۔ اس کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے۔'' (21 ستمبر 1933ء)

(''سودائے مرزا ص 39 حاشیہ طبع دوم مصنفہ حکیم محمد علی صاحب پرنسپل طبیہ کالج امرتسر)

ٹانک وائن کا فتویٰ

''پس ان حالات میں اگر حضرت مسیح موعود برانڈی اور رم کا استعمال بھی اپنے مریضوں سے کرواتے یا خود بھی مرض کی حالت میں کر لیتے تو وہ خلاف شریعت نہ تھا۔ چہ جائیکہ ٹانک وائن جو ایک دوا ہے۔ اگر اپنے خاندان کے کسی ممبر یا دوست کے لیے جو کسی لمبے مرض سے اٹھا ہو اور کمزور ہو یا بالفرض محال خود اپنے لیے بھی منگوائی ہو اور استعمال بھی کی ہو تو اس میں کیا حرج ہو گیا۔ آپ کو ضعف کے دورے ایسے شدید پڑتے تھے کہ ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے تھے، نبض ڈوب جاتی تھی۔ میں نے خود ایسی حالت میں آپ کو دیکھا ہے۔ نبض کا پتہ نہیں ملتا تھا تو اطبا یا ڈاکٹروں کے مشورے سے آپ نے ٹانک وائن کا استعمال اندریں حالات کیا ہو تو عین مطابق شریعت ہے۔ آپ تمام تمام دن تصنیفات کے کام میں لگے رہتے تھے۔ راتوں کو عبادت کرتے تھے۔ بڑھاپا بھی پڑتا تھا تو اندریں حالات اگر ٹانک وائن بطور علاج پی بھی لی ہو تو کیا قباحت لازم آ گئی۔'' (از ڈاکٹر بشارت احمد قادیانی، فریق لاہوری، مندرجہ اخبار ''پیغام صلح'' ج 23، نمبر

www.sirat-e-mustaqeem.com

15، مورخہ 4 مارچ 1935ء، وجلد 23، نمبر 65، مورخہ 11 اکتوبر 1935ء)

مجاہدات

مخدومی مکرمی اخویم مولوی صاحب......

''یہ بات مسلم اور واضح رہے کہ راست باز انسان کے لیے ایسے امور کی غرض سے کسی قدر مجاہدہ ضروری ہے۔ الکرامات ثمرۃ مجاہدات۔ علالت طبع بہت حرج انداز ہے۔ اگر یہ مقابلہ صحت اور طاقت دماغی کے ایام میں ہوتا تو یقین تھا کہ تھوڑے دن کافی ہوتے مگر اب طبیعت تحمل شدائد مجاہدات نہیں رکھتی اور ادنیٰ درجے کی محنت اور خوض اور توجہ سے جلد بگڑ جاتی ہے۔'' (خاکسار غلام احمد، 31 مارچ 1891ء، ''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2، ص 103، مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

توجہات

مخدومی مکرمی اخویم (مولوی نورالدین صاحب)

''السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ دو روز سے میں نے اس شخص کے لیے توجہ کرنا شروع کیا تھا مگر افسوس کہ اس عرصہ میں میرے گھر کے لوگ یک دفعہ سخت علیل ہو گئے یعنی تیز تپ ہو گیا، جس کی وجہ سے مجھے ان کی طرف توجہ کرنی پڑی۔ کل ارادہ ہے کہ ان کو مسہل دوں۔ بعد ان کی صحت کے پھر توجہ میں مصروف ہوں...... والسلام خاکسار غلام احمد

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2 ص 46، مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

- ''میری طبیعت آپ کے بعد پھر بیمار ہو گئی۔ ابھی ریزش کا نہایت زور ہے۔ دماغ بہت ضعیف ہو گیا ہے۔ آپ کے دوست ٹھاکر رام کے لیے ایک دن بھی توجہ کرنے کے لیے مجھے نہیں ملا۔ صحت کا منتظر ہوں۔ والسلام خاکسار غلام احمد، مورخہ یکم جنوری 1890ء

(''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2 ص 46، مولفہ یعقوب علی عرفانی صاحب قادیانی)

پنجابی حلق

''بے شک یہ درست ہے کہ پنجابی حلق ہر ایک لفظ کو پوری طرح ادا نہیں کرسکتا۔ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر ایک شخص نے اعتراض کیا کہ یہ تو قرآن کا صحیح تلفظ عربی لہجہ میں ادا نہیں کرسکتا ہے۔ ایسا شخص کہاں مسیح ہوسکتا ہے! اس کی یہ بات سن کر عبداللطیف صاحب نے اس پر ہاتھ اٹھایا مگر مولوی عبدالکریم صاحب نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا اور حضرت مسیح نے بھی انہیں روک دیا۔'' (تقریر میاں محمود احمد، خلیفہ قادیان، مندرجہ اخبار ''الفضل'' قادیان، مورخہ 7 فروری 1920ء، نمبر 62، ج 17)

''حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاس ایک دفعہ ایک لکھنؤ کا آدمی آیا۔ آپ نے قرآن کریم

www.sirat-e-mustaqeem.com

کا ذکر کیا تو کہنے لگا اچھے مسیح موعود بنے ہو کہ ق اور ک میں بھی فرق نہیں جانتے۔" (خطبہ جمعہ میاں محمود احمد، خلیفہ قادیان، مندرجہ اخبار "الفضل" قادیان، جلد 16، نمبر 22، ص 7، مورخہ 14 ستمبر 1928ء)

ریشمی ازار بند کے فوائد

"ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کے پاجاموں میں، میں نے اکثر ریشمی ازار بند پڑا ہوا دیکھا ہے اور ازار بند میں کنجیوں کا گچھا بندھا ہوتا تھا، (اور جب چلتے ہوں گے تو چھن چھنا چھن چھن سے کیا سماں پیدا ہوتا ہوگا؟) ریشمی ازار بند کے متعلق بعض اوقات فرماتے تھے کہ ہمیں پیشاب کثرت سے اور جلدی جلدی آتا ہے تو ایسے ازار بند کے کھولنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔" (سیرت المہدی جلد سوئم ص 110 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

لکنت

"قاضی محمد یوسف صاحب پشاوری نے مجھ سے بذریعہ خط بیان کیا کہ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کی زبان میں کسی قدر لکنت تھی اور آپ پرنالے کو (پ پ پ پ پ) پنالہ فرمایا کرتے تھے۔"
(سیرت المہدی جلد دوئم ص 25 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

ایڑیاں پھٹ گئیں

"پیر کی ایڑیاں آپ کی بعض دفعہ گرمیوں کے موسم میں پھٹ جایا کرتی تھیں۔"
(سیرت المہدی جلد دوئم ص 125، از مرزا بشیر احمد ایم۔ اے)

مرگی اور تعلق شیطان

(1) "مرگی کی بیماری کے مبتلا اکثر شیطان کو اسی طرح دیکھا کرتے ہیں۔"

(2) "یسوع دراصل مرگی کی بیماری میں مبتلا تھا۔ اور اسی وجہ سے ایسی خوابیں بھی دیکھا کرتا تھا۔"

(3) "جن لوگوں کو شیطان کا سخت آسیب ہوتا ہے اور شیطان ان سے محبت کرنے لگتا ہے تو گو ان کی اپنی مرگی وغیرہ اچھی نہیں ہوتی مگر دوسروں کو اچھا کر سکتے ہیں۔ کیونکہ شیطان ان سے محبت کرتا ہے۔"

(4) یہ جو کہا کہ تو میرا بیٹا ہے۔ اس میں بھید یہ ہے کہ درحقیقت مصروع مرگی کا بیٹا ہی ہوتا ہے۔ اسی لیے مرگی کو طبابت میں اُم الصبیان کہتے ہیں۔" (ست بچن ص 170-171 حاشیہ)

مرگی کے دورے

"بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت مسیح موعود کو پہلی مرتبہ دوران سر اور ہسٹریا کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

دورہ بشیر اوّل کی وفات کے چند دن بعد ہوا تھا۔ مگر یہ دورہ خفیف تھا۔" میں پردہ کرا کے مسجد میں چلی گئی تو آپ لیٹے ہوئے تھے، میں جب پاس گئی تو فرمایا میری طبیعت بہت خراب ہوگئی تھی۔ لیکن اب افاقہ ہے۔ میں نماز پڑھا رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ کوئی کالی کالی چیز میرے سامنے سے اٹھی ہے اور آسمان تک چلی گئی ہے۔ پھر میں چیخ مار کر زمین پر گر گیا اور غشی کی سی حالت ہوگئی۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں کہ اس کے بعد آپ کو باقاعدہ دورے پڑنے شروع ہوگئے۔ خاکسار نے پوچھا دورہ میں کیا ہوتا تھا؟ والدہ صاحبہ نے کہا ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے تھے۔ اور بدن کے پٹھے کھچ جاتے تھے۔ خصوصاً گردن کے پٹھے۔ اور سر میں چکر ہوتا تھا اور اس وقت آپ اپنے بدن کو سہار نہیں سکتے تھے۔ (سیرۃ المہدی حصہ اوّل ص 13)

خارش کی بیماری

بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت صاحب کی دائی کا نام لاڈو تھا۔ نیز والدہ صاحبہ نے بیان کیا کہ عزیز احمد کی پیدائش کے وقت جب لاڈو آئی تو ان دنوں اسے خارش کی مرض تھی۔ چنانچہ اس سے عزیز احمد کو خارش ہوگئی اور آہستہ آہستہ تمہارے تایا کے گھر میں پھیل گئی اور آخر اُدھر سے ہمارے گھر میں بھی خارش کا اثر پہنچا۔ چنانچہ حضرت صاحب کو بھی ان دنوں خارش کی تکلیف ہوگئی تھی۔"

(سیرۃ المہدی حصہ اوّل ص 237-238)

مرزا قادیانی کی عبرتناک موت

قارئین کرام! جیسا کہ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ مرزا قادیانی کو درجنوں بیماریاں لاحق تھیں اور یہ بیماریاں ساری زندگی اس کے ساتھ چمٹی رہیں۔ بالآخر اس کی زندگی کا عبرتناک انجام قریب آ گیا۔ روزنامہ الفضل مرزا قادیانی کی اہم تحریروں میں سے درج ذیل اقتباس نقل کرتا ہے جو ہر قادیانی کے لیے دعوتِ فکر ہے۔

"اور جو شخص کہے کہ میں خدا کی طرف سے ہوں اور اس کے الہام اور کلام سے مشرف ہوں حالانکہ وہ نہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے نہ اس کے الہام اور کلام سے مشرف ہے، وہ بہت بری موت مرتا ہے اور اس کا انجام نہایت ہی بد اور قابل عبرت ہوتا ہے۔"

(روزنامہ الفضل قادیان جلد 28، نمبر 50، ص 1 مورخہ 2 مارچ 1940ء)

اب اس معیار پر مرزا قادیانی کو جانچ لیتے ہیں۔ یعنی اگر مرزا قادیانی اپنے دعوؤں میں سچا تھا تو اس کا انجام اچھا ہونا چاہیے تھا، اور اگر اپنے دعوؤں میں جھوٹا تھا تو "نہایت ہی بد اور قابل عبرت انجام" ہونا چاہیے تھا۔ مزید براں خود مرزا قادیانی کا کہنا ہے:

❑ "غلط بیانی اور بہتان طرازی راست بازوں کا کام نہیں، بلکہ نہایت شریر اور بدذات آدمیوں کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

کام ہے۔" (آریہ دھرم ص 13 مندرجہ روحانی خزائن جلد 10 ص 13 از مرزا غلام احمد قادیانی)

- "واضح ہو کہ ہمارا صدق یا کذب جانچنے کے لیے ہماری پیش گوئی سے بڑھ کر اور کوئی محک امتحان نہیں ہوسکتا۔"

(آئینہ کمالاتِ اسلام ص 288، مندرجہ روحانی خزائن، جلد 5 ص 288 از مرزا قادیانی)

"مولوی ثناء اللہ سے آخری فیصلہ" میں اللہ تعالیٰ نے مرزا صاحب سے لکھوایا تھا:

بخدمت مولوی ثناء اللہ صاحب۔ السلام علی من اتبع الھدی۔ مدت سے آپ کے پرچہ اہلحدیث میں میری تکذیب اور تفسیق کا سلسلہ جاری ہے۔ ہمیشہ مجھے آپ اپنے اس پرچہ میں مردود، کذاب، دجال، مفسد کے نام سے منسوب کرتے ہیں اور دنیا میں میری نسبت شہرت دیتے ہیں کہ یہ شخص مفتری اور دجال اور کذاب ہے اور اس شخص کا دعویٰ مسیح موعود ہونے کا سراسر افترا ہے۔ میں نے آپ سے بہت دکھ اٹھایا اور صبر کرتا رہا مگر چونکہ میں دیکھتا ہوں کہ میں حق کے پھیلانے کے لیے مامور ہوں اور آپ بہت سے افترا میرے پر کرکے دنیا کو میری طرف آنے سے روکتے ہیں...... اگر میں ایسا ہی کذاب اور مفتری ہوں جیسا کہ اکثر اوقات آپ اپنے ہر ایک پرچہ میں مجھے یاد کرتے ہیں تو میں آپ کی زندگی میں ہی ہلاک ہو جاؤں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ مفسد اور کذاب کی بہت عمر نہیں ہوتی اور آخر وہ ذلت اور حسرت کے ساتھ اپنے اشد دشمنوں کی زندگی میں ہی ناکام ہلاک ہو جاتا ہے اور اس کا ہلاک ہونا ہی بہتر ہوتا ہے، تا خدا کے بندوں کو تباہ نہ کرے اور اگر میں کذاب اور مفتری نہیں ہوں اور خدا کے مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف ہوں اور مسیح موعود ہوں تو میں خدا کے فضل سے امید رکھتا ہوں کہ سنت اللہ کے موافق آپ مکذبین کی سزا سے نہیں بچیں گے۔ پس اگر وہ سزا جو انسان کے ہاتھوں سے نہیں بلکہ محض خدا کے ہاتھوں سے ہے جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ مہلک بیماریاں، آپ پر میری زندگی میں ہی وارد نہ ہوئی تو میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں۔

یہ کسی الہام یا وحی کی بنا پر پیش گوئی نہیں محض دعا کے طور پر میں نے خدا سے فیصلہ چاہا ہے اور میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ اے میرے مالک!...... اگر یہ دعویٰ مسیح موعود ہونے کا محض میرے نفس کا افترا ہے اور میں تیری نظر میں مفسد اور کذاب ہوں اور دن رات افترا کرنا میرا کام ہے، تو اے میرے پیارے مالک! میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی زندگی میں مجھے ہلاک کر اور میری موت سے ان کو اور ان کی جماعت کو خوش کر دے۔ آمین۔ مگر اے میرے کامل اور صادق خدا! اگر مولوی ثناء اللہ ان تہمتوں میں جو مجھ پر لگاتا ہے حق پر نہیں تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ میری زندگی ہی میں ان کو نابود کر۔ مگر نہ انسانی ہاتھوں سے بلکہ طاعون و ہیضہ وغیرہ امراض مہلکہ سے۔ بجز اس صورت کے کہ وہ کھلے کھلے طور پر میرے روبرو اور میری جماعت کے سامنے ان تمام گالیوں اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

بدزبانیوں سے توبہ کرے جن کو وہ فرض منصبی سمجھ کر ہمیشہ مجھے دکھ دیتا ہے۔ آمین یارب العالمین۔

میں ان کے ہاتھ سے بہت ستایا گیا اور صبر کرتا رہا۔ مگر اب میں دیکھتا ہوں کہ ان کی بدزبانی حد سے گزر گئی۔ وہ مجھے ان چوروں اور ڈاکوؤں سے بھی بدتر جانتے ہیں جن کا وجود دنیا کے لیے سخت نقصان رساں ہوتا ہے اور انہوں نے...... تمام دنیا سے مجھے بدتر سمجھ لیا اور دور دور ملکوں تک میری نسبت یہ پھیلا دیا کہ یہ شخص (مرزا قادیانی) درحقیقت مفسد اور ٹھگ اور دکاندار اور کذاب اور مفتری اور نہایت درجہ کا بدآدمی ہے...... میں دیکھتا ہوں مولوی ثناء اللہ ان ہی تہمتوں کے ذریعہ سے میرے سلسلہ کو نابود کرنا چاہتا ہے اور اس عمارت کو منہدم کرنا چاہتا ہے جو تو نے اے میرے آقا اور میرے بھیجنے والے اپنے ہاتھ سے بنائی ہے۔ اس لیے اب میں تیرے ہی تقدس اور رحمت کا دامن پکڑ کر تیری جناب میں ملتجی ہوں کہ مجھ میں اور ثناء اللہ میں سچا فیصلہ فرما اور وہ جو تیری نگاہ میں درحقیقت مفسد اور کذاب ہے، اس کو صادق کی زندگی میں ہی دنیا سے اٹھا لے۔ یا کسی اور نہایت سخت آفت میں جو موت کے برابر ہو مبتلا کر۔ اے میرے پیارے مالک، تو ایسا ہی کر۔ آمین ثم آمین۔ ربنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق و انت خیر الفاتحین۔

بالآخر مولوی صاحب سے التماس ہے کہ وہ میرے اس تمام مضمون کو اپنے پرچہ میں چھاپ دیں اور جو چاہیں اس کے نیچے لکھ دیں۔ اب فیصلہ خدا کے ہاتھ میں ہے۔ (مرزا غلام احمد قادیانی کا اشتہار مورخہ 5 اپریل 1907ء مندرجہ تبلیغ رسالت جلد دہم، ص120، مجموعہ اشتہارات، ج3، ص579-578)

اس اشتہار کی اشاعت کے ہفتہ عشرہ بعد ہی 25 اپریل 1907ء کو اخبار بدر قادیان میں مرزا صاحب کی روزانہ ڈائری میں شائع ہوا کہ:

"ثناء اللہ کے متعلق جو کچھ لکھا گیا یہ دراصل ہماری (یعنی مرزا قادیانی کی) طرف سے نہیں بلکہ خدا ہی کی طرف سے اس کی بنیاد رکھی گئی ہے۔"

اس پیش گوئی کے تقریباً ایک سال بعد مرزا قادیانی کی موت نے "آخری فیصلہ" کر دیا کہ وہ خدا کی طرف سے نہیں تھا کیونکہ اس کی موت مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کی زندگی میں بقول اس کے "خدائی ہاتھوں کی سزا" سے ہوئی۔ ہر شخص دم بخود رہ گیا کہ خود مرزا قادیانی کی دعا پر قدرتِ حق نے عجب فیصلہ کیا۔

25 مئی 1908ء کو شام کھانے کے بعد اس کی حالت اچانک بگڑنے لگی۔ اسے مسلسل اسہال شروع ہو گئے۔ ایک دو دفعہ رفع حاجت کے لیے لیٹرین گیا، بعد ازاں ضعف کی وجہ سے نڈھال ہو گیا۔ اس کے جسم کا پانی اور نمک ختم ہو گیا تھا۔ بلڈ پریشر کم ہونے سے ٹھنڈے پسینے آنے لگے۔ آنکھیں اندر کو دھنس گئیں اور نبض اتنی کمزور ہو گئی کہ محسوس کرنا مشکل ہو گئی۔ پھر دست آیا تو چارپائی سے بڑی مشکل سے اٹھا تو چارپائی پر گر گیا۔ ضعف اتنا تھا کہ وہ پشت کے بل چارپائی پر گر گیا اور اس کا سر چارپائی کی لکڑی سے ٹکرایا اور حالت دگرگوں ہو گئی۔ بعد ازاں ایک اور دست آیا تو بستر پر ہی نکل گیا۔ اس کے ساتھ ہی اسے قے ہونا

www.sirat-e-mustaqeem.com

شروع ہوگئیں۔

بقول حکیم نورالدین ”معدہ کے اندر کی تمام سوزشیں، آنتوں کی سوزشیں اور پیٹ کی جھلیوں کی سوزشیں قے کا باعث بنتی ہیں۔ ہیضہ کی صورت میں جب آنتیں متاثر ہوتی ہیں تو قے کے ساتھ اسہال ہوتے ہیں۔ قے کا آنا بذاتِ خود کوئی بیماری نہیں بلکہ یہ متعدد بیماریوں کی علامت ہے۔ آنتوں کے فالج اور رکاوٹ میں غذا ہی قے کا باعث بنتی ہے۔ کھانے کے فوراً بعد شراب یا افیون کے استعمال سے بھی قے ہوتی ہے۔ اگر اسہال کے ساتھ قے بھی شامل ہو تو مرض اسہال کے بجائے ہیضہ بن جاتا ہے۔“

(بیاض نورالدین ص 209)

مسلسل اسہال اور قے کی وجہ سے مرزا قادیانی کے جسم، بستر اور کمرے میں سخت بدبو اور تعفن پھیل گیا تھا۔ اس کی حالت دگرگوں ہوگئی اور نورالدین کو بلانے کے لیے کہا۔ حکیم نورالدین آیا تو مرزا قادیانی نے اسے کہا ”مجھے اسہال کا دورہ ہوگیا ہے۔ آپ کوئی دوائی تجویز کریں۔“

(ضمیمہ الحکم 28 مئی 1908ء)

حکیم نورالدین نے چند مقوی ادویات کھانے کو دیں مگر مرزا قادیانی نے قے کر دیں۔ اس کے بعد اس کی نبض ڈوبنے لگی۔ تھوڑی دیر بعد ایک انگریز ڈاکٹر آیا مگر وہ نہایت عبرتناک حالت دیکھتے ہی چلا گیا۔ بعض عینی شاہدین کے مطابق مرزا قادیانی کے منہ سے پاخانہ نکل رہا تھا۔ ایسی ہی بھیانک حالت میں مرزا قادیانی 26 مئی 1908ء کو صبح ساڑھے دس بجے جہنم واصل ہوگیا۔

؎ موت پاخانے میں پائی، حشر دوزخ میں ہوا
عہد نو کے مہدی موعود کی کیا شان ہے

محقق قادیانیت پروفیسر محمد الیاس برنی“ لکھتے ہیں:

”مرزا غلام احمد قادیانی اپنی تحریرات میں ہیضے کو قہر الٰہی کا ایک نشان قرار دیتے تھے جو سرکشوں پر بطور عذاب نازل ہوتا ہے۔ چنانچہ بعض مسلمانوں مثلاً مولوی ثناء اللہ صاحب سے اُن کے جو مقابلے ہوئے، ان میں بھی انہوں نے یہی بددعا کی کہ جو کاذب ہو، اس پر ہیضے وغیرہ کی شکل میں موت نازل ہو اور آج قادیانی صاحبان کا ہیضہ کے متعلق یہی عقیدہ ہے۔ خدا کی قدرت کہ اسی مرض ہیضہ میں خود مرزا صاحب نے انتقال کیا اور ہیضہ بھی ایسا تیز کہ اچھے خاصے تھے۔ تصنیف و تالیف میں مشغول تھے۔ شام کو سیر و تفریح کر کے آئے۔ رات کو بیوی صاحبہ کے ساتھ کھانا کھایا۔ یکا یک دست اور قے شروع ہوئے۔ ہزار علاج کیا، چند گھنٹوں میں خاتمہ ہوگیا، مقام عبرت ہے۔

قادیانی صاحبان اس واقعہ سے دل میں تو شرماتے ہیں لیکن زبان سے جھٹلاتے ہیں کہ مرزا صاحب گویا اسہال کے مرض میں فوت ہوئے۔ ہیضہ سے فوت نہیں ہوئے۔ چنانچہ ہم نے اس کتاب کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

پہلے ایڈیشن میں سیدھی بات لکھ دی تھی کہ مرزا صاحب ہیضہ میں مبتلا ہو کر فوت ہوئے لیکن قادیانی صاحبان اس پر بہت چراغ پا ہوئے کہ گویا مرزا صاحب ہیضہ سے فوت ہوئے تو سارا مطلب فوت ہو گیا۔ چنانچہ پہلی کتاب (''تصدیق احمدیت'' مصنفہ سید بشارت احمد صاحب قادیانی) میں یہ تنبیہ کی گئی کہ حضور (مرزا صاحب) کے وصال کا باعث ہیضہ قرار دینا صریح جھوٹ بلکہ قانونی جرم ہے۔ دوسری کتاب (''ہمارا مذہب'' مصنفہ علی محمد صاحب قادیانی) شائع ہوئی تو اس میں الزام دیا گیا کہ جناب محقق برنی صاحب بالقابہ نے حضرت مسیح موعود کی وفات کے متعلق لکھا ہے کہ ہیضہ سے واقع ہوئی۔ مگر یہ منجملہ آپ کے افتراؤں کے ایک نہایت ہی ناپاک افتراء ہے۔ شاید ناپاکی ہیضہ سے پیدا ہوئی۔

چونکہ قادیانی صاحبان بوجہ معلومہ ہیضہ کے نام سے بہت چڑتے ہیں۔ بعد کے ایڈیشنوں میں ہم نے اس کی صراحت لکھ دی کہ مرزا صاحب دست اور قے کے مرض میں فوت ہوئے لیکن مثل مشہور ہے ''جوئندہ یابندہ'' حق کا اظہار ہونا تھا۔ بالآخر خود مرزا صاحب کے قول سے یہ امر ثابت ہو گیا کہ ان کو مرض ہیضہ لاحق ہوا تھا جو باعث وفات ہوا اور مرزا صاحب بھی کون جو قادیانی اعتراف کے بموجب ''خاندانی طبیب'' تھے اور علم طب میں خاصی دسترس رکھتے تھے۔ چنانچہ اس بارہ میں مرزا صاحب کے خسر میر ناصر نواب صاحب کی عینی شہادت اس پانچویں ایڈیشن میں اوپر درج ہے۔ کیا اب توقع کی جا سکتی ہے کہ قادیانی صاحبان ہیضہ کے واقعہ کو تسلیم کر لیں یا اب بھی ان کو عذر ہی رہے گا اور خدانخواستہ مرزا صاحب کا آخری قول جھٹلانے میں بھی دریغ نہ ہوگا۔

اس بارہ میں قادیانی صاحبان دو عذر بڑے شد و مد سے پیش کرتے ہیں۔ اوّل یہ کہ تیماردار ڈاکٹر اور اطباء نے مرزا کی وفات کا سبب اسہال قرار دیا۔ دوم یہ کہ مرزا صاحب کا جنازہ لاہور سے قادیان لائے تو کچھ سفر ریل میں طے ہوا۔ گویا ہیضہ کے مرض میں ریل کے سفر کی اجازت کیسے مل سکتی تھی۔ لیکن ان عذرات کی حقیقت بخوبی ظاہر ہے۔ یہ تیماردار ڈاکٹر اور طبیب کون تھے۔ خود مرزا صاحب کے مرید اور معتقد جو کسی طرح مرزا صاحب سے ہیضہ منسوب کرنا گوارا نہیں کر سکتے تھے۔ لہٰذا گول بات کہہ دی کہ اسہال سے موت واقع ہوئی۔ حالانکہ اسہال تمام عمر آئے، اسہال میں تمام کام انجام پائے۔ گویا اسہال طبیعت ثانی بن چکے تھے۔ پھر یہ کس قسم کے اسہال تھے کہ یکا یک اچھی صحت میں شروع ہوئے۔ ان کے ساتھ قے بھی آئی اور آناً فاناً کام تمام ہو گیا۔ رہا ریل میں جنازہ لے جانے کا معاملہ۔ ایک جماعت کا مذہبی پیشوا جو ذی اثر اور ذی استطاعت ہو جو خصوصیت سے حکومت کا موید اور مداح رہا ہو، حکومت سے روابط رکھتا ہو، اگر کسی قریب مقام تک اس کا جنازہ ریل میں لے جانے کی اجازت مل جائے اور روک ٹوک نہ ہو تو کون سی بڑی بات ہے اور ایسی رعایت میں کیا مضائقہ ہے۔

خود مرزا صاحب کی وفات تو یوں واقع ہوئی۔ اس کے سوا قادیانی اکابر اور مخلصین جو مرزا صاحب

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے بڑے بڑے صحابہ شمار ہوتے تھے۔ مثلاً مولوی عبدالکریم، حکیم نورالدین، میاں عبداللہ سنوری۔ یہ بھی جن حالات میں اور جن امراض میں فوت ہوئے، وہ خالی از عبرت نہیں تھے۔

قادیانی صاحبان کا یہ قدیم مسلک ہے کہ کوئی مسلمان جوان کی آنکھ میں کھٹکتا ہو، اگر اسے کوئی معمولی حادثہ بھی پیش آجائے تو اس کو بڑھا چڑھا کر مشتہر کرتے ہیں اور خوشیاں مناتے ہیں کہ گویا ان کو آسمانی نصرت حاصل ہوئی۔ چنانچہ اس ذہنیت کا اکثر مظاہرہ ہوتا رہتا ہے جو ہمیشہ مضحکہ خیز ہوتا ہے۔ قادیانی صاحبان جو مسلمانوں کو بہت عبرت دلانا چاہتے ہیں، کبھی تو انصاف سے دل میں سوچیں کہ خود ان کو عبرت حاصل کرنے کی کس درجہ ضرورت ہے اور کس درجہ عبرت آموز واقعات ان کو پیش آچکے ہیں اور پیش آرہے ہیں ورنہ۔"

ہم اگر کچھ بھی کہیں گے تو شکایت ہوگی

(قادیانیت کا علمی محاسبہ از پروفیسر محمد الیاس برنیؒ)

مرزا قادیانی کی موت اور انجام" کے عنوان سے شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ لکھتے ہیں:

"مرزا قادیانی کی موت کس عارضہ سے ہوئی؟ اس کے لیے کسی ڈاکٹری رپورٹ کی احتیاج نہیں، بلکہ مرزا قادیانی کے "مقدس صحابی" اور خسر جناب میر ناصر نواب کی ثقہ روایت سے خود مرزا قادیانی کا اپنا "اقرارِ صالح" موجود ہے، میر صاحب فرماتے ہیں:

"حضرت (مرزا) صاحب جس رات کو بیمار ہوئے اس رات کو میں اپنے مقام پر جا کر سو چکا تھا، جب آپ کو سخت تکلیف ہوئی تو مجھے جگایا گیا، جب میں حضرت صاحب کے پاس پہنچا اور آپ کا حال دیکھا تو مجھے مخاطب کر کے فرمایا: "میر صاحب! مجھے وبائی ہیضہ ہوگیا ہے۔" اس کے بعد کوئی ایسی صاف بات میرے خیال میں آپ نے نہیں فرمائی، یہاں تک کہ دوسرے روز دس بجے کے بعد آپ کا انتقال ہوگیا۔" (حیاتِ ناصر ص 14)

لیجئے! بہت "بری موت" کے تینوں مرحلے اللہ تعالیٰ نے خود مرزا جی کی زبان وقلم سے طے کرا دیئے، یعنی پہلے ان سے لکھوایا کہ مفتری بہت ہی بری موت مرتا ہے، پھر اس کی تعیین وتشخیص بھی انہی کے قلم سے کرادی کہ طاعون اور ہیضہ کی موت ہی وہ "بری موت" ہے، جو بطور سزا "خدا تعالیٰ کے ہاتھوں" سے کسی سرکش مفتری کو دی جاتی ہے، اور پھر خود انہی کی زبان سے یہ اقرار بھی کرادیا کہ وہ "وبائی ہیضہ" سے "بہت بری موت" مر رہے ہیں، اور ان کا یہ اقرار ریکارڈ پر موجود ہے۔ اس کے بعد بھی "پیغام صلح" کو "بہت ہی بری موت" اور "نہایت ہی بد اور قابل عبرت انجام" میں شک وشبہ ہو تو اس کا کیا علاج؟"

(تحفہ قادیانیت از حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ)

ہیضہ نہایت عبرتناک موت کا ذریعہ بنتا ہے، اس کا اعتراف خود قادیانیوں کو بھی ہے۔ روزنامہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

الفضل لکھتا ہے:

''محمد عاشق نائب صدر مجلس احرار قصور جو حضرت مسیح موعود کی شان میں بے حد بدزبانی کیا کرتا تھا، 29 جولائی کو ہیضہ سے نہایت عبرتناک موت مر گیا۔ قصور کے دوسرے احرار کو عبرت حاصل کرنی چاہیے۔ (روزنامہ الفضل قادیان جلد 24 نمبر 30 ص 2 مورخہ 4 اگست 1936ء)

نامور سکالر جناب فرزند توحید اپنے کتابچے ''عبرتناک موت'' میں لکھتے ہیں:

قادیانی لنکا میں چھوٹے بڑے کی کوئی تمیز نہیں۔ دجل وفریب اور کذب وافترا کے لحاظ سے ہر مرزائی باون گز کا ہی ہے۔ لیکن خلافت مآب کی بارگاہ میں عزت وتوقیر اس مرزائی کی ہوتی ہے اور تنخواہ میں اضافہ بھی اسی کا ہوتا ہے، جو مغالطہ دہی اور کذب بیانی میں ید طولیٰ رکھتا ہو۔ اس دور میں ہر قادیانی مبلغ، ہر مدرس، ہر مفتی ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کی کوشش میں لگا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ بڑھاپا قبر میں لے جانے والی بیماری، قیامت کی باز پرس اور جہنم کی دہکتی آگ کے شعلوں کا خیال بھی ان کے لیے سدِراہ نہیں ہوتے۔ مرزائیوں کا ستر بہتر سالہ مفتی محمد صادق (برعکس نہند نامِ زنگی کافور) قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔ اور مرزا محمود کو خوش کرنے کے لیے اپنے نامۂ اعمال کو افتراء وکذب بیانی کے باعث تاریک سے تاریک تر کرتا چلا جارہا ہے۔ چنانچہ قادیانی نبوت کے سرکاری آرگن ''الفضل'' میں ''مفتی کاذب'' نے ''مخالفین احمدیت کی غلط بیانی'' کے عنوان سے ایک مضمون دھر گھسیٹا ہے۔ آپ رقمطراز ہیں:

''آج کل مخالفین سلسلۂ حق نے دروغ گوئی کے ساتھ ہمارے خلاف جو باتیں پھیلانی شروع کی ہیں، ان میں ایک بات یہ بھی ہے کہ حضرت مرزا صاحب مرض ہیضہ سے فوت ہوئے تھے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی وفات لاہور میں ہوئی تھی۔ اور میں اور دیگر احباب اس وقت حضور کے پاس موجود تھے۔ حضور جب کبھی دماغی محنت کیا کرتے تھے، تو عموماً آپ کو دورانِ سر اور اسہال کا مرض ہو جاتا تھا۔ چنانچہ لاہور جب حضور اپنے لیکچر کا مضمون تیار کر رہے تھے۔ تو کثرتِ دماغی محنت کے باعث آپ کی طبیعت خراب ہوگئی اور دورانِ سر اور اسہال کا مرض ہوگیا اور اس مرض کے علاج کے لیے جو ڈاکٹر بلایا گیا تھا، وہ انگریز لاہور کا سول سرجن تھا۔ اور چونکہ بعض مخالفین نے اس وقت بھی یہ شور مچایا تھا کہ آپ کو ہیضہ ہوگیا ہے، اس لیے صاحب سول سرجن نے یہ لکھ دیا کہ آپ کو ہیضہ نہیں ہوا اور وفات کے بعد آپ کی نعش مبارک ریل میں بٹالہ تک پہنچائی گئی۔ اگر ہیضہ ہوتا تو ریل والے نعش مبارک کو بُک نہ کرتے۔ پس مخالفین کا یہ کہنا بالکل جھوٹ ہے کہ حضور ہیضہ سے فوت ہوئے۔''

(مفتی محمد صادق ربوہ، 22 جنوری 51ء، الفضل 11 فروری 51ء، ص 5)

قادیانی مفتی نے کس قدر جسارت اور دیدہ دلیری سے ایک مسلمہ حقیقت پر خاک ڈالنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ وہ مرزائی ہی کیا ہوا جو حق کو کذب بیانی کے پردہ میں چھپانے کی کوشش نہ کرے۔ خود

www.sirat-e-mustaqeem.com

جھوٹ کا مرتکب ہونا اور الزام دوسروں پر لگانا قادیانیوں کا بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ ان کی یہ چال بازی ان کے دجل وفریب اور کذب وافتراء کی غمازی کرتی ہوئی نظر آرہی ہیں۔ انگریز کی بخشی ہوئی نبوت میں بیٹھ کر قادیانی یہ سمجھتے ہیں کہ ہم مستور ہیں۔ ہمیں کوئی نہیں دیکھتا۔ جائز و ناجائز جو چاہیں کرتے چلے جائیں۔ انہیں کیا معلوم کہ مجلس ختم نبوت کے خدام مرزائیوں کے رازہائے درونِ پردہ کو مرزائیوں سے زیادہ جانتے ہیں۔

جلوے مری نگاہ میں کون و مکاں کے ہیں
مجھ سے کہاں چھپیں گے وہ ایسے کہاں کے ہیں

مرزا کے مرضِ موت ''ہیضہ'' کو چھپانے کے لیے مفتی کاذب نے دورانِ سر اور اسہال کا لبادہ اوڑھا دیا۔ اور یہ نہ سمجھا کہ ''ان کے حضرت'' کے ''اسہال'' ''ہیضہ'' کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ مفتی صاحب نے اسہال کا ذکر تو کر دیا لیکن ظلی و بروزی مصلحت کے پیش نظر اپنے ''مسیح موعود'' کی ''قے'' کو ہضم کر گئے۔ حالانکہ مرتے وقت مرزا صاحب کے گرد قے اور دست دونوں نے گھیرا ڈال رکھا تھا۔ جیسا کہ خود مرزا جی کی اہلیہ اور مرزا محمود احمد خلیفہ قادیان کی والدہ مکرمہ نے فرمایا۔ مرزا بشیر احمد ایم، اے ابن مرزا غلام احمد قادیانی لکھتے ہیں:

''حضرت مسیح موعود کی وفات کا ذکر آیا تو والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کو پہلا دست کھانا کھانے کے وقت آیا تھا۔ مگر اس کے بعد تھوڑی دیر تک ہم لوگ آپ کے پاؤں دباتے رہے اور آپ آرام سے لیٹ کر سو گئے اور میں بھی سو گئی۔ لیکن کچھ دیر کے بعد آپ کو پھر حاجت محسوس ہوئی اور غالباً ایک یا دو دفعہ رفع حاجت کے لیے آپ پاخانہ تشریف لے گئے۔ اس کے بعد آپ نے زیادہ ضعف محسوس کیا، تو اپنے ہاتھ سے مجھے جگایا۔ میں اٹھی تو آپ کو اتنا ضعف تھا کہ آپ میری چارپائی پر ہی لیٹ گئے، اور میں آپ کے پاؤں دبانے کے لیے بیٹھ گئی۔ تھوڑی دیر کے بعد حضرت صاحب نے فرمایا: تم اب سو جاؤ۔ میں نے کہا۔ نہیں میں دباتی ہوں۔ اتنے میں آپ کو ایک اور دست آیا۔ مگر اب اس قدر ضعف تھا کہ آپ پاخانہ نہ جاسکتے تھے۔ اس لیے میں نے چارپائی کے پاس ہی انتظام کر دیا۔ اور آپ وہیں بیٹھ کر فارغ ہوئے۔ پھر اٹھ کر لیٹ گئے اور میں پاؤں دباتی رہی۔ مگر ضعف بہت ہو گیا تھا۔ اس کے بعد ایک اور دست آیا اور پھر آپ کو ایک قے آئی۔ جب آپ قے سے فارغ ہو کر لیٹنے لگے تو اتنا ضعف تھا کہ آپ لیٹتے لیٹتے پشت کے بل چارپائی پر گر گئے۔ اور آپ کا سر چارپائی کی لکڑی سے ٹکرایا اور حالت دگرگوں ہو گئی۔''

(سیرت المہدی مرتبہ مرزا بشیر احمد ایم اے طبع دوم ص 11)

مرزائیو! بتاؤ کہ دست اور قے دونوں تھے یا نہیں؟ اگر آپ اس ''قادیانی معجون مرکب'' کو ہیضہ کے نام سے موسوم نہیں کرتے۔ تو فرمایئے کہ ''مرزائی نبوت'' کی اصطلاح میں دست و قے کی اس مہلک بیماری کا کیا نام ہے؟ رہا قادیانی مفتی صاحب کا یہ فرمان کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

(الف) انگریز ڈاکٹر نے لکھ دیا کہ ہیضہ نہیں ہوا۔

(ب) اگر ہیضہ سے موت ہوتی تو ریل والے نعش کو بک نہ کرتے۔ یہ دونوں عذر لنگ ہیں۔ نہ معلوم قادیانی مفتی نے بہتر سالہ عمر کس جنت الحمقانہ میں بسر فرمائی ہے۔ ازراہِ کرم تکلیف فرما کر اپنے "امیر المومنین خلیفۃ المسیح" ہی سے دریافت فرما لیتے کہ سفارشات و رشوت سے کیسے کیسے سخت اور مشکل کام فوراً انجام پذیر ہو سکتے ہیں۔

معمولی قادیانیوں کا کیا ذکر۔ جب ان کے "بڑے حضرت" نے محترمہ محمدی بیگم کے ساتھ نکاح کروانے کے لیے محمدی بیگم کے حقیقی ماموں کو رشوت یا انعام کا لالچ دے کر نکاح کرانے سے دریغ نہ کیا۔ مرزا غلام احمد قادیانی زندیق کے بیٹے مرزا بشیر احمد ایم، اے لکھتے ہیں "بیان کیا مجھ سے میاں عبداللہ صاحب سنوری نے کہ ایک دفعہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب جالندھر جا کر قریباً ایک ماہ ٹھہرے تھے، اور ان دنوں محمدی بیگم کے ایک حقیقی ماموں نے محمدی بیگم کا حضرت صاحب سے رشتہ کرا دینے کی کوشش کی تھی، مگر کامیاب نہیں ہوا۔ یہ ان دنوں کی بات ہے کہ جب محمدی بیگم کا والد مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری زندہ تھا اور ابھی محمدی بیگم کا مرزا سلطان احمد بیگ سے رشتہ نہیں ہوا تھا۔ محمدی بیگم کا یہ ماموں جالندھر اور ہوشیار پور کے درمیان یکے میں آیا جایا کرتا تھا۔ اور وہ حضرت صاحب سے کچھ انعام کا بھی خواہاں تھا۔ اور چونکہ محمدی بیگم کے نکاح کا عقدہ زیادہ تر اسی شخص کے ہاتھ میں تھا اس لیے حضرت صاحب نے اس سے کچھ انعام کا وعدہ بھی کر لیا تھا۔ (سیرت المہدی حصہ اوّل طبع دوم ص 193-192)

یہ گھر کی شہادت بآوازِ بلند اعلان کر رہی ہے کہ محمدی بیگم کے ساتھ نکاح کرانے کے لیے مرزا غلام احمد صاحب محمدی بیگم کے ماموں کو انعام یا رشوت دینے کے لیے تیار تھے۔ مرزائیو! اللہ کے لیے غور کرو کہ پہلے اللہ تعالیٰ کے نام سے محمدی بیگم کے نکاح کو پیشگوئی شائع کرنا۔ انعام، رشوت اور روپے کے لالچ سے نکاح کی کوشش کرنا کسی راستباز انسان کا کام ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں جیسا کہ خود مرزا غلام احمد نے لکھا ہے: "ہم ایسے مرشد کو اور ساتھ ہی ایسا مرید کو کتوں سے بدتر اور نہایت ناپاک زندگی والا خیال کرتے ہیں کہ جو اپنے گھر سے پیشگوئیاں بنا کر پھر اپنے ہاتھ سے، اپنے مکر سے، اپنے فریب سے ان کے پورے ہونے کے لیے کوشش کرے اور کروائے۔" (سراج منیر مصنفہ مرزا غلام احمد طبع سوم ص 23)

مرزائیو! اب اپنے پادری غلام احمد کے بارے میں کیا خیال کرتے ہو؟

تو چھوٹے "حضرتوں" نے انگریز ڈاکٹر اور انگریز سٹیشن ماسٹر کو رشوت یا انعام دے کر مرزا جی کی نعش کو دجال کے گدھے پر "لدوا دیا تو کون سے تعجب کی بات ہے؟ مرزائی ریل گاڑی کو دجال کا گدھا کہتے ہیں۔ گدھا دجال کا اور اس پر نعش مرزا غلام احمد کی! مرزا قادیانی کا کیا ہی صحیح مقولہ ہے: "حق بحقدار رسید"۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اگر ایسی ہی شہادتوں سے آپ اپنے ''مسیح موعود'' کی صداقت پیش کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو دنیا میں ہزاروں فرنگی ایسے مل جائیں گے، جو انعام یا رشوت لے کر لاؤڈ سپیکروں کے ذریعہ قادیانی مسیحیت کا ڈھنڈورا پیٹ دیں۔

مفتی جی: آپ اپنے ''مسیح موعود'' ''ام المؤمنین'' اور ''قادیانی خاندان نبوت'' کو چھوڑ کر فرنگی گواہیوں کی پناہ کیوں لے رہے ہیں؟

عیسائیوں سے ساز باز تو نہیں کر رکھی؟ جب مرزا غلام احمد صاحب کی اہلیہ صاحبہ فرماتی ہیں اور صاحبزادہ بشیر احمد مشتہر کرتے ہیں کہ مرزا صاحب آنجہانی کی موت دست و قے سے ہوئی تو کیا ہیضہ کے سر پر سینگ ہوا کرتے ہیں؟

اگر لفظ ہیضہ سے آپ کی تسلی و تشفی نہیں ہو سکتی تو لیجئے مرزا غلام احمد کے خسر، مرزا محمود احمد کے نانا میر ناصر نواب کے واسطہ سے خود مرزا غلام احمد صاحب نے اپنے مرض موت کا جو نام...... ہیضہ...... تجویز فرمایا۔ سن لیجئے۔

اور ''قادیانی غلو'' کی عینک اتار کر مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے۔ اور سو بار سوچ کر بتائیے کہ مرزا غلام احمد کی موت ہیضہ سے ہوئی یا نہیں؟

مرزا غلام احمد کے خسر میر ناصر نواب خود نوشت سوانح حیات میں تحریر فرماتے ہیں۔

''حضرت صاحب جس رات کو بیمار ہوئے۔ اس رات کو میں اپنے مقام پر جا کر سو چکا تھا۔ جب آپ کو بہت تکلیف ہوئی تو مجھے جگایا گیا تھا۔ جب میں حضرت صاحب کے پاس پہنچا اور آپ کا حال دیکھا تو آپ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا۔ ''میر صاحب مجھے وبائی ہیضہ ہو گیا ہے۔'' اس کے بعد آپ نے کوئی صاف بات میرے خیال میں تو نہیں فرمائی۔ یہاں تک کہ دوسرے روز دس بجے کے بعد آپ کا انتقال ہو گیا۔'' (حیات ناصر ص 14 مرتبہ شیخ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

کسی زندہ دل شاعر نے مرزا قادیانی آنجہانی کی تاریخ وفات لکھی ہے ۔

یوں کہا کرتا تھا مر جائیں گے اور
اور تو زندہ ہیں خود ہی مر گیا
اس کے بیماروں کا ہو گا کیا علاج
کالرہ (1) سے خود مسیحا مر گیا

معروف عالم دین مولانا ابوالفضل کرم الدین دبیر اپنی شہرہ آفاق کتاب ''تازیانہ عبرت'' میں لکھتے ہیں: ''ہر چند مرزا صاحب دوسروں کی وفات کی خبریں سن کر خوش ہوتے اور اپنے کسی مخالف شخص کی

(1) کالرہ (Cholera) سے مراد ہیضہ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

مرگ سے اپنے نشانات اور پیشگوئیوں کے نمبرات میں اضافہ فرمایا کرتے تھے مگر آخر کار بحکم کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْت ایک دن وہ بھی آ پہنچا کہ بڑے بڑے دعاوی کے مدعی (مرزا جی) عین ایام غربت میں دارالامان قادیاں سے دور فاصلہ (شہر لاہور) میں ایک مہلک بیماری کالرا میں مبتلا ہو کر بہت ہی جلدی شکار نہنگ اجل ہو گئے۔ کسی شخص کی نیکی یا بدی یا اس کی بزرگی وغیرہ کا ثبوت اس کی وفات کے بعد بھلی یا بری شہرت سے ملتا ہے۔ جو نیک ہوتے ہیں، زبان خلق پر اُن کی نیک شہادت ہوتی ہے۔ مقدس نفوس کی وفات کے بعد ان کی میت کی خاص عزت اور احترام ہوتی ہے جس طرح زندگی میں اُن سے فیض حاصل کرنے کیلئے مخلوق خدا حاضر ہو کر اُن کے قدموں پر گرتی ہے، اُن کی وفات پر ان کی میت کی زیارت کے لئے خلق خدا، اطراف و اکناف سے ٹوٹ پڑتی ہے، اُن کے جنازہ میں شمولیت باعث سعادت سمجھی جاتی ہے اور ہر ایک زبان پر ان کا ذکر خیر جاری ہوتا ہے اور ہر ایک آنکھ ان کے غم میں خون کے آنسو بہاتی ہے۔

اس کے ثبوت کے لئے چند ایک مقدس ہستیوں کا ذکر کیا جاتا ہے جن کی وفات کے بعد اُن کے جنازہ کی عزت اور معیت کا احترام کیا گیا۔

1- امام طاؤس (تابعی) کا جب جنازہ اٹھایا گیا تو آدمیوں کا اس قدر ہجوم تھا کہ جنازہ کسی طرح نہ نکل سکتا تھا۔ آخر حاکم وقت نے فوج بھیجی اور اُس کے اہتمام سے جنازہ نکلا۔

2- حضرت عبداللہ بن حسنؓ کے جنازے کو جو لوگ اٹھائے ہوئے تھے، ازدحام خلق کی وجہ سے ان کا لباس پارہ پارہ ہو گیا۔

3- حضرت امام الحرمین نے جب وفات پائی تو تمام شہر نیشاپور کے بازار اُن کے ماتم میں بند ہو گئے اور جامع مسجد کا ممبر جس پر بیٹھ کر خطبہ پڑھتے تھے، توڑ دیا گیا۔

4- امام ابو جعفر طبری کی قبر پر کئی مہینے تک شب و روز نماز جنازہ پڑھی گئی۔

5- امام ابن داؤد کے جنازہ کی نماز اسی دفعہ پڑھی گئی۔ کل نمازیوں کا تخمینہ لگایا گیا تو تین لاکھ ہوا۔

6- امام اعظمؒ کے جنازہ کی نماز بعد دفن بیس روز تک ہوتی رہی۔

7- امام احمد بن حنبلؒ کے جنازہ پر قدرتی پرندوں نے سایہ کیا ہوا تھا، جس کو دیکھ کر ہزاروں یہودی مسلمان ہو گئے تھے۔

8- مولانا مولوی غلام قادر صاحب مرحوم کا جنازہ جب شہر لاہور میں اٹھایا گیا تو ہجوم خلائق اس قدر تھا کہ نماز جنازہ باہر پریڈ میں پڑھی گئی۔ کارخانوں کے مزدوروں نے اس روز مزدوری موقوف کر کے شمولیت جنازہ کیا۔

9- غازی علم الدین شہید کا جنازہ ایک لاکھ نفوس نے پڑھا۔ بڑے بڑے مقتدر لیڈر، پلیڈر، اور سر وغیرہ شریک جنازہ ہوئے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

-10 عاشقانِ رسول میاں امیر احمد اور خان عبداللہ خان کے جنازہ میں باوجود اطلاع عام نہ ہونے کے قریباً پچاس ہزار نفوس شامل ہوئے۔

-11 مولانا محمد علی مرحوم کی وفات ملک انگلستان دارالکفر میں ہوئی۔ اُن کی میت کا کس قدر احترام ہوا، کس کس اہتمام و احتیاط سے کس پاک جگہ (بیت المقدس) میں پہنچا کر دفن کی گئی۔ جس کے تقدس وتبرک پر آیت قرآن بار کنا حولہ گواہ ہے۔ بیت المقدس میں میت کی آمد پر جو استقبال ہوا، اخبار بین حضرات اس سے بخوبی آگاہ ہیں۔ سول وملٹری کے معزز افسران میت کی اردل میں تھے۔ ہجوم خلائق کے باعث شانہ سے شانہ چھلتا تھا۔ شرکاء جنازہ کی تعداد کا اندازہ نہیں لگایا جاسکا۔

اب ہم مرزا صاحب کے بعداز وفات حالات پر نظر ڈالتے ہیں۔ آپ کی موت وطن سے بہت دور اس وقت ہوئی جب مقابلہ کے لئے آپ کے مخالف علماء آپ کو چیلنج کر رہے تھے اور میدان میں نکلنے کی پُرزور دعوت دی جارہی تھی۔ یکا یک آپ ایک موذی مرض ہیضہ میں مبتلا ہو کر رہگرائے عالم جاودانی ہو گئے۔ شرکاء جنازہ ڈیڑھ درجن سے زائد نہ تھے۔ عوام الناس نقلیں اُتار کر مرنیوالے کی تضحیک کا مظاہرہ کر رہے تھے پھر آپ کی نعش کو کسمپرسی کی حالت میں خرد جال (مال گاڑی) پر لاد کر قادیاں میں پہنچایا گیا۔ افسوس مرنیوالا بہت سی حسرتیں دل میں لے کر لحد میں جاسویا۔ ابھی تو دولہا بننا تھا، محمدی بیگم بیاہ لانی تھی۔ بڈھے میاں اپنے پیارے صنم کو خوش نصیب رقیب (مرزا سلطان محمد) کے ہاتھ میں چھوڑ کر دنیا سے چل بسے۔"

جدا ہوں یار سے ہم اور نہ ہو رقیب جدا — ہے اپنا اپنا مقدر جدا نصیب جدا

(تازیانہ عبرت از مولانا ابوالفضل کرم الدین دبیر ص 201 تا 202)

مولانا تاج محمدؒ صاحب مرزا قادیانی کی موت کے بارے میں لکھتے ہیں:

"ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب پٹیالوی، وہ مشہور ومعروف شخصیت ہیں جو قریباً 25 برس تک مرزا غلام احمد قادیانی کے خاص الخاص، جلیل القدر مریدین میں شمار ہوتے رہے۔ مرزا صاحب کو آپ سے بے پناہ محبت تھی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ڈاکٹر صاحب پر اپنا فضل وکرم فرمایا کہ 25 برس بعد مرزائیت سے تائب ہو گئے۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے مرزائیت کے زمانے میں قرآن کریم کی ایک تفسیر بنام "تفسیر القرآن بالقرآن" لکھی۔ مرزا غلام احمد کے نزدیک ڈاکٹر صاحب کا کیا مقام تھا؟ اس کے لیے مرزا صاحب کے درج ذیل ارشادات ذہن میں رکھیے:

"حدیث صحیح میں آچکا ہے کہ مہدی موعود کے پاس ایک چھپی ہوئی کتاب ہوگی، جس میں اس کے تین سو تیرہ اصحاب کا نام درج ہوگا۔ یہ پیشگوئی آج پوری ہو گئی...... بموجب منشا حدیث کے یہ بیان کر دینا پہلے سے ضروری ہے کہ یہ تمام

www.sirat-e-mustaqeem.com

اصحاب خصلت صدق و صفا رکھتے ہیں اور وہ یہ ہیں [پھر اس سے آگے مرزا صاحب تین سو تیرہ صاحبان کا نام درج کرتے ہیں، جن میں نمبر 159 پر ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب کا نام ہے]''۔ (انجام آتھم ص 324 ضمیمہ ص 40)

مرزا صاحب نے اپنی کتاب ''ازالہ اوہام'' مطبوعہ لاہور ص 808/404 پر ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب کا تعارف ان الفاظ میں کرایا ہے کہ ''حبی فی اللہ میاں عبدالحکیم خاں جوان صالح ہے۔ علامات رشد و سعادت اس کے چہرہ سے نمایاں ہیں۔ زیرک اور فہیم آدمی ہیں۔ انگریزی زبان میں عمدہ مہارت رکھتے ہیں۔ امید رکھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کئی خدمات اسلام ان کے ہاتھ سے پوری کرے گا۔''

ڈاکٹر صاحب نے اپنے مرزائیت کے زمانہ میں قرآن مجید کی جو تفسیر لکھی تھی۔ اس کے متعلق مرزا صاحب لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر صاحب کی ''تفسیر القرآن بالقرآن'' ایک بے نظیر تفسیر ہے۔ جس کو ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب نے کمال محنت کے ساتھ تصنیف فرمایا ہے۔ نہایت عمدہ شیریں بیان ہے۔ اس میں قرآنی نکات خوب بیان کیے گئے۔ یہ تفسیر دلوں پر اثر کرنے والی ہے۔'' (اخبار ''بدر'' شمارہ 38، جلد 9، 9 اکتوبر 1930ء بحوالہ فسانہ قادیان)

چونکہ ڈاکٹر صاحب کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ کو خدمت اسلام لینا منظور تھا، اس لیے 25 برس مرزائیت میں ضائع کرنے کے بعد ڈاکٹر صاحب کو توبہ کی توفیق ملی۔ مرزا صاحب ڈاکٹر صاحب کے مرزائیت کو چھوڑنے پر لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب کا اگر تقویٰ صحیح ہوتا تو وہ کبھی تفسیر لکھنے کا نام نہ لیتا کیونکہ وہ اس کا اہل ہی نہیں تھا۔ اس کی تفسیر میں ذرہ بھر روحانیت نہیں اور نہ ہی ظاہری علم کا کچھ حصہ۔'' (اخبار ''بدر'' 7 جون 1906ء بحوالہ فسانہ قادیان)

سوچنے کا مقام ہے۔ ڈاکٹر صاحب جب تک مرزائی رہے، ان کی تفسیر ایک بے نظیر تفسیر تھی اور عمدہ شیریں بیان تھی، دلوں پر اثر کرنے والی تھی۔ جب مرزائیت سے تائب ہوئے تو مرزا صاحب نے ان کی مذمت شروع کر دی کہ ایسا تھا، ویسا تھا، گنجا تھا، لنگڑا تھا، لولا تھا۔ تفسیر لکھنے کا نااہل تھا، روحانیت نزدیک نہ پھٹکی، ظاہری علم سے کچھ حصہ نہ پایا۔

حقیقت یہ ہے کہ انکشاف صداقت اور قبول حق کے لیے خدا کی طرف سے ایک وقت مقرر ہوتا ہے چونکہ جب تک فضل خداوندی انسان کے شامل حال نہ ہو، صراط مستقیم اور راہ ہدایت کا میسر ہونا ناممکن ہے۔ اس لیے کہ ''انسان اپنی عقل میں غلطی کر سکتا ہے، لیکن خدا تو اپنی راہنمائی میں غلطی نہیں کر سکتا۔''

تاریخ اسلام میں اس قسم کے متعدد واقعات موجود ہیں کہ پیغمبر آخر الزماں ﷺ کے بعد مرزا قادیانی کی طرح

www.sirat-e-mustaqeem.com

کئی مدعیان نبوت باطلہ پیدا ہوئے۔ جن پر ہزاروں نہیں، بلکہ لاکھوں مردودان ازلی انسانوں نے ایمان لا کر اپنی عاقبت کو برباد کیا۔ ان جھوٹے نبیوں پر ایمان لانے والوں میں بعض بڑے بڑے لائق و قابل تھے۔ یعنی بظاہر اس قدر لائق و قابل کہ قادیانی نبوت اور خلافت ان کے سامنے کوئی چیز ہی نہیں ہے اور پھر ان کذابوں اور دجالوں کو کافی ترقی اور عروج حاصل ہوا۔

چنانچہ مرزا قادیانی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ:

''حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ایک خطرناک زمانہ پیدا ہو گیا تھا۔ کئی فرقے عرب کے، مرتد ہو گئے اور جھوٹے پیغمبر کھڑے ہو گئے تھے۔ خدا نے حضرت ابوبکر کے کاموں میں برکت دی اور نبیوں کی طرح اس کا اقبال چمکا۔ اس نے مفسدوں اور جھوٹے نبیوں کو خدا سے قدرت اور جلال پا کر قتل کیا۔ آنحضرت کے بعد چند شریر لوگوں نے پیغمبری کا دعویٰ کر دیا۔ جن کے ساتھ کئی لاکھ بدبخت انسانوں کی جمعیت ہو گئی اور دشمنوں کا شمار اس قدر بڑھ گیا کہ صحابہ کی جماعت ان کے آگے کچھ بھی چیز نہ تھی۔ جس شخص کو اس زمانہ کی تاریخ پر اطلاع ہے۔ وہ گواہی دے سکتا ہے کہ وہ طوفان ایسا طوفان تھا کہ اگر درحقیقت اسلام خدا کی طرف سے نہ ہوتا، تو اس دن اسلام کا خاتمہ تھا۔'' (''تحفہ گولڑویہ'' ص 93-95)

''غور کا مقام ہے کہ جس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبوت حقہ کی تبلیغ کر رہے تھے، اس وقت مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی نے کیا کیا فتنے برپا کر دیے تھے۔ ایسا ہی ابن صیاد نے بہت فتنہ ڈالا تھا اور یہ تمام لوگ ہزارہا لوگوں کی ہلاکت کا موجب ہوئے تھے۔'' (''مکتوبات احمدیہ'' جلد پنجم، نمبر 2، ص 113)

پس مرزا صاحب کے ان ہر دو مذکورہ بالا حوالوں سے روز روشن کی طرح ثابت ہو گیا کہ پیغمبر اسلام ﷺ کے بعد چند شریر اور بدمعاش اٹھے، جنھوں نے نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا اور ان کی بیعت کرنے والے بدبخت لاکھوں کی تعداد میں پیدا ہو گئے۔ اسی طرح مرزا صاحب نے بھی نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا۔ چنانچہ مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ

''ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔''

(''دافع البلاء'' ص 10-11، ''بدر'' 5 مارچ 1908ء)

شاید کسی کے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ وہ جھوٹے نبی، منکر اسلام تھے جبکہ مرزائی بظاہر مصدق اسلام ہیں۔ سو اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ جو نوعیت، دعویٰ اسلام کی اس وقت مرزائیوں کی ہے، وہی نوعیت ان کی تھی۔ یعنی جس طرح مرزائی، مرزا قادیانی کے انکار کی وجہ سے تمام مسلمانوں کو کافر سمجھتے ہیں۔ اسی طرح وہ بھی مسلمانوں کو اپنے خانہ ساز پیغمبروں کے انکار کی وجہ سے کافر سمجھتے تھے۔ ورنہ اسلام کے دعویدار

www.sirat-e-mustaqeem.com

بظاہر وہ بھی تھے۔ چنانچہ اس امر کا اعتراف خود امت مرزائیہ کو بھی ہے۔ ملاحظہ ہو:

''مسیلمہ کذاب مع اپنی جماعت کے بظاہر اسلام میں داخل ہو چکا تھا۔ اعمال سحریہ وغیرہ میں اس کو بڑا دخل تھا۔ مسیلمہ کذاب کے ساتھ بہت کثیر آدمی ہو گئے تھے۔''

(''ریویو'' جلد 7، نمبر 6-7، ماہ جون و جولائی 1908ء، ص 226 قادیان)

مگر باوجود ان تمام ناقابل رہائی، ایمان ربا دل فریبیوں اور باطل پرستیوں کے، پھر بھی ان گرفتاران الحاد و ضلالت میں بعض اشخاص موجود ہوتے ہیں کہ جن میں فطرتی طور پر کوئی نہ کوئی نیکی اور خوبی پوشیدہ ہوتی ہے، جس کی بدولت کبھی نہ کبھی ایسے گمراہ انسان بھی خداوندان عالم کی رہنمائی میں صداقت ابدی یعنی نور اسلام کی طرف رجوع کر لیتے ہیں۔

ان میں سے ایک ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب بھی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کافی عرصہ مرزا قادیانی کے مرید رہے۔ آخر ہادی برحق نے ان کی رہنمائی کی اور ان کو شمع ہدایت سے منور فرمایا۔ **ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔**

چونکہ ڈاکٹر صاحب صدق و صفا کی خصلت رکھتے تھے اور رشد و سعادت کی علامات ان کے چہرے سے نمایاں تھیں۔ نیز خدا تعالیٰ کو منظور تھا کہ ان سے اسلام کی خدمات لی جائیں، اس لیے ترک مرزائیت کے بعد ڈاکٹر صاحب موصوف نے نہایت تحدی کے ساتھ یہ اعلان کیا کہ خداوند عالم نے بذریعہ الہام مجھے اطلاع دی ہے کہ میں صادق ہوں اور مرزا قادیانی کاذب، میں حق پر ہوں اور مرزا قادیانی باطل پر اور میرے صادق ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ مرزا قادیانی میری زندگی میں ہی ہلاک ہو گا۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ مجھے خدا کی طرف سے یہ الہام ہوا کہ

''مرزا مسرف، کذاب اور عیار ہے۔ صادق کے سامنے شریر ہلاک ہو گا۔''

(''اعلان الحق و اتمام الحجت'' ص 4، ''تبلیغ رسالت'' جلد 10، ص 115)

ڈاکٹر صاحب کا کیسا واضح اور صاف الہام ہے کہ صادق کے سامنے شریر ہلاک ہو گا۔ اب اس میں کسی تاویل وغیرہ کی گنجائش نہیں ہے۔ جو کاذب اور شریر ہو گا، وہ پہلے مرے گا۔

اب مرزا صاحب نے دیکھا کہ وہ شخص جس کو میں نے کل دنیا کے سامنے اپنے دعویٰ مہدویت میں بطور ایک دلیل کے پیش کیا تھا، آج وہ شخص نہ صرف مجھ سے منحرف ہی ہو گیا ہے، بلکہ میری مہدویت پر ضرب کاری لگاتا ہوا اور اس کو باطل کرتا ہوا نہایت تحدی سے یہ بھی اعلان کرتا ہے کہ وہ صادق اور میں شریر ہوں اور اپنی صداقت کا معیار پیش کرتا ہے کہ میں اس کی زندگی ہی میں ہلاک ہو جاؤں گا۔ اب مرزا جی نے ''ملا آں باشد کہ چپ نہ شود'' کی مثال کے مطابق ڈاکٹر عبدالحکیم خان کے مقابلے میں جواب شائع کیا۔ مگر کرشمہ قدرت دیکھئے کہ وہ جواب بھی برق آسمانی بن کر مرزا جی کے خانہ ساز دعویٰ مہدویت اور نبوت کو خاکستر کر کے رکھ گیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اب جواب ملاحظہ ہو۔ مرزا صاحب لکھتے ہیں:

''اس امر سے اکثر لوگ واقف ہوں گے کہ ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب، بیس برس تک میرے مریدوں میں داخل رہے۔ چند برس سے مجھ سے برگشتہ ہو کر سخت مخالف ہو گئے ہیں اور اپنے رسالہ المسیح الدجال میں میرا نام کذاب، مکار، شیطان، دجال، شریر، حرام خور رکھا ہے اور مجھے خائن، شکم پرست، نفس پرست، مفسد، مفتری اور خدا پر افترا کرنے والا قرار دیا ہے اور کوئی ایسا عیب نہیں ہے جو میرے ذمہ نہیں لگایا۔ گویا جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے۔ ان تمام بدیوں کا مجموعہ میرے سوا کوئی نہیں گزرا اور پھر اس پر کفایت نہیں کی بلکہ پنجاب کے بڑے بڑے شہروں کا دورہ کر کے میری عیب شماری کے بارہ لیکچر دیے اور انواع و اقسام کی بدیاں عام جلسوں میں میرے ذمہ لگائیں اور میرے وجود کو دنیا کے لیے ایک خطرناک شیطان سے بدتر ظاہر کیا اور پھر میاں عبدالحکیم صاحب نے اسی پر بس نہیں کی بلکہ ہر ایک لیکچر کے ساتھ یہ پیش گوئی بھی صدہا آدمیوں میں شائع کی کہ مجھے خدا نے الہام کیا ہے، کہ یہ شخص تین سال کے عرصہ میں فنا ہو جائے گا، کیونکہ وہ کذاب اور مفتری ہے۔ میں نے اس کی ان پیشین گوئیوں پر صبر کیا مگر آج جو 14 اگست 1906ء ہے۔ پھر اس کا خط آیا ہے۔ اس میں بھی لکھا ہے کہ 12 جولائی 1906ء کو خدا تعالیٰ نے اس شخص کے ہلاک ہونے کی خبر مجھے دی ہے کہ اس تاریخ سے تین برس تک ہلاک ہو جائے گا۔ جب اس حد تک نوبت پہنچ گئی تو اب میں بھی اس بات میں کوئی مضائقہ نہیں دیکھتا، کہ جو کچھ خدا نے اس کی نسبت میرے پر ظاہر فرمایا ہے، میں بھی شائع کروں۔ کیونکہ اگر درحقیقت میں خدا تعالیٰ کے نزدیک کذاب ہوں، تو اس صورت میں تمام بدکرداروں سے بڑھ کر سزا کے لائق ہوں تا کہ لوگ میرے فتنہ سے نجات پائیں۔

وہ پیش گوئی جو خدا کی طرف سے میاں عبدالحکیم خان صاحب اسسٹنٹ سرجن پٹیالہ کی نسبت مجھے معلوم ہوئی ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں خدا کے مقبولوں میں قبولیت کے نمونے اور علامتیں ہوتی ہیں، ان پر کوئی غالب نہیں آ سکتا۔ رَبِّ فَرِّقْ بَیْنَ صَادِقٍ وَ کَاذِبٍ.''

(المشتہر مرزا غلام احمد مسیح موعود قادیانی، 16 اگست 1906ء ''تبلیغ رسالت'' جلد 10 ص 113)

مرزا قادیانی نے کہا کہ خدا نے مجھے فرمایا:

''میں رحمان ہوں، میری مدد کا منتظر رہ اور اپنے دشمن کو کہہ دے کہ خدا تجھ سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

مواخذہ لے گا اور پھر فرمایا کہ میں تیری عمر کو بھی بڑھا دوں گا۔ یعنی دشمن جو کہتا ہے کہ صرف جولائی 1907ء سے چودہ مہینے تک تیری عمر کے دن رہ گئے ہیں۔ میں اس کو جھوٹا کروں گا اور تیری عمر کو بڑھا دوں گا تا کہ معلوم ہو کہ میں خدا ہوں، یہ عظیم الشان پیش گوئی ہے، جس میں میری فتح اور دشمن کی شکست کا بیان فرمایا ہے اور دشمن جو میری موت چاہتا ہے، وہ خود میری آنکھوں کے روبرو اصحاب فیل کی طرح نابود اور تباہ ہوگا۔" (خاکسار مرزا غلام احمد، 5 نومبر 1907ء، "تبلیغ رسالت" جلد 10، ص 131)

"آخری دشمن اب ایک اور پیدا ہوا ہے۔ جس کا نام عبدالحکیم خان ہے اور وہ ڈاکٹر ہے اور وہ ریاست پٹیالہ کا رہنے والا ہے۔ جس کا دعویٰ ہے کہ میں اس کی زندگی میں ہی 4 اگست 1908ء تک ہلاک ہو جاؤں گا اور یہ اس کی سچائی کے لیے ایک نشان ہوگا۔ یہ شخص الہام کا دعویٰ کرتا ہے اور مجھے دجال اور کافر اور کذاب قرار دیتا ہے...... اس نے یہ پیش گوئی کی ہے کہ میں اس کی زندگی میں ہی 4 اگست 1908ء تک اس کے سامنے ہلاک ہو جاؤں گا۔ مگر خدا نے اس کی پیش گوئی کے مقابل پر مجھے خبر دی ہے کہ وہ خود عذاب میں مبتلا کیا جائے گا اور خدا اس کو ہلاک کرے گا اور میں اس کے شر سے محفوظ رہوں گا۔ سو یہ وہ مقدمہ ہے جس کا فیصلہ خدا کے ہاتھ میں ہے۔ بلاشبہ یہ سچ بات ہے کہ جو شخص خدا تعالیٰ کی نظر میں صادق ہے۔ خدا اس کی مدد کرے گا۔"

("چشمہ معرفت" مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی، ص 321 مندرجہ روحانی خزائن ج 23 ص 337)

حق و باطل کا فیصلہ کن معرکہ آپ کے سامنے ہے۔ جناب ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب کا یہ الہام کہ صادق کے سامنے شریر ہلاک ہوگا۔ حرف بحرف پورا ہوا اور مرزا جی کا الہام کہ میرا دشمن یعنی ڈاکٹر عبدالحکیم میری آنکھوں کے سامنے ہلاک ہوگا اور خدا میری عمر کو بڑھا دے گا، از سر تا پا غلط ثابت ہوا۔"

(قادیانیت سے اسلام تک از محمد متین خالد)

مرزا قادیانی 26 مئی 1908ء کو ڈاکٹر صاحب کی پیشگوئی کے عین مطابق 4 اگست 1908ء سے پہلے پہلے مر گیا۔ اور ڈاکٹر عبدالحکیم مرزا قادیانی کے مرنے کے گیارہ برس بعد تک زندہ رہا۔ وہ 1919ء میں فوت ہوا۔ ڈاکٹر صاحب کی پیشگوئی سچی نکلی اور مرزا صاحب کی جھوٹی۔ مرزائیوں کے لیے مرزا قادیانی کی کتاب "چشمہ معرفت" کا صفحہ 337,336 مرزا قادیانی کی ذلت اور رسوائی کا قیامت خیز زلزلہ بنا ہوا ہے۔

مرزا قادیانی تو مومن پکارے
کھول کے، خس کم جہاں پاک، سارے

www.sirat-e-mustaqeem.com

حکیم نورالدین

26 مئی 1908ء کو مرزا قادیانی لاہور میں دائمی پیچش اور وبائی ہیضہ کی وجہ سے جہنم واصل ہوا تو اس کا قریبی ساتھی حکیم نورالدین قادیان کی گدی پر پہلا خلیفہ مقرر ہوا، حالانکہ مرزا قادیانی کی واضح ہدایات تھیں کہ میرے بعد احمدی معاملات کو ایک انجمن چلائے۔ حکیم نورالدین بھیرہ ضلع سرگودھا کے ایک حجام گھرانے سے تعلق رکھتا تھا۔ وہ 1841ء میں بھیرہ میں پیدا ہوا۔ بارہ سال کی عمر میں اس نے اپنے بھائی سے عربی پڑھنا شروع کی اور اوائل عمری میں ہی وہ اپنے باپ کے ساتھ اسلامی علوم، منطق اور فلسفہ کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لاہور آ گیا۔ بعد میں اس نے علم الادویہ کو زیادہ وقت دینا شروع کر دیا۔ وہ دینی علم اور عربی کی اعلیٰ تعلیم کے لیے رامپور، بھوپال، روہیل کھنڈ اور دہلی بھی گیا۔ کچھ عرصہ کے لیے وہ پنڈ دادنخان کے ایک سکول میں بطور معلم کام کرتا رہا، پھر واپس بھیرہ آ کر معالج کے طور پر کام شروع کر دیا۔

1876ء میں اسے مہاراجہ کشمیر رنبیر سنگھ کے دربار میں شاہی معالج کی ملازمت مل گئی۔ اس عہدہ کے حصول میں ریاست کے ہندو پولیس آفیسر لالہ متھرا داس اور مشہور کشمیری مورخ دیوان کرپارام نے اس کی مدد کی۔ مہاراجہ رنبیر سنگھ نہایت عیاش اور بدمعاش تھا۔ وہ شراب کے ساتھ ساتھ کچے اور پکے گوشت کا عادی تھا۔ حکیم نورالدین دن بھر اس کے لیے کشتے تیار کرتا تا کہ وہ رات کو تازہ دم ہو کر نوجوان دوشیزاؤں کی عصمتیں لوٹ سکے۔ 1877ء میں حکیم نورالدین نے دہلی دربار میں حاضری دی جس میں اس نے ملکہ وکٹوریہ کو قیصرۂ ہند کا خطاب دیا۔

معروف سکالر اور مورخ جناب بشیر احمد صاحب اپنی کتاب Ahmadiya Movement: British Jewish Connections جس کا اردو ترجمہ جناب احمد علی ظفر صاحب نے ''تحریک احمدیت، یہودی و سامراجی گٹھ جوڑ'' کے نام سے کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

''حکیم صاحب ایک معاملہ فہم اور شاطر آدمی تھے۔ انہوں نے مختلف مواقع پر کشمیر کی سیر کے لیے آنے والے برطانوی حکام سے روابط رکھے اور ان میں سے بعض کے ساتھ تعلقات پروان چڑھائے۔ برطانوی حکومت نے ان کو کشمیر دربار میں اپنا مخبر مقرر کر دیا۔ کشمیر دربار کے بارے میں دی گئی ان کی اطلاع

www.sirat-e-mustaqeem.com

کوحکومت بڑی اہمیت دیتی تھی۔ انیسویں صدی کے اختتام پر وسط ایشیا میں روسی سرگرمیوں سے برطانوی پریشان تھے۔ حکیم صاحب نے مہاراجہ رنبیر سنگھ کے ان معانقوں پر گہری نظر رکھی جو وہ زارِ روس کے ساتھ انگریزوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے کر رہا تھا۔

مہاراجہ نے روسی امداد کے حصول کے لیے ایک چار رکنی وفد روس بھیجا۔ اس وفد کے رہنما کو دو ایلچیوں سمیت راستے میں ہی قتل کر دیا گیا۔ غالباً وسط ایشیا میں سرگرم برطانوی جاسوسوں کے طاقتور حلقے نے انہیں ختم کر دیا اور مہاراجہ کی طرف سے تاشقند کے روسی حکام کو لکھا جانے والا خط بھی راستے میں ہی غائب ہوگیا۔ زندہ بچ جانے والے اشخاص عبدالرحمٰن خان اور سرفراز خان نومبر 1865ء میں تاشقند پہنچے۔ رُوسی جنرل چرنایوف نے ان کا استقبال کیا۔ مہاراجہ نے روس سے معاہدۂ دوستی اور امکانی مدد کی درخواست کی تھی۔ یہ گفتگو ناکام ہوگئی کیونکہ زار حکومت ہندوستان میں آزادی کے مقصد کو پروان چڑھانے میں دلچسپی نہیں رکھتی تھی۔ مہاراجہ رنبیر سنگھ نے بابا کرم پرکاش کی سربراہی میں 1870ء میں ایک اور وفد تاشقند بھیجا تاکہ روسی فوجی مدد حاصل کر سکے مگر یہ وفد بھی کوئی کامیابی حاصل کرنے میں ناکام رہا۔

رنبیر سنگھ کی وفات کے بعد پرتاپ سنگھ (1885-1925ء) تخت کشمیر پر بیٹھا۔ اس کا چھوٹا بھائی رام سنگھ اور سب سے چھوٹا امر سنگھ تھا۔ معاہدۂ امرتسر کے تحت پرتاپ سنگھ ریاست کے جملہ امور اپنی نگرانی میں رکھنا چاہتا تھا جبکہ برطانوی حکومت اپنی بالادستی برقرار رکھنا چاہتی تھی۔ چنانچہ کشمیر میں ایک ریذیڈنٹ (برطانوی حکومت کا ایجنٹ جو وائسرائے کی طرف سے ریاست میں متعین ہوتا تھا) کا تقرر کیا گیا جس کا کام ریاست کے اندرونی حالات پر نظر رکھنا تھا۔ اس میں روسی توسیع پسندی اور داخلی تبدیلیوں کا جائزہ لینا شامل تھا۔ مہاراجہ نے انگریز ریذیڈنٹ کا تقرر بامر مجبوری قبول کرلیا۔ پہلا ریذیڈنٹ سر اولیور سینٹ جان تھا جس کے بعد پلاؤڈن اور کرنل پیری نسبت تعینات کیے گئے۔ اپنی تقرری کے کچھ عرصہ بعد ہی نسبت نے چند خطوط پکڑے جو اس نے پرتاپ سنگھ کے نام منسوب کیے۔ یہ خطوط اس نے زارِ روس کو لکھے تھے۔ لندن اور (اس وقت کے دارالحکومت ہند) کلکتہ نے اس پر شدید ردِ عمل کا اظہار کیا۔ معاہدہ امرتسر کو پس پشت ڈال کر انگریز نے ریاست کے برطانوی عملداری سے الحاق کا فیصلہ کرلیا۔ امر سنگھ نے جو کرنل نسبت کے ساتھ مل کر درپردہ حصول اقتدار کے لیے سرگرم عمل تھا، پرتاپ سنگھ سے زبردستی انتظامی امور سے دستبرداری کے پروانہ پر دستخط کرا لیے۔

حکیم نورالدین نے برطانوی ریذیڈنٹ کے آلہ کار اور امر سنگھ کے ساتھی کے طور پر کام کیا۔ حکیم صاحب درباری سازشوں میں پوری طرح ملوث تھے۔ انگریزوں نے پوری طرح ریاست کا الحاق کرلیا ہوتا مگر حالات کے دھارے نے ایک نیا رخ اختیار کرلیا۔ ایک قوم پرست اخبار ''امرت بازار پتریکا کلکتہ'' نے پرتاپ سنگھ کے دستخطوں سے وائسرائے ہند کو لکھا گیا ایک خط پہلی دفعہ چھاپ دیا، جس میں اس نے اپنے

www.sirat-e-mustaqeem.com

اوپر لگائے گئے تمام الزامات سے انکار کر دیا تھا۔ دوسرے واقعہ میں اس اخبار نے ایک اعلیٰ خفیہ تحریر چھاپ دی جس میں برطانوی سیکرٹری خارجہ نے حکومت ہند کو تمام سرحدی ریاستوں کے الحاق کا مشورہ دیا تھا۔ برطانوی حکومت پہلے مرحلے میں گلگت کو اپنے ساتھ ملانا چاہتی تھی۔ ایک ہندوستانی قوم پرست صوفی امباپرشاد نے جو اپنے آپ کو گونگا اور بہرا ظاہر کرتا تھا اور برطانوی ریذیڈنٹ کے دفتر میں ملازم تھا، یہ خفیہ کاغذات اخبار کے حوالے کر دیئے۔ دو برطانوی پارلیمانی ارکان ولیم ڈگبی اور بریڈلا نے مہاراجہ کے دفاع میں کئی مضامین لکھے۔ آخرکار برطانوی حکومت مجبور ہو کر ریاست کے الحاق سے باز آ گئی۔

نورالدین نے امر سنگھ پر اپنا خاصا اثر و رسوخ قائم کر لیا تھا۔ انہوں نے اسے قائل کر لیا تھا کہ حصولِ اقتدار کے لیے برطانوی امداد حاصل کرے۔ نورالدین نے کشتوار پر برطانوی راج کے قیام کے لیے بھی ایک سازش کی داغ بیل ڈالی مگر یہ منصوبہ برطانوی سیاسی محکمہ نے ترک کر دیا۔ محرم علی چشتی بھی اس منصوبے میں ان کا شریک کار تھا جس کو بعد میں کشمیر سے نکال دیا گیا۔ اس نے اخبار ''رفیق ہند لاہور'' کی ادارت شروع کر دی۔

1889ء میں انگریز نے کشمیر کے نظم و نسق کے لیے ایک مجلس قائم کی اور مہاراجہ کے اختیارات محدود کر دیئے۔ مجلس میں رام سنگھ، امر سنگھ، ایک برطانوی آفیسر، پنڈت سورج کول اور پنڈت بھاگ رام شامل تھے۔ تمام انتظامی اختیارات امر سنگھ کے ہاتھ میں تھے جو اس مجلس کا سربراہ تھا۔ 1891ء تک یہ سلسلہ رہا۔ بعد میں پرتاپ سنگھ انگریز کو وفاداری کی یقین دہانی کروا کر اس مجلس کا سربراہ بن گیا۔ سورج کول نورالدین کو اس کی خفیہ سرگرمیوں اور برطانوی ریذیڈنٹ کے ساتھ تعلقات کی بناء پر سخت ناپسند کرتا تھا۔ جونہی پرتاپ سنگھ مجلس کا سربراہ اور امر سنگھ اس کا نائب سربراہ بنا، اس نے فوری طور پر حکیم نورالدین کی چوبیس گھنٹے کے اندر اندر ریاست بدری کے احکامات جاری کر دیئے۔ حکیم صاحب کو چوبیس گھنٹے کے اندر ریاست کشمیر چھوڑنا پڑی۔ اس طرح حکیم صاحب جو کہ بدنام درباری سازشی اور برطانوی آلۂ کار تھے بہت جلد ریاست چھوڑ کر اپنے آبائی گاؤں بھیرہ آ گئے۔ بعد ازاں انہوں نے قادیان میں سکونت اختیار کر لی۔ راجہ امر سنگھ نے ان کے ساتھ تعلقات قائم رکھے اور انہیں خفیہ طور پر خطوط لکھتا رہا۔ اس واقعہ کے بعد بھی وہ ان کی عزت کرتا تھا۔

شیخ یعقوب علی قادیانی کہتا ہے کہ نورالدین کے مخالفین انہیں الزام دیتے ہیں کہ وہ مہاراجہ پرتاپ سنگھ کی بجائے مہاراجہ امر سنگھ کو تخت نشین کرانے کے لیے ایک سیاسی سازش کا تانا بانا بنتے رہے۔ یہی ان کی ریاست سے اخراج کی وجہ تھی۔''

1881ء یا اس کے لگ بھگ حکیم نورالدین کے مرزا غلام احمد قادیانی سے تعلقات قائم ہو گئے۔ اس نے فوراً ہی مرزا قادیانی کے متدعویہ نظریات و عقائد کا اثر قبول کر لیا اور اپنے آپ کو مذہب بالخصوص

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانی عقائد کے لیے مختص کر دیا۔ مولانا ابوالحسن ندویؒ سمیت بہت سارے علمائے اسلام کا کہنا ہے کہ قادیانی تحریک کے پیچھے اصل دماغ حکیم نورالدین کا تھا۔ نورالدین کی تدابیر اور پلاننگ ہی تھی جو اس تحریک نے یکدم شہرت پکڑی۔

حکیم نورالدین بھی مرزا قادیانی کی طرح عیاش طبع اور رنگین مزاج تھا۔ اس نے جنسی موج مستی کے علاوہ تین شادیاں کیں۔ خود اس کا اپنا بیان ہے:

''میری تین بیویاں ہوئیں جن میں دو آپس میں لڑتی بھی تھیں۔ میں نے اس بات کے معلوم کرنے کی کہ لڑائی کی بنیاد کیا ہے، بہت کوشش کی لیکن بعض باتوں کا مجھ کو آج تک بھی پتہ نہیں چلا۔ جب اپنے گھر کے متعلق اور اپنے متعلق واقعہ کی یہ حالت ہے تو دوسرے واقعات اور تاریخ پر کیا اعتماد ہو سکتا ہے۔'' (مرقاۃ الیقین فی حیوۃ نورالدین از اکبر شاہ خاں نجیب آبادی ص 137)

پھر لکھا:

''میں ایک مرتبہ ایک عیسائی عورت سے شادی کرنے لگا تھا لیکن صرف پردہ کے مشکلات کے باعث باز رہا۔'' (حکیم نورالدین کا قول مندرجہ کتاب مرقاۃ الیقین فی حیوۃ نورالدین از اکبر شاہ خاں نجیب آبادی)

اس کی پہلی شادی تیس سال کی عمر میں بھیرہ کی فاطمہ نامی ایک خاتون سے ہوئی۔ نکاح کے موقع پر لڑکی والوں کی طرف سے حق مہر پر جھگڑا بھی ہوا مگر لڑکی کے والد کی مداخلت سے معاملہ ٹھپ گیا۔ اس واقعہ سے حکیم نورالدین کے مزاج پر گہرا اثر پڑا۔ میاں بیوی کے درمیان ایک عرصہ ناچاقی رہی۔ بعد ازاں اس نے لدھیانہ کی ایک خاتون سے دھوکے سے شادی کی۔ اس شادی کا حال جناب ابوالقاسم محمد رفیق دلاوریؒ کی زبانی سنیے:

''حکیم نورالدین صاحب بھی حسن و ملاحت کے کچھ کم قدردان نہ تھے۔ انہوں نے دیکھا کہ ان کے مرید یا دوست مشفق مرزا صاحب بڑھاپے میں نئی دلہن بیاہ لائے اور ارمان بھرے دل کی آرزوئیں پوری ہوئیں تو ان کی آتش شوق بھی بھڑک اٹھی اور دل میں جنون انگیز جذبات ہجوم کرنے لگے کہ کسی نوخیز مہوش کو حبالۂ نکاح میں لائیں۔

مرا عمر از برائے وصل یار نازنین باید
گر آن دولت نہ باشد زندگی دیگر چہ کار آید

اس وقت حکیم صاحب اپنی عمر کی قریباً ساٹھ منزلیں طے کر چکے تھے۔ مرزا قادیانی کی طرح ان کی بھی پہلی بیوی موجود تھی اور ان کی طرح صاحب اولاد بھی تھے۔ لیکن فرق یہ تھا کہ مرزا قادیانی نے اپنی پہلی بیوی محترمہ حرمت بی بی کو کئی سال سے معلقہ کر رکھا تھا اور وہ جرم ناآشنا تادم واپسیں اپنے بھائی کے گھر میں اُجڑی بیٹھی رہیں لیکن حکیم صاحب اپنی رفیقۂ حیات سے نہایت شریفانہ سلوک کرتے تھے۔ دوسرا فرق

www.sirat-e-mustaqeem.com

یہ تھا کہ مرزا قادیانی نے اپنی پہلی اولاد سے قطع تعلق کر رکھا تھا لیکن حکیم صاحب اپنی اولاد کے حق میں شفقت پدری اور حسن سلوک کے تمام لوازم انجام دیتے تھے۔ معاشرت کا یہ فرق شاید اس علت پر مبنی تھا کہ حکیم صاحب کسی آسمانی منصب پر فائز نہیں تھے۔ اگر مرزا قادیانی کی طرح وہ بھی مجدد زمان اور مسیح دوران ہوتے تو ان کا بھی اہل و عیال کے ساتھ شاید وہی برتاؤ ہوتا جو قادیاں کے مجدد اعظم کا طغرائے امتیاز تھا۔ بہرحال جب بڑھاپے میں گلشن نوجوانی کی گل چینی کا شوق سر سرایا تو حکیم صاحب نے مرزا صاحب کو لکھا کہ کہیں میرے لیے بھی اپنے حلقہ مریدین میں کسی ''دُرِناسفتہ'' کا انتظام فرما دیجیے۔

لدھیانہ میں احمد جان نامی ایک شخص پیری مریدی کرتا تھا۔ بدنصیبی سے وہ شخص کسی طرح قادیاں کے دام تزویر میں پھنس گیا اور قبول مرزائیت کے تھوڑے ہی دن بعد دنیا سے رخصت ہو گیا۔ اس نے بارہ تیرہ سال کی ایک نہایت حسینہ لڑکی پیچھے چھوڑی تھی۔ مرزا قادیانی نے اپنے مرید خاص میر عباس علی لدھیانوی کو لکھا کہ ''حکیم نورالدین صاحب کے لیے اس لڑکی کی بات چیت کرو۔'' میر عباس علی نے لڑکی کی ماں اور بھائی سے گفتگو کی اور بہلا پھسلا کر ان کو راضی کر لیا۔ لیکن انہوں نے اس ازدواج کو اس شرط کے ساتھ مشروط کیا کہ وہ حنفی ہوں۔ اگر وہابی ہوں گے تو ہمیں قطعاً منظور نہیں ہے۔ گو مرزائی ہو جانے کے بعد نہ کوئی شخص حنفی رہ سکتا ہے، نہ اہل حدیث لیکن چونکہ اس وقت تک مرزا صاحب اور ان کے پیروؤں کو بہت کم لوگ مرتد اور خارج از اسلام گمان کرتے تھے، اس لیے شاید بعض لوگوں کو یہ غلط فہمی ہو گی کہ تقلید اور عدم تقلید ائمہ بھی مرزائیت کے ساتھ جمع ہو سکتی ہے۔ ارتداد سے پہلے مرزا صاحب اور حکیم نورالدین صاحب دونوں ''اہل حدیث'' تھے۔ اور چونکہ اس وقت تک ان کے مذہبی رویہ میں اسلام کی کچھ نہ کچھ رمق باقی تھی اس لیے یہ خود بھی اب تک اہل حدیث ہی کہلاتے تھے۔ چنانچہ مولوی محمد حسین مرحوم بٹالوی نے مرزا قادیانی کی نسبت لکھا کہ ''اہل حدیث جو قادیانی کو اہل حدیث سمجھ کر ان کے پنجے میں پھنسے ہوئے ہیں، اس دعوائے تحریف کو ایمان و انصاف سے دیکھیں تو ان کو منکر صحت احادیث صحیحین جان لیں۔ (اشاعۃ السنہ، جلد 13، ص 229) اور لکھا کہ ''قادیانی صاحب اہل حدیث کہلا کر بعض احادیث صحیحین کی صحت سے انکاری ہوتے ہیں۔'' (ایضاً ص 334) میر عباس علی لدھیانوی نے مرزا صاحب کو اطلاع دی کہ لڑکی والے حنفیت کی شرط لگاتے ہیں۔ وہابی کو وہ لڑکی ہرگز نہ دیں گے۔

لیکن اہل حدیث کو حنفی ظاہر کر دینا قادیانی صاحب کے لیے کون سا مشکل کام تھا؟ انہوں نے حکیم صاحب کو لکھ بھیجا کہ وہ اپنے حنفی ہونے کا (منافقانہ) اظہار کر دیں۔ اس سلسلہ میں مرزا صاحب نے 23 جنوری 1888ء کو حکیم صاحب کے نام جو چٹھی لکھی وہ ملاحظہ ہو۔ ارشاد ہوتا ہے۔ ''اس عاجز نے آن مخدوم کے نکاحِ ثانی کی تجویز کے لیے کئی جگہ خط روانہ کیے تھے۔ ایک جگہ سے جو جواب آیا ہے وہ کسی قدر حسب مراد معلوم ہوتا ہے یعنی میر عباس علی شاہ لدھیانوی کا خط جو روانۂ خدمت کرتا ہوں۔ اس میں ایک

www.sirat-e-mustaqeem.com

شرط عجیب ہے کہ حنفی ہوں غیر مقلد نہ ہوں۔ چونکہ میر صاحب حنفی ہیں اور میرے مخلص دوست منشی احمد جان صاحب جن کی بابرکت لڑکی سے یہ تجویز درپیش ہے پکے حنفی تھے اور ان کے مرید جو اس علاقہ میں بکثرت پائے جاتے ہیں، سب حنفی ہیں اس لیے حنفیت کی قید بھی لگا دی گئی۔ یوں حنیفاً مسلما میں سب مسلمان داخل ہیں لیکن اس قید کا جواب بھی معقولیت سے دیا جائے تو بہتر ہے۔ منشی احمد جان مرحوم جب تک زندہ رہے خدمت کرتے رہے۔ دوسرے تیسرے مہینے کسی قدر روپے اپنے رزقِ خداداد سے مجھے بھیجتے رہے۔ چونکہ وہ عالی خیال اور صوفی تھے اس لیے ان میں تعصب نہیں تھا۔ میری نسبت وہ خوب جانتے تھے کہ یہ حنفی تقلید پر قائم نہیں ہیں اور نہ اسے پسند کرتے ہیں لیکن پھر بھی یہ خیال انہیں محبت اور اخلاص سے نہیں روکتا تھا۔ لڑکی کا بھائی صاحبزادہ افتخار احمد صاحب بھی نوجوان صالح ہے۔ اب دو باتیں تدبیر طلب ہیں۔ اول یہ کہ ان کی حنفیت کے سوال کا کیا جواب دیا جائے۔ دوسرے اگر رضامندی فریقین کی ہو جائے تو لڑکی کے ظاہری حلیہ سے بھی اطلاع ہو جانی چاہیے۔ مجھ سے میر عباس علی صاحب نے اپنے سوالات مستفسرہ خط کا بہت جلد جواب طلب کیا ہے۔ اس لیے مکلّف ہوں کہ جہاں تک ممکن ہو جلد تر جواب ارسال فرما دیں۔ ابھی میں نے تصریح سے آپ کا نام ان پر ظاہر نہیں کیا۔" (مکتوباتِ احمدیہ، جلد 5، نمبر 2، ص 53-54)

دوسرے خط میں لکھا کہ میں نے خاص صاحب اسرار اور واقف لوگوں سے اس لڑکی کی بہت تعریف سنی ہے۔ صاحبزادہ افتخار احمد صاحب اور ان کے تمام اعزہ متعلقین کے دل پر تقلید حنفی کا بڑا رعب طاری ہے اور مدت دراز کی عادت جو طبیعت ثانیہ کا حکم پیدا کر لیتی ہے اگر خدا تعالیٰ چاہے تو تدریجاً دور ہو سکتی ہے۔ یکبارگی تبدیلی گو قلب ماہیت میں داخل ہے۔ اس موقع میں تمام تر حکمت عملی حلم و رفق و درگزر و زیادتِ محبت و مؤدت و غائبانہ دعا میں ہے۔ میرے گھر کے لوگوں کے خیالات موحدین (اہل حدیث) کے ہیں۔ اول تو خیالات میں خشک موحدین کی طرح حد سے زیادہ غلو تھا۔ مگر اب میں نے کوشش کی ہے کہ اس ناجائز غلو کو کچھ گھٹا دیا جائے۔ چنانچہ میرے خیال میں وہ کسی قدر گھٹ بھی گیا ہے۔ میرے گھر کے لوگوں نے ذکر کیا تھا کہ انہوں نے (یعنی آپ کے گھر والوں نے) لدھیانہ میں کسی تقریب سے یہ ذکر کیا تھا کہ اب تک تو مولوی صاحب (حکیم نور الدین صاحب) کا حنفیوں کا طریق معلوم ہوتا ہے۔ مگر میں ڈرتی ہوں کہ کہیں وہابی نہ ہوں۔ اور اب تک تو میں نے وہابیوں کی بات ان میں کوئی دیکھی نہیں۔ انہوں نے اس کے جواب میں مناسب نہ سمجھا کہ اپنی رائے ظاہر کریں۔ (یہاں سے مرزائی جامع اوراق نے کچھ عبارت حذف کر دی ہے۔ راقم) چونکہ عورتوں کی باتیں عورتوں کے دلوں پر بڑا اثر ڈالتی ہیں اس لیے آپ کے گھر کے لوگوں کی بشیر کی والدہ سے ملاقات منتج حسنات ہو سکتی ہے۔ (ایضاً ص (61)) گو مکتوبات احمدیہ کے جامع نے مرزا قادیانی کے ان الفاظ کو جو ساری چٹھی کی جان تھے حذف کر کے ان کی جگہ نقطے دے دیئے ہیں لیکن یقین ہے کہ مجدد صاحب نے حکیم صاحب کو لکھا تھا کہ تم مصلحتہً اپنے تئیں حنفی ظاہر کرو۔ میرے اس خیال کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

تائید صاحبزادہ بشیر احمد صاحب ایم اے کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ حافظ روشن علی صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک دفعہ کسی دینی ضرورت کے ماتحت حضرت مسیح موعود نے حضرت مولوی نورالدین صاحب کو یہ لکھا کہ آپ یہ اعلان فرما دیں کہ میں حنفی المذہب ہوں حالانکہ آپ جانتے تھے کہ حضرت مولوی صاحب عقیدتاً اہل حدیث تھے۔ حضرت مولوی نورالدین صاحب نے اس کے جواب میں حضرت مرزا صاحب کی خدمت میں ایک پوسٹ کارڈ ارسال کیا جس میں لکھا۔

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید

کہ سالک بے خبر نبود زراہ و رسمِ منزلہا

اور اس کے نیچے نورالدین حنفی کے الفاظ لکھ دیئے۔ (سیرۃ المہدی، جلد 2 ص 48) غرض غیر مقلد کو مقلد ظاہر کر کے افتخار احمد اور اس کی ماں کو راضی کر لیا گیا اور حکیم صاحب ان کی لڑکی کو بیاہ لائے۔ واقعی چودھویں صدی کی مجددیت کو یہی دیانت اور صداقت زیب دیتی تھی۔"

(رئیس قادیاں از مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوری ص 269 تا 273)

حکیم نورالدین "برعکس نہند نام زنگی کافور" کا مصداق تھا۔ اس کے نصرت جہاں بیگم سے ناجائز تعلقات تھے۔ اس نے اپنی اداؤں کے تیر، جسمانی خم اور ابھار کے کرشموں سے نورالدین کو خیرہ کر رکھا تھا۔ ایک دفعہ حکیم نورالدین نے جون 1912ء کو احمدیہ بلڈنگس لاہور میں اپنی تقریر میں کہا: میں ایک امر واقعہ کا اعلان کرتا ہوں کہ "نصرت جہاں بیگم کے منہ سے بیسیوں مرتبہ میں نے سنا ہے کہ میں تو آپ کی لونڈی ہوں۔" (سوانح فضل عمر از مرزا طاہر احمد ص 206)

حکیم نورالدین اس کے عشوہ و ادا کے جال میں ایسا پھنسا کہ بس اسی کا ہو کر رہ گیا۔ نصرت جہاں بیگم مرزا قادیانی کے انداز محبت سے مطمئن نہ تھی۔ کیونکہ مرزا قادیانی نامرد تھا۔ اس کا اعتراف اس نے حکیم نورالدین کے نام اپنے کئی ایک خطوط میں کیا۔ علاوہ ازیں وہ کئی بیماریوں میں مبتلا تھا۔ پھر عدالتی مقدمات، تحریر و تصنیف اور مناظروں میں اس قدر کھویا رہتا کہ کئی کئی ماہ گھر سے باہر رہتا۔ جبکہ نصرت جہاں بیگم عمدہ قد کی جوان بچھیری تھی جو چاہتی تھی کہ کوئی حبشی ہو اور اسے استعمال کرے۔ فتنہ روزگار اور خیر و شر کی جملہ اخلاقی اقدار سے بے نیاز نصرت جہاں بیگم نے اپنے کرتوتوں کی وہ جولانیاں دکھائیں کہ خود شیطنت دانتوں انگلیاں دے کر رہ گئی۔ نصرت پکے ہوئے آم کی طرح حکیم نورالدین کی جھولی میں گر گئی۔ اور پھر دونوں نے ایک عرصہ تک عیش و عشرت کا بازار گرم کیے رکھا۔ ایک بار کسی نے مرزا قادیانی کو اطلاع دی کہ آپ کی غیر موجودگی میں نصرت جہاں بیگم، حکیم نورالدین کے علاوہ بھی کئی اشخاص سے جنسی روابط بڑھانے میں کوشاں ہے تو مرزا قادیانی نے اس پر خاموشی اختیار کی۔

کتنے دلوں پہ لایا خرابی؟

اے نصرت! تیرا حسن شرابی

www.sirat-e-mustaqeem.com

18 نومبر 1910ء کو حکیم نورالدین قادیان میں گھوڑے پر سوار تھا کہ اچانک گھوڑے کے بدک کر تیز ہو جانے سے وہ حواس باختہ ہو گیا۔ گھوڑے کی لگام میں کھینچنے کے باوجود وہ تیز دوڑ رہا تھا۔ ایک موڑ کے آگے ایک شخص مہرالدین آتشباز کے مکان کے قریب پہنچ کر اس کا پاؤں رکاب ہی میں لٹک گیا اور کئی فرلانگ تک گھسٹتا ہی چلا گیا۔ لوگوں نے دیکھا تو ایک شور مچ گیا۔ چند ایک نے ہمت کی اور بھاگ کر گھوڑے کی لگام پکڑ لی۔ گھوڑا انہیں دھکیل کر کافی دور لے گیا۔ اسی اثناء میں حکیم نورالدین کا پاؤں رکاب سے نکل گیا۔ وہ ایک بڑے پتھر پر گرا اور ماتھے پر سخت چوٹ آئی، اور بائیں ٹانگ ٹوٹ گئی۔ سر سے بے حد خون نکل رہا تھا جو سر پر پانی ڈالنے کے باوجود بند نہ ہوا۔ شیخ رحمت اللہ قادیانی کی بیوی نے اپنے دوپٹے سے خون صاف کیا۔ تھوڑی دیر بعد ہوش آیا تو اس کا شاگرد حکیم غلام محمد امرتسری اس کی چارپائی اٹھا کر اس کے مکان میں لے آیا۔ قادیانی ڈاکٹروں (ڈاکٹر محمد حسین شاہ، ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ، ڈاکٹر کرم الٰہی، ڈاکٹر خلیفہ رشیدالدین وغیرہ) نے علاج معالجہ کیا تو پتہ چلا کہ جسم کے کئی حصوں پر گہرے زخم آئے ہیں۔ وہ تقریباً تین سال تک بستر علالت پر پڑا رہا۔ ٹانگ کا زخم ٹھیک نہ ہوا اور بگڑ کر گنگرین میں تبدیل ہو گیا۔ اس کے علاوہ اس کی دماغی قوتیں شدت سے متاثر ہوئیں اور ذہنی توازن بری طرح بگڑنے لگا۔ وہ خالی خالی آنکھوں سے خلاء میں تکتا رہتا۔ ایک عرصے تک اس سے خلاف عقل اور توہم پرستانہ حرکات سرزد ہوتی رہیں۔ ایک دن یکا یک قوت گویائی کھو بیٹھا۔ لہٰذا فوری طور پر میڈیکل کالج لاہور کے مشہور پروفیسر ڈاکٹر میجر ہرڈ (Herd) کو علاج کے لیے بلایا گیا۔ وہ 19 جنوری 1911ء کو دوپہر کے وقت قادیان پہنچا اور حکیم نورالدین کا علاج شروع کیا۔ ڈاکٹر ہرڈ کے علاج سے کچھ افاقہ نہ ہوا۔ لیکن پھر درد شقیقہ شروع ہو گیا۔ جس سے وہ اکثر اختلالِ حواس کا شکار ہو گیا۔ ڈاکٹروں کی سمجھ میں نہ آتا تھا۔ آخر ڈاکٹر میر اسماعیل نے کہا کہ ابرو کے زخم سے وجنہ کو نقصان پہنچا ہے اور وہ ریح بن گیا ہے۔ میر اسماعیل نے اس کا آپریشن کیا۔ آپریشن کا زخم ناسور بن گیا۔ ڈاکٹر مرہم پٹی کرتے ہوئے کراہت محسوس کرتے۔ پیشاب کی کثرت ہو گئی اور شدت کا ہزال ہوا۔ زخم کا ناسور تین سال تک رہا۔ اس دوران اسے ذیابیطس کی شکایت ہو گئی جو مرتے دم تک ساتھ رہی۔ حکیم نورالدین اپنی بیماریوں سے شدید تنگ آ کر زندگی سے مایوس ہو چکا تھا۔ وہ جلد مرنا چاہتا تھا مگر قدرت اسے دوسروں کے لیے عبرت کا نشان بنانا چاہتی تھی۔ نورالدین نے 16 ستمبر 1913ء کو حکیم فیروز الدین مؤلف رموز الاطباء لاہور کے نام اپنے ایک خط میں اپنی بے بسی اور کسمپرسی کا کھل کر اظہار کیا۔ ملک بھر کے ڈاکٹروں اور حکیموں کے طویل علاج کے باوجود وہ پوری طرح صحت یاب نہ ہو سکا۔ اس کے جسم پر کمزوری کے آثار ظاہر ہونے شروع ہو گئے۔ قادیانی جماعت کے جلسہ سالانہ 26 دسمبر 1913ء پر ابھی تقریر شروع ہی کی تھی کہ سر چکرانے سے نیچے گر پڑا اور تقریر مکمل کیے بغیر واپس گھر آ گیا۔ 15 جنوری 1914ء کو رات گئے پیشاب کے لیے لیٹرین میں گیا تو سینے کے بل دھڑام سے گرا اور پسلی میں سخت چوٹیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

آئیں۔ یہ اس کی مرض الموت کا آغاز تھا۔ 17 جنوری کو اس کی طبیعت بے حد خراب ہونا شروع ہوگئی۔ شدید بخار اور سر درد رہتا۔ جو خوراک یا دوائی دی جاتی، قے کر دیتا۔ آہستہ آہستہ بیماری نے اس قدر زور پکڑ لیا کہ وہ بستر پر کروٹ نہ لے سکتا۔ اسی دوران دانتوں میں شدید درد شروع ہوگیا۔ 2 دانت نکلوانے سے مسوڑوں پر سوجن آ گئی۔ اس سے طبیعت مزید ناساز گار ہوگئی۔ فروری کے پہلے ہفتہ میں وہ وقفے وقفے سے بے ہوش ہو جاتا اور بول نہ سکتا۔ 15 فروری عبدالرحمٰن قادیانی لاہور سے ایک یورپین ڈاکٹر میلول کو لے کر پہنچا۔ اس نے معائنہ کیا اور بتایا کہ معدے میں رسولی ہے اور جب تک آپریشن نہ ہوگا، افاقہ نہ ہوگا۔ لیکن اس قدر ضعف اور کمزوری کی حالت میں اس کا آپریشن کرنا ممکن نہیں ہے۔ 18 فروری کو پسلی میں شدید درد ہوا۔ اس کی شدت اور تکلیف سے وہ دھاڑیں مار مار کر روتا۔ 19 فروری کو نصرت جہاں بیگم عیادت کے لیے آئی اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر دیر تک روتی رہی۔ نورالدین کی آنکھیں بھی پرنم ہوگئیں۔ آنکھوں میں ماضی کے تمام حسین واقعات گھوم گئے۔ نصرت دیر تک نورالدین کے پاس رہی۔ نصرت سے نورالدین نے کہا کہ وہ شہر سے باہر کھلی فضا میں رہنا چاہتا ہے کیونکہ یہاں اس کا دم گھٹتا ہے۔ چنانچہ نصرت کی سفارش پر نورالدین کو نواب محمد علی خاں کی وسیع و عریض کوٹھی دارالسلام کے سرونٹ کوارٹر میں شفٹ کر دیا گیا۔ 27 فروری 1914ء کو جب اس کی چارپائی اٹھا کر لے جائی جا رہی تھی تو راستے میں بورڈنگ ہاؤس کے پاس ایک آدمی کا ہاتھ پھسل جانے سے چارپائی نیچے گری اور حکیم نورالدین کی پسلیوں کے زخم پھر ہرے ہوگئے۔ اس موقع پر مرزا شریف احمد نے چارپائی اٹھانے والوں کو خوب لعن طعن کی۔ مورخ تاریخ احمدیت دوست محمد شاہد کے بقول یہ سب کچھ ایک سازش کے تحت ہوا۔ دراصل مولوی صدرالدین اور مولوی محمد علی چاہتے تھے کہ حکیم نورالدین کو ہائی سکول کے بورڈنگ ہاؤس کی اوپر کی جنوبی منزل میں لے جایا جائے۔ اس تمام کوشش کا درپردہ منشاء یہ تھا کہ حکیم نورالدین کو ایسی جگہ رکھا جائے جہاں لوگ زیادہ نہ جا سکیں اور خاص پہرہ بھی تجویز کیا گیا۔ مقصد یہ تھا کہ حکیم نورالدین کے مرنے کے بعد مولوی محمد علی کی خلافت کا اعلان کیا جا سکے۔'' لیکن مرزا محمود اور مرزا شریف نے اپنے حواریوں سمیت نورالدین کو نہایت تکلیف اور غمناک حالت میں نواب محمد علی خاں کی کوٹھی منتقل کر دیا۔ 2 مارچ کو حکیم نورالدین نے پسلیوں میں درد کی شکایت کی جس کا سلسلہ اگلے دنوں میں اور زیادہ تشویشناک صورت اختیار کر گیا۔ اس رات اس کی گردن پر ایک پھنسی نمودار ہوئی جو صبح تک مکمل پھوڑے کی شکل اختیار کر گئی۔ اس کی تکلیف سے نورالدین کی طبیعت مزید بگڑ گئی۔ ڈاکٹروں نے علاج معالجے کے لیے ازسرنو مشورے کیے۔ میر اسماعیل نے اس پھوڑے کا چھوٹا سا آپریشن کیا تاکہ پیپ خارج ہو جائے۔ زخم پر نشتر چلنے کی دیر تھی کہ نورالدین شدت درد سے بے تحاشا چیخیں مارنے لگا۔ نورالدین کا منہ اور گردن پیپ اور خون سے بھر گئے۔ اس منظر کو دیکھ کر ڈاکٹروں کے جسم پر بھی کپکپی طاری ہوگئی۔ 13 مارچ کی صبح طلوع ہوتے ہی نورالدین کی آنکھیں پتھرا گئیں اور نبض تیز تیز چلنے لگی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

دو بجے دوپہر فالج کا شدید دورہ پڑا جس سے سارا جسم مفلوج ہوگیا۔ دو بج کر 20 منٹ پر نہایت عبرتناک اور اذیت ناک حالت میں جہنم واصل ہوا۔

مرزا محمود اپنے باپ کے پرانے مشیروں سے سخت نفرت کرتا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ یہ لوگ اس کی خلافت کی راہ میں رکاوٹ ہیں اور حکیم نورالدین کے مرنے کے بعد یہ لوگ اس کی خلافت پر شب خون ماریں گے۔ لہٰذا مرزا محمود ان سے پیچھا چھڑانے کے لیے مناسب وقت کا انتظار کرنے لگا تھا۔ اس نے اپنے باپ کے دیرینہ اور مخلص ساتھیوں کو ''مشتبہ'' قرار دیا۔ انہیں گستاخ اور بے ضمیر اور نجانے کن کن القابات سے نوازا۔ وہ سندھ اپنی زمینوں پر شکار کے لیے جاتا تو سؤر اس کے شکار کے لیے استعمال کیے جاتے۔ یہ شکار میدانوں میں کھیلا جاتا۔ وہ ان جنگلی سوروں کو شکار کے دوران اپنے مخالفین کے نام دیا کرتا اور اس پر قہقہے لگاتا۔

جب نورالدین گھوڑے سے گر کر شدید زخمی ہوا تو مرزا محمود کو امید بندھی کہ اب اس بڈھے سے جان چھوٹے گی اور وہ خلافت پر قابض ہو جائے گا۔ لیکن جب اس نے دیکھا کہ ابھی کچھ دیر ہے تو مایوس ہوگیا۔ بعد ازاں جب اس نے محسوس کیا کہ حکیم نورالدین اس کے مخالفین مولوی محمد علی لاہوری، ڈاکٹر مرزا محمد یعقوب، ڈاکٹر محمد حسین اور ڈاکٹر کمال الدین وغیرہ کے لیے نہایت نرم جذبات رکھتا ہے تو وہ آپے سے باہر ہوگیا۔ اس نے اپنے ایک خطبۂ جمعہ میں کہا کہ ''حضرت مسیح موعود نے خواب دیکھا تھا کہ ایک شخص گھوڑے سے گر پڑا۔ پھر حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا ''استقامت میں فرق آ گیا'' (تذکرہ طبع دوم ص 479) سو ''مولوی نورالدین صاحب کی استقامت میں بھی فرق آ گیا ہے۔'' بعد ازاں مرزا محمود کے قریبی ساتھیوں نے برملا کہنا شروع کر دیا کہ ''حکیم نورالدین مرتد ہوگیا ہے۔'' پہلے یہ بات دبے لفظوں کہی جاتی تھی مگر بعد میں اس پر کھل کر اظہار ہونے لگا۔ روزنامہ الفضل نے حکیم نورالدین کی ذلت و رسوائی کی موت اور انجام کو ان الفاظ میں لکھا:

''کہاں مولوی نورالدین صاحب کا حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کو نبی اللہ اور رسول اللہ اور اسمہٗ احمد کا مصداق یقین کرنا، اور کہاں وہ حالت کہ وصیت کے وقت مسیح موعود کی رسالت کا اشارہ تک نہ کرنا...... استقامت میں فرق آنا اور پھر بطورِ سزا کے گھوڑے سے گر کر بری طرح زخمی ہونا، آخر مرنے سے پہلے کئی دنوں تک بولنے سے بھی لاچار ہو جانا اور نہایت مفلسی میں مرنا اور آئندہ جہاد میں بھی کچھ سزا اٹھانا اور اس کے بعد اس کے فرزند عبدالحی کا عنفوانِ شباب میں مرنا اور اس کی بیوی کا تباہ کن طریق پر کسی اور جگہ نکاح کر لینا، یہ باتیں کچھ کم عبرت انگیز نہیں تھیں۔''

(''الفضل'' قادیان شمارہ نمبر 19 جلد نمبر 9 مورخہ 23 فروری 1922ء)

جناب مرزا محمد حسین اپنی کتاب میں مرزا محمود کی حکیم نورالدین کے ساتھ ذہنی اور قلبی عداوت کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

پردہ چاک کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''چونکہ جماعت میں سربراہِ اوّل حکیم نورالدین کا احترام بہت تھا، اس سے خائف ہو کر اس نے لوٹری کے انداز اختیار کر لیے اور اپنے پیشرو کی جو اس کا خسر بھی تھا، مذمت کئی حیلوں سے کرتا۔ اس نے کہا: ''خلیفہ اوّل کے زمانے میں، میں لنگر خانے کا افسر تھا اور یہ بات بھی جانتا ہوں اور دوسرے سب لوگ بھی جانتے ہیں کہ خلیفہ اوّل کے گھر لنگر سے کھانا جایا کرتا تھا۔ مگر ہمارے گھر میں کبھی لنگر خانے کا کھانا نہیں آیا۔ (الفضل 31 اگست 1938ء) ''خدا تعالیٰ نے نوح ؑ جیسے نبی کی پروا نہیں کی۔ نہ معلوم یہ لوگ خلیفہ (حکیم نورالدین) کو کیا سمجھے بیٹھے ہیں۔'' (الفضل 2 اگست 1956ء) ''اس وقت بھی خلیفہ اوّل کے خاندان کے چند افراد پیغامیوں کے ساتھ مل کر خلافت کے مٹانے کے لیے کوشاں تھے۔'' (نوٹ: اس وقت سے مراد شاید وہ زمانہ ہے جب نورالدین کی اولاد کا ربوہ سے اخراج نہیں ہوا تھا)۔ (الفضل 28 اگست 1956ء) اور بہت سے ایسے فقرات ہیں جن سے اس نے حکیم صاحب کو نظروں سے گرانے کی کوشش کی اور کرتا رہا۔''

(فتنہ انکار ختم نبوت از مرزا محمد حسین ص 27)

حکیم نورالدین کی موت پر قادیانی جماعت دو گروہوں میں تقسیم ہوگئی۔ ایک گروہ نے ''ریویو آف ریلیجنز'' کے ایڈیٹر محمد علی لاہوری کی جانشینی کی حمایت کی جبکہ دوسرے گروہ نے جو غالب اکثریت میں تھا، قادیانی جماعت کے بانی مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا محمود کو منتخب کر لیا۔ محمد علی لاہوری اپنے ساتھیوں سمیت لاہور آ گیا۔ جہاں اس نے ''انجمن اشاعت اسلام'' کے نام سے ایک مجلس اور کالج قائم کر لیا۔ ''ریویو آف ریلیجنز'' بھی لاہور لے جایا گیا۔ مرزا محمود سے اختلاف اور خلافت نہ ملنے کے بعد ان لوگوں نے اپنے عقائد و نظریات میں واضح تبدیلی کر لی۔ یہ لوگ مرزا قادیانی کو پیغمبر کی بجائے ایک مذہبی مصلح، مہدی اور مسیح موعود مانتے ہیں۔

بقول جناب بشیر احمد:

''دونوں فرقوں کی باہمی مخالفت بسا اوقات ایک دوسرے کے عقائد پر تنقید کی صورت میں نمودار ہوتی ہے۔ ان دونوں میں سے قادیانی گروہ زیادہ تلخ واقع ہوا ہے۔ 1919ء میں انہوں نے لاہوری گروہ پر براہ راست حملہ کیا اور اعلان کیا کہ اس کے قائدین اسلامی قانون کے مطابق واجب القتل ہیں۔ لاہور انجمن کے صدر محمد علی نے اس حملہ کے جواب میں قادیانیوں پر غلط افواہیں پھیلانے کا الزام لگاتے ہوئے تفصیلی جواب دیا۔ یہاں پر معاملہ کچھ مشکوک لگتا ہے کہ دونوں فریق ایک دوسرے کے تحت معاند ہیں لیکن اب تک ان کے تنازعات عدالت کے بیرون ہی طے ہو جاتے ہیں۔'' (تحریک احمدیت از بشیر احمد ص 7)

معروف سکالر جناب م ب خالد اپنے ایک مضمون ''قادیانی خلافت کی گدی اور حکیم نورالدین کا خاندان'' میں لکھتے ہیں:

www.sirat-e-mustaqeem.com

''بشیرالدین محمود باپ کی وفات پر بڑی آس لگائے بیٹھے تھے مگر حالات کا رخ دیکھ کر بادل نخواستہ حکیم صاحب کی قیادت تسلیم کر لی۔ لیکن یہ اوائل عمر سے ہی بڑا جاہ طلب اور سازشی دماغ کا مالک تھا۔ حکیم نورالدین جب قادیانی گدی کے پہلے خلیفہ بنے تو وہ کافی ضعیف العمر ہو چکے تھے۔ خلافت کے تیسرے سال وہ گھوڑے سے گر گئے۔ اس کے بعد صحت اور بھی بگڑ گئی۔ بشیرالدین محمود نے سوچا کہ بڑھا زیادہ دن نہ جیئے گا۔ اس نے سوچا کہ باپ کی وفات پر تو چوک ہوگئی اب ایسی پلاننگ ہو کہ حکیم صاحب کی وفات پر کوئی دوسرا خلیفہ نہ بن جائے۔ چنانچہ اپنے لیے گدی نشینی پکی کرنے کے لیے نوجوان قادیانیوں کی ایک تنظیم اپنی سربراہی میں بنائی جس کا نام ''انصار اللہ'' رکھا اور ایک اخبار ''الفضل'' اور ایک رسالہ تشحیذ الاذہان کے نام سے نکالنا شروع کیا۔ یہ تنظیم اور رسالے مرزا کے پرانے ساتھیوں کے خلاف کیچڑ اچھالتے تھے۔ یعنی ان ساتھیوں کے خلاف پروپیگنڈہ کرنا شروع کر دیا جن سے یہ خطرہ ہوسکتا تھا کہ وہ حکیم صاحب کے بعد خلیفہ منتخب ہوسکتے ہیں۔

حکیم صاحب کی بعض باتیں بھی مرزا بشیرالدین محمود کو اچھی نہ لگتی تھیں۔ حکیم صاحب پر تو وہ کوئی الزام تراشی نہ کرسکتا تھا مگر مرزا کے پرانے ساتھیوں خاص کر محمد علی لاہوری، خواجہ کمال الدین، سید محمد حسین شاہ اور دیگر ایسے پرانے ساتھی، جن سے گدی نشینی کا خطرہ تھا، ان کے خلاف دن رات پروپیگنڈہ شروع کر دیا کہ یہ لوگ مرزا غلام احمد کا مقام اور مرتبہ گھٹا کر بیان کرتے ہیں۔ اس لیے یہ سچے قادیانی نہیں۔ حکیم صاحب کے دور میں مسلمانوں کو تو سکون ملا لیکن خود ان کی اور ان کے ساتھیوں کے لیے ان کے پیر و مرشد کے اہل خاندان کے ہاتھوں نیند حرام رہی۔ حکیم صاحب اپنی خرابی صحت کی بنا پر حالات کو کنٹرول نہ کرسکے اور مرزا بشیرالدین محمود کو راہ راست پر لانے کی حسرت لیے آنجہانی ہو گئے۔

حکیم صاحب کی رحلت کے وقت مرزا محمود نے فوراً اپنی تنظیم کے کارکنوں کے ذریعے اپنے ہم خیال قادیانیوں کو قادیان میں جمع کرلیا اور منصوبہ کے مطابق ان سب نے مل کر نعرہ لگانا شروع کر دیا کہ مرزا محمود ہی خلیفہ ہوں گے۔ اس وقت مرزا صاحب کے پرانے ساتھیوں نے کھڑے ہو کر مرزا محمود کے خلاف بولنا چاہا مگر ان کے بندے پہلے سے تیار تھے۔ سب نے ان کی بات سننے سے انکار کر دیا اور ''مرزا محمود کو تخت خلافت مبارک ہو'' کے نعرے لگانے شروع کر دیئے اور مرزا محمود نے بلا توقف کھڑے ہو کر اپنے ''خلیفہ دوم منتخب ہونے کا اعلان کر دیا'' اور اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ فوراً قادیان سے باہر کے قادیانیوں کو بذریعہ پوسٹ اپنے خلیفہ ہونے کے اشتہار (جو پہلے ہی طبع کرا لیے گئے تھے) بھجوا دیئے۔ خلیفہ بننے کے فوراً بعد مرزا محمود نے اپنے والد کے تمام پرانے ساتھیوں اور قادیانی اکابرین جن سے اس کی خلافت کو خدشہ ہوسکتا تھا، کو قادیانی تنظیم سے خارج کر دیا۔ ان میں سرکردہ پرانی مقبول شخصیت مولوی محمد علی تھے جن کو بہت تنگ کر کے قادیان سے نکلنے پر مجبور کر دیا گیا۔ مرزا صاحب کے پرانے ساتھیوں مولانا محمد احسن امروہی،

www.sirat-e-mustaqeem.com

خواجہ کمال الدین، ڈاکٹر محمد حسین شاہ اور دیگر معروف ساتھیوں نے مولانا محمد علی کی امارت میں اپنا مرکز لاہور بنالیا جن کے پیروکار لاہوری احمدی کہلانے لگے۔ خلیفہ بننے کے وقت مرزا محمود کی عمر صرف 25 سال تھی اور اس نے اس نوجوانی میں اپنی خلافت سے سب رکاوٹیں اپنی اعلیٰ تخریبی منصوبہ بندی کی بدولت دور کر کے شاندار کامیابی حاصل کی اور اپنے باپ کے چھٹے ہوئے اور منجھے ہوئے پرانے ساتھیوں پر برتری حاصل کی۔

اس کامیابی کے بعد بھی مرزا محمود کو ہمیشہ دھڑکا ہی رہا کہ کوئی اور قادیانی اتنا مقبول نہ ہو جائے کہ خلافت اس کے خاندان سے چھن جائے، کیونکہ یہ ایک سونے کا انڈا دینے والی مرغی ہے۔ چندوں، نذرانوں کی بھرمار، مریدوں اور مریدنیوں کی عقیدت اور خدمات کے مزے۔ مرزا محمود نے خود لکھا ہے کہ جب وہ خلیفہ بنے تو خلافت میں صرف چند آنے تھے اور خود مرزا محمود کی ملکیت میں پرانا ویران سا آموں کے درختوں پر مشتمل ایک باغ تھا۔ خود میٹرک فیل تھے۔ کوئی ملازمت بھی نہ مل سکتی تھی مگر سازشی اور تخریبی ذہنیت پائی تھی۔ اس مفلس شخص کی وفات کے وقت اس کے پاکستان کے ہر شہر میں بنگلے، جائدادیں اور سندھ کے کئی قصبات پر مشتمل بے حساب زمینیں اور کئی بینکوں میں اکاؤنٹ موجود تھے۔ مرزا محمود اور ان کے باپ کا خاندان حکیم نورالدین کی خلافت کے دوران اپنا چھ سالہ کسمپرسی کا دور نہیں بھولا، اس لیے انہوں نے آئندہ کے لیے خاندانِ مرزا سے باہر خلافت جانے کے تمام راستے مسدود کر دیئے۔

ایک دفعہ مرزا محمود کے بھائی بشیر احمد نے اپنے والد کی ایک خواب شائع کرائی جس میں مرزا صاحب خربوزے کی پھانکیں مریدوں میں تقسیم کر رہے تھے۔ ایک پھانک (شاید غلطی سے) انہوں نے باہر کے کسی مرید کو دی۔ باقی سب پھانکیں خاندان میں تقسیم کیں۔ اس کی تعبیر ''الفضل'' میں یہ شائع کی گئی کہ صرف ایک خلیفہ (حکیم نورالدین) باہر سے بنا تھا اور خدا کا یہ فیصلہ ہے کہ اس کے علاوہ کوئی خلیفہ خاندانِ مرزا کے سوا ہو ہی نہیں سکتا۔ ان خوابوں اور ہر طرح کی پیش بندیوں کے بعد بھی دھڑکا ہی رہتا تھا کہ کوئی دوسرا قادیانی خلافت کے لیے خطرہ نہ بن جائے۔ (شاید خربوزے کی پھانکوں والے خواب پر بھروسہ نہ تھا) اس سلسلے میں حکیم نورالدین کے خاندان سے مرزا محمود کو بہت خدشہ رہتا تھا، کیونکہ عام قادیانیوں کے دلوں میں مرزا صاحب کی طرح ہی حکیم نورالدین اور ان کے خاندان کا احترام موجود تھا، اور جو مرید قادیانی خلیفہ سے ملنے آتے، وہ حکیم نورالدین کے اہل خاندان سے بھی ضرور ملاقات کرنے جاتے۔ مرزا محمود اور اس کی والدہ اور اہل خاندان کو یہ بات بھی کھلتی تھی اور ایک آنکھ نہ بھاتی تھی۔ حکیم نورالدین کی اولاد بھی لائق فائق تھی۔ اور مرزا محمود کی طرح میٹرک فیل نہ تھی۔ سب سے بڑے لڑکے میاں عبدالحیٰ تھے۔ مرزا محمود نے ان سے دوستی گانٹھی۔ خلافت کے دو تین سال بعد اچانک میاں عبدالحیٰ کی موت کی خبر پھیلی۔ معلوم یہ ہوا کہ زہر خورانی سے موت واقع ہوئی ہے۔

میاں عبدالحیٰ قادیانی جماعت میں بڑے مقبول تھے۔ ان کی موت سے مرزا محمود کو آئندہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

خلافت کے لیے ایک بڑے خطرے سے نجات ملی۔ حکیم نورالدین کے دوسرے لڑکے میاں عبدالسلام تھے جو بہت بڑے زمیندار تھے اور تیسرے میاں عبدالوہاب عمر تھے جو اپنے والد کی طرح لائق طبیب تھے۔ یہ دونوں قادیانی تنظیم کے امور میں دلچسپی نہ لیتے تھے۔ اپنے کام سے کام رکھتے تھے۔ اس لیے ان سے مرزا محمود کو کوئی خطرہ محسوس نہیں ہوا لیکن ان کے خلاف پروپیگنڈہ جاری رہتا تھا، تاکہ یہ بددل ہو کر قادیانی افراد کی نظروں سے دور رہیں۔ حکیم نورالدین کا چھوٹا لڑکا میاں عبدالمنان عمر تھا جو کہ مرزا محمود کے بیٹے مرزا ناصر کا ہم عمر تھا۔ مرزا ناصر بعد میں قادیانیوں کے تیسرے سربراہ بنے۔ عبدالمنان بڑا ہو کر بہت لائق نکلا۔ ایم۔ اے کے علاوہ عربی فاضل بھی تھے، پھر پی ایچ ڈی بھی کی۔ تقریر بھی بڑی اچھی کرتے تھے۔ جبکہ مرزا ناصر تقریر کر ہی نہیں سکتے تھے۔ پھر بھی عبدالمنان سے مقابلہ کے لیے ان کی تقریر قادیانیوں کے جلسہ سالانہ پر ضرور رکھی جاتی تھی مگر مرزا ناصر کی تقریر اس قدر بور ہوتی تھی کہ قادیانی جلسہ کے میدان سے اپنی چادریں اٹھا اٹھا کر جھاڑنا شروع کر دیتے تھے اور باہر نکلنے لگ جاتے تھے۔ سارا میدان گرد سے بھر جاتا۔ سٹیج سے اپیل ہوتی مگر کوئی نہ رُکتا۔

اسی طرح قادیانیوں کی تنظیم خدام الاحمدیہ کے صدر کے سالانہ انتخاب میں ہر سال عبدالمنان عمر کا نام پیش ہونے لگا۔ پہلے تو منان کی تھوڑی بہت اکثریت ہوتی جسے ہیرا پھیری سے کمی میں بدل کر مرزا ناصر کے صدر ہونے کا اعلان کر دیا جاتا۔ یہ صورت حال بڑھاپے میں مرزا محمود کے لیے پھر پریشانی کا باعث بنی۔ وہ ہر قیمت پر اپنے بیٹے ناصر احمد کو آئندہ خلیفہ بنانا چاہتے تھے مگر اب پھر حکیم نورالدین کا خاندان انہیں اپنے لیے خطرہ محسوس ہونے لگا۔ لیکن مشکل یہ تھی کہ حکیم نورالدین کی بیگم صاحبہ اور ان کے بڑے صاحبزادے میاں عبدالسلام صاحب زندہ تھے۔ قادیانی ان کی بہت عزت کرتے تھے۔ ان کی زندگی میں ان کے کسی اہل خاندان کے خلاف کوئی قدم اٹھانا مرزا محمود کے لیے بہت مشکل اور خطرناک بھی ہو سکتا تھا۔ اس لیے وہ موقع کی تلاش میں رہے۔ آخر حکیم نورالدین کی بیگم صاحبہ اور چند سال بعد میاں عبدالسلام بھی انتقال کر گئے۔ چنانچہ 57ء کے بعد میاں عبدالوہاب عمر اور میاں عبدالمنان عمر صحیح معنوں میں یتیم ہو گئے اور مرزا محمود کے سازشی شکنجے میں آ گئے۔ پہلے تو میاں عبدالوہاب کے خلاف اخبار الفضل میں اپنے حواریوں سے باقاعدہ اس قسم کے مضمون لکھوانا شروع کیے کہ وہ جماعتی کاموں میں حصہ نہیں لیتا۔ قادیانیت سے لاتعلق ہو رہا ہے۔ مسجد میں نماز پڑھنے نہیں آتا ہے۔ اس کا ایمان کمزور ہے۔ انہی دنوں قادیانی تنظیم خدام الاحمدیہ کے صدر کا انتخاب ہوا تو عبدالمنان عمر زبردست اکثریت سے جیت گئے۔ لیکن خلیفہ محمود کی چالبازی دیکھیے کہ اعلان کر دیا کہ آئندہ سے خدام الاحمدیہ کا صدر خلیفہ خود ہو گا۔ چنانچہ میاں عبدالمنان کے ساتھ پھر زیادتی کی اور خود صدر بن جانے کے بعد نائب صدر مرزا ناصر احمد کو بنا دیا۔ صدارت بھی بیٹے کے ہاتھ سے نہ جانے دی اور عبدالمنان عمر کو مات بھی دے دی۔ انہی دنوں عبدالمنان کو امریکہ سے ایک

www.sirat-e-mustaqeem.com

یونیورسٹی نے لیکچرز دینے کے لیے بلایا۔ عبدالمنان کو وہاں گولڈ میڈل، انعامی شیلڈ اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں بھی ملیں۔ ان اعزازات نے خاندانِ مرزا کے لیے جلتی پر تیل کا کام کیا اور مرزا محمود کی نیند حرام ہوگئی اور غیظ وغضب میں اس نے آخری وار کیا یعنی منان صاحب کی غیر حاضری میں عبدالوہاب اور ان کے خلاف اخبار الفضل میں مہم چلائی کہ یہ لوگ خلیفہ کے خلاف ہیں اور اپنی خلافت کے لیے کوشاں ہیں۔

عبدالوہاب بیچارے سیدھے سے آدمی تھے۔ نہ ان کا کوئی اخبار تھا جو ان کی طرف سے کوئی وضاحت شائع کرتا۔ انہوں نے اس خیال سے کہ شاید خلیفہ صاحب کو کوئی غلط فہمی ہوگئی، عقیدت سے ایک خط لکھا جس میں ان کی زیادتیوں کے پیش نظر لکھ دیا کہ ''آپ سے ہمیں بہت میٹھی قاشیں کھانے کو ملی ہیں۔ اب کے ایک کڑوی بھی سہی۔'' مرزا محمود نے تو اس خط سے آسمان سر پر اٹھالیا کہ ''دیکھو کہتے ہیں کہ اللہ کا خلیفہ کڑوی قاشیں کھانے کو دیتا ہے۔ حد ہوگئی ان کی بے ایمانی کی'' ساتھ ہی چیلوں چانٹوں نے ''الفضل'' میں خلیفہ کی سُر میں سُر ملائی اور تان اس پر ٹوٹی کہ حکیم نورالدین کے خاندان پر طرح طرح کے من گھڑت الزامات لگا کر میاں عبدالوہاب عمر اور عبدالمنان عمر اور سب اہل خاندان کو خارج از قادیانیت قرار دے دیا اور ان سے تعلق رکھنا منع ہوگیا۔ بائیکاٹ ہوگیا۔

عامۃ المسلمین کے لیے تو یہ حالات دلچسپی کا باعث ہوئے ہوں گے۔ لیکن قادیانی حضرات کے لیے یہ حالات خاص طور پر توجہ طلب ہیں۔ کیا خدائی سلسلے اور خلیفے ایسے ہوتے ہیں؟ ان کے طور طریق اور لچھن ایسے ہی ہوتے ہیں؟ کیا ایسی تخریبی کارروائیاں چند روزہ زندگی اور عارضی گدی کے لیے کسی کو زیب دیتی ہیں؟''

مرزا محمود نے اپنی خلافت کی راہ پکی کرنے کے لیے حکیم نورالدین کی بیٹی امۃ الحیٔ سے شادی کی۔ امۃ الحیٔ یکم اگست 1901ء کو پیدا ہوئی اور ابھی وہ 13 سال کی تھی کہ مرزا محمود نے اس سے 31 مئی 1914ء کو شادی کرلی۔ مرزا محمود نے اس شادی کے بارے میں کہا کہ ''یہ شادی منشائے الٰہی ہے۔'' امۃ الحیٔ 10 دسمبر 1924ء کو اچانک طبیعت خراب ہونے پر خون آلود قے کرتے ہوئے انتقال کرگئی۔ ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ کا کہنا تھا کہ مرزا محمود نے پہلے صاحبزادہ عبدالحیٔ کو زہر دے کر پُراسرار طریقے سے مروایا اور اب امۃ الحیٔ کو زہر دے کر مار دیا ہے۔ حال ہی میں امۃ الحیٔ کے چھوٹے بھائی میاں عبدالمنان کا ایک انٹرویو انٹرنیٹ کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جاری ہوا۔

www.ahmedi.org

معلومات اور انکشافات سے بھرپور یہ انٹرویو آج بھی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ اپنے انٹرویو میں میاں عبدالمنان نے بتایا کہ امۃ الحیٔ کو مرزا محمود نے زہر دے کر مارا۔ انہوں نے کہا کہ امۃ الحیٔ کے اپنے کہے ہوئے مندرجہ ذیل اشعار جو میں نے خود اُس سے سنے اور اپنی آنکھوں سے اس کے اپنے ہاتھوں

www.sirat-e-mustaqeem.com

سے لکھی ہوئی ڈائری میں پڑھے، یہ اشعار مرزا محمود کے سنگدلانہ برتاؤ اور ظالمانہ رویے کی عکاسی کرتے ہیں ۔

جی چاہتا ہے بیٹھ کے رویا کریں کہیں
عصیاں کے داغ، اشکوں سے دھویا کریں کہیں
دن بھر تو آپ محفل ''اغیار'' میں رہیں
میری بلا سے شب کو بھی سویا کریں کہیں

اس طرح مرزا محمود کی ایک دوسری بیوی سارہ بیگم جو اُس کی کرتوتوں سے بے حد نالاں تھی، اس کے بارے میں مرزا محمود نے مندرجہ ذیل اشعار کہے ۔

جس کی حیات اک ورق سوز و ساز تھی
جیتی تھی جو غذائے تمنائے یار پر
تھی ماحصل حیات کا اک سعی ناتمام
کاٹی گئی غریب حوادث کی دھار پر
ڈرتا ہوں وہ مجھے نہ کہے با زبان حال
جاؤں کبھی دعا کو جو اس کے مزار پر
جب مر گئے تو آئے ہمارے مزار پر
پتھر پڑیں صنم تیرے ایسے پیار پر

(کلام محمود ص149)

میاں عبدالمنان نے اپنے اس انٹرویو میں کہا کہ ''چوہدری عبدالمجید کے سامنے مولوی صدرالدین امیر جماعت احمدیہ نے کہا تھا کہ خود حکیم نورالدین نے بیان دیا کہ مرزا محمود مجھے زندہ بھی نہیں رہنے دینا چاہتا۔''

مزید انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ ''میرا بھتیجا عبدالباسط (عبدالسلام کا بیٹا) فیصل آباد کے ایک زرعی کالج میں پڑھتا تھا۔ وہ ذہنی اور جسمانی لحاظ سے بالکل صحت مند تھا، مالی لحاظ سے اسے کوئی پریشانی نہ تھی۔ اس کا مستقبل نہایت روشن تھا۔ تعلیمی لحاظ سے بالکل ٹھیک ٹھاک تھا۔ وہ ہوسٹل میں رہتا تھا۔ ہوسٹل کے ذمہ دار افسران یا طلبا نے اس کے بارے میں کوئی شکایت نہیں کی۔ کبھی اس کا کسی سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوا۔ اپنی اچانک موت کے وقت وہ مسجد احمدیہ میں تھا۔ پوسٹ مارٹم کی رپورٹ کے مطابق عبدالباسط کو زہر دیا گیا تھا۔ ہم نے اس کی اچانک موت کی تحقیق شروع کر دی تو مختلف حلقوں سے یہ بات معلوم ہونے لگی کہ مرزا محمود نے عبدالباسط کو زہر دلوا کر مروایا ہے۔ بعد ازاں یہ بات ثابت بھی ہوگئی۔''

میاں عبدالمنان اپنے بارے میں انکشاف کرتے ہوئے کہتے ہیں:

www.sirat-e-mustaqeem.com

''ربوہ کے زمانہ میں جبکہ مرزا محمود احمد صاحب اپنے علاج کے لیے یورپ گئے ہوئے تھے، تو اُن کی واپسی کے سلسلہ میں ان کے استقبال کے لیے ایک سب کمیٹی بنائی گئی۔ میں بھی اس کا ایک ممبر بنایا گیا۔ ایک دن مجھے اطلاع دی گئی کہ فلاں دن فلاں وقت اس سب کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔ آپ بھی اس میں شرکت کریں۔ اجلاس مرزا ناصر احمد صاحب کی کوٹھی پر ان کی زیر صدارت ہوگا۔ جو شخص یہ نوٹس لایا تھا، میں نے اسے کہہ دیا کہ اطلاع کر دیں کہ میں اس اجلاس میں شریک نہیں ہوسکوں گا۔ اجلاس کر لیں۔ جب اجلاس شروع ہوا تو پھر وہی شخص دوبارہ میرے پاس آیا کہ اجلاس شروع ہو رہا ہے اور آپ کو بلا رہے ہیں۔ اس پر میں نے پھر وہی جواب دیا۔ اس کے بعد اس کمیٹی کے ایک اور ممبر ماسٹر محمد عبداللہ صاحب سابق ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ سنٹرل ماڈل ہائی سکول میرے پاس تشریف لائے کہ اجلاس شروع ہو رہا ہے، آپ بھی چلیں۔ میں نے انہیں بھی وہی جواب دیا لیکن ان کے اصرار پر میں نے عرض کیا کہ جماعتی کاموں کے لیے جو اجلاس ہوتے ہیں وہ مساجد یا انجمن کے دفاتر میں ہونے چاہئیں۔ پرائیویٹ گھروں میں یہ اجلاس نہیں ہونے چاہئیں۔ انہوں نے میری گزارش کی تائید کی اور تشریف لے گئے۔ کچھ دیر بعد پھر تشریف لائے کہ میاں ناصر صاحب فرماتے ہیں کہ اب تو ممبروں کو اطلاع ہو چکی ہے اور سب جمع ہیں اس لیے اس اجلاس میں تو آپ آجائیں۔ آئندہ اجلاس گھروں میں نہیں ہوں گے۔ تاہم ان کے اصرار پر میں اجلاس میں چلا گیا۔ تاہم اس وقت اجلاس کا ایجنڈا تقریباً ختم ہو چکا تھا۔ میں نے عرض کی کہ میری تجویز یہ ہے کہ یہ حضرت صاحب کے استقبال کا مسئلہ ہے، وہ بھی ضروری ہے لیکن اس سے بھی زیادہ ضروری ان کی حفاظت کا مسئلہ ہے۔ اگر حفاظتی انتظامات کی تفصیل مجلسوں میں پیش ہو تو یہ بات غلط ہوگی۔ اس لیے میرا مشورہ یہ ہے کہ یہ تفصیلات کمیٹی کے صدر کے سپرد کر دی جائیں۔ سب نے اس تجویز کو پسند کیا۔ تعلیم الاسلام ہائی سکول کے سابق ہیڈ ماسٹر محمد دین صاحب بھی اس سب کمیٹی کے رکن تھے۔ انہوں نے بہت زور سے اس تجویز کی تائید کی، اور یہ منظور ہوگئی۔ اس وقت مرزا ناصر احمد اپنے گھر کے اندرونی حصہ میں گئے ہوئے تھے۔ وہ برف میں لگا ہوا سرخ شربت کا ایک گلاس لے کر تشریف لائے اور کہا شربت تو پئیں۔ میں نے عرض کی کہ ابھی گھر سے پانی پی کر ہی نکلا تھا، اب اجازت دیں۔ دراصل اجلاس تو ختم ہی ہو چکا تھا۔ لیکن ان کے بیحد اصرار پر میں نے ایک گھونٹ پی لیا اور رخصت ہوگیا۔ جیسے ہی میں گھر پہنچا مجھے خون کی قے آئی۔ کچھ وقت ہی گزرا تھا کہ ڈاکٹر احمد ریاض جو گاہے بگاہے ہمارے ہاں آیا کرتے تھے، اسی وقت ان کے سامنے دوسری خون کی قے آئی جسے دیکھتے ہی وہ چلا اٹھے۔ ہائے میاں صاحب آپ کو کسی نے زہر دے دیا۔ اور جلدی سے اپنے گھر کی طرف تیزی سے جانے لگے کہ میں ٹیوب لاکر آپ کے معدہ کو صاف کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ میں نے انہیں روکا کہ ہوسکتا ہے اس طرح چوسنے سے کچھ پانی آپ کے اندر بھی چلا جائے۔ کہنے لگے آپ کے بعد ہم نے زندہ رہ کر کیا کرنا ہے۔ اور تھوڑی دیر کے بعد ٹیوب لے کر

www.sirat-e-mustaqeem.com

واپس پہنچے۔ میرے معدہ کو دھویا اور بروقت طبی امداد پہنچ جانے کی وجہ سے میں بچ گیا۔ بعد میں ان سے باتیں ہونے لگیں کہ آپ کو یہ زہر کس نے دیا؟ صبح سے لے کر اس وقت تک وہ میرے کاموں اور پروگرام کی تفصیل پوچھتے رہے۔ جب آخر میں پہنچے کہ میں سب کمیٹی کے اجلاس سے آ رہا ہوں، اور وہاں میں نے چلتے چلتے شربت کا ایک گھونٹ پیا تھا۔ تو فوراً بولے بس اسی شربت میں زہر ملا ہوا تھا۔"

میاں عبدالمنان قادیانی خلیفہ مرزا محمود کی جنسی سرگرمیوں کے بارے میں انکشاف کرتے ہوئے کہتے ہیں:

مرزا ناصر کی پہلی بیوی منصورہ بیگم ایک عرصہ سے گردوں کی تکلیف میں مبتلا تھی۔ 23 نومبر 1981ء کو اس پر درد گردہ کا شدید حملہ ہوا۔ جس کے بعد گردہ کی تکلیف اور انفیکشن بڑھتی چلی گئی۔ ربوہ کے علاوہ لاہور، کراچی اور راولپنڈی کے ڈاکٹروں نے بھی آ کر دیکھا اور ہر ممکن طبی امداد بہم پہنچائی۔ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ منصورہ بیگم کے گردے فیل ہو چکے ہیں۔ اگر آپ اس کی زندگی چاہتے ہیں تو فوری طور پر اسے لندن لے جائیں۔ مرزا ناصر کا دل منصورہ بیگم سے بھر چکا تھا، بے تحاشا وسائل اور دولت ہونے کے باوجود مرزا ناصر بیرون ملک علاج کے لیے نہ مانے، اس طرح منصورہ بیگم سسک سسک کر 3 اور 4 دسمبر کی درمیانی

www.sirat-e-mustaqeem.com

رات کو جہنم واصل ہوئی۔ منصورہ کی موت سے تین ماہ بعد مرزا ناصر نے انتہائی خوبصورت دوشیزہ طاہرہ سے شادی رچالی۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مرزا ناصر کی دوسری شادی کے سلسلہ میں ہم بعض خاص باتوں کا ذکر بھی کرتے چلیں۔

تعلیم الاسلام کالج میں فزکس کے معروف قادیانی پروفیسر ڈاکٹر نصیر احمد کی ایک چھوٹی بہن ڈاکٹر طاہرہ، لجنہ اماء اللہ (قادیانی عورتوں کی تنظیم) کی اہم عہدیدار تھی۔ پروفیسر صاحب اس کی شادی کے لیے کوشاں تھے۔ ڈاکٹر طاہرہ اپنے حسن و جمال کے حوالہ سے قادیانی حلقہ میں بے حد معروف تھی۔

علامہ سلطان اپنی تصنیف ''قادیانیوں کی عریاں تصویریں'' میں لکھتے ہیں ''یہ دوشیزہ اپنے قاتلانہ نخروں کے ساتھ جماعت احمدیہ کے دوسرے خلیفہ مرزا ناصر احمد کے بڑے صاحبزادے مرزا لقمان (جو قادیانی جماعت کے چوتھے سربراہ مرزا طاہر احمد کا داماد ہے) کو کئی بار ''درشن'' دے چکی تھی۔ اس کی چشم نیم باز اور شوخ قہقہے اس کھلنڈرے نوجوان کے کلیجہ پر چھری چلا جاتے۔''

اِک تیر میرے سینے پہ مارا کہ ہائے ہائے

مرزا لقمان اور ڈاکٹر طاہرہ کا عشق پروان چڑھتا رہا۔ آخر مرزا لقمان نے اپنی والدہ سے اپنے دل کی بات کہہ دی اور ڈاکٹر طاہرہ سے دوسری شادی کرنے کی اجازت چاہی۔ ماں نے اجازت دے دی لیکن اس بات کی بھنک مرزا طاہر احمد کے کانوں میں پڑی تو اس نے مرزا ناصر احمد سے بات کی اور کہا کہ اگر اس کی بیٹی کے مقابلہ میں کوئی دوسری سوکن لائی گئی تو وہ اس سلسلہ میں سخت قدم اٹھائیں گے۔ مرزا ناصر احمد نے جماعت احمدیہ میں انتشار روکنے کی خاطر مرزا لقمان کو دوسری شادی کرنے سے سختی سے منع کر دیا۔

ادھر نیرنگی دوراں دیکھیئے کہ ڈاکٹر طاہرہ کے سلسلہ میں جو رشتے آئے، ان کے ناموں کی لسٹ بنا کر انہوں نے اپنے پیر و مرشد مرزا ناصر احمد کے پاس دعا کے لیے بھیجی کہ اس کے لیے وہ مناسب نام اس لسٹ میں سے بتا دیں۔ کسی شرم، ندامت یا پشیمانی کا اظہار کئے بغیر مرزا ناصر نے لسٹ میں درج شدہ سارے نام کاٹ کر اوپر اپنا نام لکھ دیا اور لسٹ پروفیسر صاحب کو واپس کر دی۔ طاہرہ سے شادی کے لیے خلیفہ کا یہ پیغام بالکل خلاف توقع اور عجیب تھا۔ مگر خلیفہ نے سب کی مخالفت کو نظر انداز کرتے ہوئے بیوی کی اہمیت پر خطبے دینے شروع کر دیئے کہ ''میں نے استخارہ کر کے معلوم کیا ہے کہ یہ رشتہ ہمارے لیے انتہائی بابرکت اور سلسلہ احمدیہ کی ترقی کا باعث ہوگا'' اور مجھے رویاء میں دکھایا گیا ہے کہ ''تمہاری شادی ایک ڈاکٹر سے ہوگی۔'' نیز چند کاسہ لیس قسم کے مشہور قادیانی بزرگ استخارہ کرنے بیٹھ گئے۔ ان بزرگوں میں مولوی عبدالمالک، صوفی غلام محمد اور دوست محمد شاہد پیش پیش تھے اور قادیانی اخبار ''الفضل'' میں ان کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

طرف سے بیانات آنے لگ گئے کہ استخارہ میں اس کے رشتہ کے بارہ میں بشارت ہوئی ہے کہ بہت پائیدار، خوشگوار اور طرفین کے لیے باعث برکت اور خوشگوار ازدواجی زندگی دونوں کو ہوگی اور طرفین کے لیے باعث راحت ہوگی۔ ان بزرگوں اور سب چمچوں، لوٹوں کی مبارک سلامت کے شور میں ''بڈھا گھوڑا لال لگام'' کے مصداق 11 اپریل 1982ء کو یہ شادی ہوگئی۔ اس پر جماعت احمدیہ کے مخالف لاہوری گروپ نے طنزاً یہ کہنا شروع کر دیا کہ ''پچ بیٹے نے تیار کروائی تھی لیکن بیٹنگ باپ نے شروع کر دی۔''

دوسری شادی کے وقت مرزا ناصر کی جوانی کا دریا اتر چکا تھا اور اب وہ بڑھاپے کی دلدل میں دھنس چکا تھا۔ شادی سے پہلے 1978ء میں وہ دانتوں کی شدید تکلیف اور ڈینچر لگوانے کی وجہ سے شدید علیل ہوگیا تھا۔ بعد ازاں وہ ایک عرصہ سینٹ الزبتھ ہسپتال لندن میں زیر علاج رہا۔ ایک میڈیکل رپورٹ کے مطابق اس کے خون میں 10 قسم کی مختلف نشہ آور اشیاء شامل تھیں۔ وہ شراب کا اس قدر استعمال کرتا کہ اسے شراب کی چلتی پھرتی دوکان کہا جاتا۔ اس کے علاوہ وہ شوگر کا مریض ہونے کے ساتھ ساتھ سانس کی تکلیف میں بھی مبتلا تھا۔

اس حالت میں اس نے ڈاکٹر طاہرہ سے دوسری شادی کی۔ طاہرہ نے اسے ایسا تگنی کا ناچ نچایا کہ وہ اپنی زندگی کی سابقہ تمام جنسی ''فتوحات'' بھول گیا۔ مرزا ناصر اس کے ہاتھوں کھلونا بنا ہوا تھا۔ 23 مئی 1982ء کو وہ دونوں ہنی مون منانے اسلام آباد چلے گئے۔ اسی رات دونوں نے ہلکا سا کھانا کھایا۔ کھانے کے بعد دونوں شب خوابی کے کمرے میں چلے گئے۔ کمرہ پورے ''لوازمات'' کے ساتھ سجا ہوا تھا۔ تمام تر کوششوں کے باوجود 72 سالہ بوڑھا مرزا ناصر کی ٹھنڈی رفاقت ڈاکٹر طاہرہ کی رگوں میں بہنے والے جنسی ہوس کے آتشی لاوے کو سرد نہ کر سکی۔ حسین وجمیل شعلہ مجسم ڈاکٹر طاہرہ کا ایک ہی اصرار تھا کہ وہ اس کی جنسی آگ کو بیک وقت بھڑکائے بھی اور بجھائے بھی۔ ''شب زفاف'' سے لے کر 5 جون 1982ء تک مرزا ناصر ہزار کوششوں کے باوجود طاہرہ کی خواہش کے مطابق مباشرت نہ کر سکا۔ شرم وحیا سے عاری ڈاکٹر طاہرہ نے بغیر کسی جھجک اور ڈر کے مرزا ناصر سے برملا کہہ دیا کہ اگر آپ میں مردانہ طاقت نہیں تھی تو میرے ساتھ شادی کیوں کی؟ اس سے تو کہیں بہتر تھا کہ میں آپ کی بہو رہتی۔ مرزا ناصر یہ سن کر شرم کے مارے پانی پانی ہوگیا اور ''مرتا کیا نہ کرتا'' کے مصداق فوری طور پر مولوی اسماعیل منیر کی معرفت ربوہ کے مشہور دواخانہ نظام جان سے مردانہ طاقت کی خاص دوا اکسیر اعظم منگوائی اور مشہور ہے کہ اس میں سنکھیا اور افیون شامل ہوتی ہے۔ اس دوا کے استعمال سے مرزا ناصر میں عارضی طور پر جنسی طاقت عود کر آئی۔ اس کے بعد جو کچھ ہوا، وہ ایک عجیب وغریب داستاں ہے۔ دوا کے زیر اثر مرزا ناصر کے جنسی جذبات میں ایک آگ سی لگ گئی۔ اُسے یوں محسوس ہونے لگا جیسے اس کی رگ رگ میں بجلیاں بھر گئی ہیں۔ آنکھوں سے شعلے نکلنے لگے اور اس عالم میں جب مرزا ناصر نے سرخ رنگ کے شب خوابی کے ریشمی لباس میں ملبوس نیم

www.sirat-e-mustaqeem.com

عریاں ڈاکٹر طاہرہ کو دیکھا تو اس کے اندر جذبات کا لاوا کچھ اور تیزی سے بھڑک اٹھا اور اس کے بعد طاہرہ اس کی مضبوط باہوں کی گرفت میں تھی۔ یہ صورتحال مرزا ناصر اور ڈاکٹر طاہرہ دونوں کے لیے حد درجہ تحیر خیز اور غیر متوقع تھی۔ ڈاکٹر طاہرہ کچھ قدرے مطمئن ہوئی اور اسی رات وہ حاملہ ہوگئی۔ لیکن سنکھیا کا اپنا ایک اثر ہوتا ہے۔ اگلے روز اس دوا کی زیادہ مقدار کھانے سے مرزا ناصر کی حالت خراب ہونے لگی۔ اسے شدید کمزوری محسوس ہوئی اور ساتھ ہی پسینہ سے بدن تر ہوگیا۔ اس کے فوراً بعد ڈاکٹری معائنہ کے نتیجہ میں معلوم ہوا کہ خلاف عادت، خون کا دباؤ بڑھا ہوا ہے۔ خون میں شکر کی مقدار کم از کم ضرورت سے بھی زیادہ گر گئی۔ اس کے بعد اچانک دل کی رفتار بہت بڑھ گئی اور ساتھ ہی سانس کی تکلیف شروع ہوگئی۔ یکم جون کو ماہرین امراض قلب نے اس کا طبی معائنہ کیا۔ ان کی رائے میں صورتحال تسلی بخش نہ پائی گئی۔ دل اور سانس کی تکلیف بدستور رہی۔ 3 جون کو انگلستان کے سینٹ تھامس ہسپتال لندن کے مشہور ہارٹ سپیشلسٹ ڈاکٹر سٹیون جیکنز (Steven Jankins) کو اسلام آباد پاکستان بلوایا گیا۔ اس نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ مردانہ کمزوری دور کرنے کی مقوی و محرک دوا کھانے سے خون کا دباؤ دل پر بڑھ گیا ہے جس سے دل کا شدید دورہ پڑا۔ اس کے نتیجہ میں دل کی کارکردگی کمزور پڑ گئی ہے اور سانس کی تکلیف ہوگئی ہے۔ چونکہ مرزا ناصر کو پہلے ہی ذیابیطس کی بھی تکلیف تھی، اس لیے یہ بیماری انتہائی تشویشناک صورت اختیار کر گئی۔ چنانچہ ڈاکٹر سٹیون جینکنز کے مشورہ کے مطابق علاج جاری رہا۔ فضل عمر ہسپتال ربوہ کے ڈاکٹرز لطیف احمد قریشی، ڈاکٹر مرزا مبشر احمد، راولپنڈی کے جنرل محمود الحسن، میجر مسعود الحسن نوری، ڈاکٹر شاہد احمد اور دیگر کئی ڈاکٹروں کی رائے تھی کہ مرزا ناصر نے جو ممسک ادویہ استعمال کی ہیں، اس کی وجہ سے حالت خراب ہوئی ہے۔ ٹھیک ایک دن بعد مرزا ناصر احمد پر دل کا شدید حملہ ہوا۔ 8 اور 9 جون 1982ء منگل بدھ کی درمیانی شب پونے ایک بجے قادیانی عبادت گاہ اسلام آباد میں نہایت عبرتناک موت مرا۔ چونکہ اس کے جسم میں سنکھیا کا اثر پورے طور پر موجود تھا، اس لیے اس کے زہریلے اثر سے اس کی لاش گلنا سڑنا شروع ہوگئی۔ لہٰذا فوری طور پر ایلومینیم کے تابوت میں اس کی لاش بند کر کے ربوہ بھجوا دی گئی۔

مرزا ناصر کی نئی بیوی حمل سے تھی۔ خطرہ تھا کہ کہیں وراثت کے چکر میں طاہرہ کو ختم ہی نہ کروا دیا جائے۔ اس خدشہ کی طرف عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنما مکرم مولانا اللہ وسایا صاحب نے ربوہ کی مسجد میں لاؤڈ سپیکر پر خطبہ جمعہ میں اظہار فرمایا اور پھر وہی ہوا، جس کا خدشہ تھا۔ مرزا طاہر احمد نے ایک سازش کے تحت ڈاکٹر طاہرہ کو ادویات کھلا کر اس کا حمل ضائع کروا دیا، جس پر طاہرہ کو خطرناک حالت کے پیش نظر 25 جون 1982ء کو اسلام آباد کے ہسپتال میں داخل کروایا گیا، جہاں طاہرہ کے جسم سے خون کے لوتھڑے خارج ہوتے رہے۔ یہ سب کچھ مرزا طاہر نے اس لیے کیا کہ پیدا ہونے والا بچہ ''رائل قادیانی فیملی'' کا ممبر کہلوائے گا اور جماعت احمدیہ کی اربوں روپے کی اندرونی اور بیرونِ ممالک جائیداد

www.sirat-e-mustaqeem.com

میں سے وراثت کا حق دار ہوگا۔ طاہرہ اس صدمہ سے کئی ماہ نڈھال رہی۔ ارباب نبوت کے شہزادوں نے حمل تو ضائع کروا دیا مگر اس طرح مستقبل میں ایک متوقع وارث سے محفوظ ہو گئے۔ گو طاہرہ کی زندگی بچ گئی مگر ان اندوہناک واقعات کے نتیجہ میں پروفیسر نصیر احمد پر دل کا شدید دورہ پڑا اور وہ جان سے گئے۔ اب میڈم طاہرہ اسلام آباد کے ایک پوش ایریا میں میں ایک گیسٹ ہاؤس چلا رہی ہے۔ سچ ہے: ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

مرزا طاہر احمد

قادیانی جماعت کا چوتھا خلیفہ مرزا طاہر 18 دسمبر 1928ء کو مرزا محمود کے ہاں قادیان میں پیدا ہوا۔ 1944ء میں تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ پھر گورنمنٹ کالج لاہور سے تھرڈ ڈویژن میں ایف ایس سی اور بعد ازاں پرائیویٹ طور پر بی اے کیا۔ 1955ء میں سیر و سیاحت کے لیے لندن گیا تو وہاں کی رنگینیوں میں اس قدر کھو گیا کہ وہیں کا ہو کر رہ گیا۔

معروف صحافی و کالم نگار جناب تنویر قیصر شاہد اپنے ایک مضمون ''برطانیہ میں مرزا طاہر احمد کا نیا اسلام آباد'' میں انکشاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''ایشیا ویک جون 1990ء کے مطابق مرزا طاہر احمد جس نے 61 برس قبل مشرقی پنجاب کے ایک متوسط زمیندار گھرانے میں جنم لیا تھا، آج قادیانیوں ہی میں نہیں، دنیا کے اُن اکتالیس امراء میں شمار ہوتا ہے جن کی دولت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔ مرزا طاہر احمد نے جس گھر میں آنکھ کھولی، وہاں اس کے علاوہ اس کے 25 بہن بھائی بھی اس قلیل روٹی کو کھانے والے تھے جو سب کا پیٹ بھرنے سے قاصر تھی۔ اس کے باپ کی 7 عدد بیویاں تھیں، جنہوں نے اپنے شوہر کو 15 بیٹے اور 10 بیٹیاں دیں۔ مرزا طاہر احمد جو تعلیمی میدان میں درمیانے درجے کا طالب علم تھا، نے پنجاب یونیورسٹی سے گریجویشن کرنے کے بعد لندن کے اورینٹل سکولز اینڈ افریقن سٹڈیز میں داخلہ لیا جہاں وہ کئی برس زیر تعلیم رہا لیکن مسلسل ناکام ہوتا رہا۔ بالآخر تنگ آ کر انتظامیہ نے اسے اپنے ادارے سے نکال دیا۔ اس کے ہم جماعتوں کا کہنا ہے کہ اس کی تعلیم پر کم اور عورت اور شراب پر زیادہ توجہ رہتی تھی۔ لندن میں سوہو کا علاقہ جہاں شراب اور عصمت فروش عورتوں کی بھرمار ہے، مرزا طاہر کا پسندیدہ مرکز تھا۔ کئی برس بعد اس کے ایک کلاس فیلو جو آج کل ''وال سٹریٹ'' اخبار سے وابستہ ہے، نے اس سے انٹرویو کے دوران جب یہ پوچھا کہ تم زمانہ طالب علمی میں اتنی کثرت سے شراب کا استعمال کیوں کرتے تھے تو مرزا طاہر احمد نے ہلکا سا قہقہہ لگاتے ہوئے کہا کہ اس لیے کہ یہ ہمارے جد اعلیٰ (مرزا غلام احمد قادیانی) کی سنت ہے اور میں اس سنت سے انحراف کیسے کرسکتا تھا! اکسٹھ سالہ مرزا طاہر احمد جس کی داڑھی اور سر کے بال سیاہ خضاب کے استعمال سے جامنی رنگ کے ہو رہے

www.sirat-e-mustaqeem.com

ہیں، دنیا کی ہر نعمت اس کے قدموں میں سجدہ ریز ہے، سوائے دین حنیف پر ایمان لانے کے، کسی زمانے میں وہ سکوائش کا اچھا کھلاڑی تھا اور پولو وہ پرنس آف ایڈنبرا کے ساتھ کھیلا کرتا تھا۔ ان دنوں اس کی صحت قابل رشک تھی مگر عورت اور شراب کی کثرت نے اس کا چہرہ ہی نہیں، جسم بھی بگاڑ کر رکھ دیا۔ مرزا طاہر احمد جس کا کہنا ہے کہ مجھے نماز کے مقابلے میں باورچی خانے میں بیوی کے لیے کھانا پکانے میں زیادہ سرور ملتا ہے، آج کل راتوں کو لندن کے مضافات ویمبلڈن کے ایک پرشکوہ محل میں ٹہلتا نظر آتا ہے۔ اس نے کئی شادیاں کر رکھی ہیں جن کی اولادوں کی اولادیں بھی جوان ہو چکی ہیں لیکن ویمبلڈن کے محل میں رہائش پذیر آصفہ اس کی محبوب اہلیہ ہے جس کی تین بیٹیاں ہیں جن کی عمریں بارہ، اٹھارہ اور ستائیس سال کے درمیان ہیں، اس کی پوری زندگی کا سرمایہ ہیں۔"

(ہفت روزہ زندگی لاہور جلد 11، شمارہ 11)

معروف صحافی، دانشور اور مصنف محترم جی آر اعوان اپنی شہرۂ آفاق کتاب "احمقوں کی جنت" میں لکھتے ہیں:

"مرزا طاہر کو جب میں نے دیکھا وہ ایک مکمل "پلے بوائے" تھے۔ منہ میں پان، جیب میں کیپسٹان ڈالے سرخ رنگ کی لیڈیز سائیکل پر پھرنے والا یہ شخص شہر بھر کی خواتین کے دل کی دھڑکن تھا۔ عمر کی قید سے قطع نظر ہر خاتون ان سے تعلق و واسطہ پر فخر کیا کرتی تھی۔ نوجوان خواتین تو بڑے ناز سے انہیں "میاں تاری" کہا کرتی تھیں۔

مرزا طاہر بھی اپنے بڑے بھائی مرزا ناصر کی طرح ہومیو پیتھک ڈاکٹر تھے۔ ان کا کلینک صبح اور شام کھلا کرتا جہاں ماہ رخان شہر کی بھیڑ لگی رہتی تھی۔ کسی خاتون کو کوئی مرض ہو یا نہ ہو، وہاں جا کر دل پشوری کر لیا کرتی تھی۔ کسی نوجوان لڑکی کے پیٹ میں ہلکا سا درد بھی اٹھتا، والدین اسے تریاق لینے میاں تاری کے پاس بھیج دیا کرتے۔

مرزا طاہر کے کلینک پر مرد و زن دونوں ہوا کرتے تھے۔ لیکن صنف نازک کی تعداد زیادہ ہوتی۔ خواتین کہتی تھیں "میاں تاری تو باتوں سے مرض دور کر دیتے ہیں۔" ایک بار موصوف نے ایک خاتون نور احمد عابد کی بیوی رشیدہ بیگم کو کہہ دیا "آپ کی جوانی تو برسوں قائم رہنے والی ہے" جس پر موصوفہ کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔ وہ کئی دنوں تک مرزا طاہر کے تاثرات اپنی سہیلیوں کو بتاتی پھری۔ مزے کی بات یہ تھی کہ وہ جب یہ بات کسی کو بتاتی تو ساتھ ہی شرم سے گلنار ہو جاتی تھی۔ مرزا طاہر کی نیلی شیشیوں میں سفید دانے دار گولیوں میں کوئی شفا تھی یا نہیں تھی، مگر اس کی "زبان اور ہاتھ" خواتین کے لیے بڑے شافی تھے۔

مرزا محمود کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ تخریب کارانہ ذہن کے مالک تھے۔ جماعت میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

سے کہیں سے کوئی تنقید یا فتنہ سر اٹھاتا تو وہ بڑی چابکدستی کے ساتھ اسے دبا دیا کرتے تھے۔اس کے لیے اعلیٰ درجے کے مخبر رکھے جاتے جو اوّل تو فتنہ اٹھنے ہی نہ دیتے اور کہیں کوئی ''ابنارمیلٹی'' نظر آتی، ان کے کارندے وہاں پہنچتے اور صورتِ حال پر قابو پالیا کرتے تھے۔ مرزا محمود احمد کے انتقال کے بعد یہ ذمہ داری بھی مرزا طاہر نے اپنے سر لے لی۔ آلِ نبوت کے کالے کرتوتوں پر اگر کسی شخص نے انگشت نمائی کرنے کی کوشش کی تو مرزا طاہر نے اس کی گردن وہیں مار دی۔ ربوہ میں ''گردن مارنا اور جان مار دینا'' کے الفاظ محاورہ کے طور پر استعمال ہوتے تھے اور یہ جملے خاندانِ نبوت کے سپوت زیادہ تر استعمال کرتے تھے۔ مرزا طاہر کو دہشت گردی اور تخریب کاری کی علامت اور روحِ رواں سمجھا جاتا تھا۔ اپنی انہی خوبیوں اور سازشوں کی بنا پر انہیں ''مسند خلافت'' حاصل ہوئی۔''

8 جون 1982ء کو اسلام آباد میں قادیانی جماعت کے تیسرے خلیفہ مرزا ناصر کی عبرتناک اور حسرتناک موت کے بعد مرزا طاہر قبضہ گروپ کے سرغنہ کی حیثیت سے قادیانی جماعت کا چوتھا خلیفہ بنا۔ 10 جون 1982ء کو صبح 9 بجے کے قریب نئے قادیانی خلیفہ کے انتخاب کے موقع پر قادیانی مرکزی عبادت گاہ چناب نگر (ربوہ) کے باہر زبردست ہنگامہ آرائی ہوئی۔ خلافت کا دوسرا امیدوار مرزا رفیع (مرزا طاہر کا سوتیلا بھائی) جب مجلس مشاورت کے اجلاس سے واک آؤٹ کرتا باہر آیا تو مرزا طاہر کے غنڈوں نے اپنی ایک کار AJK 300 میں ڈال کر اسے زبردستی اغواء کرنے کی کوشش کی مگر مرزا رفیع کے حامیوں نے یہ کوشش ناکام بنا دی۔ پھر مرزا رفیع اپنے حامیوں کو لے کر اقصیٰ چوک میں آ گیا اور وہاں پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مرزا طاہر اور اس کے حامیوں نے خلافت کے اصولوں کی دھجیاں بکھیر دی ہیں اور مجھے انتخاب خلافت سے خارج کر دیا ہے جو سراسر ناانصافی ہے۔ مرزا رفیع کی اس تقریر پر پھر ہنگامہ ہو گیا اور اسے زبردستی اس کے گھر پر نظر بند کر دیا گیا۔ بعدازاں اسے کسی نامعلوم جگہ پر منتقل کر دیا گیا۔ اس کے بعد 3 بجے کے قریب طاقت اور دھونس کے بل بوتے پر مرزا طاہر کی نام نہاد خلافت کا اعلان کر دیا گیا۔ مرزا طاہر چونکہ سیاسی ذہن رکھتا تھا، اس لیے اس نے قادیانی جماعت کو پاکستان کی سیاست میں براہ راست ملوث کیا تاکہ کلیدی عہدوں پر قبضہ کیا جائے۔ پھر دنیا نے دیکھا کہ قادیانی جماعت نے جس سیاسی جماعت کی دامے، درمے، قدمے، سخنے مدد اور حمایت کی، اسی جماعت نے پارلیمنٹ کے متفقہ فیصلہ کی رو سے 7 ستمبر 1974ء کو قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ حالیہ برسوں میں قادیانی جماعت نے جنرل پرویز مشرف کے صدارتی ریفرنڈم میں بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ کیا۔ قادیانیوں نے اس ریفرنڈم میں کروڑوں روپے خرچ کیے۔ ہر قادیانی اپنے خلیفہ کی ہدایت پر اس صدارتی ریفرنڈم کو جماعتی مشن سمجھ کر اس کی کامیابی کے لیے سرگرم کارکن کی حیثیت سے کام کرنے لگا۔ اس کا فائدہ کیا ہوا؟ صرف اتنا کہ ووٹر لسٹ میں سے ختم نبوت کے اقرار کا حلف نامہ نکال دیا گیا۔ لیکن اسے صرف ایک ماہ کی عارضی زندگی ملی۔ 29 مئی 2002ء کو تمام

www.sirat-e-mustaqeem.com

مکاتب فکر کے علماء کرام نے لاہور میں ایک ہنگامی اور اہم اجلاس منعقد کیا جس میں متفقہ طور پر حکومت کو 6 جون 2002ء تک کی مہلت دی کہ ووٹر فارم میں ختم نبوت کے اقرار کا حلف نامہ شامل کیا جائے ورنہ 1953ء جیسی تحفظ ختم نبوت تحریک چلائی جائے گی۔ اس الٹی میٹم سے حکومتی ایوانوں میں زلزلہ آ گیا۔ حکومتی مشینری فوراً حرکت میں آئی اور اس سے اگلے دن 30 مئی 2002ء کو ملک کے تمام اخبارات میں یہ خبر آ گئی کہ حکومت پاکستان نے فوری طور پر الیکشن کمیشن کو یہ حکم جاری کر دیا ہے کہ مذکورہ حلف نامہ کو پھر سے ووٹر لسٹ میں شامل کرلیا جائے۔ اسی طرح سیرت کانفرنس کے موقع پر صدر پرویز مشرف نے دوٹوک اعلان کیا کہ ''منکرین ختم نبوت (قادیانی) دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔'' ان حکومتی اقدامات سے قادیانیوں کی تمام امیدوں پر پانی پھر گیا اور وہ ایک بار پھر ذلت کی گہرائی میں منہ کے بل جا گرے۔ مرزا طاہر کی احمقانہ سیاست گری اور بچگانہ فیصلوں کے نتیجہ میں قادیانیوں کو شرمندگی اور رسوائی کے علاوہ کچھ نہ ملا۔ 26 اپریل 1984ء کو ایک صدارتی آرڈیننس کے ذریعے قادیانیوں کو شعائر اسلامی کے استعمال سے روک دیا گیا تھا۔ اس پر مرزا طاہر نے پوری قادیانی جماعت کو حکم دیا کہ وہ اسلامی شعائر کا بھرپور استعمال کر کے صدارتی آرڈیننس کی خلاف ورزی کریں۔ اس پر مرزا طاہر کے خلاف آئین و قانون کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ 28 اپریل 1984ء کو مرزا طاہر گرفتاری کے ڈر سے رات کے اندھیرے میں برقع پہن کر سڑک کے راستے ربوہ سے کراچی اور وہاں سے KLM ائیرلائن کے ذریعے بیرون ملک فرار ہوگیا اور وہاں بیٹھ کر اسلام اور پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے لگا۔ مرزا طاہر اپنے خطبات میں قادیانیوں کو فاتحانہ انداز میں جلد پاکستان آنے کی جھوٹی تسلیاں دینے لگا۔ انہی دنوں اس نے اپنی شاعری میں پاکستان واپسی کے بارے میں کہا تھا کہ ۔

ہم آن ملیں گے متوالو، بس دیر ہے کل یا پرسوں کی
تم دیکھو گے تو آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی، دید کے ترسوں کی
یہ بات نہیں وعدوں کے لیے لیکھوں کی، تم دیکھو گے
ہم آئیں گے، جھوٹی نکلے گی، لاف خدا ناترسوں کی

مرزا طاہر کی بے وزن شاعری یہ بات سچ ثابت کر گئی کہ خدا ناترسوں کی لاف گزاف واقعی جھوٹ نکلی۔ مرزا طاہر اپنی پاکستان واپسی کے ارمان دل میں لیے جہنم واصل ہوگیا۔ حالانکہ قادیانی جماعت کا عقیدہ ہے کہ خلیفہ خود خدا بناتا ہے اور اس کی زبان میں خدا بولتا ہے۔

کہتے ہیں اللہ تعالیٰ جب کسی گستاخ کو سزا دیتے ہیں تو سب سے پہلے اس کی عقل سلب کر لیتے ہیں (یعنی اس کی مت ماری جاتی ہے) قادیانی جماعت کے چوتھے خلیفہ، مرزا طاہر کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا۔ مرزا طاہر کی موت کے آخری چار سال نہایت عبرتناک

www.sirat-e-mustaqeem.com

گرفت میں آچکا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، شدید کھانسی، سانس کی تکلیف، معدہ کی تکلیف، طبیعت میں بے چینی، پیٹ کی بیماری، اعصابی کمزوری، خون میں شوگر، کولیسٹرول کی زیادتی اور ہارٹ اٹیک جیسے مرض بری طرح اسے چمٹے ہوئے تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک آوارہ مزاج اور جنسی مریض بھی تھا۔ یہ مرض اسے اپنے والد سے وراثتاً بلکہ نسلاً منتقل ہوا تھا۔ عورتوں اور بچوں کے ساتھ اس کی جنسی عیاشیوں کے قصے، جب وہ ''میاں تاری'' کے نام سے مشہور تھا، ربوہ میں اب بھی زبان زد عام ہیں۔ وہ شراب و کباب کا رسیا تھا۔ لجنہ سے تعلق رکھنے والی شاید ہی کوئی ایسی لڑکی ہو، جس نے مرزا طاہر سے سلسلہ عالیہ کا ''جنسی فیض'' حاصل نہ کیا ہو۔ جماعت کے عہدیدار اور مربی بیرون ممالک بالخصوص یورپ میں اپنی تعیناتی کے لیے ہمیشہ بے چین رہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں کسی بارسوخ شخص کی سفارش کا ہونا بے حد ضروری ہے۔ وہ لوگ اپنی حسین و جمیل بیویوں اور لڑکیوں کو مرزا طاہر کے پاس اس سفارش کے لیے استعمال کرتے، حالانکہ انہیں یہ حقیقت اچھی طرح معلوم ہوتی کہ اس کے بدلے میں وہ کیا قیمت ادا کر رہے ہیں؟ اس سلسلہ میں قانتہ شاہدہ راشد، امتہ الحفیظ سلام صدر لجنہ یو کے، امینہ کاہلوں، امتہ الحی فائزہ، ودود چیمہ، غزالہ ملک، شاہدہ حمید، امتہ الحی قمر، ممتاز اشرف، سارہ رحمٰن، نیرہ داؤد، ناصرہ ندیم، منصورہ اعجاز اور خدیجہ نذیر کی مثالیں دی جا سکتی ہیں اور اس کے برعکس قدرت کا انجام دیکھیے کہ مرزا طاہر کی بیوی آصفہ بیگم (آپی) کے شاہ تاج شوگر مل کے جنرل مینیجر چوہدری انور کاہلوں سے ناجائز تعلقات تھے۔ غالب امکان ہے کہ مرزا طاہر کو اس کا علم تھا مگر وہ چونکہ خود عیاش تھا اور آصفہ کو اس کی کرتوتوں کا بخوبی علم تھا، اس لیے وہ زبان نہ کھول سکا۔

مرزا طاہر کے مجیدہ شاہ نواز سے بھی ''گہرے'' تعلقات تھے۔ یہ خاتون نہایت خوبصورت اور جاذب نظر تھی۔ وہ ایک عرصہ تک آزاد خیال اور آوارہ مزاج خواتین کی تنظیم اپوا (Apwa) کی مرکزی عہدیدار رہی۔ مرزا طاہر آخری عمر تک اس کی زلفوں کا اسیر رہا۔ 1984ء میں جب مرزا طاہر پاکستان سے بھاگ کر لندن چلا گیا تو اس نے مجیدہ شاہ نواز کو لجنہ کا صدر بنوایا تاکہ جماعتی کاموں کے بہانے ''ملاقاتوں'' کا سلسلہ جاری رہے۔ روزنامہ الفضل 15 دسمبر 2004ء کے مطابق ''حضرت مرزا طاہر صاحب مصروف ترین دنوں میں بھی وقت نکال کر مجیدہ شاہ نواز کے گھر تشریف لاتے اور اپنے قیمتی تحفوں سے نوازتے۔ ایک مرتبہ آپ ہسپتال داخل ہوئیں تو حضرت صاحب آپ کو پھولوں کا تحفہ بھیجتے رہے۔ ایک دوست بیان کرتے ہیں کہ جب آپ لندن لجنہ کی صدارت سے فارغ ہوئیں اور کراچی آنے لگیں تو حضرت صاحب نے ایک الوداعی دعوت کا انتظام فرمایا جس میں نظم ''یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی'' کے الفاظ تھے۔ حضرت صاحب نے مسکرا کر اس نظم کو رکوا دیا اور فرمایا کہ یہ خوشی کے موقع کی نظم ہے، آج تو غمی کا دن ہے۔ چوہدری شاہ نواز صاحب کی وفات کے بعد آپ زیادہ وقت کراچی یا لاہور میں گزارتیں۔ جہاں حضرت صاحب آپ کو محبت بھرے خطوط لکھتے رہے۔''

www.sirat-e-mustaqeem.com

بیرون ممالک جہاں مرزا محمود نے مشن ہاؤسز قائم کیے وہاں پر مبلغوں کے ساتھ یہ غیر انسانی، غیر اخلاقی اور غیر معاشرتی سلوک لازم روا رکھا تھا کہ وہ دوران تبلیغ اپنی بیوی سے جسمانی رابطہ نہ رکھ سکتے تھے، یعنی ان کو اپنی بیوی ساتھ رکھنے کی اجازت نہ تھی۔ اور اس کا نتیجہ کیا ہوتا؟ اس کی مثال اس سے بہتر اور کیا ہوگی! ہالینڈ کے سابق مبلغ حافظ قدرت اللہ جب وقف سے فارغ ہوئے اور اپنی بیوی سے سالوں بعد ملے تو انہیں تعارف کی ضرورت محسوس ہوئی! بقول شخصے قدرت اللہ نے جسمانی فاصلہ مرتے دم تک قائم رکھا کہ کہیں وقف نہ ٹوٹ جائے۔ آج قادیانیت جس مقام پر ہے اس کا سہرا مرزا محمود کے سر پر ہے۔ مرزا محمود صرف ذہین وفطین ہی نہ تھا بلکہ **Evil Genius** بھی تھا، کیونکہ ابھی تک اس کا کوئی ثانی پیدا نہیں ہوسکا گو مرزا لقمان پوری کوشش کر رہا ہے! بہرحال یہ ایک الگ موضوع ہے، اس پر مستند شواہد پر مبنی مضمون پھر کبھی سہی (ان شاء اللہ)۔ ذکر ہو رہا تھا مرزا طاہر کی بیماریوں کا۔ مرزا طاہر اپنے مرنے کے ایک سال پیشتر بے شمار بیماریوں کے سبب مخبوط الحواس ہوگیا تھا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ وہ ہر جمعہ اپنے خطبہ میں کوئی نہ کوئی بونگی ضرور مارتا اور ایسی مضحکہ خیز حرکت کرتا جسے دنیا بھر کے قادیانی ایم ٹی اے پر دیکھتے اور پھر منہ چھپاتے پھرتے۔

5 جولائی 2002ء کو قادیانی عبادت گاہ فضل لندن میں مرزا طاہر خطبہ دیتے ہوئے، اپنے خدائی گرفت میں آنے کا نظارہ ایم ٹی اے کے ذریعے پوری دنیا کو دکھا گیا۔ خطبہ جمعہ معمول سے دس منٹ سے زیادہ تاخیر سے شروع ہوا۔ مرزا طاہر احمد کی حالت تشہد پڑھنے سے ہی ظاہر ہو رہی تھی۔ قرأت کے ساتھ تشہد پڑھنے کی قوت سلب کرلی گئی تو مرزا طاہر نے سورۃ فاتحہ بھی خطبہ کی ریڈنگ کی طرح پڑھنا شروع کر دی۔ ایسا اس کے خطبوں میں پہلی بار ہوا۔ پھر خطبے کی حالت خاصی خراب تھی۔ مرزا طاہر کی آواز سے کاغذ پلٹنے کی آواز زیادہ صاف تھی۔ لگ بھگ 25 منٹ کے خطبہ کے دوران مرزا طاہر کی حالت زار قابل رحم تھی۔ برطانوی ٹائم کے مطابق ایک بج کر تینتالیس منٹ پر اس وقت یہ حالت اپنی انتہا کو پہنچ گئی جب وہ ڈائس کو تھامنے کے لائق بھی نہ رہا۔ اسے گرتے ہوئے صاف دیکھا گیا۔ جماعت کے دو افراد نے فوراً لپک کر اسے سنبھالنے کی کوشش کی۔ اسی دوران ایم ٹی اے والوں نے اس عبرتناک نظارہ سے کیمرہ ہٹا لیا اور ایم ٹی اے کے چینل پر مکمل خاموشی طاری ہوگئی۔ لگ بھگ چار منٹ کی خاموشی کے بعد کیمرہ عبادت گاہ سے منسلکہ بیت الخلاء تک لایا گیا اور مرزا طاہر سے خطبہ ثانی سنوانے کی کوشش کی گئی لیکن پھر فوراً ہی آواز بند کر دی گئی اور ایم ٹی اے پر پھر مکمل خاموشی چھا گئی۔ کافی وقفہ کے بعد عطاء المجیب راشد امام مسجد فضل لندن نے اعلان کیا کہ حضرت صاحب کو دوران خطبہ ضعف ہوگیا تھا، اب وہ بہتر ہیں۔ احباب دعا کریں۔ برطانوی وقت کے مطابق چار بج کر پانچ منٹ پر اس خطبہ کو دوبارہ دیا جانا تھا۔ چار بجے اناؤنسر نے اس خطبہ کو دکھانے کا اعلان کیا مگر اس کے ساتھ ہی پھر ایم ٹی اے پر جیسے اس اعلان کو ادھورا چھوڑ دیا گیا۔ لمبی خاموشی کے بعد

www.sirat-e-mustaqeem.com

مولوی عطاء المجیب راشد کے اعلان کی ریکارڈنگ دوبارہ سنائی گئی اور پھر مرزا طاہر احمد کا 7 جون 2002ء کا خطبہ دوبارہ لگایا گیا جبکہ اصولاً 5 جولائی کا خطبہ لگانا چاہیے تھا۔ 5 جولائی کا خطبہ روک کر دراصل لندن کے قادیانی مالشیوں نے مرزا طاہر احمد کی عبرتناک حالت کا خود بھی اعتراف کیا۔

5 جولائی کے خطبہ جمعہ میں خدائی مار کے بعد مرزا طاہر کو جب تھوڑا سا ہوش آیا تو اس نے خود نماز پڑھانے کی ضد کی۔ عطاء المجیب راشد جو نماز پڑھانے کے لیے آگے آچکا تھا، اسے واپس بھیجا گیا۔ مرزا طاہر نے نماز شروع کی اور ایک رکعت پڑھا کر سلام پھیر دیا۔ جمعہ نماز بھی خراب کی۔ اس سلسلے میں اندر کی مزید خبر یہ ہے کہ مرزا طاہر احمد کو ان کے "مالشیے" ایک عرصہ سے کہہ رہے تھے کہ آپ خطبہ نہ دیں لیکن وہ ضد کر کے خود خطبہ دیتا تھا۔ شاید خدا نے اس کا عبرتناک انجام ایم ٹی اے کے ذریعے پوری دنیا کو دکھانا تھا۔ یہ مرزا طاہر کی ضد سے زیادہ خدائی تقدیر تھی جس نے اسے اس طرح عبرت کا نشان بنایا تھا۔ نماز جمعہ مرزا طاہر نے پڑھائی تو ایک رکعت کے بعد سلام پھیر دیا اور پھر عطاء المجیب راشد نے باقی نماز پڑھانی شروع کی تو مرزا طاہر نے اپنی مخبوط الحواسی میں اسے ڈانٹ دیا کہ جب میں نے نماز کا سلام پھیر دیا ہے تو نماز مکمل ہوگئی ہے۔ یہاں یہ وضاحت بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ مرزا طاہر پہلی رکعت پڑھا کر کھڑا ہوا اور پھر کھڑے کھڑے ہی سلام پھیر دیا۔ شائد کوئی جنازہ پڑھا دیا ہو۔ جن لوگوں نے ایم ٹی اے پر یہ دلچسپ مزاحیہ پروگرام دیکھا ہو، وہ مدتوں اسے بھول نہ پائیں گے۔

مرزا طاہر کی عذاب ناک علالت اور 5 جولائی کو ایم ٹی اے پر سرِ عام اس کے گرنے کا منظر دیکھ کر پوری جماعت میں چہ میگوئیاں شروع ہوگئی تھیں۔ اس کے نتیجہ میں فوری طور پر ربوہ میں سختی سے حکم دے دیا گیا ہے کہ مرزا طاہر کی بیماری اور ٹی وی پر گرتے ہوئے دیکھے جانے کے موضوع پر کوئی کسی سے کسی قسم کی بات نہ کرے۔ یہ پابندی اس حد تک عائد کی گئی کہ ربوہ کے کسی ریستوران یا چائے خانہ میں اگر اس موضوع پر کوئی بات کی جاتی تو ویٹر فوری طور پر کہتا: جی یہاں اس موضوع پر کوئی بات نہ کرے۔

12 جولائی 2002ء کو جب مرزا طاہر نے خطبہ جمعہ دیا تو اس کی حالت دیدنی تھی۔ پھولے ہوئے سانس کے ساتھ خطبہ کی ریڈنگ، ہر وقت تنی رہنے والی گردن مجرموں کی طرح جھکی ہوئی، فرعون کی طرح تنی ہوئی آنکھیں جواب ایک لمحہ کے لیے بھی نہ اٹھ سکیں۔ 75 فیصد خطبہ کے الفاظ سمجھ ہی نہیں آتے تھے کہ مرزا طاہر کیا کہہ رہا ہے۔ بس منمناہٹ کا احساس ہوتا تھا۔ اس مرتبہ مرزا طاہر نے بمشکل 15 منٹ خطبہ دے کر کام نمٹا دیا۔ جب بھی مرزا طاہر کی حالت دیدنی ہوتی، کیمرہ مین فوری طور پر اس سے کیمرہ ہٹا کر عبادت گاہ کے گنبد یا نئے بیت الخلاء کی طرف کر دیتا۔ مرزا طاہر بعض اوقات دواؤں کی ڈبل خوراک کے نتیجہ میں وقفے وقفے کے لیے اپنے حواس میں آجاتا۔ اور بعض اوقات نماز پڑھاتا۔ لیکن ہر نماز میں بھول جاتا۔ اس کی ایک نماز بھی قرأت یا رکعت کی خرابی کے بغیر مکمل نہ ہوتی۔ دوائی کا اثر زائل ہوتے ہی

www.sirat-e-mustaqeem.com

مرزا طاہر پھر اپنی اصل حالت میں آ جاتا اور مخبوط الحواسیوں میں مبتلا ہو جاتا۔

19 جولائی 2002ء کو مرزا طاہر نے بیت الذکر فضل لندن میں جمعہ کا خطبہ دیا۔ بکری کی منمناہٹ کی طرح اس کی آواز سنائی دیتی تھی۔ پورے چہرہ پر سوجن کے اثرات تھے جس سے گمان کیا جاتا تھا کہ ان کی بیماریوں کی دوا کی خوراک ڈبل سے بھی زیادہ کر دی گئی ہے۔ ٹی وی کیمرہ والوں نے نہ تو مرزا طاہر کو عبادت گاہ میں داخل ہوتے دکھایا نہ اٹھتے یا بیٹھتے دکھایا۔ جب ایسی نوبت آتی تو کیمرہ مسجد کے باہر چلا جاتا۔ اس بار تو احتیاط کا یہ عالم رہا کہ مرزا طاہر جب پانی پینے لگتا تو تب بھی کیمرہ اس کے چہرے سے ہٹا کر نئے تعمیر کردہ بیت الخلاء دکھانے شروع کر دیئے جاتے۔

26 جولائی 2002ء کو جلسہ سالانہ کا افتتاح مرزا طاہر کے خطبہ جمعہ سے ہو گیا تھا۔ اس کے بعد برطانوی ٹائم کے مطابق پونے چار بجے جلسہ شروع ہوا۔ جلسہ کی ابتدا ''درثمین'' (مرزا قادیانی کی شاعری کا مجموعہ) کی ایک نظم کے ایک حصہ سے کیا گیا۔ نظم کا ایک مصرع بہت حسب حال تھا:

ستم اب مائل ملک عدم ہے

بے شک قادیانی جماعت کے اندر جو ستم کی سب سے بڑی علامت شخصیت تھی، وہ اب مائل ملک عدم ہو رہی تھی۔ جس نے بھی نظم کا یہ اقتباس منتخب کیا، ذہانت کا ثبوت دیا۔ دوران تقریب وزیر اعظم برطانیہ ٹونی بلیئر کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔ اس سے تھوڑا سا افسوس ہوا، کیونکہ اسی لندن میں سکھوں کی اسی انداز کی تقریبات ہوتی ہیں تو ٹونی بلیئر خود ان میں شرکت کر کے تقریر کرتے ہیں جبکہ قادیانی جماعت کے سالانہ جلسہ کے لیے انہوں نے صرف لکھا ہوا پیغام بھیجا۔ امید ہے اگلے جلسہ پر انہیں لانے کے لیے کوشش کی جا سکے گی۔ اسی جلسہ میں ایک برطانوی ممبر پارلیمنٹ نے بتایا کہ میں نے پاکستان میں جا کر توہین رسالت کے قانون کو ختم کرنے پر زور دیا تھا۔ ایک انگریز اگر قادیانی جماعت کے پلیٹ فارم سے توہین رسالتؐ کے قانون کے خاتمے کی باتیں سناتا ہے تو اسلامی دنیا کو اس کا مطلب کیا لینا چاہیے؟

یہاں جماعت کے تاریخی ریکارڈ سے اتنی بات بتا دینا ضروری ہے کہ جب انگریزی دور میں ہندوستان میں حضور نبی کریم ﷺ کی توہین کا کاروبار بہت چل نکلا تھا تب اہل اسلام نے انگریزی حکومت سے مطالبہ کیا تھا کہ توہین رسالت کا قانون بنایا جائے۔ ایسا قانون بننے جا رہا تھا۔ تب قادیانی جماعت ان دنوں میں مرزا محمود پر زنا کاری کے الزامات کا سامنا کرنے سے بھاگ رہی تھی۔ چنانچہ مرزا محمود نے اس قانون کے بننے میں یہ رکاوٹ ڈال دی کہ صرف توہین رسالت کا نہیں بلکہ تمام مذہبی پیشواؤں (جس میں مرزا قادیانی بھی شامل ہو) کی توہین کا بل بنایا جائے۔ یوں اس وقت میں ایسا قانون بنتے بنتے رہ گیا تھا۔ جنہیں اس حقیقت کے ماننے میں شبہ ہو، وہ اپنے مورخ دوست محمد شاہد سے رجوع کر کے دیکھ لیں۔

سالانہ جلسہ شروع ہوا تو مرزا طاہر کو ''لوائے احمدیت'' لہرانے کے لیے بڑے حفاظتی اور احتیاطی

www.sirat-e-mustaqeem.com

دائرے میں لایا گیا۔ آنے اور جانے کا منظر چند قدم کی حد تک دکھایا گیا اور اس میں بھی چاروں طرف سے اسے اس حد تک گھیر رکھا تھا کہ وہ دکھائی ہی نہیں دے رہا تھا۔ پردہ تان کر اس کی چال کو بھی مخفی رکھا گیا۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ مرزا طاہر کی دونوں آنکھوں کے زاویے الگ الگ ہو گئے تھے، دراصل جب کسی انسان کی دونوں آنکھیں کسی چیز کو دیکھنے کے لیے ایک زاویے پر آتی ہیں تو تب اس چیز کو ٹھیک سے دیکھ پاتا ہے۔ مرزا طاہر کے ساتھ المیہ یہ ہوا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے زاویوں کا ربط ٹوٹ گیا تھا۔ وہ دیکھتا کسی اور طرف اور چیز کسی اور طرف ہوتی۔ وہ دیکھ کہیں اور طرف ہوتا، اس کے قدم کہیں اور پڑ رہے ہوتے۔ اسی لیے اسے چلتا ہوا بھی نہیں دکھایا گیا۔ کاغذ پر لکھا ہوا جو وہ پڑھتا، اس میں لکھی ہوئی دو تین لائنیں بھی گڈمڈ کر دیتا۔ وجہ یہی ہے کہ اس کی آنکھیں ایک زاویے پر نہیں ٹھہرتی تھیں۔ اس کی یہ بیماری مزید بڑھی۔ وہ تلاوت کے لائق بھی نہ رہا۔ اسی لیے جلسہ کی اپنی چھ سات منٹ کی آخری تقریر کی ریڈنگ کے آغاز ہی میں اسے تشہد تعوذ والا صفحہ لکھا ہوا ہونے کے باوجود دکھائی نہیں دیا۔ ان کی عبرتناک بیماریوں میں یہ ایک اور عبرتناک اضافہ تھا۔ معمولی سا اختلاف رائے رکھنے والوں کو ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنے والے مرزا طاہر کی آنکھیں خدا نے ہمیشہ کے لیے ٹیڑھی کر دی تھیں۔ اس کے فوراً بعد خطبہ جمعہ دیا گیا۔ مرزا طاہر احمد نے خطبہ بیٹھ کر دیا۔ یہ ان کی حالت میں عذاب کا ایک اور قدم تھا۔ خطبہ میں ان کی حالت اتنی پتلی تھی کہ جلد ہی کیمرے کو اس سے خاصا دور کر لیا گیا۔ ادھر جلسہ میں شریک قادیانی اچھے خاصے پریشان تھے۔ اس لیے ان کے پریشان چہرے دکھانے سے بھی گریز کیا جا رہا تھا۔ خطبہ جمعہ کو جلسہ کی افتتاحی تقریر شمار کیا جانا چاہیے۔ مرزا طاہر کی آواز کی منمناہٹ پہلے سے زیادہ بڑھ گئی تھی۔ اور خطبہ کا دورانیہ مزید گھٹ گیا تھا۔ یہ افتتاحی خطبہ پندرہ منٹ تک رہا۔ اس میں بمشکل پانچ منٹ کے دورانیہ کے الفاظ سمجھ میں آئے، باقی خطبہ مرزا قادیانی کی بعض وحیوں کی طرح ناقابل فہم تھا۔ اپنے بیٹھ کر خطبہ دینے کی افسوسناک حالت کا مرزا طاہر کو خود بھی اندازہ تھا۔ چنانچہ اس نے خطبہ میں کہا کہ آنحضرت ﷺ کی وفات پر حضرت عمرؓ نے بیٹھ کر خطبہ دیا تھا۔ آج میں حضرت عمرؓ کی پیروی کرتے ہوئے بیٹھ کر خطبہ دے رہا ہوں۔ اس پر قادیانیوں نے باآواز بلند سبحان اللہ کہا۔ حالانکہ سب جانتے ہیں کہ حضرت عمرؓ وفات رسولؐ کے صدمہ سے نڈھال تھے، جبکہ مرزا طاہر خدا کی طرف سے ملنے والی سزا کے نتیجہ میں اس حالت کو پہنچا۔ اگر کسی نے بیٹھ کر خطبہ دیا بھی ہو تو ان کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے صدمہ سے نڈھال تھے، جبکہ مرزا طاہر احمد تو خدائی گرفت میں آیا ہوا تھا۔ پھر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ آنحضرت ﷺ کی وفات پر حضرت عمرؓ نے کوئی خطبہ دیا ہی نہیں۔ تب صرف حضرت ابوبکر صدیقؓ نے خطبہ دیا تھا۔ لہٰذا مرزا طاہر کی عبرتناک حالت پر پردہ ڈالنے کے لیے ناجائز طور پر حضرت عمرؓ کی ایک سنت گھڑی گئی اور پھر اس کی پیروی کا ڈرامہ کیا گیا۔

ایم ٹی اے نے جلسہ سالانہ کے پروگرام Live دکھانے کا اعلان کیا تھا۔ لیکن خصوصی نشریات

www.sirat-e-mustaqeem.com

میں افتتاحی جلسہ سے پہلے زیادہ تر پرانی ریکارڈنگز دکھائی گئیں۔ کبھی کینیڈا اور کبھی انڈونیشیا کی تقریبات سے دل بہلائے جاتے رہے۔ ایک بار عطاء الجیب راشد سے بات کرائی گئی۔ اس میں انہوں نے بتایا کہ اس بار جماعت نے بارہ زبانوں میں فی البدیہہ تراجم کا انتظام کیا ہے اور ساتھ یہ بتایا کہ اقوام متحدہ میں صرف چھ زبانوں کے تراجم ہوتے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں قادیانی جماعت بارہ زبانوں میں ترجمہ کرا رہی ہے۔ ترجمہ کی سرعت کے بارے میں اس نے بتایا کہ کبھی حضور کوئی لطیفہ سناتے ہیں تو 8 سیکنڈ میں اس کا ترجمہ ہو جاتا ہے اور ان زبانوں کے جاننے والے لوگوں کے چہروں پر بھی اسی وقت مسکراہٹ پھیل جاتی ہے۔ اس پر ایک واقعہ یاد آ گیا...... برصغیر پر اپنی حکومت کے دوران ایک انگریز بہادر کسی گاؤں گئے۔ وہاں ایک نوجوان ان کی تقریر کا ترجمہ کرتا رہا۔ دوران گفتگو انگریز بہادر نے ایک طویل لطیفہ سنایا تو نوجوان نے اس کے ترجمہ کے طور پر ایک جملہ بولا اور سارے حاضرین ہنسنے لگ گئے۔ انگریز بہادر نے ترجمہ نگار سے پوچھا کہ لطیفہ طویل تھا تم نے اتنا مختصر ترجمہ کیسے کر دیا کہ بات ان کو سمجھ آ گئی اور وہ اس پر ہنسنے لگ گئے۔ ترجمہ نگار نے دست بستہ عرض کیا حضور میں نے تو صرف اتنا ہی عرض کیا تھا کہ حضور بہادر نے ایک لطیفہ سنایا ہے آپ اس پر ہنسئے۔

جلسہ کے دوسرے دن مرزا طاہر نے خواتین سے خطاب کیا۔ مقررہ وقت سے 25 منٹ تاخیر سے جلسہ گاہ پہنچا۔ اس خطاب کے لیے نہ آتے ہوئے دکھایا گیا نہ جاتے ہوئے دکھایا گیا۔ جب فٹ کر کے بٹھا دیا گیا تب کیمرے نے ایک آدھ جھلک دکھائی۔ یہ خطاب دعا سمیت بمشکل 9 منٹ رہا۔ لکھی ہوئی باتیں بھی سمجھ میں نہیں آ رہی تھیں۔ اس دوران حالت یہ تھی کہ کیمرہ زیادہ تر مردانہ مارکی کی طرف رکھا گیا اور مرزا طاہر کی صرف آواز سنائی دیتی رہی۔ ایک دو بار کیمرہ مرزا طاہر کی طرف گیا لیکن جلد ہی وہاں سے ہٹا لیا گیا۔ اس سے پہلے کے کسی جلسہ سالانہ، کسی مجلس عرفان یا کسی پروگرام کے خطبہ کی کیسٹ دیکھ لیں۔ ہر فلم میں کیمرہ مرزا طاہر کے چہرے پر مرکوز ہے۔ جلسہ سالانہ کی سابقہ تقریبات میں تو مرزا طاہر کی تقریر کے دوران حاضرین کی ہلکی سی جھلک قسمت سے دکھائی جاتی تھی۔ اب ایسا سماں ہے کہ حاضرین کو دکھایا جا رہا ہے اور مرزا طاہر کے چہرے کو چھپایا جا رہا ہے۔ مرزا طاہر احمد کی عبرتناک اور عذاب ناک حالت دیکھ کر ڈوئی کی وہ تصویر یاد آتی ہے جو ''حقیقۃ الوحی'' میں شامل ہے۔

جماعت کے جلسہ کا آخری آئیٹم مرزا طاہر کی تقریر تھی۔ یہ تقریر سات آٹھ منٹ تک رہی اور مرزا طاہر نے اتنا معمولی وقت بھی بیٹھ کر اپنا مخصوص منمناتا ہوا خطاب کیا۔ مرزا طاہر احمد کی عبرتناک حالت دیکھنے کے بعد دور دراز سے آئے ہوئے برصغیر سے تعلق رکھنے والے قادیانیوں میں خوف اور مایوسی کی لہر پھیل گئی۔ اس منمناتی ہوئی تقریر میں مرزا طاہر نے جماعت کی تعداد میں دو کروڑ سے زائد اضافہ کا اعلان کیا لیکن اس اعلان پر حاضرین نے کسی معمولی سی گرمجوشی کا اظہار بھی نہیں کیا، جیسے بزبان خاموشی کہہ رہے ہوں

www.sirat-e-mustaqeem.com

کہ اتنا عبرتناک حال ہو جانے کے باوجود جھوٹ بولنے سے باز نہیں آ رہے۔ مرزا طاہر نے تعداد میں ڈبل اضافہ کا ڈرامہ ترک کر دیا تھا۔ اس کے باوجود اس پر خدائی گرفت شدید تر ہوتی دکھائی دے رہی تھی۔ مرزا طاہر نے ڈبل اضافہ کا اعلان نہ کر پانے کی وجہ گزشتہ سال کے بین الاقوامی حالات سے جوڑ دی۔ اس پر ایک واقعہ یاد آ گیا۔ ایک شخص نے ایک بنک میں منافع سکیم کی تھوڑی سی انویسٹمینٹ کی تھی۔ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی دونوں عمارتوں کے حادثہ کے بعد سے انہیں ہر چھ ماہ بعد ایک لیٹر آ جاتا ہے کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے حادثہ کے گہرے اثرات کے باعث اس بار زیادہ منافع نہیں ہو سکا۔ کچھ ایسا ہی مرزا طاہر احمد کی وضاحت تھی کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے حادثہ کے بعد سے جو حالات ہیں، ان کی وجہ سے جماعت کی تعداد میں ڈبل منافع نہیں ہو سکا۔

28 جولائی 2002ء کو قادیانی سالانہ جلسہ اختتام پذیر ہو گیا۔ آخری سیشن سے پہلے عالمی بیعت کا ڈرامہ کیا گیا۔ لیکن اس بار عالمی بیعت کا ڈرامہ انتہائی بے جان رہا۔ مرزا طاہر کو جس طرح لایا گیا، اس سے اردن کے شاہ حسین کا وہ منظر یاد آ گیا جب اس کی کلینیکل موت جاری کر دی گئی تھی لیکن اسے مصنوعی طور پر زندہ رکھ کر امریکہ سے اس کے وطن لے جایا گیا تھا۔ مرزا طاہر کی زندہ درگور حالت اسی منظر کی یاد دلاتی رہی۔ عالمی بیعت کے ڈرامے میں پہلے جس طرح جوش و خروش دکھایا جاتا تھا یوں کہہ لیں کہ جذباتی ایکٹنگ کی جاتی تھی، وہ اس بار بالکل مفقود تھی۔ جلسہ کے آخری سیشن میں مرزا طاہر نے خطاب کیا۔ یہ خطاب بمشکل سات منٹ جاری رہ سکا۔ اس بار بھی خطاب بیٹھ کر دیا گیا۔ مزید ستم یہ ہوا کہ تقریر کے آغاز میں تشہد، تعوذ پڑھنے کے بجائے مرزا طاہر احمد نے براہ راست تقریر شروع کر دی۔ ابھی انہوں نے ''گزشتہ چند سالوں سے'' ہی کہا تھا کہ ان کو سنبھالنے کی ڈیوٹی پر مامور ایک صاحب نے فوراً ان کی طرف جھک کر انہیں یاد دلایا کہ تشہد، تعوذ پڑھ لیں۔ چنانچہ مرزا طاہر نے تقریر روک کر اپنی غلطی کی درستی کی۔ کیمرہ حسب معمول ان سے خاصا دور رکھا گیا۔

عالمی بیعت کے ڈرامہ کے اختتام پر مرزا طاہر ایک سجدہ کرایا کرتا تھا۔ اس سجدہ کے بعد مرزا طاہر نے اللہ اکبر کہہ کر سر اٹھا لیا لیکن اس کی آواز اتنی نحیف و نزار تھی کہ شرکائے سجدہ میں سے کسی نے بھی نہیں سنی۔ صرف ایم ٹی اے کے ہائی سپیکرز نے اسے نشر کیا اور پھر یہ تماشہ ایم ٹی اے پر ہی دیکھا گیا کہ مرزا طاہر نے اللہ اکبر کہہ کر سجدہ ختم کر دیا۔ اس کے باوجود ساری جماعت سجدہ میں پڑی ہوئی تھی۔ خاصے وقفہ کے بعد اس دوران ڈیوٹی پر موجود کسی فرد نے کسی ذمہ دار کو توجہ دلائی تو کسی نے تکبیر کہہ کر اس بے امام سجدہ سے سب کو نجات دلائی۔ یہ سب قدرت کی طرف سے نشان ہیں۔ اس بار بعض مقررین کی تقاریر کے بعد باقاعدہ جلسہ گاہ سے تالیاں بجائی گئیں، جبکہ پہلے اس طرح تالیاں بجانے سے سختی سے روکا جاتا تھا۔ مرزا مظفر احمد (ایم ایم احمد) نہ صرف مرزا طاہر احمد کا سگا چچا زاد بھائی بلکہ جماعتی لحاظ سے بھی بے حد اہمیت کا

www.sirat-e-mustaqeem.com

حائل تھا۔ جلسہ سے پہلے اس کی وفات ہوگئی تھی، اور جلسہ کے پہلے دن امریکہ میں اس کی نماز جنازہ پڑھائی گئی۔ لیکن مرزا طاہر نے اپنی کسی تقریر میں اس کی وفات کا کوئی ذکر نہ کیا۔ اس سے مرزا طاہر احمد کی عبرتناک حالت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں اس بار مرزا طاہر احمد کی حالتِ زار کی وجہ سے عالمی مجلس شوریٰ کا پروگرام منسوخ کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں جو وجہ بہانہ کے طور پر بیان کی گئی، اس سے خود جماعت مذاق کا نشانہ بنتی ہے۔ دراصل یہ مجلس مرزا طاہر احمد کی عبرتناک حالت کے باعث منسوخ کی گئی۔

6 ستمبر 2002ء کو مرزا طاہر نے حسب معمول عبادت گاہ فضل لندن میں جمعہ کا خطبہ دیا۔ مخبوط الحواسی کی کیفیت معمول کے مطابق رہی۔ آتے ہی مرزا طاہر نے خطبہ کے لیے اذان کا کہنے کے بجائے نماز کے لیے تکبیر کا حکم دے دیا۔ اس مدہوشی پر اس کے دو باڈی گارڈز نے آگے بڑھ کر اس کو پکڑ کر باقاعدہ ''اباؤٹ ٹرن'' کیا۔ اس کے بعد اذان کرائی گئی اور پھر خطبہ ہوا۔ اور اس کا دورانیہ دس منٹ کے اندر ہی رہا۔ یوں ایک اور خطبہ اس کے **Friday the 10th** کا عبرتناک نشان بن گیا۔ 13 ستمبر کا خطبہ بھی مرزا طاہر کی دلچسپ اور عبرتناک مخبوط الحواسیوں پر مشتمل تھا۔ 20 ستمبر کا خطبہ سابقہ خطبوں سے زیادہ عبرتناک رہا۔ خطبہ بمشکل 7 منٹ کا رہا۔ آواز بکری کی منمناہٹ جیسی تھی۔ اس بار سورۃ فاتحہ ایک بار پڑھ کر پھر دوبارہ پڑھ دی۔ اس سے مرزا طاہر احمد کی غیر حاضر دماغی اور پاگل پن کی عمومی حالت کا اندازہ کیا جاسکتا تھا۔ خطبہ ثانیہ ہر بار بھول جانا اب تو مرزا طاہر کا معمول بن گیا تھا۔ 27 ستمبر کا خطبہ بھی حسب سابق رہا۔ قابل ذکر بات اتنی ہے کہ **Friday the 10th** والی تفسیر کے مطابق دس منٹ کے اندر اندر ہونے والے خطبہ کا دورانیہ سات منٹ سے گھٹ کر چھ منٹ ہوگیا۔ مرزا طاہر کا مسلسل کم ہوتا ہوا خطبہ کا دورانیہ اس قرآنی فرمان کے مطابق تھا کہ ''ہم ان کو ان کے کناروں سے کم کرتے چلے آرہے ہیں۔''

14 اکتوبر 2002ء کو جب مرزا طاہر کی انجیو پلاسٹی ہوئی تو لندن کے مشہور کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر سٹیفن جینکنز **(Dr. Stephen Jenkins)** نے مرزا طاہر سے برملا اپنی رائے کا اظہار کیا کہ شراب نوشی اور زیادتی جماع کی وجہ سے آپ کے جسم کے پٹھے بے حد کمزور ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے آپ کا دل بھی روز بروز کمزور ہو رہا ہے۔ میں نے اس طرح کی خطرناک رپورٹیں پہلے کبھی کسی مریض کی نہیں دیکھیں۔ لہٰذا اگر آپ زندگی چاہتے ہیں تو آپ کو اس فعل قبیح سے مکمل اجتناب کرنا ہوگا۔ مرزا طاہر نے ڈاکٹروں کے بورڈ جن میں لندن کے ڈاکٹر سٹیفن جنکنز (کارڈیالوجسٹ)، ڈاکٹر نکیوسیف (نیوروسرجن)، لیڈی ڈاکٹر وڈ، ڈاکٹر مسٹر پیٹر ٹیلر (ویسکولر سرجن) ڈاکٹر بشیرالدین خلیل (نیوروفزیشن)، ڈاکٹر نسیم رحمت اللہ، ڈاکٹر عبدالسلام (ماہر امراض سینہ) ڈاکٹر شاہد، ڈاکٹر نعیم احمد (فزیشن)، ڈاکٹر مرزا مبشر احمد، ڈاکٹر مسعود الحسن نوری، ڈاکٹر شکیل احمد اور ڈاکٹر مجیب الحق شامل تھے اور اپنے اہل خانہ کے سامنے کھسیانے ہو کر وعدہ کیا کہ وہ اس مشورہ پر عمل کرے گا۔ لیکن سیانے کہتے ہیں کہ چور چوری سے جائے، ہیرا پھیری سے نہیں جاتا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اور رسی جل جاتی ہے لیکن بل نہیں جاتا۔ دو ہفتے بعد جب مرزا طاہر کے دل کی تکلیف مزید بڑھی تو ڈاکٹروں نے انجوگرافی پر زور دیا جس پر 29 اکتوبر کو مرزا طاہر کو سینٹ تھامس ہسپتال (St.Thomas's Hospital) میں داخل کروا دیا گیا۔ یہ لندن کا سب سے بہترین ہسپتال ہے اور سنٹرل لندن میں واقع ہے۔ وہاں مرزا طاہر کے علاج کا فیصلہ ہوا۔ اس ہسپتال کی بارہویں منزل ویسٹ منسٹر سوئٹ Suite کہلاتی ہے۔ یہ Suite صرف برطانوی رائل فیملی یا امراء کے لیے مختص ہے۔ مگر قادیانیت کی برطانوی حکومت کے لیے "اسلام دشمن خدمات" کے پیش نظر اس Suite کا کمرہ نمبر 8 مرزا طاہر کے لیے حکومت کی خصوصی اجازت کے تحت بک ہوا۔ اس کمرے سے باہر کا منظر بہت خوبصورت ہے۔ نیچے ٹیمز دریا بہتا ہے۔ سامنے ہاؤسز آف پارلیمنٹ نظر آتا ہے اور BigBen کی گھنٹی ہر پندرہ منٹ کے بعد بجتی ہوئی سنائی دیتی ہے۔ یہ ایک ایسا رومانٹک ماحول ہے جو ایک دل پھینک اور خوف خدا سے عاری مریض کو دعوت گناہ دیتا ہے۔ مرزا طاہر کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا۔ مرزا طاہر کی بیماری کے دوران جو لوگ اس کی دیکھ بھال کر رہے تھے، ان میں خاص طور پر ڈاکٹر مسعود الحسن نوری، مرزا مبشر احمد، ڈاکٹر سلیم احمد اور ڈاکٹر شکیل احمد شامل تھے۔ مرزا لقمان ہسپتال میں تیمارداری کے بہانے (دراصل خلافت حاصل کرنے کے چکر میں جبکہ وہ اس میں بری طرح ناکام رہا) ہمہ وقت ساتھ تھا۔ مرزا طاہر کو پیشاب وغیرہ کروانے، کپڑے بدلوانے اور مساج وغیرہ کے لیے ڈاکٹر ریحانہ بٹ (جس کی جنسی خیرات کے قصے فضل عمر ہسپتال ربوہ کی لیٹرینوں میں آج بھی لکھے ہوئے ہیں) کو مرزا طاہر کی ذاتی خواہش پر ہسپتال بلوایا گیا۔ جبکہ اینستھیزیا کی ڈاکٹر مس وڈ جو اپنے حسن و جمال اور دلربا اداؤں کے لیے مشہور ہے، بھی مرزا طاہر کی خدمت پر مامور تھی۔ مرزا طاہر کی چھوٹی بیٹی فائزہ لقمان کو یہ منظر شائد ساری زندگی نہ بھول پائے گا جب وہ ایک دن غیر متوقع طور پر اچانک اپنے والد کے کمرہ میں داخل ہوئی تو مرزا طاہر کو ڈاکٹر ریحانہ بٹ کے ساتھ نہایت قابل اعتراض حالت میں دیکھا اور پھر بغیر کچھ کہے صدمے کی حالت میں واپس گھر آ گئی۔ مرزا طاہر کا پرائیویٹ سیکرٹری منیر احمد جاوید اس واقعہ کا عینی شاہد ہے۔ اگر اس کا ضمیر زندہ اور موت یاد ہے تو وہ اس واقعہ سے کبھی انکار نہ کر سکے گا۔ مرزا طاہر کا اپنا ایک عشقیہ شعر ہے جس سے اس کے ناپاک ارادوں کو بخوبی سمجھا جا سکتا ہے۔ ممکن ہے اس موقع پر اس نے اپنا یہ شعر پڑھا ہو۔

ہو کسی کے تم سراپا مگر آہ کیا کروں میں
میری روح بھی تمہاری، میرا جسم بھی تمہارا

(کلام طاہر)

اس واقعہ کے تین دن بعد مرزا طاہر کا ایک اور آپریشن ہوا۔ دراصل انجو پلاسٹی کے نتیجے میں مرزا طاہر حالت بہتر ہونے کے بجائے مزید بگڑ گئی۔ ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کی وجہ سے خون کی ایک بڑی نالی

www.sirat-e-mustaqeem.com

جو دماغ کی طرف جاتی ہے، اس میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ اس کی وجہ سے مرزا طاہر کی ٹانگیں سکڑ رہی تھیں۔ ڈاکٹروں کی رائے میں اس کی سرجری ضروری تھی۔ چنانچہ ایک اور آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ آپریشن London Bridge Hospital میں کیا گیا۔ اس ہسپتال کا کمرہ نمبر 203 مرزا طاہر کے لیے ریزرو کیا گیا۔ 29 اکتوبر 2002ء کو مرزا طاہر کو ICU میں لایا گیا اور پھر 30 اکتوبر 2002ء کو لندن وقت کے شام چھ بجے آپریشن ہوا۔ آپریشن کے دوران مرزا طاہر کو قے آئی جو سانس کی نالی کے راستے پھیپھڑوں میں چلی گئی جس سے سانس لینے میں نہایت دقت اور Aspiration نمونیہ کی کیفیت پیدا ہوگئی۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ پھیپھڑوں نے کچھ حد تک کام کرنا چھوڑ دیا۔ اس وجہ سے مرزا طاہر کو 3 دن تک Artificial Resperator استعمال کروایا گیا۔ آپریشن کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی یہ کیفیت Adult (ARDS) Resperatory Distress Syndome کہلاتی ہے جو عموماً جان لیوا ہوتی ہے خصوصاً جبکہ مریض شوگر اور بلڈ پریشر کے عوارض سے بھی دوچار ہو۔ چنانچہ مرزا طاہر کا ایک اور آپریشن ہوا۔ ڈاکٹر پیٹر ٹیلر جو لندن کے معروف ویسکولر سرجن ہیں، نے مرزا طاہر کا Carotid Endarterectomy کا آپریشن کیا۔ اس آپریشن میں خون کی نالی میں جو Blood Cloting ہو جاتی تھی، اس کو کھولا گیا۔ اس کے بعد کئی دن مرزا طاہر کو مصنوعی سانس کی مشین پر رکھا گیا۔ اس دوران ڈاکٹروں نے تفصیلی معائنہ کیا اور اس نتیجہ پر پہنچے کہ خون کی نالی کو کھولنے کے لیے آپریشن ضروری ہے۔ چنانچہ 30 اکتوبر 2003ء کو لندن کے وقت کے مطابق شام چھ بجے مرزا طاہر کے پیٹ کا آپریشن ہوا۔ بعد ازاں مختلف ٹیسٹوں سے پتہ چلا کہ فالج کے معمولی حملے سے مرزا طاہر کے دماغ پر اثر ہو رہا ہے۔ لہٰذا فوری طور پر لندن بلکہ دنیا کے سب سے بڑے نیورو سرجن ڈاکٹر نکلیو سیف سے وقت لیا گیا جس نے مرزا طاہر کے دماغ کا آپریشن کیا۔ یہ آپریشن کامیاب نہ ہو سکا اور مرزا طاہر کی دماغی حالت پہلے سے زیادہ غیر ہوگئی۔ اس کے بعد مرزا طاہر کوئی خطبہ دینے کے لائق نہ رہا۔ اس کے جملہ عوارض کی یلغار نے اسے کیمرے سے دور کر دیا۔ اس دوران جہاں دنیا بھر میں جماعت کو دعاؤں اور صدقوں پر لگا دیا گیا، وہیں معروف فلمی گیتوں کی دھنوں میں ایم ٹی اے سے دعائیہ نظموں کو نشر کیا جاتا رہا۔ ان گیتوں میں سے بعض فلمی مجروں کی دھنیں بھی تھیں۔ شاید جماعت اس طرح تبلیغی مجروں کا کوئی سلسلہ متعارف کرانا چاہتی تھی۔

6 اور 7 نومبر 2002ء کی درمیانی رات کو مرزا طاہر کے پیٹ کا ایکسرے اور ٹیسٹ لیے گئے جس سے معلوم ہوا کہ شوگر کی وجہ سے بڑی آنت کا عمل صحیح کام نہیں کر رہا جس کی وجہ سے بار بار پیٹ کی تکلیف بڑھ رہی ہے۔ کمزوری اور نقاہت عروج پر تھی۔ نومبر کا پورا مہینہ مرزا طاہر ایم ٹی اے کی سکرین پر درشن دینے نہیں آسکا۔ اس دوران جماعت کو جھوٹی سچی تسلیاں دینے کے لیے اعلان کیے جاتے رہے کہ آج ”حضور“ نے اپنے دفتر میں تشریف لا کر ڈاک ملاحظہ کی، آج چیدہ چیدہ احباب سے ملاقاتیں کیں۔ بہتر

www.sirat-e-mustaqeem.com

ہوتا کہ پانچ منٹ کی ریکارڈنگ کرکے ایم ٹی اے کے ناظرین کو بھی کرسی پر بیٹھے ہوئے ''حضور'' کا درشن کرادیا جاتا اور اس کی آواز سنا دی جاتی، تاکہ آنکھوں دیکھی، کانوں سنی سے بہتر ہوتی۔ پھر 4 دسمبر 2002ء کو مرزا طاہر کو ایم ٹی اے پر درشن دینے کے لیے لایا گیا۔ یہ اس کا اپنے دفتر میں کام کرنے کا منظر تھا۔ بغور دیکھنے والوں نے دیکھا کہ دو تین بار ''حضرت صاحب'' نے کاغذات میں سے بعض کاغذ دیکھ کر ایسے پھینکے جیسے کوئی شرارتی یا بدتمیز بچہ کاغذ پھینکتا ہے یا جیسے کوئی نیم مخبوط الحواس شخص کرتا ہو۔

6 دسمبر 2002ء کو مرزا طاہر عید کی نماز پڑھانے آیا۔ اس موقع پر اس کی بہت ساری مخبوط الحواسیوں کے ساتھ اس کا یہ فرمان بھی سننے میں آیا کہ (نعوذ باللہ) آنحضرتؐ جمعہ اور عید ایک ساتھ آنے پر عید کی نماز اور جمعہ (ظہر) کی نماز جمع فرمالیا کرتے تھے۔ اس کے ایک دست راست نے صورتحال کو سنبھالنے کے لیے کہا کہ جی ہاں ظہر اور عصر جمع کرلیا کرتے تھے۔ مگر مرزا طاہر اڑ گیا کہ نہیں عید کی نماز اور ظہر کی نماز جمع ہوتی تھی۔ اس سے مرزا طاہر کی ذہنی حالت کا اندازہ لگایا جاسکتا تھا۔ 8 دسمبر کو مرزا طاہر کو لجنہ کے پروگرام ملاقات میں دکھایا گیا۔ دو گھنٹے کی ریکارڈنگ کرکے اس میں سے ساری احتیاطی کانٹ چھانٹ کرکے 20 منٹ کی ریکارڈنگ دکھائی گئی۔ اس میں بھی ذہنی حالت کا یہ عالم تھا کہ ایک خاتون سے کہنے لگے تم ہالینڈ سے کب آئی ہو؟ اس نے بتایا کہ حضور میں تو یہیں کی ہوں۔ پھر ایک خاتون سے کہنے لگے کہ تم کینیڈا سے واپس آگئی؟ اس غریب نے بتایا کہ نہیں جی ابھی میں نے کینیڈا جانا ہے۔ 9 دسمبر کو فرانسیسی دوستوں سے ملاقات کے پروگرام کی ریکارڈنگ پیش کی گئی۔ اس پروگرام کی ایک خصوصیت تو یہ تھی کہ بیشتر قادیانی پاکستانی تھے مگر فرانسیسی میں بات کررہے تھے، پھر اس کا اردو ترجمہ کیا جاتا۔ جواب ملتا، جواب کا پھر اردو ترجمہ کیا جاتا۔ ایک سوال ہوا کہ کیا مغربی پریس جو مسلمانوں کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کرتا رہتا ہے کیا ان کو خدا کی طرف سے سزا ملے گی؟ جواب ملا کوئی سزا نہیں ملے گی۔ اس سے ایک یہ ثابت ہوا کہ جزا، سزا کا اختیار مرزا طاہر کے پاس ہے اور دوسرا یہ کہ ''حضور'' بڑی حد تک مخبوط الحواس ہو چکے تھے۔ اسی مجلس کے دوران ''حضرت صاحب'' فرمانے لگے کہ یہاں بہت گرمی ہے۔ کیا باہر بھی گرمی ہے؟ اس پر اسے بتایا گیا کہ باہر بہت سردی ہے۔ ایک بار پھر اس نے کہا کہ مجھے بہت گرمی لگ رہی ہے۔ اس قسم کی کلاسوں میں مرزا طاہر کو پیش کیا جارہا تھا لیکن کلاسوں میں ہونے والی ان کی بہت ساری مخبوط الحواسیوں کو حذف کردیا جاتا۔ اس کے باوجود کئی نمونے سکرین پر آہی جاتے۔ مثلاً 14 دسمبر کو بنگالی ملاقات پروگرام میں ایک بچے نے پوچھا کہ کیا انڈے کا کھانے کا ذکر کسی حدیث یا آیت میں ملتا ہے۔ جواب ملا کہ قرآن میں بیض مکنون کا ذکر آیا ہے۔ جب تک اُس کے جواب کا ترجمہ سنایا جاتا رہا، اسی دوران آف دی سکرین رکھ کر مرزا طاہر کو بتایا گیا کہ یہ تو حوروں کے بارے میں آیات ہیں۔

بیماری کے دوران ایک خطبہ میں قادیانیوں کے خطوط کے جواب میں کہا کہ ''وہ میری بیماری کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

بارے میں پریشان نہ ہوں۔ مجھے کسی مشورہ کی ضرورت نہیں۔ بہتر یہی ہے کہ آپ مشورے نہ دیا کریں۔"
پھر اگلے خطبہ میں کہا: "میں بار بار جماعت کو سمجھاتا ہوں مگر بعض لوگ تو اس طرح گہری اترنے والی نگاہوں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ ان نگاہوں سے بھی گھبراہٹ ہوتی ہے۔ وہ چاہتے ہیں کوئی علامت مل جائے جس پہ وہ اپنی ہمدردی کا اظہار کرسکیں اور اگر وہ علامت نہ ملے تو پھر صحت کے متعلق لازماً ذکر شروع کر دیتے ہیں۔ بھئی اپنی ملاقات کرو۔ اپنے کام سے کام رکھو۔ اپنی صحت کے متعلق دعا مانگنے کی درخواست بے شک کرو مگر میرے معاملے میں مہربانی فرما کر دخل نہ دیا کرو کیونکہ اس سے مجھے الجھن پیدا ہوتی ہے۔ میری بیماری کو مجھ پر اور میرے خدا پر چھوڑ دیں لیکن میں آپ کو یقین دلا رہا ہوں کہ مجھے کوئی بیماری نہیں ہے، میں بالکل ٹھیک ہوں۔"

"ڈاکٹر تو ڈاکٹر، اب عطائی ڈاکٹر جن کو انگریزی میں Quack کہا جاتا ہے وہ بھی مشورے بہت دینے لگ گئے ہیں اور جن میں عورتوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ہر عورت ایک نیا نسخہ بھیج رہی ہے، یعنی جو عورتیں بھی بھیجتی ہیں اور نئی بیماری تجویز کرتی ہیں ان کو دور بیٹھے نہ میرا حال پتہ، نہ ان سے بات کی۔ ان کو نئی نئی بیماری سمجھ آتی ہے۔ وہ کہتی ہیں آپ کو اصل بیماری یہ ہے، اس کا اصل علاج یہ ہونا چاہیے جو آپ کے ڈاکٹر صاحب کو سمجھ نہیں آئی۔ دلی میں کوئی مشہور شخص فوت ہوا تو اخبار نویسوں کا جمگھٹ لگ گیا کہ ہمیں بتایا جائے کہ کس بیماری سے فوت ہوا ہے۔ اہل خانہ نے یہ بیان دیا کہ یہی تو مشکل ہے کہ آخری وقت تک بیماری کا پتہ ہی نہیں چلا۔ جو بھی عیادت کے لیے جاتا تھا وہ نئی بیماری تشخیص کرتا تھا اور خواہ مرد ہو، خواہ عورت ہر ایک کو ڈاکٹری علم تھا اور وہ ثابت کرتے تھے کہ علاج غلط ہو رہا ہے، اصل بیماری اور ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ یہی حال میری بیماری کا ہے۔"

مرزا طاہر کی عبرتناک حالت کے بارے میں مرزا قادیانی کے چند الہامات کا تذکرہ ضروری ہے۔ ان الہامات کے بارے میں حیران کن بات یہ ہے کہ یہ سب انہیں برسوں سے تعلق رکھتے ہیں جن برسوں میں مرزا طاہر شدید خدائی گرفت میں آیا تھا۔ یعنی 1901ء اور 1902ء میں یہ الہامات ہوئے اور پورے ایک سو سال کے بعد "پوری جلالی شان کے ساتھ" 2001ء اور 2002ء میں مرزا طاہر پر پورے ہوئے۔ مرزا طاہر کی چار ذلت آمیز شکستوں کو ذہن میں رکھیں۔

1- کراچی کے جناب الیاس ستار سے مباہلہ میں شکست کے بعد اس موضوع پر مرزا طاہر کی طرف سے مکمل خاموشی اور خود منہ مانگی موت میں گرفتار ہونا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مرزا طاہر نے جولائی کی آخری تاریخوں میں لندن کے جلسہ سالانہ کے موقع پر علی الاعلان جناب الیاس ستار کے ساتھ مباہلہ قبول کیا تھا۔ اس مباہلہ میں بہت واضح طور پر لکھا گیا تھا کہ جھوٹے کو خدا ایک سال کے اندر سزا دے۔ چنانچہ مرزا طاہر اسی سال دو مہینوں کے اندر ہی شدید

www.sirat-e-mustaqeem.com

خدائی گرفت میں آ گیا۔ یہ سال اس پر خدائی ذلتوں اور مار کا سال تھا۔ جناب الیاس ستار، اس مباہلہ کی فتح کا جشن مناتے رہے لیکن مرزا طاہر پر خدائی مار کی گرفت اتنی شدید تھی کہ وہ آتھم سے بڑھ کر خوفزدہ حالت میں اس مباہلہ کے انجام کے بارے میں ایک لفظ بھی اپنی زبان سے نکالنے کی جرأت نہ کر سکا۔ مرزا طاہر کی مرتے دم تک اس مسئلے پر خاموشی خود اس کی ذلت آمیز شکست کا زندہ ثبوت ہے۔ مرزا طاہر نے جولائی میں مباہلہ قبول کیا۔ 20 اگست 1999ء کو باہمی طے شدہ عہد کے مطابق الفضل لندن میں مباہلہ کی دعوت قبول کرنے کا اعلان شائع کیا گیا۔ جمعہ کی صبح یہ اعلان الفضل لندن نے شائع کیا اور چند گھنٹوں کے بعد جمعہ کے خطبہ کے دوران ہی مرزا طاہر پر خدائی مار پڑ گئی۔ ایک سال کی مدت تو کیا چند گھنٹوں میں ہی مرزا طاہر خدائی گرفت میں آ گیا۔ اس پر فالج کا حملہ ہوا۔ پھر وہ ایم ٹی اے کی سکرین سے لمبے عرصہ کے لیے غائب ہو گیا۔ یہ بہت اہم نکتہ ہے اور وہ قادیانی جو سچے خدا پر یقین رکھتے ہیں، مباہلے میں خدائی فیصلے سے خود ہی اس نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں کہ مرزا طاہر سرتاپا کاذب اور مفتری تھا۔ اس نے زندگی بھر مباہلے کا پرفریب چکر چلائے رکھا۔ اس کی اپنی کوشش یہی تھی کہ سچ مچ میں مباہلہ نہ ہونے پائے۔ لیکن آخر کار وہ اپنے مکروں کے جال میں خود ہی پھنس گیا۔ اور اس کے نتیجہ میں ذلت ناک انجام سے دوچار ہوا۔ جبکہ الیاس ستار صاحب آج کل کراچی میں ایمان وصحت کی بہترین کیفیات میں اپنی بھرپور خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔ فللّٰہ الحمد۔

2- جماعت کی تعداد میں کروڑوں کا اضافہ کے جھوٹ پر ایک قادیانی کے خط پر خود ہی لعنۃ اللہ علی الکاذبین کہنا اور خود ہی اس کا مستحق ہو جانا۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ 8 ستمبر 2000ء کو ایک خطبہ جمعہ میں مرزا طاہر نے کہا:

''پہلے میں ایک صاحب کے جو راولپنڈی سے تعلق رکھتے ہیں، ایک مفسدانہ خط کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ وہ لکھتے ہیں اور الفاظ میرے ہوں گے لیکن وہ لکھتے ہیں کہ ایک زمانہ تھا کہ آپ زبانی خطبے دیا کرتے تھے اور بڑا جلال اور جمال پایا جاتا تھا۔ اب معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے دماغ میں نقص پیدا ہو گیا ہے، اس لیے آپ کو تحریر سے پڑھنا پڑتا ہے اور ہر دفعہ نظر تحریر پر ہی رہتی ہے، زبانی کچھ نہیں کہہ سکتے۔ پہلے جلال بھی ہوتا تھا اور جمال بھی۔ اب نہ وہ جمال رہا نہ وہ جلال رہا۔ تو میں ان صاحب کو مخاطب کر کے کہتا ہوں کہ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اگر آپ کو جمال مطلوب ہے تو میری دعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے جمال سے آپ کے سارے اندھیرے دور فرما دے اور دل کو روشن کر دے اور احمدیت کی صداقت پر کامل ایمان عطا فرمائے۔ اگر آپ جلال چاہتے ہیں تو میری دعا یہ ہے اور میری التجا آپ سے یہ ہے کہ آپ بھی مجھ پر لعنت اللہ علی الکاذبین کہیں، میں بھی آپ پر لعنت اللہ علی الکاذبین پڑھتا ہوں۔ آپ کو خیال ہے کہ یہ دو کروڑ اور چار کروڑ کی باتیں محض جھوٹ اور مفسدہ ہیں جو میں نے اپنے نفس سے بنا لی ہیں اور میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ تمام تر باتیں سچی ہیں، ایک بھی ان میں جھوٹ نہیں ہے۔'' (خطبہ جمعہ مرزا طاہر 8 ستمبر 2000ء

www.sirat-e-mustaqeem.com

مطبوعہ ویکلی الفضل انٹرنیشنل، لندن، شمارہ 20 اکتوبر تا 26 اکتوبر 2000ء)

3- صدر بش نے صلیبی جنگوں کا اعلان کیا اور کسر صلیب جماعت کا خلیفہ ڈر کر خاموش بیٹھا رہا، جوابی قلمی جہاد کا اعلان تک نہیں کیا۔

4- ایم ٹی اے نے مرزا طاہر کے گرنے کا منظر ساری دنیا کو دکھایا۔

یہ چار ذلتیں، چار شکستیں ذہن میں رکھیں اور اب اردو "تذکرہ" سے مرزا قادیانی کا یہ الہام پڑھیں۔ سیھذم فلایری نبا من اللہ الذی یعلم السرو اخفی یہ الہام جون 1902ء کا ہے۔ اس میں لفظ سیھذم کا ترجمہ اس کی گہرائی تک جاننے کے لیے ضروری ہے کہ مرزا محمود کی تفسیر صغیر کو دیکھ لیا جائے۔ مرزا محمود نے اپنی تفسیر صغیر میں سورۃ القمر کی آیت 46 کے الفاظ سیھذم الجمع کا ترجمہ یہ کیا ہے "ان کی جماعت کو عنقریب شکست دی جائے گی" ......اس کے مطابق اس الہام کا ترجمہ یہ بنتا ہے "عنقریب وہ شکست کھا کر بھاگ جائے گا اور پھر دکھائی نہیں دے گا۔ یہ پیشگوئی ہے خدا کی طرف سے، جو نہاں در نہاں کو جاننے والا ہے۔"

اسی کے ساتھ مرزا قادیانی کا ایک اور الہام دیکھیں اور مرزا طاہر کے خطبوں کی عبرتناک حالت سامنے رکھیں۔ دیکھیں مرزا قادیانی نے اس متکبر شخص کے انجام کا کیسا نقشہ کھینچا تھا جو پورے ایک سو سال کے بعد "پوری شان کے ساتھ" مرزا طاہر کی عبرتناک حالت پر فٹ بیٹھا۔ یہ الہام 25 فروری 1901ء کا ہے اور یہ مجموعۂ الہامات "تذکرہ" انگریزی ترجمہ سابق وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں سے من و عن پیش خدمت ہے۔ انگریزی "تذکرہ" صفحہ نمبر 422 پر یہ الہام یوں درج ہے:

Like a skinned goat at every pointless sermon, meaning that his emotions are not under control.

مرزا طاہر کی اپنی حالت کھال اتری ہوئی بکری کی ہو چکی تھی۔ اس کا ہر خطبہ (Sermon) بے معنی اور بے مقصد تھا۔ اس کی کنٹرول سے باہر حالت اس الہام کے الفاظ کی صداقت کا کھلا نشان بن گئی۔

مرزا طاہر اپنی عمر کے آخری مہینوں میں عبرت کا نشان بنا رہا۔ اس کے کسی خطبہ کی سمجھ نہ آتی۔ اس کے خطبات سے روز روشن کی طرح ظاہر ہو رہا تھا کہ مرزا طاہر قطعی طور پر اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھا ہے۔ اس کی اقتداء میں پڑھی جانے والی ہر نماز باطل ہوئی مگر اندھے مریدوں نے ایسی نمازوں کو نہ صرف قبول کیا بلکہ خوشی سے پھولے نہ سمائے۔ مرزا طاہر کبھی نماز میں دعائے قنوت پڑھ دیتا اور کبھی خطبہ میں اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں چلا جاتا...... ایم ٹی اے سے عبادت گاہ میں نہ آتے ہوئے دکھاتا اور نہ جاتے ہوئے۔ بعض اوقات ایسا معلوم ہوتا کہ قادیانی جماعت کے موجودہ ارباب اختیار جان بوجھ کر مرزا طاہر کی رسوائی

www.sirat-e-mustaqeem.com

چاہتے تھے اور اسے ایسے خطبوں میں لے آتے یا پھر خدائی تقدیر تھی جو مرزا طاہر کی رسوائی کی صورت میں اس کے عبرتناک انجام کو ساری دنیا کے سامنے بیان کرتی رہی اور بتا رہی تھی و تذل من تشاء......

مرزا طاہر کو شائد وہم بھی نہ تھا کہ وہ اچانک مر جائے گا۔ اس کی چار بیٹیوں میں سے صرف ایک بیٹی فائزہ لقمان اس کے پاس تھی۔ دوسری بیٹی شوکت جہاں اپنے میاں سے لڑائی جھگڑے کے بعد مستقل پاکستان میں تھی۔ دوسری دو بیٹیاں کسی اور ملک کی سیر پر گئی ہوئی تھیں۔ ایک دن پہلے اس کی طبیعت قدرے بہتر تھی۔ 19 اپریل 2003ء کو ناشتہ کی میز پر اس کو دل کا دورہ پڑا اور ساتھ ہی جسم کے بائیں طرف فالج کا حملہ ہو گیا جو پہلے سے زیادہ شدید تھا۔ اس سے فوری طور پر مرزا طاہر کا منہ ٹیڑھا ہو گیا۔ ڈاکٹری رپورٹ کے مطابق یہ لقوہ تھا۔ بائیں آنکھ، بازو، ٹانگ اور دیگر اعضاء بری طرح ساکت ہو کر رہ گئے۔ مرزا طاہر کچھ بولنے کی کوشش کرتا مگر مرزا قادیانی کی وحیوں کی طرح کچھ سمجھ میں نہ آتا۔ وہ میز پر پڑی دوائیوں کے ڈھیر کو دیکھتا تو چیخنے لگتا۔ اس دوران وہ دائیں ہاتھ سے اپنی داڑھی کو بری طرح کھینچتا اور یکدم چپ ہو جاتا پھر بے تحاشا ہنستا اور اچانک رونے لگتا۔ کمرے میں لگی مرزا قادیانی کی تصویر کو دیکھتا تو غصے سے اول فول بکنے لگتا۔ اسی اثناء میں ایک عجیب حادثہ یہ ہوا کہ مرزا طاہر کے جسم کے تمام بال گرنا شروع ہو گئے اور آناً فاناً پورا جسم بالوں سے حتیٰ کہ داڑھی اور بھنویں تک صاف ہو گئیں۔ مرزا طاہر کی شکل بگڑ کر اتنی کریہہ اور مکروہ ہو گئی کہ دیکھتے ہوئے متلی آتی تھی۔ اس کے کپڑے بول و براز سے لتھڑے پڑے تھے۔ جو شخص اس کے کپڑے تبدیل کرنے کے لیے آگے بڑھتا، مرزا طاہر غصے سے اس کے منہ پر تھوکتا اور چلاتا۔ ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے جسم کو فالج کے مزید اثرات سے بچانے کے لیے سرتوڑ کوشش کی مگر ناکام رہے۔ صاف معلوم ہو رہا تھا کہ موت کا فرشتہ سر پر آن کھڑا ہے۔ ڈاکٹروں کے علاوہ موقع پر درجنوں قریبی عزیز اور جماعت کے اعلیٰ عہدیدار اس صورتحال کے عینی شاہد ہیں۔

بقول جناب شفیق مرزا ''اللہ تعالیٰ نے قادیانی امت پر ایسا عذاب نازل کیا ہے کہ اب ان کا ہر قابل ذکر فرد ایسی رسوا کن بیماری سے مرتا ہے کہ اس میں ہر صاحب بصیرت کے لیے سامان عبرت موجود ہے۔ فالج کی بیماری کو خود مرزا قادیانی نے ''دکھ کی مار'' اور ''سخت بلا'' ایسے الفاظ سے یاد کیا ہے اور اب قادیانی امت کی گندی ذہنیت کی وجہ سے یہ بیماری اللہ تبارک وتعالیٰ نے سزا کے طور پر قادیانیوں کے لیے کچھ اس طرح مخصوص کر دی ہے کہ ایک واقف حال قادیانی کا کہنا ہے: ''اب تو حال یہ ہے کہ جو شخص فالج سے نہ مرے، وہ قادیانی ہی نہیں۔'' مرزا محمود احمد نے اپنے باوا کی سنت پر عمل کرتے ہوئے امت مسلمہ کے اکابر اور جید علماء دین کے وصال پر جشن مسرت منایا اور ان کا یہ دھندا اب تک چل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قادیانیت کے گوسالۂ سامری مرزا محمود کو 'فالج کا شکار' بنا کر دس سال تک رہین بستر و بالش کر دیا اور اس عبرتناک رنگ میں اس کو اعضاء و جوارح اور حافظہ سے محروم کر دیا کہ وہ مجنونوں کی طرح سر ہلاتا رہتا تھا اور اس کی ٹانگیں بید لرزاں کا نظارہ پیش کرتی تھیں، گویا وہ ''لایموت فیھا ولایحیی'' کی تصویر تھا، مگر

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانی مذہبی انڈسٹری کے مالکان اس حالت میں بھی الٹا ''اخبار'' اس کے ہاتھ میں پکڑا کر ''زیارت'' کے نام پر مریدوں سے پیسہ بٹورتے رہے اور پھر سات بجے شام مرجانے والے اس ''مصلح موعود'' کی دو بجے شب تک صفائی ہوتی رہی اور ''سرکاری اعلان'' میں اس کی موت کا وقت دو بج کر دس منٹ بتایا گیا اور اس عرصہ میں اس کی الجھی ہوئی داڑھی کو ہائیڈروجن یا کسی اور چیز سے رنگ کرا سے طلائی کلر دیا گیا اور خط بنایا گیا اور غازہ لگا کر اس کے چہرے پر ''نور'' وارد کیا گیا، تا کہ مریدوں پر اس کی ''اولیائی'' ثابت کی جاسکے۔ حیرت ہے کہ جب کوئی مسلمان دنیاوی زندگی کے دن پورے کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوتا ہے تو قادیانی اس کی بیماری کو ''عذاب الٰہی'' قرار دیتے ہیں لیکن ان کے اپنے اکابر ذلیل موت کا شکار بنتے ہیں تو یہ ''ابتلاء'' بن جاتا ہے اور اس کے لیے دلائل دیتے ہوئے قادیانی تمام وہ روایات پیش کرتے ہیں جن کو وہ خود بھی تسلیم نہیں کرتے۔''

چند گھنٹوں بعد دل کا دوسرا اٹیک ہوا، جو پہلے کی نسبت زیادہ شدید تھا۔ راز دار درون خانہ کے مطابق یہ کسی ذہنی اذیت کا باعث تھا۔ ذہنی اذیت یقیناً مرزا لقمان کی مرزا طاہر کی چھوٹی بیٹی اور اپنی خوبرو سالی طوبیٰ کے ساتھ وہ اخلاق سوز حرکات تھیں جس کا مقصد مرزا طاہر کو ذہنی ٹارچر اور بلیک میلنگ کرنا تھا جیسا کہ مرزا لقمان وقتاً فوقتاً ایسا کرتا رہتا تھا۔ بہرحال یہ ظاہر ہو گیا کہ 6 اپریل 1902ء ''اپریل والے الہام'' کے مطابق اپریل کے مہینے میں اس کی عبرتناک موت واقع ہوئی۔

لندن میں جہاں اپریل میں بھی سردی ہوتی ہے، مرزا طاہر کی لاش جس کمرہ میں رکھی گئی، وہاں برف اور ایئر کنڈیشنز کا بھی انتظام کیا گیا تا کہ لاش مزید خراب نہ ہو۔ لاش سے شدید بدبو آرہی تھی جس سے آس پاس کا سارا ماحول متعفن ہو گیا۔ فوری طور پر لاش کی **Embalming** کروائی گئی یعنی حنوط کیا گیا۔ تقریباً 5 گھنٹے میں یہ مرحلہ طے ہوا۔ اس پراسس میں خون کی نالی میں خاص دوائی دی جاتی ہے جس سے جسم محفوظ رہتا ہے اور گلتا سڑتا نہیں۔ مگر ہزار کوششوں کے باوجود لاش تیزی سے گل سڑ رہی تھی اور سیاہی مائل ہونے کی وجہ سے چہرہ پہچانا نہ جاتا تھا۔ لہٰذا مشاورت ہوئی جس میں رفیق احمد حیات قادیانی امیر یوکے، عطاء المجیب راشد، منیر احمد جاوید، ڈاکٹر مسعود الحسن نوری، بشیر احمد، مرزا سفیر احمد، مرزا لقمان احمد، کریم اسد خاں اور سلطان ہارون خان شامل تھے۔ ڈاکٹر مسعود الحسن نوری کی ہدایت پر فوری طور پر رفیق احمد حیات قادیانی امیر یوکے نے ایک تابوت تیار کروایا جس کے اوپر شیشہ لگا ہوا تھا تا کہ لوگ چہرہ دیکھ سکیں۔ مگر چہرہ متغیر ہونے بلکہ خدائی عذاب کی گرفت میں آنے کی وجہ سے فیصلہ ہوا کہ لوگوں کو مرزا طاہ D کا چہرہ نہ دکھایا جائے۔ چنانچہ ایک اور تابوت خریدا گیا۔ یہ تابوت ایلومینیم کا تھا جس میں لاش والا تابوت ڈال کر سیل کر دیا گیا۔ اس تابوت کے اندر تھرما پور چاروں طرف لگایا گیا۔ بیوقوفی یہ کی گئی کہ بند تابوت بھی دیدار اور زیارت کے لیے رکھا رہنے دیا گیا۔ اس پر چہرہ دیکھنے والے جب کہتے کہ چہرہ دیکھنا ہے تو ان کو کہا جاتا کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

بس تابوت کی زیارت کرتے جاؤ، اور آگے بڑھتے جاؤ۔ یہ منظر ایم ٹی اے چینل پر صاف دیکھا جا رہا تھا۔ چنانچہ انہیں اس بیوقوفی کا احساس ہوا تو ایم ٹی اے پر مزید دیدار بند کر دیا گیا۔ تدفین سے پہلے تابوت کو قبر کے قریب رکھا گیا اور اس پر پلاسٹک شیٹ لپیٹی گئی اور پھر رسیوں کی مدد سے گڑھے میں اتارا گیا۔ اس سے پہلے جتنے بھی قادیانی خلیفے مرے، انہیں دفنانے کے بعد موقع پر موجود ہر قادیانی اظہار عقیدت کے طور پر تھوڑی سی مٹی قبر میں ڈال کر اپنے دل کی پیاس بجھا لیتا تھا، مگر اس دفعہ نیا تماشا یہ ہوا کہ کسی بھی قادیانی کو مرزا طاہر کی قبر پر مٹی ڈالنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ یہ حق ''مغلیہ خاندان'' نے لیڈی ڈیانا کی تدفین کی نقل کرتے ہوئے صرف اپنے خاندان اور چند منظور نظر افراد کو ہی دیا اور دور دراز سے آئے ہوئے غلام بے چارے دیواروں کے اوپر سے وفادار کتے کی طرح حسرت بھری نگاہوں سے اپنے محبوب کی آخری رسومات ادا کرتے ہوئے دیکھتے رہے۔ یہ گویا نئے بادشاہ کا عام قادیانی کو اپنی اوقات میں رہنے کا پیغام تھا۔ قادیانی جماعت کے ٹی وی چینل ایم ٹی اے نے اس بات کا بہت پروپیگنڈا کیا کہ مرزا طاہر کے جنازے کو حکومت برطانیہ نے خصوصی اہمیت دی، مثلاً ہائی وے بند کر دی، پولیس مہیا کی، ہیلی کاپٹر کا سکواڈ دیا گیا وغیرہ وغیرہ، لیکن ان کو پتہ ہونا چاہیے کہ حکومت برطانیہ تو بعض مجرموں کو بھی ایسی اہمیت اور اس سے بڑھ کر اعزاز دے چکی ہے۔ اس کے لیے نیچے دیئے گئے لنک پر کلک کر کے ہر شخص اپنے علم میں اضافہ کر سکتا ہے۔ جرائم کی دنیا کے تین بھائیوں کے جنازوں کے ساتھ مختلف اوقات میں حکومت برطانیہ نے کیسا سلوک کیا، آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ان کے جنازہ کو پولیس، ہیلی کاپٹر سکواڈ اور 6 اضلاع کی پولیس منگوا کر اعزاز سے نوازا گیا، ایک بھائی کے جنازے کا جلوس 9 میل لمبا تھا جس کے لیے حکومت نے خصوصی انتظام کیے تھے'' اگر حکومت جرائم کی دنیا کے لوگوں کو مرزا طاہر سے بڑھ کر اہمیت دے سکتی ہے، تو پھر مرزا طاہر کے جنازے کی کیا اہمیت رہ جاتی ہے۔

http://www.crimelibrary.com/gangsters_outlaws/

mob_bosses/kray/curtain_17.html?se

قادیانیوں کا خیال تھا کہ مرزا طاہر کے جنازہ پر کروڑوں کا اجتماع ہوگا اور پھر جنازہ کی تعداد کو دنیا بھر میں مشتہر کر کے قادیانیت کی نام نہاد صداقت کا گوبلز ڈھنڈورا پیٹا جائے گا۔ لہٰذا انھوں نے جنازہ میں شرکت کرنے کی غرض سے برطانیہ آنے والے قادیانیوں کے، ویزہ کے حصول کے لیے شرائط نرم کرنے کی کوششیں شروع کر دیں۔ قادیانی جماعت UK کے امیر رفیق احمد حیات نے فوراً ممبر آف پارلیمنٹ ٹونی کولمین سے فون پر رابطہ کیا اور ویزہ کے اجراء کی راہ میں حائل مشکلات کا ذکر کر کے مدد کی درخواست کی۔ ٹونی کولمین کو برطانیہ میں قادیانی جماعت کا سب سے بڑا ہمدرد اور خیر خواہ سمجھا جاتا ہے۔ وہ کئی دفعہ برطانوی پارلیمنٹ میں حکومت پاکستان پر زور دے چکے ہیں کہ قادیانیوں کو آئین میں غیر مسلم اقلیت قرار دی

www.sirat-e-mustaqeem.com

جانے والی ترمیم ختم کی جائے۔ٹونی کولمین لانگ ویک اینڈ کی وجہ سے لندن سے باہر کہیں جارہے تھے، وہ اپنے سارے پروگرام ختم کر کے واپس آئے ،اپنے دفتر کے عملہ کو بلایا اور دفتر خارجہ سے ہنگامی رابطہ کر کے مجاز افسران کے ساتھ متعلقہ امور کے حوالہ سے تفصیلات کو طے کیا اور یوں فارن آفس نے فوری طور پر دنیا بھر کے تمام برطانوی سفارت خانوں کو ہدایات روانہ کر دیں کہ قادیانیوں کے لیے ویزوں کا فوری اور آسان ترین اجراء ممکن بنایا جائے تا کہ وہ بروقت برطانیہ پہنچ کر مرزا طاہر کے جنازہ میں شرکت کر سکیں۔ اگر چہ دنیا بھر میں قائم برطانوی سفارت خانے ایسٹر کی تعطیلات کی وجہ سے بند تھے مگر ٹونی کولمین کی بھرپور کاوش سے پوری دنیا سے ہر اس قادیانی کو ویزہ جاری کر دیا گیا جو جنازہ کی غرض سے برطانیہ آنا چاہتا تھا۔

ان ساری کوششوں کے باوجود مرزا طاہر کے جنازہ پر صرف 3 ہزار کے قریب افراد نے شرکت کی۔اس صورتحال پر قادیانیوں کو شدید مایوسی ہوئی۔ نئے قادیانی امیر مرزا مسرور نے بیرونی ممالک کی ذیلی تنظیموں کے صدور اور جملہ مربی انچارجوں سے اپنی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انھیں اس شرمندگی اور ناکامی کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ مرزا طاہر کے جنازہ کو برطانیہ کے مختلف ٹیلی ویژن نیٹ ورکس جن میں BBC.SKY, ARY اور ITV شامل ہیں، نے ٹیلی کاسٹ کیا۔ قادیانیوں کا دعویٰ ہے کہ 1993ء سے 2003ء تک 16 کروڑ 57 لاکھ 68 ہزار 8 نئے افراد نے مرزا طاہر کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔اس صورتحال میں قادیانی قیادت کے لیے یہ بات زبردست شرمندگی اور رسوائی کا باعث تھی کہ جنازہ میں صرف 3 ہزار افراد نے شرکت کی۔

قادیانی جماعت کا اپنی تعداد کے حوالہ سے بولا جانے والا تاریخی جھوٹ جنازہ پر پکڑا گیا۔ جھوٹ اور مبالغہ آرائی قادیانی جماعت کے شعائر میں سے ہے۔مبالغے اور جھوٹ کی کوئی حد ہوتی ہے۔ آنجہانی مرزا قادیانی نے بھی اپنے متعلق لکھا تھا کہ میں نے انگریز کی حمایت اور جہاد کی ممانعت میں اتنا لکھا کہ ان کتابوں سے پچاس الماریاں بھر جائیں یا پھر لکھا کہ میرے نشانوں کی تعداد 10 لاکھ ہے۔ یہ مبالغہ گوئی کی انتہا ہے۔قادیانی جماعت کے ذمہ داران نے بھی اپنی تعداد کے حوالہ سے شائد یہی راستہ اختیار کر لیا ہے۔

جنازہ کی ایک دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ ماہنامہ خالد کے ''طاہر نمبر'' مارچ اپریل 2004ء کے مطابق جنازہ میں نہ صرف عیسائی پادریوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی بلکہ جنازہ میں شرکت کرنے والے قادیانی مہمانوں کی رہائش اور کھانے کا انتظام بیت الفضل لندن کے قریب Gressen Hall Road پر واقع مقامی چرچ میں کیا گیا۔

مرزا طاہر کی تدفین جماعتی طور پر کسی فخر کے بجائے انتہائی شرمندگی کا باعث ہے۔ اگر خلیفۂ وقت مرزا قادیانی کے بہشتی مقبرہ میں دفن نہیں ہوسکا تو اس سے رسالہ ''الوصیت'' میں کی گئی مرزا قادیانی کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

وہ دعا پوری ہوئی جس میں اس نے لکھ رکھا ہے کہ جو اس بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کے لائق نہیں، قدرت اس کے لیے ایسے حالات بنا دے کہ وہ اس میں دفن ہونے سے محروم رہ جائے۔ مرزا طاہر ایک جاہ پرست اور نفس پرست شخص تھا۔ اس نے محض اپنی ذاتی شان وشوکت کے لیے ایک کاروبار چلا رکھا تھا اور ایسے ہی لوگوں کے لیے مرزا قادیانی نے بڑے واضح الفاظ میں رسالہ ''الوصیت'' میں دعا کی ہے کہ ''اے میرے قادر خدا اس زمین کو میری جماعت میں سے ان پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی ان کے کاروبار میں نہیں۔ آمین، یا رب العالمین۔''

(رسالہ ''الوصیت'' بحوالہ ''روحانی خزائن'' جلد 20 صفحہ نمبر 317,316)

خیال رہے کہ ''دنیا کی اغراض کی ملونی'' سے بھرے ہوئے مرزا طاہر کو بخوبی علم تھا کہ ربوہ کا ''بہشتی مقبرہ'' حقیقت میں ایک کاروبار ہے۔ اسی لیے اُس نے خود وصیت کی تھی کہ اُسے ربوہ نہ لے جایا جائے۔ ان کی پہلی خواہش یہ تھی کہ ان کو قادیان لے جایا جائے اور دوسری یہ تھی کہ اسے قادیانی عبادت گاہ فضل لندن کے احاطہ میں دفن کیا جائے۔ اس کی یہ دونوں خواہشیں پوری نہیں ہوئیں۔ اسے لندن کے اسلام آباد میں ایسی جگہ دفن کیا گیا ہے، جہاں بس وہ ہی وہ ہے۔ مرزا طاہر کی عبرتناک موت دراصل مرزا قادیانی، حکیم نورالدین، مرزا محمود، مرزا ناصر، مریم بیگم، ظفر اللہ خاں اور ڈاکٹر عبدسام کو قدرت کی طرف سے ملنے والی خدائی مار اور سزا کا تسلسل ہے۔ فاعتبرو یا اولی الابصار

ڈھانپا کفن نے داغ عیوب برہنگی
ورنہ وہ ہر لباس میں ننگ وجود تھا

قادیانی شاعر ثاقب زیروی کے مندرجہ ذیل اشعار مرزا طاہر کے عبرتناک انجام پر بڑے موقع کی مناسبت سے منطبق ہوئے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

فرصت ہے کسے جو سوچ سکے پس منظر ان افسانوں کا
کیوں خواب طرب سب خاک ہوئے کیوں خون ہوا ارمانوں کا
تاریخ کے سینے میں اب تک ہیں دفن وہ سارے ہنگامے
انسان کے ہاتھوں دنیا میں کیا حال ہوا انسانوں کا
طاقت کے نشے میں چور تھے جو توفیق نظر جن کو نہ ملی
مفہوم نہ سمجھے جو ناداں قدرت کے لکھے فرمانوں کا
پستے ہیں بالآخر وہ اک دن اپنے ہی ستم کی چکی میں
انجام یہی ہوتا آیا فرعونوں کا ہامانوں کا!

www.sirat-e-mustaqeem.com

چودھری ظفر اللہ قادیانی

چودھری ظفر اللہ خاں مشہور و معروف سیاست دان، قادیانیت کا ستون اور مثالی انگریز نواز تھے۔ وہ برٹش سامراج کی غلامانہ خدمات اور ان کے خود کاشتہ پودے (قادیانی مذہب) کے سرگرم رکن ہونے کے باعث دنیوی ترقی کی منازل بہت تیزی سے طے کرتے چلے گئے۔ سر ظفر اللہ چونکہ ساری زندگی بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہے، اس لیے اکثر نادان ان کی زندگی بڑی خوشگوار اور مطمئن خیال کرتے تھے۔ اور اب بھی اکثر لوگ سمجھتے ہیں، خاص طور پر قادیانی حضرات تو ان کی بظاہر شاندار زندگی اور بڑے عہدوں پر تعیناتی کو قادیانی مذہب کی حقانیت پر دلیل قرار دیتے ہیں لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ سر ظفر اللہ کی بظاہر شاندار زندگی اندر سے بالکل کھوکھلی اور عبرتناک تھی۔ ان کو ساری عمر گھریلو سکون نصیب نہ ہوا۔ انہوں نے تین شادیاں کیں۔ تینوں کا انجام حسرتناک رہا۔ کوئی شادی کامیاب نہ رہی۔ کوئی نرینہ اولاد نہ ہوئی۔ اس کا بھی انہیں ساری عمر قلق رہا۔ سر ظفر اللہ کو اعلیٰ صلاحیتوں کا مالک ہوتے ہوئے نیز حکومت اور اپنے مذہبی سربراہوں کی مکمل تائید و مدد کے باوجود ساری عمر جن جن حسرتوں، ناکامیوں اور نامرادیوں کا سامنا رہا، اور بالآخر نہایت عبرتناک ذلت آمیز موت سے ہم آغوش ہونا پڑا۔ اس کا مفصل حال قارئین درج ذیل سطور میں پڑھیں گے۔ ان حالات سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مختلف نوع کے عذاب ان پر وارد کیے گئے تاکہ انہیں خبردار کیا جائے کہ قادیانیت سے توبہ کر لیں مگر انہوں نے اس مہلت سے فائدہ نہ اٹھایا۔ سر ظفر اللہ 1893ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد مرزا غلام احمد سے متاثر تھے اور قادیان آتے رہتے تھے۔ ظفر اللہ بھی کبھی کبھار ان کے ساتھ قادیان جانے لگے۔ حکیم نور الدین کی دوربین نظر نے لڑکے کی صلاحیتوں کو بھانپ لیا اور ان کے والد کو خط لکھا کہ بیٹے کی بیعت کرا دو۔ یہ 1907ء کی بات ہے۔ پوسٹ کارڈ ظفر اللہ نے بھی پڑھا۔ جب والد کے ساتھ قادیان گئے، تو ان کا خیال تھا والد بیعت کے لیے کہیں گے۔ مگر نہ جانے کیوں انہوں نے بیٹے سے اس سلسلے میں کچھ بھی نہ کہا۔ حتیٰ کہ واپس سیالکوٹ جانے لگے۔ لیکن ظفر اللہ پر چونکہ حکیم نور الدین کا اثر تھا، اس لیے ان کے خط کے پیش نظر ستمبر 1907ء میں مرزا غلام احمد کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ ابتدائی تعلیم مشن سکول سیالکوٹ میں حاصل کر

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے 1911ء میں گورنمنٹ کالج سے گریجویشن کیا۔ 1911ء سے 1914ء تک کنگز کالج کیمبرج انگلینڈ میں پڑھے اور بیرسٹری پاس کی۔ نیز انگلستان، سوئٹزرلینڈ اور جرمنی کا سفر کیا۔ ان حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ ظفر اللہ بچپن سے ہی مشن سکول، قادیانیت اور برٹش سامراج کے جال میں پھنس گئے۔ نوعمری میں ہی انگلینڈ میں انہیں اپنی خاص نگرانی میں انگریزوں نے اعلیٰ تربیت دی اور پھر ساری عمر اس لڑکے کی عقل، علم، ہوشیاری اور صلاحیتوں کو جس طرح چاہا استعمال کیا۔

یورپ سے واپسی کے بعد ظفر اللہ قدرے ماڈرن ہو گئے تھے۔ ان کا گھرانہ زمیندارانہ تھا۔ ان کے والد اپنے خاندان کی ایک سیدھی سادی لڑکی سے ان کی شادی کرنا چاہتے تھے۔ جبکہ ظفر اللہ کسی ماڈرن لڑکی سے شادی کرنا چاہتے تھے لیکن والد کے سامنے پیش نہ چلی اور مجبوراً شادی ہو گئی لیکن ظفر اللہ نے عملی طور پر اس لڑکی کو کبھی بیوی کے طور پر قبول نہ کیا۔ نہ اس سے میل جول رکھا۔ حتیٰ کہ 1926ء میں والد کا انتقال ہو گیا۔ والد کے انتقال کے بعد سر ظفر اللہ نے اپنی مرضی سے ایک ماڈرن، تعلیم یافتہ، اپنی پسند کی تیز طرار لڑکی "بدر" سے شادی کر لی، جس سے ان کے ہاں ایک بیٹی پیدا ہوئی، جس کا نام امت الحیٔ ہے۔ اس کے بعد کوئی اور اولاد نہ ہوئی۔ سر ظفر اللہ کو نرینہ اولاد کی بہت خواہش تھی۔ اس کے لیے وہ ساری عمر بہت دعائیں، مجاہدے، خیرات، صدقے اور سب حیلے کرتے رہے۔ مگر نصیب میں بیٹا نہ تھا اور یہ نعمت قادیانی پیر اور برطانوی سامراج بھی دینے میں ناکام رہا۔ بعض بزرگوں نے تو ظفر اللہ سے کہہ دیا تھا کہ چونکہ تم نے پہلی بیوی سے اچھا سلوک نہیں کیا اور دوسری شادی والد کی مرضی کے خلاف کی، اس طرح اس کی روح کو دکھ پہنچایا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ تم سے سخت ناراض ہے اور تمہارے ہاں بیٹا نہیں ہو گا۔ اس ماڈرن بیوی نے ویسے بھی چودھری صاحب (سر ظفر اللہ) کو وہ تگنی کا ناچ نچایا کہ چودھری صاحب اس سے زیادہ تر دور ہی رہنے لگے۔ اور اپنے اور اپنے پیر و مرشد مرزا کی فیملی میں دلچسپی لینے لگے۔ مرزا بشیر الدین محمود، مرزا غلام احمد کے بیٹے جو کہ 1914ء میں قادیانیوں کے خلیفہ دوم بن چکے تھے۔ یہ سر ظفر اللہ کے قریباً ہم عمر تھے۔ مرزا بشیر الدین محمود بہت ہوشیار چالاک، تیز فہم آدمی تھے۔ انہوں نے شروع سے ہی ظفر اللہ سے یاری گانٹھ لی۔ ظفر اللہ کا بھی گھریلو چپقلش کے باعث اپنے گھر دل نہ لگتا تھا۔ اس لیے اپنے پیر کے لڑکیوں میں دلچسپی لینے لگ گئے۔ یہ دلچسپی اتنی بڑھی کہ بیرون ملک سے پاکستان واپسی پر اپنے گھر کی بجائے مرزا محمود کے گھر ہی قیام کرتے۔ ادھر ان کی بیوی (والدہ امت الحیٔ) ان کی عدم توجہی سے شاکی رہنے لگی۔ غالباً 62ء میں اس نے ظفر اللہ سے علیحدگی اختیار کر لی اور مشہور قادیانی سرمایہ دار شاہنواز سے شادی کر لی۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ظفر اللہ کا بشریٰ ربانی، ایک فلسطینی سے شادی کا سلسلہ بن رہا تھا جو ان کی بیوی پر گراں گزرا ہو۔ جب سابقہ بیوی نے شاہنواز سے شادی کر لی تو ظفر اللہ نے جو شاید اسی موقع کے منتظر تھے، فوراً فلسطینی خوبرو دوشیزہ بشریٰ ربانی سے شادی رچا لی۔ ظفر اللہ اس وقت ستر برس کے پیٹے میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

تھے اور بشریٰ ربانی نوعمر دوشیزہ تھی۔ اس شادی پر مرزا غلام احمد کے صاحبزادے مرزا بشیر احمد نے قادیانی آرگن ''الفضل'' میں مضمون شائع کیا جس میں اس شادی پر بڑی خوشی کا اظہار کیا اور سب قادیانیوں سے بیٹے کی پیدائش کے لیے دعا کی درخواست کی اور خود بھی دعا کی کہ اللہ پاک چودھری صاحب (سر ظفر اللہ) کو بیٹا عنایت کرے۔

مگر وائے افسوس کسی قادیانی کی دعا اس بارے میں شرف قبولیت نہ پا سکی۔ ہو سکتا ہے اس طویل مہلت سے فائدہ اٹھا کر چودھری صاحب قادیانیت سے تائب ہو جاتے تو اللہ تعالیٰ انہیں اولاد نرینہ سے بھی نواز دیتا۔ یہ تیسری شادی بھی بے ثمر رہی۔ بڈھا گھوڑا لال لگام کے مصداق خوبصورت فلسطینی دوشیزہ کی ان سے نبھ نہ سکی۔ شنید ہے کہ بشریٰ ربانی کا نوجوان ناکام منگیتر اس سے ملنے کسی نہ کسی بہانے آتا رہتا تھا اور اس نے چودھری صاحب پر پستول بھی اٹھایا تھا۔ بالآخر اس قسم کے ناگفتنی حالات کی بنا پر یہ شادی بھی ناکام ہوئی اور علیحدگی ہو گئی۔ اور ظفر اللہ بھری دنیا میں اکیلے بے یار و مددگار رہ گئے۔ ان کی بیٹی بھی اپنی ماں کا ساتھ دیتی تھی۔ اس لیے چودھری صاحب پر بیٹی کا گھر بھی بند تھا۔ مرزا محمود جو اُن کا پیر اور یار تھا، کئی سال سے مفلوج پڑا تھا۔ دو بھائی تکلیف دہ اموات سے مر چکے تھے اور چھوٹا بھائی اسد اللہ خان بھی فالج سے معذور تھا۔ کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ کہنے کو ان دونوں ہالینڈ میں ہیگ کی انٹرنیشنل کورٹ میں جج تھے بظاہر بڑی شان تھی لیکن اندرونی حالت یہ رہی کہ قریباً پندرہ سال ہالینڈ میں قادیانی مشن کے ایک چھوٹے سے کمرے میں رہتے رہے اور اس کے بعد 1973ء سے 1983ء تک انگلینڈ کے قادیانی مشن کے ساتھ ایک کوٹھڑی میں گزارے۔ کوئی عزیز پرسان حال نہ تھا۔ قادیانی مشنریوں کی بیویوں اور لڑکیوں سے دل بہلاتے رہتے۔ اکثر جب وہ ہوائی جہاز سے اترتے تو ان کے ساتھ کوئی نہ کوئی نوعمر لڑکا ہوتا۔ نوعمر لڑکوں سے ان کی دلچسپی مشہور عام تھی۔

ہم نے اوپر جو کچھ لکھا، وہ بلا ثبوت نہیں بلکہ اکثر باتیں قادیانیوں کی اپنی کتابوں، رسالوں، اخباروں میں ہی درج ہیں۔ مثال کے طور پر قادیانی ماہنامہ ''خالد'' کے ظفر اللہ خاں نمبر میں مرزا محمود کی سب سے چھوٹی بیوی ''مہر آپا'' چودھری ظفر اللہ سے اپنے تعلقات کا اظہار یوں کرتی ہیں:

''اپنی کوٹھی تعمیر ہونے سے قبل جب کبھی آپ حضرت فضل عمر (مراد مرزا محمود) سے ملاقات کے لیے آتے اور مرکز سلسلہ میں قیام فرماتے تو اپنے جس گھر میں حضور (مرزا محمود) کی باری ہوتی (مرزا محمود کی کئی بیویاں تھیں۔ ہر بیوی کے گھر باری باری جاتے) آپ بھی اسی گھر کے مہمان شمار ہوتے۔ جب بھی مجھے آپ کی میزبانی کا موقع ملتا تو میں آپ کی بیماری کے پیش نظر مناسب غذا تیار کرواتی۔ ایک دفعہ آپ نے حضور سے کہا کہ مہر آپا میرے کھانے کا بہت تکلف سے اہتمام کرتی ہیں...... حضرت فضل عمر (مرزا محمود) کے سفر یورپ میں آپ تمام وقت حضور کے ساتھ ساتھ رہے۔ حضور کا تمام کام اپنے ہاتھ سے

www.sirat-e-mustaqeem.com

کرتے۔آپ کا سامان خود اٹھاتے رہے کیونکہ وہاں ہمارے ہاں کی طرح سامان اٹھانے کے لیے قلی وغیرہ عام نہیں ہوتے...... دوران سفر وینس اٹلی پہنچے تو وہاں نہ کوئی قلی تھا نہ مزدور۔حضرت چودھری صاحب نے تمام سامان اپنے کندھوں پر اٹھا اٹھا کر کار سے گنڈولے تک پہنچایا اور مسکراتے ہوئے فرمایا دیکھا میں نہ کہتا تھا کہ اس قدر سامان نہ لے جائیں۔خیر بیبیوں کو پتہ تھا ظفر اللہ ساتھ ہے۔خود ہی سامان اٹھاتا پھرے گا۔ وہ (چودھری ظفر اللہ) اپنے حبیب حضرت فضل عمر (مرزا محمود) کے عشق ومحبت میں اپنی ذات سے بے نیاز ہوکر سب کام کر رہے تھے"۔

اس طرح کے واقعات رائل فیملی (خاندان مرزا) کے لوگ بڑے فخر سے بیان کرتے ہیں۔جن سے بڑے بڑے قادیانیوں کی غلامانہ خدمات کا اظہار ہوتا ہے۔مقصد یہ کہ عام قادیانی جب یہ پڑھے گا کہ ظفر اللہ جیسا پائے کا قادیانی بزرگ "رائل فیملی" کا اتنا غلام اور گر گر خدمت کرتا ہے تو وہ بھی ہر طرح غلامی اور خدمت میں ترقی کرے گا۔ نہ صرف خود بلکہ اپنی بیویوں اور بیٹیوں سے بھی "رائل فیملی" کی خدمت کروائے گا اور حقیقت بھی یہی ہے کہ قادیانی اپنی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو رائل فیملی کے افراد سے پردہ نہیں کرواتے اور ان کو مجبور کرتے ہیں کہ رائل فیملی کی ہر طرح تن من دھن سے سیوا کریں۔ان کی اطاعت ایسے کریں جیسے کوئی چیز بے حس وحرکت ہو اور اس سے کچھ بھی کر گزرا جائے، وہ چوں نہ کریں۔چنانچہ اسی ماہنامہ "خالد" کے ص 129 پر ایک قادیانی مسمی عبدالمالک، چودھری ظفر اللہ کی قادیانی خلیفہ مرزا ناصر سے ملاقات کا حال یوں بیان کرتے ہیں۔

"ملاقات کے دوران میں نے دیکھا کہ آپ حضور (مرزا ناصر) کے سامنے اس طرح سے کھڑے ہیں گویا کوئی چیز بے حس وحرکت ہے۔اس روز خاکسار نے اندازہ لگایا کہ ہم میں اطاعت کی وہ روح تا حال موجود نہیں جو امام کی قدر ومنزلت کے لحاظ سے ضروری ہے۔"

قارئین اندازہ لگائیں کہ ایک طرف تو قادیانی اپنے مذہب کو اصل اسلام کہتے ہیں اور اہل اسلام کو گمراہ اور کافر قرار دیتے ہیں اور اپنے تئیں اسلام کے اندر سے برائیاں دور کر کے صحیح اسلام پر کار بند قرار دیتے ہیں لیکن اپنے گریبان میں منہ ڈال کر تو دیکھیں کہ یہ کہاں کا اصلی اسلام ہے کہ اپنے آپ اور اپنی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں غرضیکہ ہر چیز کو گدی نشینوں کے اس طرح قدموں میں ڈال دو کہ مکمل اطاعت ہو جس سے وہ جو چاہیں، کر گزریں۔جائز ناجائز اور حلال وحرام کا فرق ہی نہ رہے۔انسان کو خدائے لم یزل بنالینا، قادیانی مذہب کا شیوہ تو ہوسکتا ہے، اسلام کا ہرگز نہیں۔جن قادیانیوں کی بیویاں رائل فیملی کی خدمت سے انکار کر دیتی ہیں، ان کا حال وہی ہوتا ہے جو ظفر اللہ کی بیویوں کا ہوا کہ خاوند نے اپنا ایمان کامل مرزا پر ثابت کرنے کے لیے اپنی بیویوں کو چھوڑ دیا۔قادیانی نبی اور ان کے خود ساختہ خلفا ہی نہیں، دیگر بعض نام نہاد دنیا پرست اور گدی نشینوں کو بھی دیکھا گیا ہے کہ اگر کوئی دولت مند اُن کے چکر میں پھنس جائے یا کار

www.sirat-e-mustaqeem.com

آمد شخص مریدی کے جال میں آ جائے تو کوشش کر کے اس کو گھربار سے متنفر کر کے اپنے ڈیرے کے لیے وقف کر لیتے ہیں تاکہ اس کی صلاحیتوں اور دولت سے اپنی ذات کے لیے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے۔ یہی قادیانی ''خلیفہ'' مرزا محمود نے ظفر اللہ کے ساتھ کیا کہ اسے گھربار سے متنفر کر کے اپنی ذات کے لیے اس سے نوکر چاکر کی طرح کام لیا اور ذاتی فائدے کے لیے اپنی فیملی کی مستورات تک کو اس کے سپرد کر دیا اور ظفر اللہ کی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ حاصل کیا اور اس سے قادیانی مذہب کے لیے عالمی مبلغ کا کام لیا اور دنیا میں کئی جگہ ظفر اللہ کے ذاتی خرچ سے مشن ہاؤس تعمیر کروائے۔ اس سے ساری دولت وصیت نامے کے ذریعے قادیانی مشن (یعنی مرزا قادیانی کی آل اولاد جس کی وارث ہے) کے نام لکھوالی۔

''مہر آپا، جو مرزا محمود کی ساتویں بیوی تھیں، مرزا محمود کی عمر 60 سال کے قریب تھی اور مہر آپا قریباً 19 برس کی تھی۔ جب یہ شادی ہوئی، سر ظفر اللہ اپنی سروس کے دوران زیادہ تر یورپ میں ہی رہے۔ اپنی بیویوں، بیٹی، گھربار کی تو کبھی خبر نہ لی لیکن مرزا محمود اور ان کی فیملی کو خوب سیر و سیاحت کراتے۔ ''مہر آپا'' میں خصوصی دلچسپی لیتے تھے۔ محترمہ اپنے مضمون میں آگے چل کر تحریر کرتی ہیں:

''اس احساس کے تحت کہ میں گوشت کی کوئی چیز نہیں کھا رہی، چودھری صاحب نے حضور سے کہا (حضور سے مراد مرزا محمود ہے) حضور! میں حسب سابق شرع کی پابندی ملحوظ رکھتے ہوئے مہر آپا کے لیے ایک خاص ڈش کا انتظام کرتا ہوں۔ ان کو وہ ضرور پسند آ جائے گی۔ یہ کہہ کر آپ نے اس ڈش کا آرڈر دیا۔ جب وہ ڈش تیار ہو گئی تو چودھری صاحب نے حضور سے کہا کہ یہ خاص طور پر مہر آپا کے لیے بنوائی گئی ہے۔ ان سے کہیں اب تو کھا لیں۔ ڈش دیکھنے میں خوش نظر تھی مگر میرا دل کسی طور راضی نہ ہوا اور میں نے ڈش چپکے سے چھپا دی......

......اسی طرح آسٹریا میں ایک دفعہ کھانے کا وقت ہوا تو ہم ہوٹل میں آ گئے۔ چودھری صاحب نے میرے لیے بھی انڈوں کا سوپ منگوایا۔ انھیں معلوم نہ تھا کہ مجھے یہ اچھا نہیں لگتا۔ جب چودھری صاحب کو پتہ چلا کہ میں وہ نہیں پی رہی تو آپ نے ''زرمی خورم'' کہتے ہوئے پی لیا۔

ایک بار وینس میں چودھری صاحب نے ہم مستورات کے لیے کھلے سمندر کی سیر کا انتظام کیا...... صاحبزادی امت الجمیل، صاحبزادی امت المتین، (مرزا محمود کی صاحبزادیاں جو کہ دوسری بیویوں سے ہیں) اور میں سیر کے لیے گئے۔ سیر کے دوران چودھری صاحب بہت سے اہم تاریخی مقامات دکھاتے چلے گئے اور ساتھ ساتھ ان کا تاریخی پس منظر بھی بتاتے رہے۔''

مرزا محمود نے بھی ظفر اللہ کو خوب پھانسے رکھا۔ ایک دفعہ مرزا محمود نے میموں کا ڈانس دیکھنے کی خواہش ظاہر کی تو چودھری صاحب انھیں ایسی جگہ لے گئے جہاں میموں کا عریاں ڈانس ہو رہا تھا۔

مرزا محمود کا اپنا بیان ہے:

www.sirat-e-mustaqeem.com

"جب میں ولایت گیا تو مجھے خصوصیت سے خیال تھا کہ یورپین سوسائٹی کا عیب والا حصہ بھی دیکھوں۔ مگر قیام انگلستان کے دوران میں مجھے اس کا موقعہ نہ ملا۔ واپسی پر جب ہم فرانس آئے تو میں نے چودھری ظفر اللہ خان صاحب سے جو میرے ساتھ تھے، کہا کہ مجھے کوئی ایسی جگہ دکھائیں۔ جہاں یورپین سوسائٹی عریانی سے نظر آسکے۔ وہ بھی فرانس سے واقف تو نہ تھے مگر مجھے ایک اوپیرا میں لے گئے جس کا نام مجھے یاد نہیں رہا۔ اوپیرا سینما کو کہتے ہیں۔ چودھری صاحب نے بتایا کہ یہ اعلیٰ سوسائٹی کی جگہ ہے جسے دیکھ کر آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ان لوگوں کی کیا حالت ہے۔ میری نظر چونکہ کمزور ہے۔ اس لیے دور کی چیز اچھی طرح نہیں دیکھ سکتا۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے جو دیکھا تو ایسا معلوم ہوا کہ سینکڑوں عورتیں بیٹھی ہیں۔ میں نے چودھری صاحب سے کہا، کیا یہ ننگی ہیں۔ انھوں نے بتایا یہ ننگی نہیں بلکہ کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ مگر باوجود اس کے، وہ ننگی معلوم ہوتی تھیں۔ تو یہ بھی ایک لباس ہے۔ اسی طرح ان لوگوں کے شام کی دعوتوں کے گاؤن ہوتے ہیں۔ نام تو اس کا بھی لباس ہے۔ مگر اس میں سے جسم کا ہر حصہ بالکل ننگا نظر آتا ہے۔"

(روزنامہ اخبار الفضل قادیان دارالامان مورخہ 24 جنوری 1934ء)

طوالت کے خوف سے صرف مختصر اقتباسات ہی درج کیے ہیں۔ قادیانیوں کے اپنے لٹریچر سے ثابت ہے کہ چودھری صاحب اپنے پیر اور ان کے کنبہ میں اس قدر مست تھے کہ انھیں اپنے گھر بار تک کا ہوش نہ تھا۔ اپنی 93 سالہ عمر میں 90 سال تک انھوں نے گھر کا رخ نہ کیا تا آنکہ صحت نے بالکل جواب دے دیا اور موت سر پر منڈلاتی نظر آنے لگی تو 1983ء میں بیٹی کے پاس لاہور آ گئے۔ اسی بیٹی کے گھر ان کی سابقہ بیوی بھی رہتی تھی۔ ساری عمر بیٹی کے گھر نہ ٹھہرتے تھے کہ ماں کو وہاں سے نکالو۔ مگر بیٹی اس کے لیے تیار نہ ہوئی۔ آخر مرن کنارے ذلیل ہو کر اسی بیٹی اور سابقہ بیوی کے سامنے اسی کے گھر رہ کر چل بسے۔

بعض اور مشہور نامور مسلمان ہستیاں مثلاً مولانا محمد حسین بٹالوی، سر فضل حسین، شیخ تیمور وائس چانسلر خیبر یونیورسٹی، ڈاکٹر عبدالحکیم پٹیالوی، میر عباس علی لدھیانوی، مولانا لال حسین اختر، زیڈ اے سلہری وغیرہ بھی شروع میں قادیانی تحریک سے متاثر ہوئے لیکن اپنی خداداد ذہانت اور بصیرت کے باعث وہ جلد ہی قادیانیت کے جال سے نکل گئے۔ اہل اسلام کو اور خاص کر ہندوستان کے نامور مسلمان لیڈروں کو سر ظفر اللہ سے بھی امید تھی کہ وہ جلد یا بدیر دوبارہ اہل اسلام میں واپس شامل ہو جائیں گے مگر جیسا کہ اوپر کے حالات سے معلوم ہوتا ہے، مرزا محمود نے ان کے اردگرد ایسا تانا بانا بُن دیا تھا کہ وہ اس میں سے نکل نہ سکے۔ مرزا محمود کو بھی دھڑکا تھا کہ سر ظفر اللہ ہاتھ سے نہ نکل جائے۔ اس لیے وہ چودھری صاحب پر ہر طرح کی نوازشات کرتے تھے۔ مثلاً یہ کہ بڑے بڑے پاکستان کے شہر مثلاً لاہور اور کراچی کی امارت ہمیشہ کے لیے چودھری صاحب کے خاندان کے نام کر دی۔ یعنی لاہور اور کراچی کی قادیانی جماعتوں کا سربراہ (جسے امیر جماعت کہا جاتا ہے) ہمیشہ چودھری ظفر اللہ کے خاندان سے ہو۔ چنانچہ لاہور کا پہلا امیر جماعت

www.sirat-e-mustaqeem.com

چودھری ظفر اللہ کا چھوٹا بھائی چودھری اسد اللہ رہا۔ جب وہ مفلوج ہو گیا تب سے چودھری ظفر اللہ کا بھتیجا اور داماد حمید نصر اللہ لاہور کی قادیانی جماعت کا امیر ہے۔ اسی طرح کراچی کی جماعت کا امیر سر ظفر اللہ کا بھائی چودھری عبداللہ خان ساری عمر رہا۔ جب وہ بلڈ کینسر کی بیماری میں مبتلا ہو کر 1959ء میں مر گیا تو ان دنوں شیخ رحمت اللہ نائب امیر تھا۔ وہ چودھری عبداللہ کی موت کی وجہ سے امیر جماعت ہو گیا۔ اس پر چودھری خاندان نے احتجاج کیا۔ چنانچہ فوری طور پر ربوہ سے مرزا محمود نے ایک وفد، مولوی اللہ دتہ جالندھری، مولوی جلال الدین شمس اور مولوی غلام احمد فرخ (جو چوٹی کے قادیانی مربی تھے) پر مشتمل، کراچی بھیجا جس نے سمجھا بجھا کر نیز کچھ لوگوں سے الزامات لگوا کر شیخ رحمت اللہ کو امارت سے علیحدہ کیا اور اس کی جگہ چودھری ظفر اللہ کے قریبی عزیز چودھری احمد مختار کو امیر جماعت کراچی نامزد کر دیا۔ جو تب سے امیر چلا آ رہا ہے۔ یہاں یہ امر بھی خالی از دلچسپی نہ ہو گا کہ قادیانی قوانین کے مطابق کوئی امیر جماعت تین سال سے زائد نہیں رہ سکتا۔ تین سال بعد انتخابات کر کے دوسرا امیر بنانا ہوتا ہے لیکن چودھری احمد مختار 26 سال سے امیر جماعت چلا آ رہا ہے۔

اسی طرح لاہور کا امیر جماعت چودھری ظفر اللہ کا بھتیجا ہے جو سالہا سال سے امیر جماعت چلا آ رہا ہے۔ اگر کسی جماعت کا امیر قادیانی خلیفہ کی مرضی کا نہ منتخب ہو تو وہ اس کا انتخاب کالعدم قرار دے کر اپنا کوئی پٹھو نامزد کر دیتا ہے۔ ان خاندانی مراعات کے علاوہ ظفر اللہ خان کو پوری دنیا میں قادیانی سرکاری ترجمان کی حیثیت حاصل تھی۔ وہ جس ملک میں بھی جاتے، قادیانی مشن کا پورا عملہ ان کے استقبال اور خدمت کو حاضر رہتا۔ وہ مشن ہاؤس میں رہتے اور وہاں کے مشنری اور ان کے بیوی بچوں کا فریضہ ہوتا کہ وہ ان کی ہر خدمت کریں۔ چنانچہ ہیگ میں عالمی عدالت کے جج کے دوران وہ ہیگ کے قادیانی مشن ہاؤس میں پندرہ سال 1958ء سے 1973ء تک قیام پذیر رہے۔ اس کے بعد لندن کے قادیانی مشن ہاؤس میں فروری 1973ء سے 1983ء تک قیام پذیر رہے۔ قادیانی مشنری بھی اپنے خلیفے کی خوشنودی کے لیے اپنی فیملی کو چودھری صاحب کی سیوا کے لیے وقف کر دیتے۔ چنانچہ ہالینڈ کے قادیانی مشنری اپنے نوعمر بیٹے سے سر ظفر اللہ کے لگاؤ اور بے تکلفی کا اظہار فخریہ یوں کرتے ہیں "ایک دفعہ میرا بیٹا عزیزم عزیز اللہ جب ہالینڈ آیا تو حضرت چودھری صاحب اسے مشن ہاؤس میں اپنا کمرہ دکھانے لگے...... میرے لیے یہ امر خوشی کا باعث ہے کہ حضرت چودھری صاحب کا سلوک میرے لڑکے عزیزم عزیز اللہ کے ساتھ بھی بڑا مشفقانہ تھا۔ آپ ہمیشہ اسے اپنے پاس رکھتے اور آپ بعض دفعہ بڑی بے تکلفی سے اس کے ساتھ گفتگو فرماتے۔"

لندن کے قادیانی مشن کے مشنری کی بیگم صاحبہ تحریر فرماتی ہیں۔

"اس عاجزہ کو متواتر دس سال حضرت چودھری صاحب کی خدمت کی توفیق عطا ہوئی۔ یوں تو 1959ء سے ہی حضرت چودھری صاحب سے اس تعلق کا آغاز ہوا۔ آپ ان دنوں جب بھی لندن تشریف

www.sirat-e-mustaqeem.com

لاتے، ہمارے ہاں تشریف لاتے اور ایک وقت کا کھانا ضرور ہمارے ساتھ تناول فرماتے لیکن 1973ء میں جب ہیگ سے مستقلاً نقل مکانی کر کے لندن تشریف لائے تو لندن مشن کے ایک فلیٹ میں، جو ہمارے فلیٹ سے ملحق تھا، رہائش پذیر ہوئے۔

جب میری بچی امت الجمیل کی شادی ہوئی تو آپ روزانہ ہی شادی کے انتظامات کے بارے میں دریافت فرماتے۔ شادی سے چند روز قبل فرمایا...... میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اسے کوئی اچھا سا تحفہ پیش کروں کیونکہ اس نے میری بڑی خدمت کی ہے۔ میری دوسری بیٹی امت النصیر کی شادی پاکستان آ کر ہوئی۔ رخصتانہ سے قبل آپ نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ آپ امت النصیر سے الگ ملنا چاہتے ہیں۔ اس کا انتظام کر دیا گیا۔ آپ اندر تشریف لے گئے......الخ۔

ہمارے پاکستان آنے کے بعد حضرت چودھری صاحب جب بھی ربوہ تشریف لاتے ہمارے گھر ضرور قدم رنجہ فرماتے۔ میرے خاوند نے کئی بار اصرار بھی کیا کہ آپ کو ہمارے ہاں آنے سے زحمت اٹھانی پڑتی ہوگی۔ اس لیے آپ جب ربوہ تشریف لائیں تو ہمیں اطلاع فرما دیں ہم حاضر ہو جائیں گے لیکن نہ مانتے۔'' (ایضاً، ص 164-163)

طوالت سے بچنے کے لیے مختصر اقتباسات دیے گئے ہیں۔

سو قارئین حضرات! یہ وہ حالات تھے جن میں مست ہو کر ظفر اللہ صاحب ساری عمر اپنا گھر بار، بیویاں بچی تج کر قادیانیت اور رائل مرزا فیملی کے بندۂ بے دام بنے رہے۔ کاش کہ وہ اپنی ساری صلاحیتیں اور دولتیں اور عقیدتیں اس چھوٹے سے قادیانی سازشی گروہ پر نچھاور کرنے کی بجائے آنحضرت ﷺ کی عقیدت و محبت اور پوری دنیائے اسلام اور امت محمدیہ کے لیے وقف کر دیتے۔ اس طرح وہ دین و دنیا اور آخرت سب میں سرخرو ہو جاتے۔ مگر انھوں نے سمندر کی وہیل بننے کے بجائے کنوئیں کا مینڈک بننے کو ترجیح دی اور بہمہ صلاحیت و عقل و دانش گھریلو زندگی میں بھی نامرادی میسر آئی اور جس تحریک کے لیے تن من دھن حتیٰ کہ اپنا مذہب دین اسلام چھوڑ بیٹھے تھے، اس کا بھی مرنے سے پہلے حسرت ناک انجام دیکھ لیا اور موت ایسے عبرت ناک حالات میں ہوئی کہ غیر مسلم قرار پا چکے تھے اور ان کا پیر و مرشد فرار ہو کر اپنی ولی نعمت ملکہ کی آغوش میں لندن پناہ لے چکا تھا۔

چودھری ظفر اللہ کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ خسیس ہونے کی حد تک کنجوس تھے۔ ان کی خساست کے بہت سے دلچسپ واقعات ان کے نہایت قریبی عزیزوں اور دوستوں نے بیان کیے ہیں۔ جن میں سے نمونے کے طور پر چند ایک قارئین کی ضیافت طبع کے لیے پیش خدمت ہیں۔

1- پرنسس عابدہ سلطان آف بھوپال اقوام متحدہ امریکہ میں چودھری صاحب کی رہائش گاہ کا احوال یوں بیان کرتی ہیں ''چوتھی منزل کے اوپر ایک بہت ہی چھوٹا سا کمرہ تھا۔ اس میں ایک ٹوٹا پھوٹا

www.sirat-e-mustaqeem.com

سا پلنگ پڑا تھا اور دوسری عام ضروریات بھی اچھی طرح مہیا نہ تھیں۔ میں یہ حالت دیکھ کر سمجھی کہ غالباً یہاں چوکیدار رہتا ہے۔ میں نے پوچھا کہ بھئی یہ کس کا کمرہ ہے تو معلوم ہوا کہ یہاں پاکستان کے وزیر خارجہ رہتے ہیں...... مجھے تو بہت برا لگا۔ میں نے کہا کہ یہ کیا ہے؟ ان کو اتنا الاؤنس ملتا ہے، اتنی تنخواہ ملتی ہے، ان کے سارے اخراجات گورنمنٹ ادا کرتی ہے اور یہ ایسی پھٹیچر جگہ پڑے ہوئے ہیں اور یہ بات ہماری بدنامی کا باعث ہے کہ ہمارا وزیر خارجہ اس طرح پڑا ہوا ہے...... چونکہ میرے اور ان کے بہت بے تکلفی کے اور برسوں پرانے تعلقات تھے۔ چنانچہ پہلی فرصت میں، میں نے ان سے بہت جھگڑا کیا۔ میں نے کہا ظفر اللہ صاحب آپ کو کوئی عار محسوس نہیں ہوتی کہ آپ اس طرح پڑے ہوئے ہیں۔" (قادیانی ماہنامہ "خالد" دسمبر 85ء)

-2 چودھری ظفر اللہ خود بھی کہا کرتے تھے کہ میرے بارے میں مشہور ہے کہ یہ شخص کنجوس ہے۔ پاکستان کے وزیر خارجہ ہونے کے دوران ایک دوست آپ کے دفتر کے باتھ روم میں گئے اور دیکھا کہ ایک پرانے صابن کے ٹکڑے کے ساتھ نیا صابن جڑا ہوا ہے۔ یہ دیکھ کر وہ حیران ہوئے اور اس کا ذکر مکرم چودھری صاحب سے کیا۔ آپ نے فرمایا یہ ٹھیک ہے۔ میں پرانا بچا ہوا صابن بھی ضائع نہیں کرتا بلکہ اسے نئے صابن سے جوڑ کر استعمال کرتا ہوں۔" (ایضاً، ص 123)

-3 چودھری صاحب کے بھتیجے ادریس نصر اللہ بیان کرتے ہیں "ایک دفعہ ایک عزیز نے پوچھا آپ کے پاس رومال ہے، فرمایا ہاں ہے اور اپنا رومال دے دیا۔ اس نے سارے رومال سے اپنے دونوں ہاتھ پونچھ لیے۔ نہایت شفقت سے فرمایا آپ کو دراصل تولیہ کی ضرورت تھی۔ رومال تو ہنگامی ضرورت کے لیے ہے۔ پھر فرمانے لگے "میں رومال کی مختلف تہیں کر کے ایک تہہ عموماً ایک ہفتہ استعمال کرتا ہوں اور پھر دوسری اور پھر تیسری اور اس طرح ایک دھویا ہوا رومال قریباً دو ماہ کفایت کرتا ہے۔ میرے پاس دو رومال ہیں اور جس دوست نے یہ رومال تحفتاً دیے تھے، ان کی وفات کو 27 سال ہو چکے ہیں۔" اسی طرح ایک دفعہ فرمایا "میں اپنے رومال، بنیان، جراب اور قمیض وغیرہ ہالینڈ میں خود دھوتا ہوں۔" (یہ ان کی ناکام اور پریشان کن ازدواجی اور گھریلو زندگی کے انتشار کا خمیازہ بھی تھا) جبکہ اس وقت ان کی ماہوار آمدن تقریباً 60 ہزار روپے سے زائد تھی۔ (ایضاً، ص 130)

-4 فرمایا کہ "میری والدہ فرمایا کرتی تھیں کہ جب تم کوئی قمیض پہننی ترک کر دیتے ہو تو پھر وہ کسی کام کی نہیں رہتی۔" (ایضاً، ص 169)

-5 ایک دفعہ گلے کا بٹن کپڑے پہنتے ہوئے گر گیا۔ برادرم مکرم حمید صاحب اسے ڈھونڈنے لگے تو فرمایا "تم رہنے دو میں خود ڈھونڈتا ہوں۔ تم ابھی کہہ دو گے کہ نہیں ملتا، اور لا دیتا ہوں اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

میرے پاس یہ بٹن 45 سال سے ہے۔" (ایضاً،ص 130)

-6 ایک دفعہ فرمانے لگے کہ "ہالینڈ میں صبح کے ناشتے کے لیے وہ انڈہ استعمال کرتا ہوں جس میں دو زردیاں ہوتی ہیں۔ایک زردی میں ایک دن کھاتا ہوں اور دوسری اگلے روز۔" (ایضاً،ص 153)

-7 "آپ اپنی ذات پر بالکل نہ ہونے کے برابر خرچ کرتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ آپ ایک دفعہ موسم سرما کے شروع میں لندن سے لاہور تشریف لانے والے تھے۔ مجھے محترمہ امت الحیٔ بیگم صاحبہ نے فرمایا کہ ابا تشریف لا رہے ہیں اور ان کا کوٹ بہت بوسیدہ ہو چکا ہے۔ اسے بھجوا رہی ہوں۔اسے مرمت کروا دیں۔کوٹ کا نہ صرف استر پھٹ چلا تھا بلکہ بیرونی کپڑے میں بھی جگہ جگہ سوراخ ہو چکے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ نئے کپڑے کے چند نمونے بھجوا رہا ہوں۔ آپ پسند کر لیں۔ میں ابا حضور کی آمد سے پہلے درزی سے نیا کوٹ سلوا دوں گا۔بیگم صاحبہ نے فرمایا رشید! یہ ناممکن ہے۔ابا ہرگز نیا کوٹ نہیں پہنیں گے۔ بلکہ ہم پر شدید ناراض ہوں گے اور ایسا ہی واقعہ آپ کے ایک جوتے کی مرمت کا بھی ہے۔" (ایضاً،ص 148)

-8 عبدالکریم صاحب آف لندن بیان کرتے ہیں "حضرت چودھری صاحب نے ایک دفعہ ان کی بڑی بیٹی عزیزہ صادقہ کو اپنی ایک قمیص بھجوائی کہ اس کا کالر پھٹ چکا ہے، اسے الٹ دیں۔ جب کئی دن گزر گئے اور قمیص درست ہو کر نہ آئی تو حضرت چودھری صاحب نے فرمایا کہ قمیص ابھی تک درست ہو کر واپس کیوں نہیں آئی۔اس پر عزیزہ نے جواب دیا کہ اس قمیص کا کالر تو پہلے ہی الٹایا جا چکا ہے۔اب اسے مزید الٹانے کی گنجائش نہیں۔" (ص 72)

-9 محترم مولانا شمس صاحب نے پوچھا، کیا بات ہے چائے میں کیا دیر ہے؟ جواب دیا دودھ پھٹ گیا ہے۔ چودھری صاحب نے فرمایا کہاں ہے۔ لے آؤ۔ جواب ملا پھینک دیا ہے۔ چودھری صاحب نے فرمایا...... پھٹے ہوئے دودھ اور دہی میں کیا فرق ہے۔ مگر انسان ایک کو ضائع کر دیتا ہے۔ دوسرے کو شوق سے کھاتا ہے۔ پھر ایک واقعہ سنایا کہ میں چند دن کے لیے لندن سے باہر گیا ہوا تھا۔ اس دوران میرے میزبان ڈاکٹر آسکر بروںلر کو باہر جانا پڑا۔ وہ جانے سے پہلے گھر میں موجود اشیائے خوردنی کی ایک فہرست میز پر رکھ گئے۔ میں واپس آیا تو دیکھا کہ دہی پر اُلی لگی ہوئی ہے۔ میں نے وہ ہٹا کر دہی کھا لی۔ جو دوست چائے پلا رہے تھے، انھوں نے بڑی حیرت سے کہا چودھری صاحب آپ نے اُلی (پھپھوندی) لگا ہوا دہی کھا لیا۔ محترم چودھری صاحب نے بڑے پیار سے جواب دیا، ہاں کھا لیا۔ (ص 73)

سر ظفر اللہ نے لاکھوں کروڑوں کمائے مگر خود اچھا کھانا اور اچھا پہننا تک نصیب نہ ہوا اور یہ دولت کبھی کسی غریب قادیانی کی مصیبت دور کرنے کے کام نہ آئی بلکہ ساری دولت جائداد مرزا کے خاندان

www.sirat-e-mustaqeem.com

(رائل فیملی) کے لیے وقف ہوگئی۔ نیز اپنی آل اولاد پسماندگان کے نام بھی کچھ نہ کیا۔

اللہ تعالیٰ نے سر ظفر اللہ کو علم و عقل و دانش اور اعلیٰ صلاحیتوں سے نوازا۔ ان کو طویل مہلت قریباً ایک صدی کی دی۔ (93 سال) کہ وہ قادیانی تحریک کا اندر اور باہر اچھی طرح چھان پھٹک کر پرکھ لیں اور تائب ہو کر دین اسلام کی طرف پلٹ آئیں۔ مگر انھوں نے بہمہ صلاحیت و دانش اس مہلت سے فائدہ نہ اٹھایا اور طرح طرح کے عذاب جو مختلف ناکامیوں، نامرادیوں، عزیزوں کی بیماریوں اور قادیانیت کے زبردست زوال اور دیگر مصائب جھیل کر بالآخر ایک حسرت ناک اور المناک موت مرے۔ اس عذاب کی ایک جھلک درج ذیل ہے:

-1 پہلی شادی کے موقع پر والد سے جھگڑا۔

-2 خلاف مرضی والد سے دب کر شادی پر مجبور ہونا پڑا۔

-3 پہلی بیوی سے نہ بنی۔ اس کی ساری عمر خبر نہ لی۔ کبھی میل جول نہ رکھا۔ اس بے گناہ کی بددعائیں لیں۔

-4 والد کے مرتے ہی اپنی مرضی کی ماڈرن دوشیزہ سے شادی کی مگر اس نے ظفر اللہ کا ناک میں دم کر دیا کہ بیوی کے پاس رہنا مشکل ہو گیا۔ اس بیوی نے بے وفائی کر کے ایک دوسرے شخص شاہنواز سے شادی رچالی۔

-5 بہت چلے کاٹے مگر نرینہ اولاد نہ ہوئی۔ بیٹے کی تمنا ساری عمر تڑپاتی رہی۔

-6 بیویوں سے ان بن رہنے سے مرزا محمود کی فیملی میں دلچسپی لینے لگے اور مرزا فیملی نے ہر طرح کا لاسہ ڈال کر ساری دولت اور جائداد بٹور لی اور زندگی بھر اس دولت اور صلاحیت کو جس طرح چاہا، استعمال کیا۔ غلام اور ذلیل بنا کے رکھا۔ قلیوں تک کا کام لیا۔

-7 ساری عمر نہ اچھا کھانا نہ اچھا پہننا نصیب ہوا۔ دولت اور جائداد میں سے پسماندگان کو کچھ نصیب نہ ہوا۔ یعنی ایک دیمک زدہ بے ثمر درخت اہل خانہ اور پسماندگان کے لیے ثابت ہوا۔

-8 اوائل جوانی میں اپنے نوجوان بھائی شکر اللہ کی وفات کا صدمہ دیکھا۔

-9 1959ء میں ظفر اللہ کا سب سے چہیتا بھائی عبداللہ خان بلڈ کینسر سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرا۔

-10 ظفر اللہ کا ہمدم ہمراز اور پیر و مرشد مرزا محمود پر سن 53ء میں قاتلانہ حملہ ہوا جس کو لے کر یورپ میں جگہ جگہ علاج کے لیے مارا مارا پھرنا پڑا مگر معمولی افاقہ ہونے کے بعد فالج کا حملہ ہوا اور نو سال تک مفلوج ہو کے پھٹے پر پڑا رہنے کے بعد عبرتناک موت مرا۔ (یاد رہے مرزا غلام احمد نے فالج کو جھوٹوں اور لعنتیوں کی بیماری لکھا ہے)

-11 باوجود مرزا محمود کے دست راست ہونے کے گدی نشینی کے وقت ظفر اللہ کو کسی نے نہ پوچھا اور

www.sirat-e-mustaqeem.com

مرزا محمود وصیت کر گیا کہ آئندہ خلیفہ صرف اس کی اپنی اولاد میں سے ہوگا۔

-12 چھوٹا بھائی اسد اللہ خاں 15 سال تک بعارضہ فالج معذور پڑا رہنے کے بعد ظفر اللہ کی مرگ کے قریبی دنوں میں مرا۔

-13 بڑھاپے میں تیسری شادی فلسطینی دوشیزہ سے کی۔ اس کی منگیتر اور ساری دنیا سے جگ ہنسائی کروائی۔ قادیانی پیشواؤں کی دعائیں بیٹے کے لیے قبول نہ ہوسکیں۔

-14 قادیانیت کا عبرت ناک زوال دیکھا۔ 1914ء میں جماعت کے دو ٹکڑے ہوئے۔ علمائے اسلام کی طرف سے کفر کے فتوے، بالآخر اقلیت قرار پائے۔ مرنے کے وقت صورت حال یہ تھی کہ پوری دنیائے اسلام کا اجماع ہو چکا تھا کہ قادیانی غیر مسلم ہیں۔ کلمہ، نماز، مساجد اور شعائر اسلام کا استعمال ممنوع ہو چکا تھا۔ پیر و مرشد مرزا طاہر مفرور ہو چکا تھا۔ بعض قادیانی پھانسی کی سزا پا چکے تھے۔

-15 اکلوتی بیٹی امت الحیٔ کی شادی ناکام ہوگئی۔ اس کی پہلی شادی ڈاکٹر اعجاز احمد قادیانی سے ہوئی تھی مگر شادی کے بعد ہی ان بن رہنے لگی۔

معروف سکالر اور سابق قادیانی جناب منیر الدین احمد اپنی آپ بیتی ''ڈھلتے سائے'' میں رقم طراز ہیں:

''چوہدری ظفر اللہ خان کے بھائی چوہدری عبداللہ خان کے بیٹے حمید نصر اللہ کا رشتہ ''خاندانِ نبوت'' کی ایک لڑکی سے طے پایا تھا۔ نکاح خود مرزا بشیر الدین محمود احمد نے پڑھایا تھا اور اس بات پر خوشی کا اظہار کیا تھا کہ جماعت کے دو سرکردہ خاندان اس رشتے کے سبب زیادہ قریب آجائیں گے۔ مگر رخصتی والے روز، جب مرزا فیملی کے سب لوگ ربوے میں جمع تھے، برات کراچی سے نہیں آئی تھی۔ حمید نصر اللہ خفیہ طور پر اپنی کزن امتہ الحیٔ سے محبت کرتا تھا جو چوہدری ظفر اللہ خان کی بیٹی تھی۔ امتہ الحیٔ اس زمانے میں ایک دوسرے شخص (ڈاکٹر اعجاز احمد) کے ساتھ بیاہی ہوئی تھی۔ بعد میں اس نے اپنے والد کی مرضی کے خلاف خاوند سے طلاق لے کر حمید نصر اللہ کے ساتھ شادی کر لی تھی۔ اس کا پہلے خاوند سے، جو ہجرت کر کے آسٹریلیا چلا گیا تھا، ایک بیٹا تھا جو لاہور میں ماں کے پاس رہتا تھا۔ چند برس ادھر اس کو کسی نے ان کے گھر میں گھس کر قتل کر دیا تھا۔ حمید نصر اللہ نے ''خاندانِ نبوت'' کی لڑکی کو جس طرح ٹھکرایا تھا، اس کی سزا سے وہ صاف بچ گیا تھا۔ اگر اس کی جگہ پر کوئی دوسرا ہوتا تو اس کو اور اس کے خاندان کو جماعتِ احمدیہ سے خارج کرنے کے علاوہ اس کا سوشل بائیکاٹ کر دیا جاتا۔ حمید نصر اللہ برسوں سے جماعت احمدیہ لاہور کا امیر ہے۔''

www.sirat-e-mustaqeem.com

امتہ الحیٰ 5 نومبر 2004ء کو رات ساڑھے بارہ بجے مختلف موذی بیماریوں اور وحشت کی نشانی بن کر نہایت بھیانک موت سے ہمکنار ہوئی۔ گھریلو لڑائیوں اور باہمی چپقلش کی وجہ سے اس کی اولاد نے آخری رسومات میں شرکت نہ کی۔

-16 عبرت ناک موت: جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے ظفر اللہ کی دوسری بیوی نے 1960ء میں علیحدگی حاصل کر کے شاہنواز قادیانی سے شادی کر لی تھی۔ مگر یہ شادی چند سال تک ہی نبھی اور اس عورت نے شاہنواز سے بھی طلاق حاصل کر لی اور اپنی بیٹی امت الحیٰ (جو ظفر اللہ سے تھی) کے ساتھ رہنے لگ گئی۔ سر ظفر اللہ اپنی بیٹی اور سابقہ بیوی کے گھر جانا اپنی توہین سمجھتے تھے۔ اس لیے پاکستان آتے تو ربوہ میں مرزا فیملی کے مہمان بنتے اور مرزا محمود اور ان کے گدی نشینوں کے ہاں ہی رہائش رکھتے لیکن نومبر 83ء میں لندن میں صحت بہت خراب رہنے لگی اور آخری وقت نظر آنے لگا تو قادیانی رائل فیملی کی شدید سرد مہری کی وجہ سے مجبوراً اپنی بیٹی اور سابقہ بیوی کے پاس وطن واپس آنے کا ارادہ کیا۔ لندن میں اپنے دوستوں سے اپنا عندیہ ظاہر کیا۔ دوست بھی حیران ہوئے کیونکہ سب سمجھتے تھے کہ ظفر اللہ کا گھر اور ٹھکانہ تو لندن ہی ہے۔ اس لیے احباب نے کہا اب آخر وقت میں جا کر کیا کرو گے۔ یہیں رہ جاؤ۔ بقول شاعر ؎

عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں غالب
آخری عمر میں کیا خاک مسلماں ہوں گے

چنانچہ جب ایک خاص محب منصور بی ٹی نے پوچھا کہ چودھری صاحب یہ کیا سن رہا ہوں تو سر ظفر اللہ نے جواب دیا "Mansoor I do not like to go in a box" میں تابوت میں بند ہو کر واپس جانا نہیں چاہتا۔ صحت اس قدر خراب ہو چکی تھی کہ Wheel Chair پہیوں والی کرسی سے جہاز میں لے جایا گیا اور لندن سے لاہور پہنچ کر اپنی سابقہ بیوی اور بیٹی کے ہاں قیام پذیر ہوئے اور اپنی ساری عمر کی بے رخی پر بہت روئے دھوئے۔ اپنی بیٹی اور اس کے بچوں سے التجا کی کہ اب ہر وقت اور کھانے کی میز پر سب ان کے ساتھ اکٹھے کھانا کھایا کریں اور اپنی سابقہ بیوی کی طرف دیکھ کر فرمایا ''اگر آپ بھی اس پروگرام میں شامل ہو جائیں تو یہ مجھ پر عنایت ہوگی۔'' (ص 47 ظفر اللہ نمبر) لیکن سابقہ بیوی نے ان کے کسی پروگرام میں شرکت نہ کی بلکہ ان سے کلام تک نہ کیا اور یہ حسرت دل میں ہی رہ گئی۔ لندن سے نومبر 83ء میں سخت جان کنی کی حالت میں لاہور آئے کہ بچوں کے سامنے آرام سے جان دیں گے مگر جان بھی آسانی سے نہ نکلی۔ دو سال سخت تکلیف میں مبتلا رہے۔ آخری دو ماہ تقریباً مسلسل بے ہوشی کی حالت میں گزارے اور کبھی ہوش میں آتے تو سخت اضطراب اور گھبراہٹ میں ہوتے۔ ایک دم چلاتے اور کبھی شدید غصے میں برسنے لگ جاتے۔ کبھی شدت بیماری سے طبیعت بے چین ہو جاتی اور راتوں کو نیند نہ آتی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں کہ اس جہاں سے سب کو جلد یا بدیر جانا ہے مگر بعض لوگوں کی موت بھی تازیانہ عبرت ہوتی ہے، ایسی ہی عبرتناک موت سے آنجہانی سر ظفراللہ خاں کو دوچار ہونا پڑا۔ اور بستر مرگ پر اس نے جس طرح تڑپ تڑپ کر وقت گزارا، اسے سپرد قلم کرنا مشکل ہے۔ اس کے سائے سے پرائے تو پرائے، اپنے بھی بھاگتے رہے۔ آخرت کی سزا یقیناً سخت ہے۔ لیکن دنیا میں اللہ تعالیٰ نے اسے جو سزا دی ہے، وہ جھوٹے نبی مرزا غلام احمد قادیانی کی ذریت اور اس کے پیروکاروں کی آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہے۔ سر ظفراللہ کی موت جن حالات میں واقع ہوئی اور جس طرح ذلت و رسوائی اس نے دیکھی، وہ اس کے پیشروں سے زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں۔ کیا یہ ذلت و رسوائی کم ہے کہ ایک شخص مسلسل ڈیڑھ سال تک چارپائی پر ایڑیاں رگڑتا رہا۔ 1983ء میں وہ ڈسکہ میں شدید بیمار ہوا تو ربوہ کے امور عامہ کے محکمے نے ان کی قبر بھی کھود دی تھی کیونکہ اس کی عبرتناک بیماری کو دیکھ کر قادیانیوں کو پتہ چل گیا تھا کہ وہ پل دو پل کا مہمان ہے۔ لیکن یہ خدائی عذاب طویل ہوتا چلا گیا۔

آخری دنوں کی کیفیت ان کی بیٹی امت الحئی یوں بیان کرتی ہیں ”ایک مہینہ اور 10 دن کی اس آخری بیماری میں پہلے پانچ دن تو آپ مکمل بے ہوش رہے۔ ان کی گرتی ہوئی صحت بلکہ ٹمٹماتی ہوئی زندگی نے ان کے کمرے کا جو ماحول بنا رکھا تھا، اس کو برداشت کرنا میرے لیے ناممکن ہو رہا تھا۔ (گویا بیٹی بھی اس انتظار میں تھی کہ باپ مرے تو سکھ کا سانس لیں)...... وصال سے کوئی سات آٹھ گھنٹے قبل ہر روز انھیں کئی کئی دفعہ مکمل ہوش آ جاتا تھا...... آنکھوں سے آنسوؤں کی مسلسل بارش جاری ہوتی تھی...... مرض الموت کے آخری ہفتہ میں آپ بہت سنجیدہ ہو گئے اور چہرے پر ایسا اثر رہنے لگ گیا کہ بیہوش بھی ہوتے تھے تو کچھ کہنے سے پہلے یا کوئی دوا دینے سے پہلے ہم لوگوں کو گھبراہٹ ہوتی تھی کہ کہیں ہوش آ گیا تو طبیعت پر ناگوار نہ گزرے (یعنی ایسی دہشت ناک حالت تھی کہ لواحقین بے ہوشی میں بھی قریب پھٹکتے ڈرتے تھے) اس عرصہ میں جب بھی ہوش میں آتے تو صرف حضور (مرزا طاہر) کے بارے میں پوچھا کرتے۔ (پیر و مرشد کی دربدری جانکنی میں کتنی تکلیف دیتی ہوگی العیاذ باللہ) میری طرف دیکھتے رہتے۔ میں انھیں بوسہ دیتی مگر وہ کچھ نہ کہتے۔ عائشہ کی عادت بھی میری طرح تھی۔ ایک دن میں نے عرض کی کہ میں ترس گئی ہوں، خدا کے لیے کچھ تو کہیے تو فرمایا "Darling the century is over" (ص 46، ظفراللہ نمبر)

قانون قدرت کے مطابق ہر اوج کے لیے پستی اور ہر کمال کے لیے زوال مقدر ہے۔ لیکن سر ظفراللہ کے اوج کمال کے مقابل اس کے زوال و پستی کا منظر اس قدر دردناک ہے کہ اس کے زمانہ عروج کی خباثتیں دھندلی پڑ جاتی ہیں۔ جولائی 1985ء میں وہ شدید علیل ہو گیا۔ اس کی بھوک کی خواہش زائل ہو چکی تھی۔ میڈیکل رپورٹوں کے مطابق اس کے معدہ میں رسولی تھی جسے آپریشن کے ذریعے نکالنا جان لیوا ثابت ہو سکتا تھا۔ کئی دنوں تک اس پر ہذیانی کیفیت طاری رہی۔ وہ گھنٹوں شدت درد سے کراہتا اور پھر لاش کی طرح

www.sirat-e-mustaqeem.com

بے جان ہو جاتا۔ اسے یوں محسوس ہوتا جیسے کسی نے اس کے پیٹ میں خنجر گھونپ دیا ہو۔

اگست 1985ء کے آخری عشرہ میں اس پر فالج کا بدترین حملہ ہوا۔ کوئی دوا اور دعا کارگر ثابت نہ ہوئی۔ اس کا جسم سوکھ گیا۔ رنگ سیاہ پڑ گیا اور آنکھیں باہر نکل آئیں۔ وحشت کے مارے کوئی اس کے قریب نہ جاتا۔ اسی عبرتناک اور وحشت انگیز کیفیت میں یکم ستمبر 1985ء کو پرلوک سدھار گئے۔

شخصے کہ سوئے جہنم روانہ شد

4 ستمبر کو حکومتی سرپرستی میں اس کی ارتھی لاہور سے ربوہ پہنچی اور وہ دوسرے قادیانی خلیفہ مرزا محمود کے ساتھ دفن ہوا۔ حال ہی میں مرزا بشیرالدین محمود کی قبر سے یہ کتبہ اتارا گیا ہے جو سالہا سال اس کے سرہانے لگا رہا۔ جس پر تحریر تھا کہ جب حالات سازگار ہو جائیں تو میری میت کو یہاں سے نکال کر قادیان میں دفن کیا جائے۔ تمام قادیانی جو ربوہ میں دفن ہیں، وہ امانتاً دفن کیے گئے ہیں۔ ظفر اللہ خاں کو بھی مرزا بشیرالدین کے پہلو میں امانتاً دفن کیا گیا ہے۔ اس بات سے اندازہ ہوتا ہے کہ قادیانی کس قدر محب وطن پاکستانی ہیں؟ جب وہ پاکستان میں مرنا اور دفن ہونا پسند نہیں کرتے تو انہیں یہاں جینا اور بسنا کیوں پسند ہے؟ یہی وہ نکتہ ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ قادیانی وطن عزیز پاکستان کے غدار اور دشمن ہیں۔

مجموعی طور پر ظفر اللہ خاں کی زندگی پر اجمالی نظر ڈالیے تو وہ ناکامی، نحوست اور حرماں نصیبی کی تصویر ہے۔ وہ اپنے والد اور بیوی بچوں یعنی اہل خانہ کے لیے منحوس وجود ثابت ہوئے بلکہ وہ اپنی ذات کے لیے بھی منحوس ثابت ہوئے کہ اتنی کثیر مال و دولت میسر ہونے کے باوجود انھیں اچھا کھانا، پہننا نصیب نہ ہوا۔ پیوند لگے سوراخوں والے کپڑے اور جوتے، کھانے میں پھپھوندی وغیرہ کھاتے تھے، جیسا کہ اوپر ان کے عزیزوں نے بیان کیا ہے۔ ملک و ملت کے لیے بھی وہ منحوس وجود ثابت ہوئے اور جس جگہ بھی انھوں نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، وہاں ناکامی اور نامرادی ہاتھ آئی۔ مثلاً پنجاب کی تقسیم کے وقت مسلم لیگ نے اپنا کیس ریڈکلف کمیشن کے سامنے ان سے پیش کرایا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جن علاقوں کی پوری امید تھی، وہ بھی ہاتھ سے نکل گئے اور پنجاب کے کئی مسلم اکثریت کے علاقے بھی ہاتھ سے نکل گئے، نتیجتاً کشمیر بھی پاکستان کے ہاتھ سے قریباً سارا ہی جاتا رہا۔ اسی طرح اقوام متحدہ (U.N.O) میں کشمیر کا مسئلہ اٹھانے کے لیے حکومت پاکستان نے ان کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانا چاہا، ظفر اللہ نے بھی لمبی تقریروں کے ریکارڈ توڑ دیے مگر انجام وہی ناکامی و نامرادی۔ بلکہ اس کے بعد کشمیر میں جنگ بندی ہو گئی اور کشمیر میں مقامی جنگ سے جو تھوڑے بہت علاقے آزاد ہو کر پاکستان کو مل رہے تھے، وہ بھی وہیں رک گئے۔ اور اے قادیانیو! تمھارے لیے بھی ظفر اللہ کا وجود منحوس ثابت ہوا کیونکہ سر ظفر اللہ کی وجہ سے عامۃ المسلمین نے ان کو وزارت خارجہ سے ہٹانے کا مطالبہ کیا اور انہی کے قائداعظم کا جنازہ نہ پڑھنے کے باعث مسلمانوں میں قادیانیوں سے شدید نفرت کا آغاز ہوا اور بالآخر 1953ء میں عظیم تحریک قادیانیت کے خلاف چلی۔ وہ اس

www.sirat-e-mustaqeem.com

اعتبار سے بھی منحوس وجود تھے کہ جس تحریک کے لیے انھوں نے اپنی ساری صلاحیتیں، مال و دولت، عزت سب کچھ وقف کر دیا تھا، مرنے سے پہلے اس کی اینٹ سے اینٹ بجتے دیکھ لی۔ غیر مسلم اقلیت قرار پانے اور مساجد، نماز اور شعائرِ اسلام پر پابندی کے علاوہ مرنے سے پہلے اپنے پیر و مرشد کا ملک سے چوروں کی طرح فرار ہونا دیکھنا پڑا۔ اس صدمے سے تو ان پر جانکنی کی کیفیت بن گئی جو ان کے ساتھ ان کی ساری نحوستوں کو بھی سمیٹ گئی۔ بالآخر قادیانی احباب سے بے لوث اور پرخلوص التجا انہی کے فائدے اور بہتری کے لیے ہے کہ وہ بصیرت سے کام لیں۔

قادیانی ظفر اللہ خاں کو اپنے مذہب کے بانی کا صحابی قرار دیتے ہیں اور پھر اپنے صحابی کو رسول کریم ﷺ کے صحابہؓ کے ہم پلہ یا ان سے برتر قرار دیتے ہیں۔ آپ نے مندرجہ بالا احوال پڑھے، آپ پر واضح ہے کہ یہ سب مشہور واقعات ظفر اللہ صاحب کے دوستوں، عزیزوں کے بیان کردہ ہی ہیں۔ آپ خود غیر جانبدارانہ اور خوفِ خدا سے کام لے کر سوچیں کہ کیا ایسا ناکام، نامراد، منحوس اور حرماں نصیب شخص صحابہؓ رسول ﷺ کے مرتبہ کا ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں! آپ کو اپنے اس قسم کے فرسودہ عقائد سے فوراً توبہ کر کے دامانِ محمدی ﷺ میں واپس لوٹ آنا چاہیے اور اپنی عاقبت اور دنیا کو تباہی سے بچا لینا چاہیے۔

نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے تم اے قادیاں والو
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

(یہ مضمون دراصل معروف دانشور اور سابق قادیانی جناب م ب خالد کی بہترین تحقیقی کاوش کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے یہ مضمون غالباً آج سے 20,15 سال بیشتر تحریر کیا تھا۔ میں نے کئی جگہوں پر تازہ ترین معلومات شامل کر کے اسے مفصل اور اپ ٹو ڈیٹ کر دیا ہے۔ م۔م۔خ)

❁......❁......❁

www.sirat-e-mustaqeem.com

ڈاکٹر عبدالسلام

شیخ سعدیؒ نے کہا تھا ''وہ دشمن جو بظاہر دوست ہو، اس کے دانتوں کا زخم بہت گہرا ہوتا ہے۔''
یہ مقولہ نوبیل انعام یافتہ سائنس دان ڈاکٹر عبدالسلام پر پوری طرح صادق آتا ہے جس نے دوستی کی آڑ میں پاکستان کو نا قابل تلافی نقصان پہنچایا۔ اُسے 10 دسمبر 1979ء کو نوبیل پرائز ملا۔ قادیانی جماعت کے آرگن روزنامہ ''الفضل'' نے لکھا تھا کہ جب اُسے نوبیل انعام کی خبر ملی تو وہ فوراً اپنی عبادت گاہ میں گیا اور اپنے متعلق مرزا قادیانی کی پیش گوئی پر اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر مرزا قادیانی کی بعض عبارتوں کو کھینچ تان کر ڈاکٹر عبدالسلام پر چسپاں کیا گیا اور فخریہ انداز میں کہا گیا کہ یہ دنیا کا واحد موحد سائنس دان ہے جسے نوبیل پرائز ملا ہے۔ حالانکہ اسلام کی رو سے رسالت ﷺ کا منکر بڑے سے بڑا موحد بھی کافر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام حضور نبی کریم ﷺ کی ختم نبوت کا منکر تھا۔ وہ حضور ﷺ کے بعد آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی (جن سے انگریز نے اپنے سیاسی مفادات کے حصول کی خاطر نبوت کا اعلان کروایا تھا) کو اللہ کا آخری نبی مانتا تھا اور اس طرح وہ اپنے عقائد کی رو سے دنیا کے تمام مسلمانوں کو کافر اور صرف اپنی جماعت کے لوگوں کو مسلمان سمجھتا تھا۔ چونکہ قادیانیت مخبروں اور غداروں کا سیاسی گروہ ہے، لہٰذا اس کی سرپرستی کرتے ہوئے سامراج نے ان کے ایک فرد کو نوبیل پرائز دیا۔ حالانکہ سب جانتے ہیں کہ یہ ایک رشوت ہے جو یہودیوں نے قادیانیت کو اپنے مفادات کے حصول کے لیے دی۔

ڈاکٹر عبدالسلام کو اپنی جماعت کی خدمات پر ''فرزند احمدیت'' بھی کہا جاتا ہے۔ وہ اپنی جماعت کے سربراہ مرزا ناصر احمد کے حکم پر 1966ء سے وفات تک مجلس افتاء کے باقاعدہ ممبر رہا۔ اس کا ماموں حکیم فضل الرحمٰن 20 سال تک گھانا اور نائیجیریا میں قادیانیت کا مبلغ رہا۔ اس کا والد چودھری محمد حسین جنوری 1941ء میں انسپکٹر آف سکولز ملتان ڈویژن کے دفتر میں بطور ڈویژنل ہیڈ کلرک تعینات ہوا۔ قادیانی جماعت کے دوسرے خلیفہ مرزا بشیر الدین محمود نے اسے قادیانی جماعت ضلع ملتان کا امیر مقرر کیا، جس میں تحصیل ملتان، وہاڑی، کبیر والہ، خانیوال، میلسی، شجاع آباد اور لودھراں کی تحصیلیں شامل تھیں۔ ایک دفعہ اس نے خانیوال میں سیرت النبی ﷺ کے نام پر قادیانی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے حضور نبی کریم ﷺ

www.sirat-e-mustaqeem.com

اور مرزا قادیانی کا (نعوذ باللہ) موازنہ شروع کیا تو اجتماع میں موجود مسلمانوں میں کہرام مچ گیا اور انہوں نے اشتعال میں آ کر پورا جلسہ الٹ دیا۔ چند نوجوانوں نے چودھری محمد حسین کو پکڑ کر جوتے بھی مارے۔ پولیس نے چودھری محمد حسین کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ دو دن بعد ملتان میں ایک قادیانی اعلیٰ پولیس افسر کی مداخلت سے اسے رہائی ملی۔

تحریک پاکستان کا مشہور غدار خضر حیات ٹوانہ ضلع سرگودھا کا بہت بڑے جاگیردار اور یونینسٹ سیاست دان تھا۔ اس نے اپنی ریاست ''کہلرا'' میں، جہاں ہزاروں مزدور، کسان اس کی ہزاروں ایکڑ اراضی پر محنت و مشقت کرتے تھے، کبھی کوئی سکول نہ کھلنے دیا۔ اس خضر حیات ٹوانہ نے حکومت برطانیہ کو جنگ عظیم میں مدد دینے کے لیے 3 لاکھ روپے کا فنڈ اکٹھا کیا۔ مگر 1945ء میں جنگ عظیم اختتام کو پہنچ گئی جس کے بعد وہ 1946ء میں کانگریس پارلیمینٹری پارٹی کے ساتھ مخلوط وزارت کے زیر اہتمام پنجاب کا وزیر اعلیٰ بنا دیا گیا۔ چونکہ اس کا جمع کیا ہوا جنگی فنڈ تا حال کسی مصرف میں نہ آ سکا تھا، اس لیے اس نے انگریز کی تعلیمی پالیسی کے مطابق چھوٹے زمینداروں کے بچوں کو بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے لیے بھیجنے کے لیے وظائف کا اجراء کیا۔ چھوٹے درجے کے زمینداروں کے بچوں کو ان وظائف سے محروم رکھنے کے لیے اس نے یہ شرط بھی عائد کر دی کہ کوئی زمیندار سالانہ پچیس روپے سے کم ٹیکس ادا نہ کرتا ہو۔ اس مقصد کے لیے کہ سلام کو بیرون ملک تعلیم کے لیے یہ وظیفہ مل جائے، اس کے والد نے سر ظفر اللہ خاں قادیانی، جو ان دنوں وائسرائے کی کونسل کا ممبر تھا، کی سفارش پر ضلع گورداسپور کے ڈپٹی کمشنر سے ایک سرٹیفکیٹ حاصل کر لیا کہ گورداسپور میں اس کی اراضی ہے جو اسے اس کے بھائی نے دی ہے جو اسی ضلع میں رہائش پذیر ہے۔ اس طرح دوسرے امیدواروں کے ساتھ سلام بھی وہ وظیفہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ یہ وظیفہ تین سال کی مدت کے لیے مخصوص تھا اور اس کی رقم تین سو پچھتر پاؤنڈ سالانہ تھی۔ اس زمانے کے ایکسچینج ریٹ کے مطابق ایک برطانوی پاؤنڈ تیرہ روپے کا ہوا کرتا تھا۔ سلام نے اس وظیفے کے حصول کی کوشش کے ساتھ ہی کیمبرج داخلے کی درخواست بھیج دی تھی۔ جب اس کے ساتھی سکالرز کو اگلے سال (یعنی 1947ء میں) کیمبرج میں داخلہ دینے کا وعدہ کیا گیا تو سلام کو اسی دن یعنی 3 ستمبر 1946ء کو کیمبرج والوں کی طرف سے ایک لیٹر موصول ہوا جس میں اسے اطلاع دی گئی تھی کہ سینٹ جان کالج میں اس کے لیے ایک غیر متوقع خالی جگہ موجود ہے۔ یوں سلام کا کیمبرج میں داخلہ ہو گیا۔ ڈاکٹر عبدالسلام جب برطانیہ پہنچا تو لیور پول کی بندرگاہ پر جو شخص اسے سب سے پہلے ملا، وہ سر ظفر اللہ خاں تھا۔

ڈاکٹر عبدالسلام 1948ء میں اپنی شادی کے سلسلہ میں واپس پاکستان آنا چاہتا تھا مگر نامعلوم وجوہات کی بنا پر قادیانی جماعت کے دوسرے خلیفہ مرزا بشیر الدین محمود نے اسے منع کر دیا۔ 1949ء میں وہ پاکستان واپس آیا تو میاں افضل حسین جو پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ سر فضل حسین کا چھوٹا بھائی تھا، ان دنوں

www.sirat-e-mustaqeem.com

پبلک سروس کمیشن کا چیئرمین تھا۔ اس نے کمال مہربانی کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالسلام کے سکالرشپ میں توسیع کر دی۔ اسی سال گرمیوں میں ڈاکٹر عبدالسلام کی پہلی شادی اپنے چچا غلام حسین کی بیٹی امت الحفیظ بیگم سے ہوئی۔ شادی کے ڈیڑھ ماہ بعد وہ واپس برطانیہ چلا گیا۔

اس نے 1951ء میں دوبارہ واپس آ کر گورنمنٹ کالج لاہور میں ملازمت کا آغاز کیا۔ گورنمنٹ کالج میں پروفیسری کے دور میں سلام کو کیمبرج یونیورسٹی نے لیکچررشپ کے عہدے کی پیشکش کی تو سلام نے اسے بخوشی قبول کیا۔ لہٰذا بمطابق حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر 6075/2 مورخہ 16 فروری 1954ء عبدالسلام کو مندرجہ ذیل شرائط پر کیمبرج میں ڈیپوٹیشن پر لیکچررشپ کے عہدہ پر کام کرنے کی اجازت دے دی گئی۔

"گورنر پنجاب کی جانب سے ڈاکٹر عبدالسلام ایم اے (پنجاب) بی۔اے (کیمبنٹ) پی ایچ ڈی (کیمبنٹ) پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور کی خدمات بخوشی تین سال یا اس سے کم (اگر وہ جلد ہی پاکستان واپس آ گئے) مدت کے لیے بحیثیت ریاضی کے سٹوکس لیکچرر (Stoekes Lecturer) یکم جنوری 1954ء سے کیمبرج یونیورسٹی کے سپرد کی جاتی ہیں۔"

ڈاکٹر عبدالسلام کی کیمبرج میں تقرری کی شرائط حسب ذیل ہوں گی:

سینٹ جان کالج کی فیلوشپ	300 پاؤنڈ
یونیورسٹی میں بحیثیت لیکچرار تنخواہ	450 پاؤنڈ
دیگر الاؤنس	50 پاؤنڈ
کل	800 پاؤنڈ

اس کے علاوہ اسے سینٹ جان کالج کی طرف سے ایک اپارٹمنٹ دیا گیا جہاں وہ اپنی بیوی اور بیٹی کے ساتھ منتقل ہو گیا۔ یاد رہے کہ یہاں رہائش اور کھانا مفت تھا۔ اپنے ڈیپوٹیشن کے عرصہ میں ڈاکٹر عبدالسلام حکومت پنجاب سے غیر قانونی طور پر ایک سو اسی روپے ماہوار خصوصی الاؤنس بھی حاصل کرتا رہا۔ جو لوگ اسے ڈاکٹر عبدالسلام کی جلاوطنی کا نام دیتے ہیں، انہیں اس حقیقت کے پیش نظر اپنے من گھڑت مفروضے پر نظر ثانی کر کے پوری قوم سے معذرت خواہ ہونا چاہیے۔

ڈاکٹر عبدالسلام کی پرزور سفارش پر ڈاکٹر عشرت حسین عثمانی (ڈاکٹر آئی ایچ عثمانی) کو صدر ایوب نے 1958ء میں اپنے دور حکومت میں ایٹمی توانائی کمیشن کا رکن بنایا اور پھر ایک سال کے اندر اندر اس کا چیئرمین بنا دیا۔ ڈاکٹر عبدالسلام نے امپیریل کالج لندن کے ریکٹر سر پیٹرک لنسٹیڈ کی ملی بھگت سے 500 کے قریب نیوکلیئر فزکس، ریاضی، صحت و طب اور حیاتیات کے طلبہ اور ماہرین کو بیرونی ممالک بالخصوص امریکہ اور برطانیہ کے تحقیقی مرکز میں حکومت کے خرچ پر اعلیٰ تحقیق و تعلیم کے لیے بھیجنے کا منصوبہ بنایا۔ ان

www.sirat-e-mustaqeem.com

طلبہ اور ماہرین کی اکثریت قادیانی مذہب سے تعلق رکھتی تھی۔ ڈاکٹر عبدالسلام نے ڈاکٹر عثمانی سے اس منصوبہ کو منظور کروا کر ان لوگوں کو باہر بھجوا دیا جو واپس آ کر ملک کے حساس کلیدی عہدوں بالخصوص اٹیمی انرجی کمیشن میں فائز ہو گئے۔ اس کے برعکس امریکی تعلیمی اداروں کے نیوکلیئر فزکس کے شعبہ میں مسلمان بالخصوص عرب طلبہ پر پابندی ہے جواب تک برقرار ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ 1974ء تک جب تک اس شعبہ میں قادیانیوں کے اثرات تھے، ایٹمی قوت بننے کے سلسلہ میں معمولی سا بھی کام نہیں ہوا۔ حالانکہ صدر ایوب چاہتے تھے کہ ہندوستان کے مقابلہ میں دفاعی قوت مضبوط بنائی جائے لیکن قادیانیوں نے ان کی کوششوں کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے بعد جب قادیانی گروپ کے اثرات ختم ہوئے تو پاکستان نے اس شعبہ میں ترقی کی۔

اسلام دشمن قوتوں کو ہمیشہ ہی سے ایسے بدقماش اور ننگ وطن آلہ کاروں کی ضرورت رہی ہے، جو ملت اسلامیہ کے حساس اور خفیہ معاملات کی مخبری کر کے ان کے ناپاک عزائم کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔ اس مقصد خبیثہ کے لیے انہیں اپنے پرانے نمک خواروں کا مکمل تعاون حاصل رہا ہے، جنہیں انہوں نے اپنے خزانہ عامرہ کا منہ کھول کر ہر قسم کی پرتعیش مراعات فراہم کیں۔ بلاشبہ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی ایسے ہی ضمیر فروش لوگوں میں شامل تھا۔

دوسرے شعبوں کی طرح نوبیل انعام میں بھی یہودیوں کی اجارہ داری ہے۔ ان کا غرور، نخوت، اور تعصب کسی ایسے شخص کو خاطر میں نہیں لاتا، جو ان کی سازشوں اور مکروہ سرگرمیوں کا حامی اور آلہ کار نہ ہو۔ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی، یہودیوں کے اس میرٹ پر سو فیصد پورے اترتے تھے، لہٰذا انہوں نے ایک سازش کے تحت ڈاکٹر عبدالسلام کو نوبیل انعام سے نوازا اور اس کی آڑ میں اپنے خفیہ مقاصد حاصل کیے۔

ڈاکٹر عبدالسلام نے مغربی طاقتوں اور اسرائیل کے اشارے پر پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو ناکام بنانے اور محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان سمیت تمام دوسرے محب وطن سائنس دانوں کو بے حوصلہ کرنے کے متعدد اقدامات کیے۔ پاکستان کے تمام ایٹمی راز ملک دشمن ممالک کو فراہم کیے۔ انہیں کہوٹہ ایٹمی سنٹر اور دوسرے حساس قومی معاملات کی ایک ایک خبر پہنچائی۔ دراصل وہ چاہتا تھا کہ پاکستان کبھی بھی دفاع کے معاملے میں خود کفیل نہ ہو سکے اور ہمیشہ بڑی طاقتوں کا دست نگر رہے۔

گوئبلز نے کہا تھا کہ اتنا جھوٹ بولو، اتنا جھوٹ بولو کہ اس پر سچ کا گمان ہونے لگے۔ بالکل یہی فلسفہ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی کے متعلق اپنایا گیا۔ ہمارے نام نہاد صحافیوں اور دانشوروں نے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے اس ''غدار پاکستان'' کو ہیرو بنا کر پیش کیا جو انتہائی بددیانتی کے زمرے میں آتا ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام کو ہیرو بنا کر پیش کرنے والے ان عقل کے اندھوں سے پوچھنا چاہیے کہ ڈاکٹر عبدالسلام نے مختلف ادوار میں حکومت پاکستان سے تمام تر مراعات حاصل کرنے کے باوجود اپنی پوری

www.sirat-e-mustaqeem.com

زندگی کی ''تحقیق'' کے نتیجے میں عالم اسلام بالخصوص پاکستان کو کیا تحفہ دیا؟ اس کی کون سی ایجاد یا دریافت ہے، جس نے ہمارا سر فخر سے بلند کیا؟ اس کا کون سا کارنامہ ہے جس سے پاکستان کو کوئی فائدہ پہنچا؟ اس کی کون سی خدمت ہے، جس سے اہل پاکستان کے مسائل میں ذرا سی بھی کمی واقع ہوئی؟ اس نے کون سا ایسا تیر مارا، جس پر اسے نوبیل انعام سے نوازا گیا؟ یہ سوالات آج تک تشنہ جوابات ہیں!

ڈاکٹر عبدالسلام مسلمانوں کو کیا سمجھتا تھا؟ اس سلسلہ میں معروف صحافی و کالم نویس جناب تنویر قیصر شاہد نے ایک دلچسپ مگر فکر انگیز واقعہ اپنی ذاتی ملاقات میں مجھے بتایا۔ یہ واقعہ انہی کی زبانی سنئے، فرماتے ہیں:

''ایک دفعہ لندن میں قیام کے دوران بی بی سی لندن کی طرف سے میں اپنے ایک دوست کے ساتھ بطور معاون، ڈاکٹر عبدالسلام کے گھر ان کا تفصیلی انٹرویو کرنے گیا۔ میرے دوست نے ڈاکٹر سلام کا خاصا طویل انٹرویو کیا اور ڈاکٹر صاحب نے بھی بڑی تفصیل کے ساتھ جوابات دیئے۔

انٹرویو کے دوران میں بالکل خاموش، پوری دلچسپی کے ساتھ سوال و جواب سنتا رہا۔ دوران انٹرویو انہوں نے ملازم کو کھانا دستر خوان پر لگانے کا حکم دیا۔ انٹرویو کے تقریباً آخر میں ڈاکٹر عبدالسلام مجھ سے مخاطب ہوئے اور کہا: ''آپ معاون کے طور پر تشریف لائے ہیں مگر آپ نے کوئی سوال نہیں کیا۔ میری خواہش ہے کہ آپ بھی کوئی سوال کریں۔'' ان کے اصرار پر میں نے بڑی عاجزی سے کہا کہ چونکہ میرا دوست آپ سے بڑا جامع انٹرویو کر رہا ہے اور میں اس میں کوئی تشنگی محسوس نہیں کر رہا، ویسے بھی میں آپ کی شخصیت اور آپ کے کام کو اچھی طرح جانتا ہوں۔ میں نے آپ کے متعلق خاصا پڑھا بھی ہے۔ جھنگ سے لے کر اٹلی تک آپ کی تمام سرگرمیاں میری نظروں سے گزرتی رہی ہیں لیکن پھر بھی ایک خاص مصلحت کے تحت میں اس سلسلہ میں کوئی سوال کرنا مناسب نہیں سمجھتا۔ اس پر ڈاکٹر عبدالسلام فخریہ انداز میں مسکرائے اور ایک مرتبہ پھر اپنے علمی گھمنڈ اور غرور سے مجھے ''مفتوح'' سمجھتے ہوئے ''فاتح'' کے انداز میں ''حملہ آور'' ہوتے ہوئے کہا: ''نہیں...... آپ ضرور سوال کریں، مجھے بہت خوشی ہوگی۔'' بالآخر ڈاکٹر صاحب کے پرزور اصرار پر میں نے انہیں کہا کہ آپ وعدہ فرمائیں کہ آپ کسی تفصیل میں گئے بغیر میرے سوال کا دوٹوک الفاظ ''ہاں'' یا ''نہیں'' میں جواب دیں گے۔ ڈاکٹر صاحب نے وعدہ فرمایا کہ ''ٹھیک! بالکل ایسا ہی ہوگا؟'' میں نے ڈاکٹر صاحب سے پوچھا کہ چونکہ آپ کا تعلق قادیانی جماعت سے ہے، جو نہ صرف حضور نبی کریم ﷺ کی بحیثیت آخری نبی منکر ہے، بلکہ حضور نبی کریم ﷺ کے بعد آپ لوگ (قادیان، بھارت کے ایک مخبوط الحواس شخص) مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی اور رسول مانتے ہیں۔ جبکہ مسلمان مرزا قادیانی کی نبوت کا انکار کرتے ہیں۔ آپ بتائیں کہ مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی نہ ماننے پر آپ مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟ اس پر ڈاکٹر عبدالسلام بغیر کسی توقف کے بولے کہ ''میں ہر اس شخص کو کافر سمجھتا ہوں جو مرزا غلام احمد

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانی کو نبی نہیں مانتا۔" ڈاکٹر عبدالسلام کے اس جواب پر میں نے انہیں کہا کہ مجھے مزید کوئی سوال نہیں کرنا۔ اس موقع پر انہوں نے اخلاق سے گری ہوئی ایک عجیب حرکت کی کہ اپنے ملازم کو بلا کر دستر خوان سے کھانا اٹھوا دیا۔ پھر ڈاکٹر صاحب کو پریشان دیکھ کر ہم دونوں دوست ان سے اجازت لے کر رخصت ہوئے۔"

اہل علم بخوبی جانتے ہیں کہ ڈاکٹر عبدالسلام ایک متعصب اور جنونی قادیانی تھا جو سائنس کی آڑ میں قادیانیت پھیلاتا رہا۔ اس نے پوری زندگی میں کبھی کوئی ایسی بات نہیں کی جو اسلام اور پاکستان دشمن ممالک کے مقاصد سے متصادم ہو۔ پاکستان کے دفاع کے متعلق بھارت، اسرائیل یا امریکہ کے خلاف ایک لفظ بھی کہنا، اس کی ایمان دوستی کے منافی تھا۔ درحقیقت قادیانیت نقل بمطابق اصل کا ایسا پیکنگ ہے، جس کی ہر زہریلی گولی کو ورق نقرہ میں ملفوف کر دیا گیا ہے۔ انگریز نے اس مذہب کو الہامات و روایات اور رویاء و کشوف کے سانچوں میں ڈھال کر پروان چڑھایا۔ یہی وجہ ہے کہ قادیانیوں کے دل و دماغ بلکہ جسم و جان تک انگریز کی قید میں ہوتے ہیں، جسے اس نے ہمیشہ اپنے مفاد کی خاطر استعمال کیا۔

یہ ایک المیہ ہے کہ قادیانیوں کے مکر و فریب اور سازشوں کی بھٹیوں میں اسلام مدتوں سے جل رہا ہے اور ہمارے نام نہاد دانشوروں کا ایک خاص گروہ جن کی جبینوں اور عقلوں پر جہالت اور اغراض کے دھندلکوں اور جالوں نے قبضہ کر رکھا ہے، قادیانیت کو مضبوط بنانے میں مصروف ہے۔ یہ لوگ چند ٹکوں کی خاطر وطن کی سالمیت اور ناموس سے کھیل جاتے ہیں۔ یہ ایک ایسا سانحہ ہے جسے ایک بے رحم مورخ ہی بے نقاب کر سکتا ہے۔

بڑا مزا ہو تمام چہرے اگر کوئی بے نقاب کر دے

ذوالفقار علی بھٹو ایسا زیرک انسان جانتا تھا کہ قادیانی جماعت غدار ہے ورنہ پوکھران (راجستھان) میں بھارت کے پہلے ایٹمی دھماکے نے جو تشویش ناک صورتحال پیدا کر دی تھی، اس کے پیش نظر ذوالفقار علی بھٹو ہالینڈ میں مقیم پاکستانی سفیر کے ذریعے ڈاکٹر قدیر کو فوراً پاکستان نہ بلاتے بلکہ عبدالسلام قادیانی کو اس سلسلہ میں کوشش کرنے کے لیے کہتے۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن میں قادیانی سائنس دانوں پروفیسر شیخ عبداللطیف، مرزا منور احمد، محمود احمد شاہ اور ڈاکٹر محمد افضل نے ہمیشہ سازشیں کیں۔

ڈاکٹر منیر احمد خان کے زمانہ میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن قائم ہونے کے باوجود ایٹمی شعبہ میں معمولی سا بھی کام نہیں ہوا۔ ایوب خان کو جھوٹی رپورٹوں کے ذریعہ طفل تسلیاں دی جاتی رہیں۔ حالانکہ وہ انیس برس تک اس ادارے کا سربراہ رہا لیکن اس کے برعکس جب ڈاکٹر عبدالقدیر نے کہوٹہ میں ایٹمی قوت بننے کے لیے کام شروع کیا تو ڈاکٹر منیر نے جو کہ ڈاکٹر عبدالسلام کا شاگرد تھا، ڈاکٹر عبدالقدیر کی زبردست مخالفت کی۔ حالانکہ وہ نہ تو نیوکلیئر انجینئر تھا اور نہ ہی ڈاکٹریٹ کی تھی، صرف ایم ایس سی تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

ڈاکٹر منیر نے بھٹو دور میں حکومت سے جو مراعات بھی طلب کی تھیں، اسے فراہم کی گئیں مگر نتیجہ صفر۔ کیونکہ وہ قادیانیوں کی پاکستان دشمن لابی میں بری طرح گھرا ہوا تھا اور نہیں چاہتا تھا کہ پاکستان ایٹمی قوت بنے۔ حساس اداروں کی رپورٹ کے مطابق اس نے پاکستان دشمن ممالک کو ایٹمی راز دیئے اور ایسے مواقع بھی آئے کہ اس لابی نے ڈاکٹر قدیر کو اتنا پریشان کیا کہ انہوں نے پاکستان چھوڑ کر ہالینڈ جانے کا ارادہ کرلیا۔ حالانکہ ڈاکٹر خان ہالینڈ میں تیس ہزار روپے ماہانہ لیتے تھے مگر پاکستان کی خاطر صرف تین ہزار روپے پر نوکری کرنے کے لیے راضی ہو گئے۔ مگر بھٹو کی درخواست سے انہیں اپنا ارادہ بدلنا پڑا۔ بالآخر بھٹو کے علم میں آیا کہ یہ سب کارستانی ڈاکٹر منیر خان کی ہے۔ بھٹو نے اپنے ذرائع سے بریگیڈیئر زاہد علی اکبر (سابق چیئرمین واپڈا) سے اس کی تصدیق کروائی تو انہیں یقین آ گیا کہ ڈاکٹر منیر اینڈ کمپنی، ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو بلاوجہ تنگ کر رہی ہے۔ اور ان کے راستے میں روڑے اٹکا رہی ہے۔ منیر احمد خان کی پوری کوشش تھی کہ پاکستان نہ ہی ایٹمی دھماکہ کر سکے اور نہ کوئی اس کا کریڈٹ لے۔ اس لیے اس نے ڈاکٹر قدیر کے لیے کام کرنا ناممکن بنا دیا۔ بھٹو نے فوری طور پر کوئی وقت ضائع کیے بغیر 31 جولائی 1976ء کو کہوٹہ انجینئرنگ ریسرچ لیبارٹریز (پراجیکٹ 706) کے نام سے اسے خود مختار ادارہ بنا دیا جس میں تمام تر عمل دخل صرف ڈاکٹر قدیر کو تھا۔ جس کا سرکاری نام اب "ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز" ہے۔ یہی کچھ بھارتی مسلمان ایٹمی سائنس دان ابوالکلام کے ساتھ ہوا۔ جنہوں نے حال ہی میں انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ میں بعض طاقتور لابیوں کے دباؤ کی وجہ سے پاکستان میں کام نہ کر سکا اور واپس ہندوستان چلا آیا۔

10 ستمبر 1974ء کو سلام نے وزیراعظم کے سائنسی مشیر کی حیثیت سے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے سامنے اپنا استعفیٰ پیش کیا۔ اس کی وجہ اس نے اس طرح بیان کی:

"آپ جانتے ہیں کہ میں اسلام کے احمدیہ (قادیانی) فرقے کا ایک رکن ہوں۔ حال ہی میں قومی اسمبلی نے احمدیوں کے متعلق جو آئینی ترمیم منظور کی ہے، مجھے اس سے زبردست اختلاف ہے۔ کسی کے خلاف کفر کا فتویٰ دینا اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔ کوئی شخص خالق اور مخلوق کے تعلق میں مداخلت نہیں کرسکتا۔ میں قومی اسمبلی کے فیصلہ کو ہرگز تسلیم نہیں کرتا لیکن اب جبکہ یہ فیصلہ ہو چکا ہے اور اس پر عمل درآمد کا آغاز بھی ہو چکا ہے تو میرے لیے بہتر یہی ہے کہ میں اس حکومت سے قطع تعلق کرلوں جس نے ایسا قانون منظور کیا ہے۔ اب میرا ایسے ملک کے ساتھ تعلق واجبی سا ہوگا جہاں میرے فرقہ کو غیر مسلم قرار دیا گیا ہو۔"

30 اپریل 1984ء کو قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا طاہر احمد قادیانی صدارتی آرڈیننس مجریہ 1984ء کی خلاف ورزی پر مقدمات کے خوف سے بھاگ کر لندن چلا گیا۔ رات کو لندن میں اس نے مرکزی قادیانی عبادت گاہ "بیت الفضل" سے ملحقہ محمود ہال میں غصہ سے بھرپور جوشیلی تقریر کی۔ اس موقع

www.sirat-e-mustaqeem.com

پر ڈاکٹر عبدالسلام مرزا طاہر کے سامنے صف اول میں بیٹھا ہوا تھا۔ مرزا طاہر احمد نے اپنے خطاب میں صدارتی آرڈیننس نمبر 20 مجریہ 1984ء (جس کی رو سے قادیانیوں کو شعائر اسلامی کے استعمال سے روک دیا گیا تھا) پر سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے اسے حقوق انسانی کے منافی قرار دیا۔ اس نے کہا کہ احمدیوں کی بددعا سے عنقریب پاکستان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ مزید برآں اس نے امریکہ اور دوسرے یورپی ممالک سے اپیل کی کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی پر پاکستان کی تمام اقتصادی امداد بند کر دیں۔ اپنے خطاب کے آخر میں مرزا طاہر نے ڈاکٹر عبدالسلام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ''صرف آپ میرے دفتر میں ملاقات کے لیے تشریف ابھی لائیں۔ آپ سے چند ضروری باتیں کرنا ہیں۔ ڈاکٹر عبدالسلام نے اسے اپنی سعادت سمجھا اور ملاقات کے لیے حاضر ہو گیا۔ اس ملاقات میں مرزا طاہر احمد نے ڈاکٹر عبدالسلام کو ہدایت کی کہ وہ ضیاء الحق سے ملاقات کرے اور انہیں آرڈیننس واپس لینے کے لیے کہے۔ چند دنوں بعد لہٰذا ڈاکٹر عبدالسلام نے جنرل محمد ضیاء الحق سے پریذیڈنٹ ہاؤس میں ملاقات کی اور انہیں جماعت احمدیہ کے جذبات سے آگاہ کیا۔

صدر ضیاء الحق نے بڑے تحمل اور توجہ سے اسے سنا۔ جواب میں صدر ضیاء الحق اٹھے اور الماری سے قادیانی قرآن ''تذکرہ'' اٹھا لائے اور کہا کہ یہ آپ کا قرآن ہے اور دیکھیں اس میں کس طرح قرآن مجید کی آیات میں تحریف کی گئی ہے اور ایک نشان زدہ صفحہ کھول کر ان کے سامنے رکھ دیا۔ اس صفحہ پر مندرجہ ذیل آیت درج تھی:

انا انزلنا ہ قریبا من القادیان

ترجمہ: ''(اے مرزا قادیانی) یقیناً ہم نے قرآن کو قادیان (گورداسپور بھارت) کے قریب نازل کیا۔''

اور مزید لکھا ہے کہ یہ تمام قرآن مرزا قادیانی پر دوبارہ نازل ہوا ہے۔ ضیاء الحق نے کہا کہ یہ بات مجھ سمیت ہر مسلمان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ اس پر ڈاکٹر عبدالسلام کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا اور وہ بے حد شرمندہ ہوا اور کھسیانا ہو کر بات کو ٹالتے ہوئے پھر حاضر ہونے کا کہہ کر اجازت لے کر رخصت ہو گیا۔

بھارت نے 11 مئی 98ء کو پوکھران میں 3 ایٹمی دھماکے کیے اور 13 مئی 1998ء کو 2 اور دھماکے کیے۔ اس کے جواب میں پاکستان نے 28 مئی 1998ء کو چاغی (بلوچستان) کے میدان میں 2 ایٹمی دھماکے کیے اور پھر 30 مئی کو 2 مزید ایٹمی دھماکے کیے۔ روزنامہ ''نوائے وقت'' کی رپورٹ کے مطابق:

''گزشتہ روز پاکستان کے کامیاب ایٹمی دھماکوں کا اعلان کرتے ہوئے ربوہ کے سرکردہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

قادیانیوں کے خفیہ اجلاس منعقد ہوئے۔ ربوہ میں ہو کا عالم تھا۔ قادیانیوں کے چہرے مرجھائے ہوئے تھے جبکہ مسلمانوں کے چہرے خوشی سے دمک رہے تھے۔'' (روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور، 29 مئی 1998ء)

قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا طاہر احمد نے لندن کی مرکزی قادیانی عبادت گاہ ''بیت الفضل'' میں پاکستانی عوام کو ایٹمی دھماکوں کے خلاف اکساتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی دھماکوں کا حق عقل سے استعمال کرنا چاہیے تھا جو اس نے نہیں کیا۔ انہوں نے پاکستان کے مسلمان عوام پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ ''ایٹمی دھماکے کر کے جشن منالو، پتہ اس وقت چلے گا جب بھوک ناچے گی۔ جنونی دور ختم ہوگا تو ملک کا رہا سہا نظام بھوکے عوام اپنی بغاوت کے ذریعے ختم کر دیں گے۔'' انہوں نے مزید کہا کہ ''ایٹمی دھماکوں سے پاکستان میں درجہ حرارت بڑھ جائے گا۔'' (روزنامہ ''خبریں'' لاہور، 9 جون 1998ء)

پاکستان کے ایٹمی دھماکوں کے خلاف عاصمہ جہانگیر (قادیانی) کی زیر قیادت کم و بیش 2 درجن خواتین و حضرات نے شاہراہ قائداعظم پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ عاصمہ جہانگیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر اسلام کا مسئلہ نہیں، انسانی حقوق کا مسئلہ ہے۔ اگر وزیراعظم یہ مسئلہ حل کروانا چاہتے ہیں تو وہاں چھیڑ خانی فوراً بند کروائیں۔ مظاہرہ سے قادیانی جماعت (بلوچستان) کے راہنما اور سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی طاہر محمد خاں نے بھی خطاب کیا۔

ہفت روزہ ''تکبیر'' کے نمائندہ نصر اللہ غلزئی اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ ''یہ مظاہرہ درحقیقت امریکہ کی زیر نگرانی ان نام نہاد رضاکار تنظیموں کو پاکستان کے ایٹمی دھماکے کے خلاف متحرک کرنے کا نتیجہ تھا جو اپنے آقاؤں کا نمک حلال کرنے کے لیے مستعد رہتی ہیں۔ عاصمہ جہانگیر کی حقوق انسانی کی تنظیم بھی انہی میں شامل ہے جنہیں بیرون ملک سے امداد ملتی ہے اور وہ پاکستان میں مسلمانوں کے خلاف ہر لحاظ سے متحرک رہتی ہیں۔'' (ہفت روزہ ''تکبیر'' کراچی، 9 جولائی 1998ء)

روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور نے اپنے اداریہ میں لکھا کہ:

> ''افسوس یہ ہے کہ بھارتی دھماکوں پر انسانی حقوق کی ان تنظیموں نے کوئی مخالفانہ آواز بلند نہیں کی مگر پاکستان کے تجربات پر یہ سیخ پا ہیں۔ حکومت پاکستان کو اس بات کی تحقیق کرنی چاہیے کہ اس قسم کی این جی اوز کو اتنے زیادہ فنڈز کہاں سے ملتے ہیں اور یہ پاکستان کے ایٹمی تجربات کے خلاف عاصمہ جہانگیر اور دیگر خواتین و حضرات کی رائے دیانتدارانہ ہے یا ملنے والے فنڈز کا شاخسانہ تاکہ عوام کو حقیقت حال معلوم ہو اور وہ اس کی روشنی میں پروپیگنڈہ مہم کے بارے میں کوئی رائے قائم کر سکیں۔'' (روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور، 21 جولائی 1998ء)

معروف صحافی خوشنود علی خان اپنے کالم ''ناقابل اشاعت'' میں لکھتے ہیں:

www.sirat-e-mustaqeem.com

''ڈاکٹر عبدالقدیر محسن پاکستان ہیں۔ ان کے خلاف ایک خاص لابی کام کر رہی ہے جسے میں کھلم کھلا قادیانی اور مرزائی لابی کہتا ہوں۔ ان کے پیٹ میں درد اٹھ رہا ہے کہ کیسے ایک مسلمان نے اتنا بڑا کام کر دکھایا۔ اگر اس لابی کو چین نہ آیا تو پھر میں چھاپ دوں گا کہ یہ کہاں کہاں بیٹھے، کیا کیا کر رہے ہیں۔''

(روزنامہ ''خبریں'' لاہور، 8 جون 1998ء)

معروف صحافی عبدالقادر حسن اپنے کالم غیر سیاسی باتیں میں ''آوازسگاں'' کے نام سے لکھتے ہیں:

''ایک صاحب جو پاکستان اٹامک کمیشن کے سربراہ رہ چکے ہیں، ڈاکٹر منیر صاحب جو میرے عزیز دوست فاروق نثار (اے پی پی کے سابق ڈائریکٹر جنرل) اور سابق وفاقی وزیر قانون خورشید احمد کے بھائی ہیں، ان دنوں بڑی زیادتی کر رہے ہیں اور ایٹمی کامیابیوں کا سہرا اپنے سر کے لیے چھیننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ''ہم نے یہ کیا اور ہم نے وہ کیا'' وہ انیس برس تک اس ادارے کے سربراہ رہے مگر سوائے ایٹمی توانائی میں پاکستان کی کوششوں کی جاسوسی کے اور کچھ نہیں کیا۔ چنانچہ ان سے تنگ آ کر بھٹو صاحب نے ڈاکٹر قدیر خان کی لیبارٹری کو ایٹمی توانائی کمیشن سے الگ اور خودمختار کر دیا اور صدر ضیاء الحق نے تو کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کا نام ہی سائنس دان عبدالقدیر خان کے نام پر رکھ دیا۔ پہلے بھٹو صاحب اور پھر ضیاء الحق صاحب دونوں نے ایک سے زیادہ بار ڈاکٹر قدیر خان کو خبردار کیا کہ اپنی کوئی بات ڈاکٹر منیر احمد کو نہ بتانا ورنہ وہ امریکہ جاسوسی اداروں کو بتا دیں گے۔ برادرم زاہد ملک نے تو اپنی کتاب میں بھی یہ شرمناک کہانی لکھ دی ہے۔''

(روزنامہ ''جنگ'' لاہور، یکم جون 1998ء)

ڈاکٹر عبدالقدیر خاں اپنے ایک انٹرویو میں ڈاکٹر منیر کی سازشوں سے پردہ اٹھاتے ہوئے کہتے ہیں:

''حکومت کے سربراہ سے جھوٹ بولنا بہت غلط کام ہے مگر ایٹمی توانائی کمیشن کے سابق چیئرمین منیر احمد خان اور اس کے چیلوں نے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ انتہائی ڈھٹائی سے جھوٹ بولا۔ انہوں نے پروگرام بنایا کہ تھوڑا سا دھماکہ خیز مواد لے کر زمین میں دبا دیتے ہیں۔ اس میں کوبالٹ اور زنک بھی ملا دیں گے اور پھر اس سے دھماکے کر کے بھٹو کو بے وقوف بنا لیں گے کہ ہم نے ایٹمی دھماکہ کر لیا ہے۔ مجھے پتہ چلا تو میں نے ذوالفقار علی بھٹو کو صاف صاف بتا دیا کہ

www.sirat-e-mustaqeem.com

ان سب لوگوں کا یہ پروگرام ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر نے کہا کہ میں نے کبھی کسی سربراہ حکومت کو غلط نہ کہا۔ اب اگر ہم نے میاں نواز شریف کو غلط گائیڈ کیا ہوتا اور خدانخواستہ ہمارے پاس کچھ نہ ہوتا تو بھارتی دھماکوں کے بعد ہمارے پاس کیا بچتا۔ کیونکہ دنیا بھر کے سیسمک سنٹر آپ کے دھماکوں کو مانیٹر کر رہے ہوتے ہیں اور آپ کی کارکردگی چھپ نہیں سکتی۔ ساری دنیا نے دیکھا کہ الحمدللہ پاکستانی سائنس دان اور قوم سرخرو ٹھہری۔" (روزنامہ "خبریں" لاہور، 31 مئی 1998ء)

معروف صحافی جناب زاہد ملک اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

"منیر احمد کے بارے میں یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ بھٹو مرحوم اپنے آخری دور میں اسے پہچان گئے تھے۔ یہ دسمبر 1976ء کی بات ہے، گورنر ہاؤس لاہور کی ایک میٹنگ میں، جس میں مولانا کوثر نیازی، آغا شاہی، جنرل (ریٹائرڈ) امتیاز علی، ڈاکٹر امیر محمد خاں موجود تھے، بھٹو مرحوم نے ان کے بارے میں انتہائی سخت الفاظ استعمال کرتے ہوئے کہا تھا (Find a new man, he is a bastard) اس کی تصدیق مولانا کوثر نیازی نے بھی اپنی کتاب "اور لائن کٹ گئی" میں کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں "مسٹر بھٹو سخت ناراض تھے۔ کیونکہ ان کی دانست میں انہیں قوم کے سامنے شرمسار کرایا گیا تھا...... مسٹر بھٹو نے بڑے سخت الفاظ استعمال کیے۔ میں یہاں وہ الفاظ درج کرنے سے قاصر ہوں۔ ان کے طیش کو دیکھتے ہوئے جنرل امتیاز نے تجویز پیش کی کہ ڈاکٹر امیر محمد کو اٹیمی توانائی کمیشن کا چیئرمین لگا دیا جائے اور منیر احمد کو سیکرٹری تعلیم بنا دیا جائے۔ بھٹو انتہائی غصہ سے بولے "Throw him out"

("ڈاکٹر عبدالقدیر خاں اور اسلامی بم" از زاہد ملک، ص 165-166)

روزنامہ "اوصاف" کے چیف ایڈیٹر جناب حامد میر نے تحریک المجاہدین کے زیر اہتمام ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا:

"پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے اور دنیا بھر میں اپنی حیثیت منوالی لیکن حیرانگی اس بات پر ہے کہ دھماکوں کے ساتھ ہی ہمارے محبِ وطن اور عظیم سائنس دان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو متنازعہ بنانے کی کوشش شروع ہوگئی۔ یہ کوشش کس نے کی۔ کس نے اسلام آباد میں جگہ جگہ ان کے خلاف بینر لگوائے۔ کس کی کوششوں سے اٹامک انرجی کمیشن کے عملے کو چھٹی کے دن اسلام آباد لاکر ڈاکٹر اشفاق اور ثمر مبارک مند کے حق اور عبدالقدیر کے خلاف نعرے لگوائے گئے۔ کون ہے جو اتنی بڑی کامیابی

www.sirat-e-mustaqeem.com

کی خوشی کو دھندلانے پر تلا ہوا تھا؟ ''نیوز ویک'' اور ''دی ٹائم'' امریکن رسالے میں پچھلے دو تین ہفتوں سے ہمارے سائنس دانوں کے حوالے سے جو کچھ شائع ہو رہا ہے، اس کی عملی تفسیر کون مہیا کر رہا ہے۔ آج منیر احمد خان ٹیلی ویژن پر آ کر ایٹم بم کی کامیابی کا کریڈٹ لینے کی کوشش کرتا ہے۔ اس شخص نے ہمیشہ ایٹمی قوت بننے کے خلاف سازشیں کیں۔ ڈاکٹر عبدالسلام ایک ثقہ قادیانی تھے اور جنہیں صرف اس لیے نوبیل انعام سے نوازا گیا کہ انہوں نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو ناکام بنانے والے لوگوں کو اٹامک انرجی کمیشن میں بھرتی کیا۔ یہ منیر احمد خان انہیں کے لائے ہوئے سائنس دان تھے جن کی پوری کوشش یہ رہی کہ پاکستان کبھی ایٹمی قوت نہ بن سکے۔''

(ہفت روزہ ''زندگی'' لاہور، 28 جولائی تا 14 جولائی 1998ء)

معروف صحافی جناب یونس خلش اپنی کتاب میں ہوشربا انکشافات کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''بھارت کی طرح یہودیوں کی اسلام دشمنی بھی اظہر من الشمس ہے۔ وہ مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ مغربی ممالک میں یہودی تعلیم وتجارت، ذرائع ابلاغ اور مختلف مالیاتی اداروں میں پوری طرح چھائے ہوئے ہیں۔ ذرائع ابلاغ پر ان کی گرفت کا عالم یہ ہے کہ بڑے سے بڑے اور بظاہر آزاد وخودمختار اخبارات ورسائل میں بھی ان کی مرضی کے بغیر کوئی چیز شائع نہیں ہوسکتی۔ بغاوت کرنے والے جرائد بائیکاٹ جیسے حربوں کے ذریعے مالی بحران میں مبتلا کر دیئے جاتے ہیں۔

پاکستان میں کم وبیش یہی پوزیشن قادیانیوں اور بعض اقلیتی فرقوں کو حاصل ہے۔ قیام پاکستان سے آج تک نہایت اہم اور حساس سرکاری شعبوں میں اعلیٰ مراتب انہی کے قبضہ تسلط میں رہے ہیں۔ صنعت وتجارت، وزارت خارجہ، پلاننگ کمیشن، تعلیم اور ذرائع ابلاغ ان کی تگ وتاز کے خصوصی ہدف ہیں۔ پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ کی حیثیت سے چوہدری ظفر اللہ جیسے پرامن قادیانی سے کون واقف نہیں کہ انہوں نے مسئلہ کشمیر کو سرد خانے میں ڈالنے کے لیے کلیدی کردار ادا کیا تھا۔ اسی طرح پلاننگ کمیشن کے ڈپٹی چیئرمین ایم ایم احمد پاکستان کو مالی بحران سے دوچار رکھنے میں اپنے ''فرائض'' بحسن وخوبی ادا کر چکے ہیں۔ اٹامک انرجی کمیشن کے بارے میں حقائق یکجا کیے جائیں تو بڑے ہوشربا انکشاف ہوسکتے ہیں۔ پاکستان کے نوبیل انعام یافتہ ماہر طبیعات ڈاکٹر عبدالسلام کی کوششوں سے کتنے قادیانی حضرات سائنسی تحقیق کے نام پر آگے بڑھے ہیں؟ اعلیٰ سطح پر اس کا بھی جائزہ لیا جانا چاہیے۔ قادیانیوں کی موجودہ حکمت عملی یہ ہے کہ ذرائع ابلاغ میں اپنے ایجنٹوں کے ذریعے پاکستان کو مالی امداد سے محروم کرنے کے علاوہ وطن عزیز

www.sirat-e-mustaqeem.com

کے وقار کو داؤ پر لگایا جائے۔

اسلام اور امت مسلمہ سے بھارت اور اسرائیل کا عناد کسی سے پوشیدہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت کے اسرائیل کے ساتھ نہایت خوشگوار سفارتی تعلقات ہیں۔ پاکستان کا وجود ان دونوں ممالک کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح کھٹکتا ہے، اسی لیے پاکستان نے اسرائیل کے ناجائز وجود کو آج تک تسلیم نہیں کیا ہے۔ لیکن قادیانی حضرات کو یہ ''اعزاز'' حاصل ہے کہ اسرائیل جیسی کٹر اور متعصب یہودی ریاست میں نہ صرف ان کے مشن کو آزادی سے کام کرنے کی اجازت ہے، بلکہ وہ اسرائیل کی فوج میں بھی خدمات انجام دینے کے اہل قرار پائے ہیں، جس میں سوائے یہودیوں کے کسی اور کو بھرتی ہونے کی اجازت نہیں ہے۔

تحریک پاکستان کے بزرگ رہنما مولانا ظفر احمد انصاری نے اپنے ایک انٹرویو میں یہ انکشاف کیا تھا کہ یہودی ہر مسلم مملکت کو نیست و نابود کرنے کا عہد کر چکے ہیں۔ وہ اس کے لیے ہر ذریعے اور واسطے کو استعمال میں لا رہے ہیں اور ان کے آلہ کار بننے والوں میں یہ مرزائی یا قادیانی بھی شامل ہیں، جو اپنے آپ کو ''احمدی'' کہتے ہیں۔ 1972ء تک اسرائیل میں موجود ''احمدیوں'' کی تعداد چھ سو تھی، جن پر اسرائیلی فوج کے دروازے کھول دیئے گئے تھے۔ یہ تفصیل پولیٹیکل سائنس کے یہودی مصنف آئی ٹی نومانی کی کتاب ''اسرائیل اے پروفائل'' کے صفحہ نمبر 75 پر موجود ہے۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یہ ''احمدی' پاکستان سے تعلق رکھتے ہیں۔

مولانا ظفر احمد انصاری نے اپنے اسی انٹرویو میں بتایا کہ بابائے اسرائیل بن گوریان نے جون 1967ء میں عرب اسرائیل جنگ کے بعد پیرس کی لوربون یونیورسٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا: (جس کی رپورٹ 9 اگست 1967ء کو صیہونی رسالے ''جیوش کرانیکل'' میں چھپی تھی۔)

''عالمی صیہونی تحریک کو پاکستان کے خطرے سے بے اعتنائی نہیں برتنی چاہیے اور اب پاکستان اس کا پہلا نشانہ ہونا چاہیے، کیونکہ یہ نظریاتی مملکت ہمارے وجود کے لیے خطرہ ہے۔ سارے پاکستانی یہودیوں سے نفرت اور عربوں سے محبت کرتے ہیں۔ عربوں کے لیے ان کی یہ محبت ہمارے لیے خود عربوں سے بڑھ کر خطرناک ہے کہ اب پاکستان کے خلاف فوری اقدام کیا جائے۔

جہاں تک ہندوستانی سطح مرتفع کے باشندوں کا تعلق ہے، وہ ہندو ہیں۔ جن کے دل پوری تاریخ میں مسلمانوں کے خلاف نفرت سے بھرے ہوئے ہیں۔ لہٰذا ہندوستان ہمارے لیے پاکستان کے خلاف کام کرنے کا اہم ترین مرکز ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اس مرکز کا پورا استعمال کریں اور تمام ڈھکے چھپے اور خفیہ منصوبوں کے ذریعہ یہودیوں کے دشمن پاکستانیوں پر ضرب لگائیں اور انہیں کچل دیں۔''

بہت کم لوگ اس حقیقت سے واقف ہیں کہ بن گوریان کی اس تقریر کے سوا چار سال بعد دسمبر

www.sirat-e-mustaqeem.com

1971ء میں اندرونی سازش اور بیرونی جارحیت کے ذریعے ڈھاکہ میں داخل ہونے والی ہندو فوج کا ڈپٹی کمانڈر جنرل جیکب ایک یہودی تھا۔

قادیانیوں کے اسرائیل کے یہودیوں سے تعلقات بڑے پرانے ہیں۔ 1948ء میں اسرائیل کے قیام کے بعد سرزمین فلسطین سے تمام عربوں کو چن چن کر نکال باہر کیا گیا، حالانکہ صدیوں سے یہ ان کا وطن تھا، لیکن وہاں موجود قادیانیوں سے کوئی تعرض نہ کیا گیا۔ قادیانیوں کے ''مصلح موعود'' مرزا بشیر الدین محمود نے خود نہایت فخریہ انداز میں اس کا اعتراف کرتے ہوئے کہا:

''عرب ممالک میں بے شک ہمیں اس قسم کی اہمیت حاصل نہیں، جیسی ان (یورپی افریقی) ممالک میں ہے، پھر بھی ایک طرح کی اہمیت ہمیں حاصل ہوگئی ہے اور وہ یہ کہ فلسطین کے عین مرکز میں اگر مسلمان رہے تو وہ صرف احمدی ہیں۔'' (روزنامہ ''الفضل'' لاہور، 30 اگست 1950ء)

یہودیوں اور قادیانیوں کی نظریاتی مماثلت اور اشتراک کا تجزیہ کرتے ہوئے علامہ اقبالؒ نے 1936ء میں کہا تھا کہ ''مرزائیت اپنے اندر یہودیت کے اتنے عناصر رکھتی ہے کہ گویا یہ تحریک ہی یہودیت کی طرف رجوع ہے۔'' (''حرف اقبال'' لطیف احمد شیروانی ایم اے، صفحہ 115)

علامہ اقبال نے ایک اور موقع پر فرمایا تھا: ''ہمیں دنیائے اسلام سے متعلق قادیانیوں کے رویہ کو فراموش نہیں کرنا چاہیے۔''

مولوی فرید احمد نے اپنی کتاب ''ابر آلود سورج'' میں پاکستان کی بیوروکریسی کے ایک رکن رکین کے بارے میں لکھا کہ ایوب خان کی گول میز کانفرنس کو ناکام بنانے میں یہودیوں نے اسے استعمال کیا تھا۔

اسرائیل میں قادیانی مشن کی موجودگی کا ذکر مرزا غلام احمد قادیانی کے پوتے اور مرزا بشیر الدین محمود کے بیٹے مرزا مبارک احمد نے اپنی کتاب ''آور فارن مشن'' میں کیا ہے، جو 1965ء میں ربوہ سے شائع ہوئی تھی۔ اس کتاب کے صفحہ 79 پر وہ لکھتا ہے:

> ''احمدیہ مشن اسرائیل میں حیفہ (ماؤنٹ کرمل) کے مقام پر واقع ہے اور وہاں ہماری ایک مسجد، ایک مشن ہاؤس، ایک لائبریری، ایک بکڈپو اور ایک سکول موجود ہے۔ ہمارے مشن کی طرف سے ''البشریٰ'' کے نام سے ایک ماہانہ عربی رسالہ جاری کیا گیا، جو 30 ممالک میں بھیجا جاتا ہے۔ مسیح موعود کی بہت سی تحریریں اسی مشن نے عربی میں ترجمہ کی ہیں۔ فلسطین کی تقسیم ہونے سے یہ مشن کافی متاثر ہوا۔ چند مسلمان جو اس وقت اسرائیل میں موجود ہیں، ہمارا مشن ان کی ہر ممکن خدمت کر رہا ہے اور مشن کی موجودگی سے ان کے حوصلے بلند ہیں۔ کچھ عرصہ قبل

www.sirat-e-mustaqeem.com

ہماری مشنری کے لوگ حیفہ کے میئر سے ملے اور ان سے گفت وشنید کی۔ میئر نے وعدہ کیا کہ احمدیہ جماعت کے لیے کبابیر میں، حیفہ کے قریب، وہ ایک سکول بنانے کی اجازت دے دیں گے۔ یہ علاقہ ہماری جماعت کا مرکز اور گڑھ ہے۔ کچھ عرصہ بعد میئر صاحب ہماری مشنری دیکھنے کے لیے تشریف لائے۔ حیفہ کے چار معززین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ان کا پروقار استقبال کیا گیا، جس میں جماعت کے سرکردہ ممبر اور سکول کے طالب علم بھی موجود تھے۔ ان کے اعزاز میں ایک جلسہ بھی منعقد ہوا، جس میں انہیں سپاسنامہ پیش کیا گیا۔ واپسی سے پہلے میئر صاحب نے اپنے تاثرات مہمانوں کے رجسٹر میں تحریر کیے۔ ہماری جماعت کے موثر ہونے کا ثبوت ایک چھوٹے سے مندرجہ ذیل واقعہ سے ہوسکتا ہے۔ 1956ء میں جب ہمارے مبلغ چوہدری محمد شریف صاحب ربوہ پاکستان تشریف لا رہے تھے، اس وقت اسرائیل کے صدر نے ہماری مشنری کو پیغام بھیجا کہ چوہدری صاحب روانگی سے پہلے صدر صاحب سے ملیں۔ موقع سے فائدہ اٹھا کر چوہدری صاحب نے ایک قرآن حکیم کا نسخہ، جو جرمن زبان میں تھا، صدر محترم کو پیش کیا، جس کو خلوص دل سے قبول کیا گیا۔ چوہدری صاحب کا صدر صاحب سے انٹرویو اسرائیل کے ریڈیو پر نشر کیا گیا اور ان کی ملاقات کو اخبارات میں جلی سرخیوں سے شائع کیا گیا۔"

قادیانیوں کے اسرائیل سے تعلقات پر گفتگو کے بعد ہم اس سوال کی طرف آتے ہیں کہ کیا قادیانیوں نے پاکستان کا وجود تسلیم کرلیا ہے؟ اس سوال کے جواب میں طوالت سے بچنے کے لیے ہم روزنامہ "الفضل" قادیان کے شمارے مورخہ 15 اپریل 1947ء میں شائع ہونے والی "اکھنڈ ہندوستان" کے عنوان سے قادیانی خلیفہ مرزا محمود کی "مجلس عرفان" کا ایک اقتباس پیش کرنے پر اکتفا کرتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ کی اس مشیت سے کہ اس نے احمدیت کے لیے اتنی وسیع بیس مہیا کی ہے، پتہ لگتا ہے کہ وہ سارے ہندوستان کو ایک سٹیج پر جمع کرنا چاہتا ہے اور سب کے گلے میں احمدیت کا جوا ڈالنا چاہتا ہے، اس لیے ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہندو مسلم سوال اٹھ جائے اور ساری قومیں شیر وشکر ہو کر رہیں تا کہ
۱۵ ملک کے حصے بخرے نہ ہوں۔ بے شک یہ کام بہت مشکل ہے، مگر اس کے نتائج بھی بہت شاندار ہیں اور اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ ساری قومیں متحد ہوں، احمدیت اس وسیع بیس میں ترقی کرے، چنانچہ اس رویا (خواب) میں اسی طرح اشارہ ہے۔ ممکن ہے عارضی طور پر افتراق پیدا ہو اور کچھ وقت کے لیے دونوں قومیں جدا ہو جائیں، مگر یہ حالت عارضی ہوگی اور ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ جلد دور ہو جائے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

بہر حال ہم چاہتے ہیں کہ اکھنڈ ہندوستان بنے اور ساری قومیں باہم شیر وشکر ہو کر رہیں، لیکن اگر ایسا نہ ہوا تو ہم مسلمانوں کا ساتھ دیں گے۔ اگر وہ ہلاکت کے گڑھے میں گریں گے، تو ہم بھی ان کے ساتھ ہوں گے اور ہماری وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کو بھی بچا لے گا۔ یہ تو نہیں کہتا کہ ان کی ہلاکت کے ساتھ ہماری ہلاکت ہوگی، کیونکہ اللہ تعالیٰ احمدیت کو ہلاک نہیں کر سکتا۔''

واضح رہے کہ اس ''مجلس عرفان'' میں سر ظفر اللہ خان بھی ''حضور'' کے ساتھ مسند پر تشریف فرما تھے اور مجلس کی ابتداء میں ''خلیفۃ المسیح الثانی'' نے اپنا ایک تازہ خواب سنایا، جس میں گاندھی جی ان کے ساتھ ایک ہی چارپائی پر لیٹنا چاہتے تھے اور ذرا سی دیر لیٹنے کے بعد فوراً اٹھ بیٹھے اور گفتگو شروع کر دی۔

یہود و ہنود سے قادیانیوں کے تعلقات کے علاوہ ایک عجیب بات یہ ہے کہ مذہب کو افیون قرار دینے والے کمیونسٹ عناصر، ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ قادیانیوں کے خلاف کوئی آواز نہ اٹھے۔ وہ ہر موقع پر قادیانیوں کی مخالفت سے گریز کرتے اور ان کے مسئلہ کو فرقہ وارانہ جھگڑا کہہ کر ٹال دیتے ہیں۔

اس پس منظر میں پاکستان کے خلاف بھارت اور اسرائیل کے جارحانہ عزائم کی تکمیل میں قادیانیوں کے خفیہ اور اعلانیہ کردار اور کمیونسٹوں کے تعاون کا کوئی راز نہیں رہتا۔ پھر پاکستان کے پرامن ایٹمی پروگرام میں نمایاں خدمات انجام دینے والے ڈاکٹر عبدالقدیر خان ان کی سازش سے کیسے بچ سکتے تھے؟ آخر کار وہ بھی ان کی زد میں آ گئے اور اب ڈاکٹر عبدالقدیر کی شخصیت اور کارنامے ہی متنازعہ نہیں قرار پاتے، بلکہ بعض لوگ ان شکوک وشبہات کا اظہار بھی کرنے لگے ہیں کہ اس نام کی کسی شخصیت کا وجود ہے بھی یا نہیں۔ جو نام اور جو تصویر اخبارات میں شائع ہو رہی ہے، وہ کوئی اور ہی شخص ہے۔ سازشی عناصر کی یہی کامیابی کم ہے کہ انہوں نے پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوششوں کے علاوہ وطن عزیز کے ایک مایہ ناز سپوت کو متنازعہ بنا ڈالا۔'' (''ڈاکٹر عبدالقدیر اور کہوٹہ ایٹمی سنٹر'' از یونس خلش)

ڈاکٹر عبدالسلام کا ہمیشہ اسلام اور پاکستان دشمن شخصیات سے گہرا یارانہ رہا بلکہ رازدارانہ تعلقات رہے۔ امپیریل کالج لندن سے پی ایچ ڈی یافتہ یہودی ڈاکٹر یوول نیمان، ڈاکٹر عبدالسلام کے قریبی دوستوں میں سے ہے۔ جس کی دعوت پر ڈاکٹر عبدالسلام اکثر اسرائیل کے دورہ پر جاتا رہا ہے۔ ایک معروف صحافی کے سوال پر کہ جماعت احمدیہ کا اسرائیل میں تبلیغی مشن ہے، اس سلسلہ میں آپ کی کیا رائے ہے؟ ڈاکٹر عبدالسلام نے اعتراف کیا تھا کہ اسرائیل کے قیام سے پہلے کے زمانہ میں ہم وہاں آباد ہیں۔ وہ ہماری جماعت کے اہم آدمی ہیں۔ اسرائیل ان کا وطن ہے، ہم انہیں وطن بدر نہیں کر سکتے۔ رہا میری ذات کا تعلق تو میں ایسا سائنس دان ہوں جو جغرافیائی سرحدوں کا قائل نہیں۔ میرے لیے انسانیت سب سے اہم ہے۔ اگر مجھے کوئی کافر یا غدار کہتا ہے تو مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔''

معتبر ذرائع کے مطابق بھارت نے اپنے ایٹمی دھماکے اسی یہودی سائنس دان کے مشورے

www.sirat-e-mustaqeem.com

سے کہے جو مسلمانوں کا سب سے بڑا دشمن ہے۔ یوول نیمان امریکہ میں بیٹھ کر براہ راست اسرائیل کی مفادات کی نگرانی کر رہا ہے۔ اسرائیل کے لیے پہلا ایٹم بم بنانے کا اعزاز بھی اسی شخص کو حاصل ہے۔ پاکستان اس کی ہٹ لسٹ پر ہے اور اس سلسلے میں وہ بھارت کے کئی خفیہ دورے بھی کر چکا ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ امریکی کانگریس کی بہت بڑی لابی اس وقت یوول نیمان کے لیے نوبیل پرائز کے حصول کے لیے کوشاں ہے۔ اس کی زندگی کا پہلا اور آخری مقصد امت مسلمہ کو نقصان پہنچانا ہے اور وہ اپنے نصب العین کے حصول کے لیے ہر وقت مسلمانوں کے خلاف کسی نہ کسی سازش میں مصروف رہتا ہے۔ دنیا کی ہر مسلم دشمن قوت کے ساتھ اس کا براہ راست رابطہ ہے۔ اس نے ٹیکساس اور کیلی فورنیا کی دو بڑی یونیورسٹیوں کے اہم عہدوں پر قبضہ کر رکھا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ تل ابیب یونیورسٹی اسرائیل کے شعبہ فزکس کا سربراہ بھی ہے۔ اس سے پہلے یہ شخص اسرائیل کا وزیر تعلیم و سائنس و ٹیکنالوجی بھی رہا۔ پاکستان کے نیوکلیئر پروگرام پر اس کی خاص نظر ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اس کی آنکھ میں کانٹا بن کر کھٹکتا ہے۔

اسی طرح ڈاکٹر عبدالسلام کے پاکستان دشمن بھارتی لیڈر نہرو کے ساتھ بڑے دوستانہ مراسم تھے۔ نہرو نے ڈاکٹر عبدالسلام کو آفر کی تھی کہ آپ انڈیا آ جائیں، ہم آپ کو آپ کی مرضی کے مطابق ادارہ بنا کر دیں گے۔ ڈاکٹر عبدالسلام نے کہا کہ ''وہ اس سلسلہ میں اٹلی کی حکومت سے وعدہ کر چکے ہیں لہٰذا میں معذرت چاہتا ہوں لیکن آپ کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے وہاں کے سائنس دانوں سے تعاون کروں گا۔'' یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر عبدالسلام کی بھارتی ''خدمات'' کے عوض وہ ٹاٹا انسٹیٹیوٹ برائے بنیادی تحقیق بمبئی، انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی نئی دہلی اور انڈیا اکیڈمی آف سائنس بنگلور کا منتخب رکن رہا۔ گورونانک یونیورسٹی امرتسر (بھارت)، نہرو یونیورسٹی بنارس (بھارت)، پنجاب یونیورسٹی چندی گڑھ (بھارت) نے اسے ''ڈاکٹر آف سائنس'' کی اعزازی ڈگریاں دیں۔ کلکتہ یونیورسٹی نے اسے سردیو پرشاد سردادھیکاری گولڈ میڈل اور انڈین فزکس ایسوسی ایشن نے شری آر ڈی برلا ایوارڈ دیا۔

بھارتی صحافی جگجیت سنگھ کے ساتھ ڈاکٹر عبدالسلام کے ذاتی تعلقات تھے۔ ڈاکٹر عبدالسلام جب بھی بھارت جاتا، جگجیت سنگھ ''ٹائمز آف انڈیا'' میں اس پر بھرپور فیچر شائع کرتا۔ اس نے ڈاکٹر عبدالسلام پر "Abdus Salam a Biography" (سن اشاعت 1992ء) کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ اس کتاب کا ایک باب "The Ahmaddiya Jammat" ہے جس میں جگجیت سنگھ نے قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیئے جانے والے 7 ستمبر 1974ء کو پارلیمنٹ کے متفقہ فیصلہ اور 1984ء کے صدارتی آرڈیننس جس کے تحت قادیانی شعائر اسلامی استعمال نہیں کر سکتے، کی سخت مذمت کی اور قادیانیوں کو ''مظلوم'' قرار دیتے ہوئے ان اقدامات کو حقوق انسانی کے منافی قرار دیا۔

ڈاکٹر عبدالسلام کا ایک اور بے تکلف دوست جے سی پولکنگ ہارو (J.C.Polking

www.sirat-e-mustaqeem.com

(Horue جو کیمبرج میں سلام کا شاگرد تھا اور بعد میں کیتھولک بشپ بن گیا۔ ڈاکٹر عبدالسلام کی درخواست پر ہر سال قادیانی جماعت کے سالانہ جلسوں میں شرکت کرتا رہا۔ یاد رہے یہ وہی پولنگ ہارو ہے جو پاکستان میں قانون توہین رسالت 295/C کے خلاف امریکہ میں عیسائی جلوسوں کی قیادت کرتا ہے۔ جن میں قادیانیوں کی بھی کثیر تعداد شامل ہوتی ہے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ جب قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا طاہر احمد نے جولائی 1994ء میں بیت الفضل لندن میں توہین رسالت ﷺ کی سزا کے خلاف تقریر کی تو مسٹر پولنگ ہارو اپنے کئی بشپ دوستوں کے ہمراہ وہاں موجود تھا۔

ڈاکٹر عبدالسلام کو بڑے بڑے انعامات سے جو رقوم ملیں، ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

ایٹم برائے امن ایوارڈ	تیس ہزار ڈالر
نوبیل پرائز	چھیاسٹھ ہزار ڈالر
بارسلونا پرائز	ایک لاکھ ڈالر
ایڈنبرا پرائز	5 ہزار ڈالر

ڈاکٹر سلام نے ان تمام رقوم کا 10 فیصد حصہ اپنے خلیفہ کے حکم پر جماعت احمدیہ کے فنڈ میں جمع کروایا۔ اس کے علاوہ یحییٰ خاں کے زمانہ میں اس وقت کے سیکرٹری خزانہ ایم ایم احمد قادیانی نے ڈاکٹر عبدالسلام کو "پاکستان سائنس فاؤنڈیشن" کے نام پر ایک کروڑ روپے کی خطیر رقم فراہم کی، جس کے خرچ کا کوئی ریکارڈ نہیں۔ خدشہ ہے یہ رقم بھی قادیانی جماعت کے فنڈ میں جمع کروا دی گئی تھی۔ پاکستان کے معروف مذہبی و سیاسی راہنما مولانا شاہ احمد نورانی کا بیان آن ریکارڈ ہے کہ:

"......مرزائیت، یہودیت کی گود میں پروان چڑھ رہی ہے اور پاکستان میں تل ابیب کا ایجنٹ ربوہ ہے، اس کی معرفت جو چاہتے ہیں، کرواتے ہیں...... مذہب کا تو ان لوگوں نے لبادہ اوڑھ لیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک بہت بڑی خطرناک سیاسی تحریک ہے اور صیہونیت کی ایک ذیلی تنظیم ہے جو مسلمانوں کے اندر رہ کر مسلمانوں کی تباہی و بربادی کا سامان پیدا کر رہی ہے۔ حکومت تبلیغی مقاصد کے لیے جو بھی رقم خرچ کرتی رہی ہے، وہ اس سلسلے میں بڑی فراخدلی سے مرزا ایم ایم احمد قادیانی کی معرفت تقسیم کرائی تھی۔ ہر مرزائی مبلغ براہ راست ایم ایم احمد کی اجازت سے سٹیٹ بینک پہنچتا تھا اور بڑی آسانی سے غیر ملکی زرمبادلہ حاصل کر لیتا تھا اور اس کے اعداد و شمار سٹیٹ بینک سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔"

اسی طرح بھٹو دور کے وفاقی وزیر پیداوار، انڈسٹریز و ٹاؤن پلاننگ نے بھی اپنی وزارت کی طرف سے ڈاکٹر عبدالسلام کی پرزور سفارش پر تعلیم الاسلام کالج ربوہ کو 60 لاکھ روپے کی خطیر گرانٹ دی،

www.sirat-e-mustaqeem.com

جس کا حکومت کی طرف سے کبھی کوئی آڈٹ نہیں ہوا۔

ستم ظریفی یہ ہے کہ ہمارے صاحبان اقتدار نے دانستہ طور پر ڈاکٹر عبدالسلام کی مندرجہ بالا غداریوں اور سازشوں سے مجرمانہ چشم پوشی کی اور ان ''خدمات'' کے عوض اسے 1959ء میں ستارہ امتیاز اور تمغہ و ایوارڈ حسن کارکردگی اور 1979ء میں پاکستان کا سب سے بڑا سول اعزاز نشان امتیاز دیا گیا۔ گورنمنٹ کالج لاہور نے ڈاکٹر عبدالسلام کی موت پر ''سلام میڈل'' کا اجراء کیا جو فزکس اور ریاضی کے شعبہ میں اول آنے والے طالب علموں کو دیا جاتا ہے۔ اسی طرح انہوں نے کالج کے اولڈ ہال کا نام ''سلام ہال'' رکھا اور مزید یہ کہ گورنمنٹ کالج میں اس کے نام کی ایک ''چیئر'' قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جس کی منظوری بھی ہو چکی ہے۔

لہولہان تھا میں اور عدل کی میزان
جھکی تھی جانب قاتل کہ راج اس کا تھا

ڈاکٹر عبدالسلام 1992ء میں اٹلی میں مقیم تھا۔ اس وقت ان کی عمر 65 سال تھی۔ جولائی میں اسے ایک نامعلوم بیماری نے آ گھیرا جس کی وجہ سے وہ چلنے پھرنے سے قطعی طور پر معذور ہو گیا۔ ابتدائی رپورٹوں کے مطابق اس پر فالج کا حملہ ہوا تھا۔ وہ صرف وہیل چیئر کے ذریعے ہی حرکت کر سکتا تھا۔ بعد ازاں ان پر فالج کا ایک اور شدید حملہ ہوا جس سے وہ بے حد علیل ہو گیا۔ اسے اٹلی کے ایک بڑے ہسپتال میں داخل کروایا گیا جہاں ماہر ڈاکٹروں کی نگرانی میں اس کا علاج شروع ہوا۔ ان کے مختلف ٹیسٹ کیے گئے جن سے پتہ چلا کہ وہ ایک نہایت پیچیدہ بیماری **Progressive Supranuclear Palsy** **(PSP)** کا شکار ہو گیا ہے۔

''پروگریسیو سپرانیو کلیر پالسی'' ایک پُراسرار اور خطرناک فالج کی شکل ہے، جس میں مریض اپنی یادداشت کھو بیٹھتا ہے اور پاگلوں جیسی حرکات کرتا رہتا ہے۔ ماہرین کے مطابق چونکہ یہ ایک نئی بیماری متعارف ہوئی ہے، جس کا مستقبل قریب میں علاج ممکن نہیں ہے۔ بعض لوگ اسے خدائی عذاب سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس خطرناک بیماری کے باعث ڈاکٹر عبدالسلام کی یادداشت بالکل ختم ہو گئی۔ وہ جو کچھ کہتا، کچھ سمجھ نہ آتی۔ اس بیماری کی آخری وقت تک تشخیص نہ ہو سکی۔ ماہرین کے مطابق اس بیماری کا شکار مریض تڑپ تڑپ کر جان دے دیتا ہے اور کسی دوائی سے افاقہ نہیں ہوتا۔

بعض بیماریاں مخصوص حالات کا اظہار کرتی ہیں۔ مثلاً مغربی معاشرے میں جنسی بے راہ روی اور ہم جنس پرستی نے ایڈز جیسی مکروہ بیماری کو جنم دیا، جس کی ہلاکت سے مغرب لرزہ براندام ہے اور جنوبی امریکہ کے ملکوں میں ہاگ وائرس کی ایک بیماری پھیلنے کی علامات ہیں، جس میں مریض کی شکل مسخ ہو کر سور جیسی ہو جاتی ہے اور یہ بیماری یقیناً ایڈز سے زیادہ خوفناک نظر آتی ہے اور اس کی پشت پر بھی ایڈز والے

www.sirat-e-mustaqeem.com

ایم ایم احمد ایک معمولی سی ایس پی افسر ہے اور یہ ان سی پی افسروں سے ہے جس نے اعلیٰ نمبروں سے سی ایس پی کا امتحان بھی پاس نہیں کیا اور نہ کبھی اقتصادیات سے ان کا تعلق رہا ہے۔ بہر حال کیونکہ وہ ایک عرصہ سے اس عہدے سے چپکے چلے آرہے ہیں، اس لیے شاید لوگ سمجھنے لگے ہوں کہ وہ اس میں خاصی مہارت رکھتے ہیں۔ حالانکہ اقتصادیات کا ماہر ہونا اور بات ہے۔ اور چندے اور بھیک مانگنا اور بات ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ اقتصادیات کا ماہر تو نہیں بھیک مانگنے کا ماہر ضرور ہے اور اس نے قوم کے ساتھ سب سے بڑا یہ ظلم کیا کہ اس نے قوم پر تقریباً دو ارب روپے کے قرضوں کا بوجھ ڈال دیا۔ اور اسے مقروض بنا دیا۔ میرے خیال سے نسلیں گزرتی چلی جائیں گی اور اس کا سود تک ادا نہ ہو سکے گا۔

جہاں تک اقتصادیات کا تعلق ہے مسٹر ایم ایم احمد نے پوری منصوبہ بندی سے مرزائیت کو مضبوط کیا ہے۔ جس طرح امریکہ میں یہودیوں نے اپنے آپ کو مضبوط کیا ہے۔ امریکہ میں یہودی اس قدر اثر انداز ہیں کہ تمام بنکوں، انشورنش کمپنیوں پر ان کا قبضہ ہے۔ اور امریکہ کا کوئی صدر ان کی حمایت کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتا۔ اور یہ صرف اقتصادی وجہ سے ہے۔ امریکہ کے سب سے بڑے تجارتی مرکز وال سٹریٹ میں تقریباً 75 فیصد یہودیوں کا قبضہ ہے۔ امریکہ کے تمام بڑے بڑے کارخانوں، اسلحہ ساز کارخانوں، فیکٹریوں، جہاز سازی کے کارخانوں غرضیکہ ہر بڑے سرمایہ کاری کے اڈے پر یہودیوں کا قبضہ ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ امریکہ کی سینٹ اور صدر ان کی حمایت کے بغیر منتخب نہیں ہو سکتے۔ یہی طریقہ مرزا ایم ایم احمد نے اختیار کیا ہے۔ اور وہی پوزیشن حاصل کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے اور چودھری ظفر اللہ نے یہاں آکر باقاعدہ مرزائیوں کو لائسنس سے نوازا۔ کارخانوں کے پرمٹ دیئے۔ اور اس کی ابتدا شاہنواز لمیٹڈ سے ہوئی۔ ظفر اللہ خان کی حمایت سے قادیانیوں کا بڑا گروہ حکومت میں داخل ہوگیا تھا۔ ان میں ظفر اللہ سربراہ تھے جو وزیر خارجہ تھے۔ ایم اے فاروقی جو ایوب خان کے زمانہ میں سب کچھ تھے اور ایم ایم احمد چنانچہ جتنی اہم انڈسٹریز تھیں، انہوں نے ان کے لائسنس قادیانیوں کو دیئے۔ ورنہ قادیانی کبھی اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل نہ تھے۔ پنجاب میں نصیر اے شیخ، فاروق اے شیخ، شاہنواز لمیٹڈ وغیرہ نے زیادہ منافع والی تجارت کے فرائض حاصل کر لیے تاکہ مرزائی قادیانی اقتصادی طور پر مضبوط ہو جائیں۔ اس سلسلے میں ایک یہ بات بھی عرض کر دوں کہ جہاں انہوں نے پنجاب میں شوگر انڈسٹریز، ٹیکسٹائل ملز وغیرہ قائم کیے اور سندھ وغیرہ میں اسی کے ساتھ ساتھ انہوں نے ان سے جتنے بھی فوائد حاصل کیے تھے، وہ حاصل کیے یہاں تک کہ 1971ء میں نوٹوں کی واپسی کا جب اعلان ہوا تو لوگوں کو یہ جان کر شاید حیرت

www.sirat-e-mustaqeem.com

ہوگی لیکن اسے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ واپسی کی تاریخ پر ربوہ سے کوئی شخص بھی نوٹ جمع کرانے نہیں آیا۔ کیونکہ انہیں ایم ایم احمد کے ذریعے تین دن پہلے ہی یہ معلوم ہوگیا تھا کہ نوٹ واپس ہورہے ہیں۔ چنانچہ کوئی بھی قادیانی خسارے میں نہیں رہا۔ اب وہ حکومت کے بڑے بڑے عہدوں پر رہ کر بڑے عظیم اقتصادی اور سیاسی فوائد حاصل کررہے ہیں۔ اور پوزیشن یہ ہے کہ وہ اقلیت میں ہیں۔ اور اپنی وہی پوزیشن بنانا چاہتے ہیں جو امریکہ میں یہودیوں نے بنالی ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ فتنہ اسی طرح پروان چڑھتا رہا تو آئندہ چل کر یہی ہوگا کہ اس ملک پر مکمل طور پر ان کا قبضہ ہوگا۔ اور ان کی مرضی کے غیر کوئی حکومت نہیں کرسکے گا۔

سابق صدر یحییٰ سے فروری 1971ء میں میری ملاقات ہوئی تھی کراچی کے ایوانِ صدر میں عبدالمصطفیٰ ازہری اور جمعیت علماء پاکستان کے دیگر راہنما موجود تھے۔ میں نے اس مسئلہ پر تفصیل سے یحییٰ خان کو ناپاک عزائم سے مطلع کیا مثلاً یہ کہ میں نے کہا قادیانی اسرائیل کے ایجنٹ ہیں۔ اس وقت صدر یحییٰ نے کہا ثبوت کے طور پر کوئی بات کہیں۔ تو میں نے کہا کہ حکومت پاکستان کسی بھی پاکستانی مسلمان کو پاکستانی پاسپورٹ پر اسرائیل جانے کی اجازت دی ہی نہیں جاتی اور پاسپورٹ پر لکھ دیا جاتا ہے کہ اسرائیل کے علاوہ تمام دنیا کے لیے کارآمد ہے۔ ایک تو اسرائیل سے پاکستان نے کبھی کوئی تعلق قائم نہیں کیا اور نہ ہی انشاء اللہ آئندہ کبھی ہوگا لیکن وہاں قادیانیوں اور مرزائیوں کا باقاعدہ مشن کھلا ہوا ہے۔ ربوہ سے ہر سال دوسرے سال مشنریز جاتے رہتے ہیں اور وہاں بیٹھے رہتے ہیں۔ اور یہ بات حیرتناک ضرور ہے کہ پاکستانی پاسپورٹ پر اسرائیل چلے جاتے ہیں وہاں بیٹھ کر کام کرتے ہیں۔ ان کا خرچ وہاں کیسے چلتا ہے اور وہ وہاں کیا کررہے ہیں۔ اور وہ کس مقصد کے لیے وہاں جاتے ہیں۔ وہ اسرائیلی جو اسلام کا نام پسند نہیں کرتے، مرزائیوں کو کیسے پروان چڑھنے دیتے ہیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مرزائیت یہودیت کی گود میں پروان چڑھ رہی ہے اور پاکستان میں تل ابیب کا ایجنٹ ربوہ ہے۔ اس کی معرفت جو چاہتے ہیں کرواتے ہیں۔

یحییٰ خان سے اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا کہ ان کے ناپاک عزائم اس حد تک ہیں کہ آپ پورے پاکستان کے صدر ہیں اور پورے ملک پر آپ کی حکومت ہے لیکن ربوہ پر نہیں۔ یہ پاکستان کے اندر ایک علیحدہ سٹیٹ ہے۔ انہوں نے کہا ''وہ کیسے'' میں نے جواب دیا کہ ربوہ علیحدہ مرزائیوں کا مرکز ہے۔ مرزا ناصر الدین کی وہاں حکومت ہے۔ ان کی اپنی پولیس ہے جس کا نام الفرقان فورس ہے۔ ان کا اپنا نظام ہے، ہر قسم کی وزارتیں قائم ہیں اور ان کی حکومت چل رہی ہے۔ پاکستان کے ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی جگہ پاکستان میں جائداد خرید لیں لیکن حیرتناک بات یہ ہے کہ کوئی پاکستانی ربوہ میں جائداد خریدنے کا حق نہیں رکھتا۔ صرف قادیانی ہی وہاں کی جائداد خرید سکتے ہیں۔ مرزا ناصر الدین اور مرزا بشیر الدین وغیرہ اس جائداد کو فروخت کرتے ہیں۔ یہ اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ وہ پاکستان کے

www.sirat-e-mustaqeem.com

باہر ہے اور ایک علیحدہ سٹیٹ ہے۔ مارچ میں مرزائیت کے خطرناک عزائم سے باخبر ہو کر میں نے اللہ تعالیٰ کی مدد اور حمایت سے یہ خیال کیا کہ اس سازش سے پوری قوم کو باخبر کیا جائے۔ چنانچہ 20 مارچ 1971ء کے جلسہ عام میں میں نے اعلان کیا کہ اس ملک کو ٹکڑے کرنے کی سازش ہو چکی ہے۔ مشرقی پاکستان کو علیحدہ کرنے کی تیاریاں ہو رہی ہیں اور ایم ایم احمد باقاعدہ یہ اعلان کرتے ہیں کہ مشرقی پاکستان ہمارے لیے بوجھ ہے۔ اس کا علیحدہ ہونا ہمارے لیے ترقی کا ذریعہ ہوگا۔ ورنہ ہم اسی طرح تباہ ہوتے رہیں گے۔ اس قسم کے پروپیگنڈے ہو رہے تھے اور مرزائی یہ چاہتے تھے کہ 7 کروڑ مسلمانوں کی وہ سرزمین جہاں مرزائیت کا کوئی وجود نہیں ہے وہ اس ملک سے علیحدہ ہو جائے تاکہ مرزائی آسانی سے یہاں اپنے آپ کو پروان چڑھا سکیں۔ اسرائیل اور واشنگٹن میں جس طرح یہودی مل کر سازشیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ اس سے میں نے پوری قوم کو آگاہ کیا لیکن افسوس کہ ذمہ دار افراد نے اس پر توجہ نہ دی۔ صدر صاحب نے بھی اس کا کوئی خیال نہیں کیا اور ملک کو ٹکڑے ہونا تھا ہو گیا۔

قیامِ پاکستان سے لے کر 1972ء کے مالی سال تک بیرونی ممالک کے تبلیغی اداروں پر حکومت تبلیغی مقاصد کے لیے جو بھی رقم خرچ کرتی رہی ہے، وہ اس سلسلے میں بڑی فراخدلی سے زرمبادلہ مرزا ایم ایم احمد کی معرفت تقسیم کراتی تھی۔ ہر مرزائی مبلغ براہِ راست ایم ایم احمد کی اجازت سے سٹیٹ بنک پہنچتا تھا اور بڑی آسانی سے غیر ملکی زرِمبادلہ حاصل کر لیتا تھا اور اس کے اعداد و شمار سٹیٹ بنک سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ 1954ء سے لے کر 1968ء تک میں نے تبلیغی دورے کیے۔ ایک ایک سال باہر رہا لیکن جب بھی سٹیٹ بنک سے غیر ملکی زرِمبادلہ کا مطالبہ کیا تو مجھے انکار کر دیا گیا۔ اور کوئی زرِمبادلہ نہیں دیا گیا۔ میرا پاسپورٹ اس چیز کی وضاحت کرتا ہے۔''

(ارشاداتِ نورانی ''مرتبہ ضیاء المصطفیٰ قصوری)

ملک کے نامور اہلِ قلم، نڈر صحافی، معروف سکالر و دانشور جناب شفیق مرزا اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں:

''قادیانی ایک متمول اقلیت اور اپنی مخصوص تربیت کی بناء پر ایسی ایسی دھاندلیاں کر جاتے ہیں کہ پوری قوم معاشی و سیاسی سطح پر مضطرب ہو جاتی ہے، لیکن کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی کہ اس کی تاریں کس ویٹی کن سے مل رہی ہیں اور یہی وہ حرکتیں ہیں، جن سے آگاہ ہونے کے بعد شیخ مجیب الرحمٰن نے کہا تھا کہ ''میں ایم ایم احمد سمیت پانچ آدمیوں کو پلٹن کے میدان میں پھانسی دوں گا کہ انہوں نے مشرقی پاکستان (بنگلہ دیش) کی معیشت ایک سازش کے تحت تلپٹ کر کے رکھ دی ہے۔'' جی، ڈبلیو چوہدری نے اپنی کتاب ''متحدہ پاکستان کے آخری دن'' میں بالتفصیل اس امر کا تذکرہ کیا ہے کہ چوہدری ظفر اللہ خاں نے پاکستانی کابینہ کی منظوری کے بغیر کسی طرح، معاہدہ سیٹو پر دستخط کر کے، رشوت میں انٹرنیشنل کورٹ آف

www.sirat-e-mustaqeem.com

جنسں میں عہدہ پایا۔''بحران سے بحران تک'' میں بعض ایسے معاملات میں ایم ایم احمد قادیانی کے ملوث ہونے کا ذکر ہے، جو خاصے سنگین ہیں۔'' (روزنامہ جنگ لاہور 30اپریل 1984ء)

قادیانیوں کو ان کے کفریہ عقائد کی بناء پر غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے مطالبہ پر مبنی تحریک ختم نبوت 1974ء کے دوران ایم ایم احمد امریکہ میں رہائش پذیر تھا۔ اس تحریک کے دوران اس نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سمیت، امریکی کانگریس کے ممبران اور عالمی ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے نام حکومت پاکستان کے خلاف بے شمار احتجاجی خطوط اور میمورنڈم بھجوائے جس سے پاکستان کے وقار، سلامتی اور ساکھ کو بے حد نقصان پہنچا۔ یو این او میں انڈیا کے نمائندے ڈاکٹر برکات احمد کے ذریعے ایک ایسی قرارداد پیش کروائی جس سے قادیانیوں کی اسلام اور پاکستان کے بارے میں خباثت پوری طرح منظر عام پر آ گئی۔ اس طرح جب فروری 1976ء میں وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو امریکہ گئے اور واشنگٹن میں انہوں نے امریکن کانگریس کے ممبران سے خطاب کرنا تھا تو اس نے ایک خط تیار کیا جو کانگریس کے ممبران میں تقسیم کیا گیا۔ اس خط میں اس نے من گھڑت، جھوٹ اور فرضی واقعات کے ذریعے ممبران کو گمراہ کر کے پاکستان کے خلاف جی بھر کر زہر اگلا۔ وہ ایک عرصہ تک پاکستان میں ''اسرائیل تسلیم کرو'' مہم کا انچارج رہا۔ اس بات میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ قادیانی جماعت، اسرائیل سے محبت کرنے والی جماعت ہے جس سے ان کے بڑے مفادات وابستہ ہیں۔ قادیانی جماعت اسرائیل کی حمایت کی یہ وجہ بیان کرتی ہے کہ قادیانیت کا جھنڈا دنیا کے ہر ملک میں لہراتا ہے۔ 1996ء میں قادیانی جماعت نے اسلام آباد کی دیواروں پر نہایت شرانگیز نعرہ ''ہم اسرائیل سے محبت کرتے ہیں'' لکھے تھے جس سے پورے ملک میں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ظاہر ہونے لگا تھا۔ جنوری 1997ء میں ایم ایم احمد کی کوششوں اور وزارت خارجہ میں بیٹھے ہوئے قادیانیوں کے تعاون سے یہ تحریک چلائی گئی کہ آئندہ سے قادیانیوں کو ''احمدی مسلمان'' لکھا جائے۔ بعدازاں مسلمانوں کے شدید احتجاج پر حکومت نے یہ فیصلہ واپس لے لیا۔

ایم ایم احمد کی شادی 26دسمبر 1938ء کو قادیان میں امتہ القیوم سے ہوئی۔ وہ اپنی بعض ناپسندیدہ حرکات واطوار کی بناء پر اپنی بیوی کے لیے عذاب تھا۔ دونوں میاں بیوی کے درمیان ایک عرصہ تک ناچاقی رہی۔ اس کی بنیادی وجہ ایم ایم احمد کی لواطت کی عادت تھی۔ آوارہ سے آوارہ عورت بھی اور کسی غرض سے نہ سہی تو محض کبھی کبھار منہ کا مزا بدل لینے کے لیے ہی شوہر کی طرف رجوع کر لیتی ہے لیکن امتہ القیوم کی بہت بڑی بدقسمتی تھی کہ اس کا شوہر اس کے لیے برف کی سِل سے مختلف نہ تھا۔ اس کا اپنا جسم غیر فطری تسکین کے لیے غیر فطری کوششوں کا عادی ہو گیا تھا۔ وہ امتہ القیوم کی تسکین کا سامان کہاں سے لاتا۔ چند ماہ بعد امتہ القیوم فطرت کے تقاضے سے بچے کی تمنا کرنے لگی۔ یہ وہ تمنا ہے جس کی تکمیل کے بغیر عورت کے وجود کی تکمیل نہیں ہوتی۔ لیکن ایم ایم احمد اپنی بیوی کی پیاس بجھانے پر ہی قادر نہ تھا تو اس کی فطری

www.sirat-e-mustaqeem.com

خواہش کی تکمیل کیسے کرتا؟

امتہ القیوم اپنے شوہر کی طرف سے مستقل طور پر مایوس ہو چکی تھی، پھر بھی اسے شوہر کو خوبصورت لڑکوں اور دیدہ زیب نوجوانوں میں گھرے دیکھ کر سخت وحشت ہوتی۔ آہستہ آہستہ اس حلقے میں لڑکوں کا وجود کم ہوتا گیا اور خوبرو تنومند نوجوان اُن کی جگہ لیتے گئے۔ ایک عورت کی بالخصوص امتہ القیوم ایسی آتش مزاج عورت کی اس سے بڑی توہین اور کیا ہو سکتی کہ اس کا شوہر غیر فطری طور پر عورت بن گیا تھا۔ یعنی وہ فاعل بھی تھا اور مفعول بھی۔ اسے یہ مرض اپنے والد مرزا بشیر احمد سے وراثت میں ملا تھا۔ ایم ایم احمد کی اس قبیح عادت سے اس کی بیوی امتہ القیوم سخت پریشان اور ناراض رہتی۔ وہ اسے بہ مجبوری پسند کرتی اور اس کی تکلیف برداشت کرتی۔ 1978ء میں ایم ایم احمد کا امریکہ کی ایک قادیانی جرنلسٹ خاتون نسیمہ سے معاشقہ بے حد مشہور ہوا۔ وہ اکٹھے کلب میں دیکھے جاتے۔ اس کی راتیں ہنگامہ آرائی اور فسق و فجور میں گزرتی تھیں۔ اسے غلبہ شہوت کا جنوں پرور دورہ پڑتا تو بے قابو ہو جاتا۔ اس حرکت کے باعث وہ رسوائے زمانہ تھا۔ وہ اپنے حلقہ میں عورتوں اور لڑکوں کو یوں اکٹھا کرتا رہتا، جیسے کسی کو سکے جمع کرنے کا شوق ہو۔

ایک دفعہ نسیمہ شدید نفسیاتی دباؤ کا شکار ہو گئی جب اسے عملی تجربہ ہوا کہ ایم ایم احمد لواطت کا عادی ہے جس کا اظہار وہ بستر پر کہنہ مشق سدومی مرد کی صورت میں کرتا۔ وہ ساری زندگی کثرت مقاربت کا عادی رہا۔ حتیٰ کہ آخری علالت میں جب اسے مرض الموت نے گھیر لیا تھا، وہ بلاناغہ خوبصورت لڑکوں اور لڑکیوں سے مقاربت کرتا رہا۔ وہ اپنے خادم شیخ مبارک احمد (جو اسے لڑکے فراہم کرنے پر مامور تھا) کو اکثر کہتا کہ ''لڑکا کوئی بھی ہو، کیسا بھی ہو، لے آیا کرو۔'' انہی کرتوتوں کی وجہ سے اس کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوئی۔

ایم ایم احمد 14 مارچ 1956ء کو پتے کی شدید درد میں مبتلا ہوا۔ کرنل ڈاکٹر ملک بشیر احمد ڈائریکٹر آف پبلک ہیلتھ مغربی پاکستان نے پتہ کا آپریشن تجویز کیا چنانچہ 16 مارچ 1956ء کو میو ہسپتال لاہور کے البرٹ وکٹر وارڈ میں ڈاکٹر امیر الدین سینئر سرجن نے ایم ایم احمد کا آپریشن کیا اور سارا پتہ معہ پتھری کے نکال دیا۔ آپریشن کے بعد ڈاکٹر امیر الدین نے بتایا کہ پتہ میں پیپ پڑ چکی تھی اور اگر آپریشن میں مزید تاخیر کی جاتی تو سارے جسم میں زہر سرایت کر جاتا۔ پتہ میں پتھری بھی کافی بڑی ہو چکی تھی۔ آپریشن کے وقت ڈاکٹر امیر الدین کے علاوہ ڈاکٹر غلام بھیک سول سرجن لاہور، ڈاکٹر یعقوب خان، ڈاکٹر ملک عبدالحق اور ڈاکٹر مرزا منور احمد بھی موجود تھے، آپریشن کے بعد ایم ایم احمد کو بے ہوشی کی حالت میں سٹریچر پر ڈال کر اس کے کمرہ میں لایا گیا جہاں تقریباً 2 گھنٹہ بعد اسے ہوش آیا۔ اس کے بعد شام تک طبیعت بے حد کمزور رہی اور آپریشن کے مقام پر شدید درد رہی۔ ساری رات قے آتی رہی جس کی وجہ سے آپریشن کے ٹانکے بھی متاثر ہوئے۔ یہ کیفیت تقریباً ایک ہفتہ رہی۔

ایم ایم احمد امریکی ریاست ورجینیا کے علاقے پوٹامک میں رہتا تھا۔ 1998ء میں اس کے شکم

www.sirat-e-mustaqeem.com

پر ایک پھوڑا نکلا جس نے چند ہی دنوں میں نہایت خطرناک شکل اختیار کر لی۔ اس پھوڑے نے پیٹ کے اندر آنتوں کو بھی متاثر کیا جس سے اسے خون کے دست آنے شروع ہو گئے۔ اس کا کمرہ اس کی بیماری کی وجہ سے تعفن اور سخت بدبو سے بھر جاتا اور ہر آنے جانے والے کو کراہت محسوس ہوتی اور طبیعت پر ایک ناگواری سی طاری ہو جاتی۔ ایم ایم احمد کی یہ حالت تقریباً ایک سال تک رہی۔ فروری 2002ء میں اس کے ہاتھوں اور پاؤں پر سوجن ظاہر ہونا شروع ہو گئی۔ اس سے اس کے ہونٹ پھٹنے شروع ہو گئے۔ اور مسوڑوں میں شدید درد ہونے لگا۔ اسی دوران اس کے خصیوں پر پھنسیاں نکلنی شروع ہو گئیں جس سے بے حد خارش ہوتی۔ خارش کرنے سے یہ پھنسیاں زخم کی صورت اختیار کر گئیں۔ 10 مارچ کو ایم ایم احمد کو واشنگٹن کے ہسپتال میں داخل کروایا گیا جہاں اس کے مختلف ٹیسٹ لیے گئے۔ رپورٹس کے مطابق اسے آتشک کا خطرناک مرض لاحق ہو گیا تھا۔ بعد ازاں اس کا VDRL ٹیسٹ ہوا جس سے یہ بات قطعی ثابت ہو گئی کہ اسے آتشک کی بیماری ہے۔ ہسپتال میں اس کا کئی ماہ علاج ہوتا رہا لیکن اس کی حالت دن بدن بگڑتی چلی گئی۔ وہ پہلے ہی ذیابیطس کا مریض تھا، آتشک کے مرض نے اسے مزید کمزور کر دیا۔ وہ جو خوراک کھاتا، اسے قے کر دیتا۔ اسی حالت میں اس کے گلے کی نالی بند ہو گئی اور معدہ میں خوراک جانا رک گئی۔ پھر معدہ میں خوراک نلکی کے ذریعے پہنچائی جاتی رہی۔ لیکن اس کی طبیعت مزید خراب ہوتی گئی۔ ضعف اس قدر بڑھ گیا کہ وہ ایک لفظ نہ کہہ سکتا تھا۔ جولائی 2002ء کے پہلے ہفتہ میں اس کی نبض رک رک کر چلنے لگی۔ سردی کے باوجود چہرے پر ہر وقت پسینہ رہتا۔ مسلسل بخار کی وجہ سے اس کے چہرے کا رنگ زردی مائل ہو گیا تھا۔ حالت کمزور تر ہوتی چلی گئی۔ 20 جولائی 2002ء کو اسے دل کا دورہ پڑا۔

ڈاکٹروں نے فوری طور پر اسے بجلی کے جھٹکے دیئے، جس سے اس کی نبض بہتر ہو گئی۔ لیکن چند گھنٹوں بعد وہ کومے میں چلا گیا۔ 23 جولائی کو صبح اسے خونی دست آنے شروع ہو گئے اور اسی حالت میں 9 بجے رات واشنگٹن امریکہ میں جہنم واصل ہوا۔ 28 جولائی 12 بجے رات اس کی لاش کا تابوت پی آئی اے کی فلائیٹ پر لاہور لایا گیا۔ قادیانی عبادت گاہ گڑھی شاہو میں اس کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔ 30 جولائی کو اسے ربوہ کے قبرستان میں دفن کیا گیا۔

؎ جو قبر کہن اس کی اکھڑی تو دیکھا
نہ عضو بدن تھا، نہ تار کفن تھا

www.sirat-e-mustaqeem.com

مولوی عبدالکریم سیالکوٹی

جھوٹوں کا بادشاہ، عورتوں کا شکاری، مکار، ہمراز دجال۔ یہ اس خبیث انسان کی صد رنگ تصویر کے چند رنگ ہیں جس نے مسیلمہ پنجاب مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کی ترقی و ترویج کے لیے دن رات ایک کیا۔ اس شخص کا نام عبدالکریم تھا۔ وہ 1858ء میں سیالکوٹ کے کشمیری محلہ میں پیدا ہوا۔ وہ ماں باپ کا اکلوتا بیٹا تھا۔ وہ عہد طفولیت میں ہی بے حد شرارتی اور عیار تھا۔ محلّہ کے آوارہ لڑکوں کے ساتھ کھیل کود میں شامل ہوتا اور سب کو تنگ کرتا۔ اہل محلّہ آئے روز اس کی آوارگی، شرارتوں اور خباثتوں کی وجہ سے پریشان رہتے۔ بھولے بھالے سادہ لوح اور ضعیف الاعتقاد لوگوں کو فریب دینا اور تاش بازی اس کا مشغلہ تھا۔ ابتدائی تعلیم سیالکوٹ میں حاصل کی۔ بعد ازاں پرائیویٹ طور پر فارسی اور عربی کے کئی امتحانات پاس کیے۔ پھر امریکن مشن سیالکوٹ میں فارسی کا استاد مقرر ہوا۔ وہاں ایک خوبصورت لڑکے سے لواطت کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا تو اسے سکول سے نکال دیا گیا۔ پھر ایک عرصہ بعد بورڈ مڈل سکول میں ملازمت اختیار کی مگر یہاں بھی اس نے اپنی خباثتوں کو وطیرہ بنائے رکھا جس کی وجہ سے اسے یہاں سے بھی خارج کر دیا گیا۔ پھر وہ کشمیر چلا گیا جہاں اس کے حکیم نورالدین سے تعلقات قائم ہو گئے۔ نورالدین، مولوی عبدالکریم کو لے کر مرزا قادیانی کے پاس لے آیا۔ 6 مارچ 1888ء میں اس کی مرزا قادیانی سے پہلی ملاقات ہوئی جس میں ایک دوسرے کا تفصیلاً تعارف ہوا۔ مرزا قادیانی مولوی عبدالکریم کی چرب زبانی سے بے حد متاثر ہوا۔ اس نے مولوی عبدالکریم سے درخواست کی کہ وہ تالیفات کے سلسلہ میں اس کی مدد کرے اور مستقل طور پر قادیان آ جائے۔ جہاں اسے تمام سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ چنانچہ مولوی عبدالکریم مستقل ہجرت کر کے قادیان چلا آیا۔ جہاں اس نے مرزا قادیانی کے مکان کے ایک حصہ میں رہائش اختیار کر لی جو مسجد مبارک کے اوپر کے صحن کے ساتھ ملحق تھا۔ اس مکان کے نیچے خود مرزا قادیانی کا رہائشی کمرہ تھا۔

مولوی عبدالکریم کی زندگی لہو و لعب سے بھرپور تھی۔ اسے شعر و سخن کا بھی شوق تھا۔ صافی اس کا تخلص تھا۔ اس کا ایک فحش شعر ہے۔

صاف سینہ دیکھ کر درزن کو میں سینہ دیا
کچھ تو سینے وہ لگی اور کچھ تو میں سینے لگا

www.sirat-e-mustaqeem.com

مولوی عبدالکریم نہایت بدکردار اور موذی درندہ تھا۔ اس نے قادیان میں کئی لڑکیوں کی عصمتوں کو اپنی جنسی خواہشوں کی بھینٹ چڑھایا۔ قادیان میں اسے عورتوں کی وہ چاٹ لگی کہ جس نے مرتے دم تک اس کا پیچھا نہ چھوڑا۔ مرزا قادیانی کی بیوی نصرت جہاں بیگم ہر روز تین وقت پرتکلف کھانا اپنے ہاتھوں سے تیار کر کے بطور خاص بھجواتی اور خادمہ کو تاکید کرتی کہ وہ اپنے سامنے عبدالکریم کو کھانا کھلا کر واپس مجھے اطلاع کرے۔ جب خادمہ واپس آ کر نصرت کو بتاتی کہ عبدالکریم نے کھانا کھا لیا ہے اور آپ کا شکریہ ادا کیا ہے تو نصرت خوشی سے پھولے نہ سماتی۔ عبدالکریم نے پہلی دفعہ جب نصرت جہاں بیگم کو دیکھا تو اس کی نظریں ایک دم سے ٹھٹھک کر رہ گئیں۔ اس کے دل پر بجلی سی گر پڑی تھی۔ اس نے آج تک ایسی فتنہ جگانے والی عورت نہ دیکھی تھی۔ وہ اسے خواب آفریں سی لگ رہی تھی۔ اس کی آنکھیں خیرہ ہو رہی تھیں۔ اسے نصرت کی مسکراہٹ دعوت گناہ معلوم ہو رہی تھی۔ دونوں کن اکھیوں سے حسن کی انگیٹھی پر عشق کی آگ تاپ رہے تھے۔ اس سرسری اور اچانک ملاقات نے دونوں کو بہت قریب کر دیا تھا۔ مرزا قادیانی کی غیر موجودگی میں شعلہ مجسم نصرت جہاں بیگم خود اوپر عبدالکریم کے کمرہ میں آ جاتی جہاں وہ دونوں داد عیش دیتے۔ ایک دفعہ مولوی عبدالکریم اور نصرت جہاں بیگم آپس میں گلے مل رہے تھے کہ اچانک ایک شخص برہان الدین جو مرزا قادیانی کے قریبی دوستوں میں سے تھا، نے دیکھ لیا۔ اس پر عبدالکریم نے برہان الدین کی خوب پٹائی کی جب یہ معاملہ اربابِ اختیار تک پہنچا تو سب کو سانپ سونگھ گیا اور معاملہ پراسرار طریقہ سے رفع دفع کروا دیا گیا۔

مولوی عبدالکریم امامت کے فرائض سرانجام دیتا اور بعض اوقات جمعہ کا خطبہ بھی دیتا۔ وہ نیچری خیالات رکھتا تھا اور سرسید احمد خاں کا زبردست معتقد تھا۔ وہ اپنے نظریات پر مرزا قادیانی سے بحث بھی کرتا بعد ازاں وہ مرزا قادیانی کے خیالات ونظریات میں ڈھل گیا، مرزا قادیانی نے مولوی عبدالکریم کے بارے میں خود لکھا:

> ''وہ اس سلسلہ کی محبت میں بالکل محو تھے۔ جب اوائل میں میرے پاس آئے تھے تو سید احمد کے معتقد تھے۔ کبھی کبھی ایسے مسائل پر میری ان کی گفتگو ہوتی جو سید احمد کے غلط عقائد میں تھے۔ اور بعض دفعہ بحث کے رنگ تک نوبت پہنچ جاتی مگر تھوڑی ہی مدت کے بعد ایک دن علانیہ کہا کہ آپ گواہ رہیں آج میں نے سب باتیں چھوڑ دیں۔ اس کے بعد وہ ہماری محبت میں ایسے محو ہو گئے تھے کہ اگر ہم دن کو کہتے کہ ستارے ہیں اور رات کو کہتے کہ سورج ہے تو وہ کبھی مخالفت کرنے والے نہ تھے۔ ان کو ہمارے ساتھ ایک پورا اتحاد اور پوری موافقت حاصل تھی۔ کسی امر میں ہمارے ساتھ خلاف رائے کرنا وہ کفر سمجھتے تھے۔ ان کو میرے ساتھ نہایت درجہ کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

محبت تھی اور وہ اصحاب الصفہ میں سے ہوگئے تھے جن کی تعریف خداتعالیٰ نے پہلے سے ہی اپنی وحی میں کی تھی۔ ان کے متعلق ایک خاص الہام بھی تھا۔ ''مسلمانوں کا لیڈر۔'' (تاریخ احمدیت ج 2 از دوست محمد شاہد)

مولوی عبدالکریم، قادیان میں مرزا قادیانی کی نبوت و رسالت کا اعلان کرتا اور بعض دفعہ سرکار دو عالم حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں گستاخانہ جملے ادا کرتا۔ وہ بڑا جوشیلا مقرر تھا۔ اپنے جمعہ کے خطبات میں مرزا قادیانی کو نبی اور رسول کہتا۔ قرآن وسنت کا مذاق اڑاتا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عظیم الشان شخصیت اور ان کے معجزات کا تمسخر اڑاتا اور مسلمانوں کو برا بھلا کہتا۔

زلزلہ کانگڑہ سے قبل اسے ذیابیطس کے مرض کی وجہ سے کثرت پیشاب کا شدید عارضہ لاحق ہوگیا جس کی وجہ سے اس کے کپڑے پیشاب سے تر رہتے اور اس سے شدید بو آتی۔ اس بیماری کے دوران ہی 12 اگست 1905ء کو اس کی پشت پر دونوں کندھوں کے درمیان ایک چھوٹی سی پھنسی نمودار ہوئی جو پہلے معمولی سمجھی گئی مگر بعد میں اس نے یکایک خطرناک صورت اختیار کرلی۔ ابتداءً اس میں کاربنکل Carbuncle کی علامات نہ تھیں مگر بعد میں پورا کاربنکل بن گیا۔ اس کے ساتھ ہی اس کے منہ سے خون آنا شروع ہوگیا۔ پتہ چلا کہ داڑھوں اور مسوڑوں سے خون آ رہا ہے۔

20 اگست 1905ء کو الماری کے تختے سے سر کو چوٹ لگنے سے بھی اس کا بہت سا خون نکل گیا۔ حالانکہ اسے دوران سر کی بیماری کی بھی مستقل شکایت تھی۔ 4 ستمبر 1905ء کو ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ نے مولوی عبدالکریم کو کلوروفارم سنگھا کر اس کا بڑا آپریشن کیا جس سے اس کے ہاتھ پاؤں سرد اور نبض تقریباً ساقط ہوگئی۔ اس خطرناک صورتحال میں اس کے پھوڑے کا آپریشن کیا گیا۔ بعد ازاں ہوش میں آنے پر شدید درد، کرب اور تکلیف کی وجہ سے اس کی حالت غیر ہوگئی۔ اس کی ہذیانی چیخیں دور دور تک سنی جاتی تھیں۔ وہ شدید درد سے بلند آواز میں روتا اور چیختا اور پکارتا مگر کوئی اس کی مدد کو نہ آتا۔

یعقوب علی عرفانی اپنی کتاب ''سیرت مسیح موعود'' میں لکھتا ہے:

''آپریشن کے بعد قریباً شام تک میں مولوی صاحب کے پاس بیٹھا رہا۔ ہاتھ پاؤں بالکل سرد ہوگئے، نبض بالکل کمزور تھی۔ اور باقاعدہ نہ چلتی تھی۔ کسی وقت ایک دو حرکتیں دل کی بالکل ساقط ہو جاتی تھیں گویا کہ دل حرکت کرتا کرتا رک جاتا تھا۔ ہوش نہ تھا اور اس کے علاوہ پیٹ میں نفخ بہت تھا۔

اصل میں مولوی صاحب کو ذیابیطس کی وجہ سے عام کمزوری بہت تھی۔ اس کے علاوہ شدت درد و کرب کی وجہ سے کئی دن سے غذا اندر نہ گئی تھی۔ اس پر آپریشن بڑا بھاری ہوا، بہت سا خون گیا۔ کلوروفارم بہت سی مقدار میں سونگھانا پڑا۔ اس لیے ان کی حالت نہایت نازک ہوگئی تھی۔ ہم نے ہر قسم کا علاج کیا کہ دل اپنی اصلی حالت پر آوے اور ہوش آئے مگر کوئی بات کارگر نہ ہوئی اور ان کی عام حالت نیچے ہی نیچے

www.sirat-e-mustaqeem.com

جاتی تھی۔ ہمارے عزیز بھائی ڈاکٹر سید محمد حسین صاحب اسسٹنٹ سرجن پروفیسر میڈیکل کالج لاہور بھی قریب چار بجے دن کے تشریف لائے۔ وہ بھی ان کی حالت دیکھ کر سخت پریشان و حیران ہوئے اور انہوں نے کہا کہ بظاہر ان کے بچنے کی کوئی صورت نہیں معلوم ہوتی۔'' (سیرت مسیح موعود ص191)

وہ بیماری کی شدت درد و اضطراب کی وجہ سے ماہی بے آب کی طرح تڑپتا اور زور زور سے کہتا کہ سواری کا انتظام کرو، میں نے مرزا قادیانی کو ملنا ہے، گویا وہ سمجھتا تھا کہ وہ کہیں باہر ہے اور مرزا قادیانی قادیان میں۔ حالانکہ جہاں وہ عبرتناک بیماری کی وجہ سے مر رہا تھا، اسی کمرے کے نیچے مرزا قادیانی رہتا تھا۔ اس پر مرزا قادیانی نے شور شرابے کی وجہ سے کمرہ تبدیل کرلیا تھا۔ لوگ مرزا قادیانی سے کہتے کہ تم اس سے مل آؤ، وہ تمہیں یاد کرتا ہے، تمہیں بڑے اصرار کے ساتھ بلاتا ہے مگر مرزا قادیانی جواب دیتا کہ میں تو خود اسے ملنا چاہتا ہوں مگر بات یہ ہے کہ میں اس کی تکلیف کو دیکھنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

تاریخ احمدیت کے مؤلف دوست محمد شاہد کا کہنا ہے کہ خود نصرت جہاں بیگم نے مرزا قادیانی کو مجبور کیا کہ جب وہ آپ سے ملنے کی اتنی خواہش رکھتا ہے تو آپ کھڑے کھڑے ہو آئیں۔ مگر مرزا قادیانی آخر وقت تک عبدالکریم کو ملنے نہ گیا۔ دراصل مرزا قادیانی مولوی عبدالکریم کو اس لیے نہ ملتا تھا کہ کہیں وہ بھی اس موذی اور خطرناک مرض کا شکار نہ ہو جائے۔ اسی خوف اور ڈر کی وجہ سے مرزا اپنے کمرہ سے نہ نکلتا۔ مولوی عبدالکریم کا پھوڑا پورے جسم پر پھیلتے پھیلتے کوڑھ اور جذام کی شکل اختیار کر گیا۔ وہ پورے جسم پر بے تحاشا خارش کرتا جس سے زخم کے مزید نشان بن جاتے، اور پھر کچھ دیر بعد ان زخموں میں پیپ بھر جاتی۔ جسم کا کوئی حصہ ایسا نہ تھا جہاں پیپ کے پھوڑے نہ تھے۔ وہ چیختا چلاتا اور مدد کے لیے پکارتا مگر اس کی آواز کسی پر اثر نہ کرتی۔ کسی کو ہمت نہ پڑتی کہ اس کی مدد کے لیے آگے بڑھتا۔ حالانکہ وہاں کئی لوگ موجود رہتے مگر ان کے لیے یہ روزمرہ کا معمول تھا۔ وہ تو ہر روز ایسی آوازیں سننے کے عادی تھے۔ اور اس کے قریب جا کر اس کی مدد کرنے کا مطلب تھا، خود کو عذاب میں ڈالنا جو انہیں ہرگز قبول نہ تھا۔

یکم اکتوبر 1905ء کو اسے زبردست پیچش شروع ہو گئے جس کی وجہ سے اس پر کئی مرتبہ غشی کے دورے پڑے، نبض نامعلوم سی ہوتی اور وہ پھوڑوں کی درد سے چیخیں مارتا۔ جب مرزا قادیانی کو پتہ چلا کہ اب مولوی عبدالکریم کے زندہ رہنے کی کوئی امید نہیں ہے اور وہ آج کل کا مہمان ہے تو اس نے فوراً اپنے مریدوں سے کہا کہ مجھے دو الہام ہوئے ہیں پہلا الہام: ''اس نے اچھا ہونا ہی نہ تھا'' اور دوسرا الہام: ''کفن میں لپیٹا گیا'' مرزا قادیانی نے اعلان کیا کہ یہ الہامات مولوی عبدالکریم کی موت کے بارے میں ہیں۔ اسی دوران مولوی عبدالکریم ذات الجنب کی بیماری میں مبتلا ہو گیا جس سے اس کا بخار 105 درجہ ہو گیا۔ یہ عبرتناک حالت کئی روز رہی۔ آخر 11 اکتوبر 1905ء کو بدھ کے دن اڑھائی بجے دوپہر کے قریب 45 سال کی عمر میں، مولوی عبدالکریم جہنم واصل ہو گیا۔ کوڑھ کی وجہ سے اس کا چہرہ بری طرح مسخ ہو کر رہ گیا۔ اس کی

www.sirat-e-mustaqeem.com

لاش سے سرانڈ آتی تھی، کوئی شخص قریب جانا گوارا نہ کرتا، جو شخص اس کی لاش دیکھتا، کانپ کر رہ جاتا۔ خود مرزا قادیانی نے مولوی عبدالکریم کی بیماری کے دوران ملاقات کی اور نہ ہی اس کے مرنے کے بعد اس کا چہرہ دیکھا، کیونکہ اس کی شکل انتہائی مکروہ اور کریہہ جانور سے بدل گئی تھی۔

مرزا قادیانی کی ہدایت کے مطابق:

12 اکتوبر 1905ء کو اس کی لاش ایک تابوت میں ڈال کر مقامی قبرستان میں دفن کی گئی۔ بعد ازاں 27 دسمبر 1905ء کو یہ تابوت نام نہاد ''قادیانی بہشتی مقبرہ'' میں منتقل کیا گیا۔

مفتی صادق اپنی کتاب میں مولوی عبدالکریم سیالکوٹی کے جنازہ کا آنکھوں دیکھا حال بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''جب مولوی عبدالکریم کی لاش نماز جنازہ کے واسطے میدان میں رکھی گئی اور آپ کا منہ کھولا گیا تا کہ لوگ دیکھ لیں اور حضرت مسیح موعود جنازہ پڑھانے کے واسطے تشریف لائے تو حضور نے فرمایا، منہ ڈھانک دو۔ چنانچہ منہ ڈھانک دیا گیا۔'' (ذکر حبیب از مفتی صادق ص 125)

اسی طرح مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا شریف نے بھی اپنی یادداشتوں میں خود ان حقائق کا اعتراف کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے:

> ''مولوی عبدالکریم صاحب کا جنازہ جس وقت پڑھنے کے لیے رکھا گیا ہے تو اس وقت تقطر شروع ہوگیا تھا۔ جنازہ کے بعد ایک آدمی نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے عرض کیا کہ حضور! میرے لیے دعائے مغفرت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا میں نے اپنی جماعت کے سب لوگوں کے لیے دعائے مغفرت کر دی ہے۔ میں خود اس جنازہ میں موجود تھا۔ مولوی عبدالکریم صاحب کا جنازہ امانتاً دفن کر دیا گیا تھا۔ اس کے بعد بہشتی مقبرہ بنا تو پھر ان کو وہاں دفن کر دیا گیا۔ ان کے دفن کے وقت سیالکوٹ کے ایک دوست سید امیر علی صاحب نے حضور سے درخواست کی کہ مجھے شکل دیکھنے کی اجازت دی جائے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ چونکہ آپ کا دیرینہ تعلق تھا اس لیے آپ کو میں اس کی اجازت دیتا ہوں لیکن چہرہ دیکھ کر کسی اور شخص سے ذکر نہ کریں۔'' (ماہنامہ ''خالد'' جنوری 1958ء ص 9)

سچ ہے: سب سے بڑی نجاست دل کی نجاست ہے۔ نجس زندگی کا انجام بھی نجاست آلود ہوا کرتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

قاضی ظہور الدین اکمل

غلاظت، خجالت اور ذلالت کا بدترین امتزاج، قادیانی جماعت کا مشہور شاعر قاضی ظہورالدین اکمل 25 مارچ 1881ء کو ضلع گجرات کے ایک گاؤں گولیکی میں پیدا ہوا۔ مشن ہائی سکول گجرات میں میٹرک تک تعلیم حاصل کی۔ وہ بچپن ہی سے بہت شرارتی اور آوارہ مزاج تھا۔ ایک روز کلاس میں بر سر عام مشت زنی کرتے ہوئے پکڑے جانے پر سکول سے نکال دیا گیا۔ بعد ازاں اس کے والد مولوی امام دین کی مداخلت اور منت سماجت سے اسے دوبارہ داخلہ ملا۔ اسے اردو علم و ادب اور صحافت سے گہرا لگاؤ تھا۔ ایک آوارہ مزاج شاعر ہونے کے ناطے وہ بلا کا حسن پرست واقع ہوا تھا۔ حسن پرستی اور بدمستی اس کی گھٹی میں شامل تھی۔ وہ حسین صورت دیکھ کر بے قابو ہو جاتا۔ وہ شہوانی شاعری اور ننگے لطائف کا رسیا تھا، خوب رولڑکیوں اور خوش ادا خواتین کی موجودگی میں کھل اٹھتا۔ خوبرو خواتین کے جھرمٹ میں وہ بہت جلد ان سے گھل مل جاتا اور رازدارانہ باتیں کرنے لگتا جیسی راجا اندر اپنی پریوں سے کرتا ہوگا۔ اس کی حسن پرستی میں اس کی شیطانی ہوس کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی۔ وہ حسن پرستی کو عبادت سمجھتا اور اس سے اغماض کو کفران نعمت گردانتا۔ حسن پرستی کی کمزوری کے باعث وہ خوبصورت لڑکوں پر بھی فریفتہ تھا۔ وہ اور مرزا بشیر احمد مل کر بورڈنگ ہاؤس کے خوبصورت لڑکوں سے لواطت کرتے۔ وہ بنیادی طور پر اذیت پسند تھا۔ مباشرت یا لواطت کرتے وقت اسے دوسروں کو تکلیف پہنچا کر خوشی محسوس ہوتی۔

اس کی بیوی سکینۃ النساء بے حد خوبصورت اور دلکش خدوخال کی مالک تھی۔ شادی سے پہلے اس نے میر اسحاق کو اپنے پُرجوش جنسی جذبے کی زنجیر میں جکڑ لیا تھا۔ اس کے لبریز بدن میں بڑی جان اور توانائی تھی۔ وہ پہلی نظر میں کسی بھی مرد کو چت کر دیتی تھی۔ میر اسحاق اس پر بُری طرح فریفتہ ہوگیا تھا۔ سکینۃ النساء نے آنکھوں کے اشاروں اور معنی خیز مسکراہٹوں کے سرخ شراروں سے ''ہاں'' کر دی تھی، تب میر اسحاق ایک مدت تک اس کی جسمانی قربت کے مزے لوٹتا رہا۔

میر اسحاق نے ایک دفعہ سکینۃ النساء کے بارے میں کہا تھا ۔

ہم انہیں دیکھ کر حیران ہوئے جاتے ہیں
خود بخود چاک گریباں ہوئے جاتے ہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com

بعد ازاں سکینہ النساء کے والدین نے اس کی مرضی کے بغیر اس کی شادی ظہورالدین اکمل سے کر دی۔ سکینہ پر گویا قیامت ٹوٹ گئی تھی، کیونکہ ظہورالدین نہایت کریہہ صورت اور بدسیرت تھا۔ اس کا اوپر کا دھڑ بڑا اور ٹانگیں چھوٹی تھیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ مرجھایا ہوا چہرہ، پیلی نیلاہٹ لیے ہوئے ماتھا، پژمردہ اودے ہونٹ اور ٹوٹے ہوئے ناہموار دانتوں نے اس کی شخصیت کو نہایت مکروہ بنا دیا تھا۔ شادی کے چند سالوں بعد اس کی بیوی کو دق کی بیماری لاحق ہوگئی۔ اکمل اتنا ظالم اور بے رحم شخص تھا کہ اس نے اس بیماری کے دوران ہی اپنی بیوی کو حاملہ کر دیا تھا۔ وہ بڑی بے دردی سے اس پر حکم چلاتا اور اسے تمام معاملات میں اپنی مرضی کے تابع رکھتا۔ اس نے اپنی جھوٹی انا کی تسکین کے لیے اس کی بیماری کی کوئی پرواہ نہ کی۔ بعد ازاں میر اسحاق کی ذاتی خواہش اور درخواست پر اس کا علاج حکیم محمد حسین مرہم عیسیٰ نے کیا جس سے وہ قدرے تندرست ہوگئی۔

قاضی اکمل 1897ء میں اپنے باپ مولوی امام دین گولیکی کے ہمراہ قادیان میں مرزا قادیانی سے بیعت ہوا۔ 1925ء میں وہ پورے خاندان سمیت قادیان چلے گئے جہاں انہوں نے مستقل رہائش اختیار کر لی۔ قاضی اکمل قادیانی جماعت کے کئی اخبارات و جرائد کا ایڈیٹر رہا۔ وہ کئی کتابوں کا مصنف تھا جن میں ظہورالمسیح اور ظہورالمہدی خاص طور پر قادیانی حلقوں میں مشہور و معروف ہیں۔ وہ بنیادی طور پر ایک شاعر تھا۔ اور شاعر بھی آوارہ مزاج۔ اس لیے اس کی شاعری میں زلف و گیسو، شراب و کباب، ہجر و وصال اور گل و بلبل کا اکثر تذکرہ ملتا ہے۔ اس کی ایک نظم ''پی لیتا ہوں'' کے عنوان سے اس کے مجموعہ کلام ''نغمہ اکمل'' میں شامل ہے۔ اس نظم کے چند اشعار ہی پڑھنے سے اس کی ذہنیت کھل کر سامنے آ جاتی ہے کہ وہ کس قماش کا آدمی تھا۔ ملاحظہ فرمائیں:

گاہے گاہے مزا منہ کا بدلنے کے لیے
مفت مل جاتی ہے جب تھوڑی سی پی لیتا ہوں میں
میکدے سے دور ہوں ہر چند، پی لیتا ہوں میں
جس سے مرتے مرتے کچھ دن اور جی لیتا ہوں میں

نصرت جہاں کی بے رخی کے بارے میں لکھتا ہے ۔

میرے دل کی لگی کو دل لگی سمجھا ہے اے ناداں
وہی جانے جسے دل کی لگن محسوس ہوتی ہے
سر تسلیم خم ہے نقد جان و دل بھی حاضر ہے
جبین یار پر پھر بھی شکن محسوس ہوتی ہے

مزید لکھتا ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

درخشانی پر اپنی شمع نازاں اور رقصاں ہے
بجا، لیکن یہ دیکھا جائے، پروانوں پہ کیا گزری

قاضی اکمل نے اپنے مادی مفادات اور نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لیے قادیانی مذہب اختیار کیا۔ وہ آنجہانی مرزا قادیانی کے شیطانی دعووں اور عقائد پر ایمان لایا۔ پھر مرزا قادیانی کی عقیدت میں اس قدر آگے بڑھا کہ اپنی شاعری میں اکثر حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں شدید ترین توہین کا ارتکاب کرنے لگا۔ اس کے بعض اشعار نہایت دل آزار اور گمراہ کن ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں ۔

کل اولیاء سے بہتر بعض انبیاء سے افضل
یہ مصطفیٰ ہمارا یہ دلستان ہمارا
اس آئینہ میں دیکھے وہ جس نے دیکھنا ہو
محبوب لم یزل کا چہرہ نما یہی ہے
میرا دلی عقیدہ گر مجھ سے پوچھتے ہو
تو صاف میں کہوں گا وہ مصطفیٰ یہی ہے

قادیانی کہتے ہیں کہ جب وہ کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں تو اس میں لفظ ''محمد'' سے ان کی مراد محمد عربی ﷺ ہی ہوتے ہیں۔ یہ قادیانیوں کی سادگی اور اپنے عقائد سے غالباً لاعلمی کا نتیجہ ہے۔ جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ قادیانی عقیدہ کے مطابق کلمہ طیبہ میں لفظ ''محمد'' سے مراد ''مرزا غلام احمد قادیانی'' ہے۔ کیونکہ مرزا قادیانی کا دعویٰ ہے کہ وہ خود ''محمد رسول اللہ'' ہے۔ قادیانیوں کا یہی عقیدہ مسلمانوں کے لیے سوہان روح بنا ہوا ہے۔ آیئے ملاحظہ فرمائیں کہ مرزا قادیانی کا بیٹا مرزا بشیر احمد ایم اے اس سلسلہ میں مزید کیا کہتا ہے؟

- ''ہم کو نئے کلمہ کی ضرورت پیش نہیں آتی کیونکہ مسیح موعود (مرزا صاحب) نبی کریمؐ سے کوئی الگ چیز نہیں ہے جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے کہ صار وجودی وجودہ نیز من فرق بینی و بین المصطفی فما عرفنی وما رئی اور یہ اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ وہ ایک دفعہ اور خاتم النبیین کو دنیا میں مبعوث کرے گا جیسا کہ آیت آخرین منھم سے ظاہر ہے۔ ''پس مسیح موعود خود محمد رسول اللہ ہے جو اشاعت اسلام کے لیے دوبارہ دنیا میں تشریف لائے۔ اس لیے ہم کو کسی نئے کلمہ کی ضرورت نہیں۔ ہاں اگر محمد رسول اللہ کی جگہ کوئی اور آتا تو ضرورت پیش آتی۔'' (کلمۃ الفصل از مرزا بشیر احمد ایم اے ص 158)

پھر مزید بڑھتے ہوئے لکھتے ہیں:

- ''ہر ایک نبی کو اپنی استعداد اور کام کے مطابق کمالات عطا ہوتے ہیں، کسی کو بہت، کسی کو کم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

مگر مسیح موعود کو تو تب نبوت ملی جب اس نے نبوت محمدیہ کے تمام کمالات کو حاصل کر لیا اور اس قابل ہو گیا کہ ظلی نبی کہلائے پس ظلی نبوت نے مسیح موعود کے قدم کو پیچھے نہیں ہٹایا بلکہ آگے بڑھایا اور اس قدر آگے بڑھایا کہ نبی کریمؐ کے پہلو بہ پہلو لا کھڑا کیا۔"

(کلمۃ الفصل از مرزا بشیر احمد ایم اے ص 113)

قاضی ظہور الدین اکمل نے مذکورہ بالا عقیدہ کو شاعری میں ڈھالا۔ ملاحظہ فرمائیں۔

امام اپنا عزیزو اس زماں میں
غلام احمد ہوا دارالاماں میں
غلام احمد ہے عرش رب اکرم
مکاں اس کا ہے گویا لامکاں میں
غلام احمد رسول اللہ ہے برحق
شرف پایا ہے نوع انس و جاں میں
محمد ﷺ پھر اُتر آئے ہیں ہم میں
اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شاں میں
محمد ﷺ دیکھنے ہوں جس نے اکمل
غلام احمد کو دیکھے قادیاں میں

(اخبار بدر قادیان 25 اکتوبر 1906ء)

جب اس دلخراش قصیدہ پر اعتراض ہوا تو قادیانی قیادت نے جلتی پر تیل کی طرح جو جواب دیا، وہ نہایت افسوسناک ہے، ملاحظہ فرمائیں:

"یہ وہ نظم ہے جو حضرت حضرت مسیح موعود کے حضور میں پڑھی گئی اور خوشخط لکھے ہوئے قطعے کی صورت میں پیش کی گئی اور حضور اسے اپنے ساتھ اندر لے گئے۔ پھر یہ نظم اخبار بدر 25 اکتوبر 1906ء میں چھپی اور شائع ہوئی۔ پس حضرت مسیح موعود کا شرف سماعت حاصل کرنے اور جزاکم اللہ تعالیٰ کا صلہ پانے اور اس قطعے کو اندر خود لے جانے کے بعد کسی کو حق ہی کیا پہنچتا ہے کہ اس پر اعتراض کر کے اپنی کمزوری ایماں وقلت عرفاں کا ثبوت دے۔" (اخبار روزنامہ "الفضل" 23 اگست 1944ء ص 4)

اس خبیث الفطرت انسان نے رسول کریم ﷺ کی توہین کرتے ہوئے درج ذیل ایک اور نظم "رسول قدنی" کے نام سے لکھی۔ جس میں اس نے نبی کریم ﷺ جن کو تمام مسلمان ان کے شہر مبارک "مدینہ طیبہ" کی نسبت سے "رسول مدنی" کہتے ہیں، کی نقل اتارتے ہوئے مرزا قادیانی کی شان میں اس کے شہر "قادیان" کی نسبت سے "رسولِ قدنی" کہا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com

اے مرے پیارے مری جان رسول قدنی
تیرے صدقے، ترے قربان رسول قدنی
تو نے ایمان ثریا سے ہمیں لا کے دیا
نازش دودۂ سلمانؓ رسول قدنی
انت منی و انا منک خدا فرمائے
میں بتاؤں تری کیا شان رسول قدنی
عرش اعظم پہ تری حمد خدا کرتا ہے
ہم ہیں ناچیز سے انسان رسول قدنی
دستخط قادر مطلق تری مسلوں پہ کرے
اللہ! یہ تری شان رسول قدنی
آسماں اور زمیں تو نے بنائے ہیں نئے
تیرے کشفوں پہ ہے ایمان رسول قدنی
پہلی بعثت میں محمدؐ ہے تو اب احمدؐ ہے
تجھ پہ پھر اُترا ہے قرآن رسول قدنی
سر چشم تری خاک قدم بنواتے
غوث اعظم شہ جیلان رسول قدنی
عرش بلقیس معانی ہے ترے قبضے میں
اس زمانہ کے سلیمانؑ رسول قدنی

(روزنامہ اخبار الفضل قادیان جلد 10 شمارہ نمبر 30، 16 اکتوبر 1922ء)

جناب شفیق مرزا اپنی کتاب ''شہر سدوم'' میں قاضی اکمل کی خباثتوں کا پردہ چاک کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''قاضی اکمل بڑی معروف شخصیت تھے۔ اب تو عرصہ ہوا ھاویہ میں پہنچ چکے ہیں۔ جس زمانے میں راقم الحروف ربوہ میں بسلسلہ تعلیم مقیم تھا چند مرتبہ ان کے پاس بھی جانا ہوا۔ وہ صدر انجمن احمدیہ کے کوارٹرز میں رہتے تھے۔ بواسیر کے مریض تھے۔ اس لیے لیٹے ہی رہتے تھے اور اُن کے پہلو میں ریڈیو مسلسل اپنی دھنیں بکھیرتا رہتا تھا۔ یہ خبیث الطرفین شخصیت ہی وہ ہے، جس نے مرزا غلام احمد کے عہد میں خود ان کے سامنے اپنی یہ نظم پیش کی تھی، جس کے یہ اشعار زبان زدعام ہیں:

محمد پھر اُتر آئے ہیں ہم میں

www.sirat-e-mustaqeem.com

اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل
غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

ان کو ملنے کے لیے گئے تو نصر اللہ ناصر میرے ساتھ تھے۔ اگر ان کا حافظہ جواب نہ دے گیا ہو یا ملازمت کی مجبوریاں زیادہ نہ بڑھ گئی ہوں تو وہ تصدیق کر سکتے ہیں کہ قاضل اکمل نے تفنن طبع کے طور پر یہ واقعہ سنایا کہ ایک مرتبہ ہم چند دوست مرزا بشیر احمد کے پیچھے قادیان سے باہر سیر سپاٹے کے دوران نماز پڑھ رہے تھے۔ مرزا بشیر احمد نے امامت کروائی اور ابھی وہ نماز میں ہی تھے تو میں نے کہا ''اوئے وضو کیتا سائی'' یہ ہے قادیانی نماز......

جب میں لاہور آیا تو مظہر ملتانی مرحوم نے قاضی اکمل کے اپنے ہاتھوں کا لکھا ہوا ایک شعر مجھے دکھایا جو ایک طویل نظم کا حصہ تھا۔ وہ شعر مجھے اب بھی یاد ہے جو یہ ہے ؎

بدن اپنا پھر آگے اُس کے ڈالا
توکلت علی اللہ تعالیٰ

اس قادیانی کی خباثت کا اندازہ لگائیں کہ وہ اسلامی شعائر کی توہین کرنے میں کس قدر بے باک تھا۔ ایک دوسرا شعر بھی قاضی اکمل کے اپنے ہینڈ رائٹنگ میں مظہر ملتانی مرحوم نے مجھے دکھایا تھا لیکن وہ اس قدر خستہ تھا کہ اس کا صرف ایک ہی مصرع پڑھا جا سکتا تھا۔ جو یہ ہے ؎

نہ چیخ مارو حبیب میرے کہ ہو چکا ہے دخول سارا

اب اگر قادیانی امت کے نام نہاد ''صحابیوں'' کی یہ حالت ہے تو پھر ان کے ''نبی صاحب'' خلفا'' اور دوسرے ''اہل بیت'' کی کیا حالت ہوگی، اس کا اندازہ کرنا مشکل نہیں۔''

ظہور الدین اکمل کا بڑا بیٹا عبدالرحمٰن جنید لواطت کا عادی تھا۔ وہ اپنی سدومی ہوس کی تسکین اور تفریح طبع کے لیے نوخیز خوبصورت لڑکوں سے مباشرت کرتا۔ فردوس نامی لڑکی سے شادی کے بعد اس کی ازدواجی زندگی بے حد تلخ رہی۔ وہ دو بیٹیوں کا باپ ہونے کے باوجود زبردستی اپنی بیوی سے غیر فطری طریقے سے مباشرت کرتا۔ اس کی بیوی اس فعل سے شدید ذہنی کوفت اور اذیت محسوس کرتی۔ عبدالرحمٰن جنید کی ان حرکات کی وجہ سے وہ دائمی سر درد کی مریضہ بن گئی۔ پھر 35 سال کی عمر میں اسے نروس بریک ڈاؤن ہوا جس کے نتیجہ میں وہ زندگی کی بازی ہار گئی۔

قاضی اکمل کا بیٹا عبدالرحمٰن جنید بھی شعائر اسلامی کی توہین کرتا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر بڑی حقارت سے کرتا۔ مرزا قادیانی کو (نعوذ باللہ) حضور نبی کریمؐ سے افضل قرار دیتا۔ ایک دن نہانے کے بعد گیلا تولیہ سکھانے کے لیے اس نے اپنے مکان کی دوسری منزل پر کھڑے ہو کر سامنے کے درخت پر کپڑا

www.sirat-e-mustaqeem.com

ڈالنا چاہا مگر پاؤں جو پھسلا تو دھڑام سے گلی کے فرش پر گرا۔ پولیس نے ساری رات تفتیش کی کہ کہیں کسی نے دھکا دے کر گرایا تو نہیں۔ تفتیش مکمل ہونے پر اہل خاندان نے اس کی لاش پر سے کپڑا اٹھایا تو یہ دیکھ کر ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ سخت گرمی کا موسم ہونے کی وجہ سے سارا جسم کیڑوں سے بھرا ہوا تھا۔

عبدالرحمٰن جنید کی دو لڑکیاں قانتہ فردوس اور فائزہ فردوس جنم جنم کی پیاسیاں تھیں۔ ان پر ٹوٹ کر جوانی آئی تھی۔ قانتہ فردوس بے پناہ نسوانی حسن کی مالکہ تھی۔ دراز قد اور جاذب نظر اتنی کہ دیکھنے والے اس کے حسن اور جسمانی خطوط کی دلکشی میں کھو کر رہ جاتے۔

کیا دیکھتے ہم ان کو مگر دیکھتے رہے

چوہدری بشیر احمد سابق ایم پی اے اور سابق امیر قادیانی جماعت شیخوپورہ جو شراب پیتا، شکار کھیلتا اور اپنا سارا وقت جنسی مشاغل میں گزارتا، اس کے قانتہ فردوس کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے۔ قانتہ فردوس ان دنوں فاطمہ جناح گرلز کالج شیخوپورہ میں لیکچرار تھی۔ بعد میں قانتہ کی شادی حمید احمد نامی ایک شخص سے کر دی گئی۔ قانتہ فردوس گورنمنٹ کالج شیخوپورہ میں انگریزی کی ایسوسی ایٹ پروفیسر رہی۔ 25 اکتوبر 2002ء کو ریٹائرڈ ہوئی۔ اس کے میاں حمید احمد کے مطابق قانتہ کو ایک بار Psoriasis سورائسز ہو گیا تھا۔ یہ ایک تکلیف دہ جلد کی بیماری ہے۔ قانتہ کے جسم کی جلد اتر کر سارا بدن زخموں اور پیپ سے بھر گیا تھا۔ جس سے جسم سے بو آتی۔ وہ ایک منہ پھٹ عورت تھی۔ بیماری کی وجہ سے مزاج میں مزید چڑچڑاپن آ گیا۔ ایک طویل علاج کے بعد اسے زخموں سے نجات ملی تو جوڑوں میں شدید درد شروع ہو گیا۔ انفیکشن کی وجہ سے ہر وقت بخار رہتا۔ جب تکلیف انتہا پر ہوتی تو وہ بے ہوش ہو جاتی۔ اس کربناک اور المناک حالت میں وہ مر گئی۔

اس کی دوسری بہن فائزہ فردوس نہایت خوبصورت اور جواں سال تھی۔ لیکن اس کی چڑھتی جوانی کی بات ہی کچھ اور تھی۔ اس کی آنکھوں میں ایسا نشہ تھا کہ دیکھنے والا خود بخود اس کی طرف مائل ہو جاتا۔ وہ جامعہ نصرت ربوہ کالج کی شریر اور چنچل حسینہ تھی۔ بعد ازاں وہ کالج یونین کی سیکرٹری منتخب ہوئی تو اس کی کرتوتوں کا تذکرہ پورے ربوہ میں ہونے لگا۔ وہ جالی دار ریشمی کپڑوں میں ملبوس ہو کر ربوہ کے بازاروں سے گزرتی تو ہر شخص کی ہوس آلود نظر اس کی طرف جھکنے لگتی۔ فائزہ کا مرزا ناصر کے گھر بہت آنا جانا تھا۔ فائزہ مرزا ناصر کی بیٹیوں کی سہیلی تھی۔ اسی اثناء میں فائزہ کی دوستی مرزا ناصر کے صاحبزادے انس سے ہو گئی۔ فائزہ سمندر کی طرح پیاسی اور شوخ تھی، اس لیے معاملہ طے ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ وہ کئی سال بھنورے کی طرح اس نوخیز کلی کا رس چوستا رہا۔ بعد ازاں اس کی شادی ماہر امراض قلب معروف قادیانی ڈاکٹر مسعود الحسن نوری کے چھوٹے بھائی مطلوب الحسن سے ہوئی۔

بچپن میں قاضی اکمل کو چیچک کا مرض لاحق ہوا تھا جس کے دانوں کے نشانات سے اس کا چہرہ بُری طرح بگڑ گیا تھا۔ 1900ء کے بعد 9 برس تک وہ تپ دق اور Septicaemia کے مرض کا شکار ہوا

www.sirat-e-mustaqeem.com

جس سے اس کا بایاں بازو بری طرح مفلوج ہوگیا۔ 22 سال کی عمر میں وہ خوفناک حد تک مراق کا شکار رہا۔ وہ مخصوص حالات میں جذباتی کیفیت کا شکار ہو جاتا جس سے اس کا چہرہ بگڑ جاتا اور ہونٹ سکڑ جاتے۔ بعد میں اسے مرگی کے دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ ایسے ہی ایک دورے میں اس کی بائیں آنکھ بری طرح متاثر ہوئی اور ترچھی دکھائی دینے لگی۔ دوروں کے دوران وہ حواس باختہ ہو کر عجیب و غریب حرکتیں کرتا اور اس کے منہ سے جھاگ نکلنی شروع ہو جاتی۔ ماہر ڈاکٹروں کی ایک ٹیم نے اس کا کئی ماہ علاج کیا جس سے وہ قدرے ٹھیک ہوگیا۔

1938ء میں حیض کے دوران جماع کرنے سے اس کے عضو تناسل پر خارش کے زخم نمایاں ہو گئے تھے۔ پیشاب میں شدید جلن اور اذیت محسوس ہوتی۔ بندش پیشاب کی وجہ سے اس کی حالت دن بدن خراب ہوتی گئی۔ اس شرمناک بیماری کے عمل کے نتیجہ میں اس کی ریڑھ کی ہڈی بیٹھ گئی تھی جس کی وجہ سے اس کی دونوں ٹانگیں بالکل ناکارہ ہوگئی تھیں۔ اس کی حالت بد سے بدتر ہوتی چلی گئی یہاں تک کہ وہ لاعلاج ہوگیا۔ اسے میو ہسپتال کے البرٹ وکٹر وارڈ میں داخل کرایا گیا جہاں کئی مہینے اس کا علاج ہوتا رہا۔ بعد ازاں وہ بغیر صحت یابی کے لاہور ہی میں واقع اپنے گھر منتقل ہوگیا۔ وہ اپنے نحیف و لاغر جسم کو لیے ہوئے آہستہ آہستہ موت کی طرف بڑھ رہا تھا۔ لوگ اسے دیکھ کر لرز جاتے۔ اسی حالت میں 17 ستمبر 1956ء میں وہ ربوہ چلا گیا جہاں دارالصدر شرقی کے ایک کوارٹر میں فروکش رہا۔ بخار اور کھانسی کی وجہ سے وہ سوکھ کر کانٹا ہوگیا تھا۔ اتنا کمزور ہوگیا تھا کہ آواز بھی نہ نکلتی تھی۔ اس کے ہاتھوں پر ہر وقت سوجن رہتی۔

1962ء میں اسے منہ کا کینسر ہوگیا۔ ہر وقت تھوکتا جس میں خون کی آمیزش ہوتی، صحت پہلے ہی کمزور تھی، اس لیے جسم میں قوت مدافعت نہ رہی۔ وہ ایک چارپائی پر پرانا لحاف اوڑھے پڑا رہتا۔ بڑی بڑی داڑھی اور بڑھے ہوئے سر کے بالوں پر ایک رومال بندھا ہوتا۔ پیلا چہرہ اور پھٹی پھٹی آنکھیں لحاف ہلتا تو بدبو کا ایک بھبھکا آتا۔ چارپائی پر اور لحاف کے اندر بے شمار کیڑے رینگتے پھرتے۔ اس کی زندگی اجیرن ہوگئی تھی۔ وہ اپنی اس موذی مرض سے اس قدر تنگ آچکا تھا کہ اس نے کئی دفعہ خودکشی کا سوچا۔ اس ڈیپریشن میں اس کا ذہنی توازن خراب ہوگیا اور بالآخر نیم پاگل ہوگیا۔ آخری وقت میں اس پر اسہال کا شدید حملہ ہوا جس سے جانبر نہ ہوسکا۔ آخر کار طویل اور بے حد تکلیف دہ علالت کے بعد 27 ستمبر 1966ء کو صبح 6 بجے بے یار و مددگار نہایت عبرتناک موت سے ہمکنار ہوا۔

رحم کے قابل نہیں تھا اکمل
آسماں نے جو کیا تھوڑا کیا

www.sirat-e-mustaqeem.com

مفتی محمد صادق

فطرت کا بدلنا ناممکن ہے۔ کہاوت ہے کہ بندر سونے کا چھلا پہن کر بھی بندر ہی رہے گا۔ یہ قول زریں مفتی صادق قادیانی پر پوری طرح صادق آتا ہے۔ وہ 1872ء میں بھیرہ شہر کے محلہ مفتیاں میں پیدا ہوا۔ وہ حکیم نورالدین کے قریبی عزیزوں میں سے تھا۔ کچھ عرصہ جموں کشمیر میں حکیم نورالدین کے پاس رہا۔ پھر اسلامیہ ہائی سکول شیرانوالہ گیٹ لاہور میں مدرس کے طور پر ملازمت کی۔ بعد ازاں اکاؤنٹنٹ جنرل کے دفتر میں ملازم ہو گیا۔ حکیم نورالدین کی تبلیغ سے وہ 31 جنوری 1891ء کو مرزا قادیانی سے بیعت ہوا۔ پھر 1900ء میں لاہور چھوڑ کر مستقل طور پر قادیان چلا گیا۔ وہاں ہائی سکول کا ہیڈ ماسٹر بھی رہا۔ وہ مرزا قادیانی کے نام نہاد ''صحابہ'' میں شامل تھا۔ مرزا قادیانی نے اپنی کتاب انجام آتھم میں درج اپنے ''صحابہ'' کی فہرست میں اس کا نام 65 ویں نمبر پر درج کیا ہے۔ وہ ایک عرصہ مرزا محمود کا پرائیویٹ سیکرٹری بھی رہا۔ بعد ازاں ناظر امور خارجیہ کے طور پر بھی کام کرتا رہا۔ وہ کئی کتابوں کا مصنف تھا۔ اس کی ایک کتاب ''ذکر حبیب'' قادیانی حلقوں میں بے حد مشہور اور عام ہوئی۔ اس کتاب میں درج بعض روایات نہایت دلچسپ اور مضحکہ خیز ہیں۔ آیئے! چند روایات سے آپ بھی محظوظ ہوں۔

تھیٹر

❑ ''حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کے امرتسر جانے کی خبر سے بعض اور احباب بھی مختلف شہروں سے وہاں آ گئے۔ چنانچہ کپورتھلہ سے محمد خاں صاحب اور منشی ظفر احمد صاحب بہت دنوں وہاں ٹھہرے رہے۔ گرمی کا موسم تھا، اور منشی صاحب اور میں ہر دو نحیف البدن اور چھوٹے قد کے آدمی ہونے کے سبب ایک ہی چارپائی پر دونوں لیٹ جاتے تھے۔ ایک شب دس بجے کے قریب میں تھیٹر میں چلا گیا، جو مکان کے قریب ہی تھا۔ اور تماشہ ختم ہونے پر دو بجے رات کو واپس آیا۔ صبح منشی ظفر احمد صاحب نے میری عدم موجودگی میں حضرت صاحب کے پاس میری شکایت کی کہ مفتی صاحب رات تھیٹر چلے گئے تھے۔ حضرت صاحب نے فرمایا۔ ایک دفعہ ہم بھی گئے تھے تاکہ معلوم ہو کہ وہاں کیا ہوتا ہے۔ اس کے سوا اور کچھ نہیں فرمایا۔ منشی

www.sirat-e-mustaqeem.com

ظفر احمد صاحب نے خود ہی مجھ سے ذکر کیا کہ میں تو حضرت صاحب کے پاس آپ کی شکایت لے کر گیا تھا اور میرا خیال تھا کہ حضرت صاحب آپ کو بلا کر تنبیہ کریں گے۔ مگر حضور نے تو صرف یہی فرمایا کہ ایک دفعہ ہم بھی گئے تھے۔" (ذکر حبیب ص 18 از مفتی محمد صادق قادیانی)

عورتوں کے امام

- "باہر مردوں میں نمازیں باجماعت ہونے کے علاوہ آخری سالوں میں حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) ایک بہت بڑے عرصہ تک اندر عورتوں میں خود پیش امام ہو کر مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک لمبے عرصہ تک جمع کراتے رہے۔" (ذکر حبیب ص 65 از مفتی محمد صادق قادیانی)

پیشہ نبوت

- "18 جنوری 1905ء کو جبکہ میں قادیان کے ہائی سکول میں ہیڈ ماسٹر تھا، میں نے حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کی خدمت بابرکت میں ایک رقعہ لکھا تھا، جس کا اصل بمعہ جواب درج کرنا مناسب ہے۔ امید ہے کہ ناظرین کی دلچسپی کا موجب ہوگا:

رقعہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسُولہِ الکریم

حضرت اقدس مرشدنا و مہدینا مسیح موعود

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ صاحبزادہ میاں محمود احمد کا نام برائے امتحان (مڈل) آج ارسال کیا جائے گا۔ جس فارم کی خانہ پری کرنی ہے، اس میں ایک خانہ ہے کہ اس لڑکے کا باپ کیا کام کرتا ہے۔ میں نے وہاں لفظ نبوت لکھا ہے۔"

(ذکر حبیب ص 244، 245 از مفتی محمد صادق قادیانی)

خدا کی مشین

"ایک دفعہ جب سخت گرمی پڑی، تو حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے ایک مضمون لکھا جس میں گرمی کا اظہار کرتے ہوئے، اور گرمی کے سبب کام نہ کر سکنے کی معذرت کرتے ہوئے یہ الفاظ بھی لکھ دیئے۔ کہ "گرمی ایسی سخت ہے کہ اس کے سبب سے خدا کی مشین بھی بند ہوگئی ہے۔" اس میں مولوی صاحب نے اس امر کی طرف اشارہ کیا تھا کہ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) نے بھی شدت گرمی کے سبب کام چھوڑ دیا ہے۔" (ذکر حبیب ص 161 از مفتی محمد صادق قادیانی)

سب کا جنازہ پڑھ دیا

"قاضی سید امیر حسین صاحب کا ایک چھوٹا بچہ فوت ہونے پر جنازے کے ساتھ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) بھی تشریف لے گئے۔ اور خود ہی جنازہ پڑھایا۔ عموماً جنازے کی نمازیں حضرت مسیح

www.sirat-e-mustaqeem.com

موعود (مرزا قادیانی) اگر موجود ہوتے، تو خود ہی امامت کرتے۔ اس وقت نماز جنازہ میں شامل ہونے والے دس پندرہ آدمی ہی تھے۔ بعد سلام کسی نے عرض کی کہ حضور میرے لیے بھی دعا کریں۔ فرمایا۔ میں نے تو سب کا ہی جنازہ (ایمان کا۔ناقل) پڑھ دیا ہے۔"

(ذکر حبیب ص 162,161 از مفتی محمد صادق قادیانی)

سُور مار

❑ "ایک دفعہ قادیان میں آوارہ کتے بہت ہوگئے اور ان کی وجہ سے شور وغل رہتا تھا۔ پیر سراج الحق صاحب نے بہت سے کتوں کو زہر دے کر مار ڈالا۔ اس پر بعض لڑکوں نے پیر صاحب کو چڑانے کے واسطے ان کا نام پیر کتے مار رکھ دیا۔ پیر صاحب حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کی خدمت میں شاکی ہوئے کہ لوگ مجھے کتے مار کہتے ہیں۔ حضرت صاحب نے تبسم کے ساتھ فرمایا کہ اس میں کیا حرج ہے۔ دیکھئے حدیث شریف میں میرا نام "سور مار" لکھا ہے۔ کیونکہ مسیح کی تعریف میں آیا ہے کہ یقتل الخنزیر" (ذکر حبیب ص 162 از مفتی محمد صادق قادیانی)

کسی کی جان گئی، کسی کی ادا ٹھہری

❑ "صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب مرحوم کے دل بہلانے کے واسطے ایک دفعہ چھوٹی چھوٹی چڑیاں کہیں سے لائی گئیں۔ صاحبزادہ صاحب ان چڑیوں کو اپنے ہاتھ میں پکڑے رکھنا پسند کرتے تھے اور بعض دفعہ بچپن کی ناواقفی سے ایسی طرح پکڑتے اور دبائے رکھتے کہ چڑیا کی جان پر بن جاتی۔ اس پر گھر کی کسی خادمہ نے صاحبزادہ صاحب کو چڑیا ہاتھ میں پکڑنے سے روکا۔ مگر حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) نے اس خادمہ کو منع کیا۔ فرمایا کہ یہ چڑیاں اس کے دل بہلانے کے واسطے ہیں۔ جس طرح چاہے پکڑے، تم نہ روکو۔"

(ذکر حبیب ص 171 از مفتی محمد صادق قادیانی)

"انہوں کجھ دیدا ہے"

❑ "حضرت مسیح موعود کے اندرون خانہ ایک نیم دیوانی سی عورت بطور خادمہ کے رہا کرتی تھی۔ ایک دفعہ اس نے کیا حرکت کی کہ جس کمرے میں حضرت صاحب بیٹھ کر لکھنے پڑھنے کا کام کرتے تھے۔ وہاں ایک کونے میں کھرا تھا، جس کے پاس پانی کے گھڑے رکھے تھے۔ وہاں اپنے کپڑے اتار کر اور ننگی بیٹھ کر نہانے لگ گئی۔ حضرت صاحب اپنے کام تحریر میں مصروف رہے، اور کچھ خیال نہ کیا کہ وہ کیا کرتی ہے۔ جب وہ نہا چکی تو ایک اور خادمہ اتفاقاً آ نکلی۔ اس نے اس نیم دیوانی کو ملامت کی کہ حضرت صاحب کے کمرے میں اور موجودگی کے وقت تو نے یہ کیا حرکت کی۔ تو اس نے ہنس کر جواب دیا۔ انہوں کجھ دیدا ہے؟ یعنی اسے کیا دکھائی دیتا

www.sirat-e-mustaqeem.com

ہے۔" (ذکر حبیب ص 38 از مفتی محمد صادق قادیانی)

مائی او پیا

❑ "ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت صاحب کی آنکھوں میں مائی او پیا تھا۔ اسی وجہ سے پہلی رات کا چاند نہ دیکھ سکتے تھے۔"

(سیرت المہدی جلد سوئم ص 119 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

غرارہ

❑ "آخری ایام میں حضور ہمیشہ ایسے پاجامے پہنا کرتے تھے، جو نیچے سے تنگ اوپر سے کھلے گاؤ دم طرز کے اور شرعی کہلاتے ہیں۔ لیکن شروع میں 1890,95ء میں، میں نے حضور کو بعض دفعہ غرارہ پہنے ہوئے بھی دیکھا ہے۔" (ذکر حبیب ص 39 از مفتی محمد صادق قادیانی)

بیٹے کی خاطر نماز جمعہ نہیں پڑھی

❑ "صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کی مرض الموت کے ایام میں ایک جمعہ کے دن حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) حسب معمول کپڑے بدل کر عصاء ہاتھ میں لے کر جامعہ مسجد کو جانے کے واسطے تیار ہوئے۔ جب صاحبزادہ کی چارپائی کے پاس سے گذرتے ہوئے ذرا کھڑے ہوگئے تو صاحبزادہ صاحب نے حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کا دامن پکڑ لیا۔ اور اپنی چارپائی پر بیٹھا دیا اور اٹھنے نہ دیا۔ صاحبزادہ صاحب کی خاطر حضور بیٹھے رہے۔ اور جب دیکھا کہ بچہ اٹھنے نہیں دیتا، اور نماز جمعہ کے وقت میں دیر ہوتی ہے تو حضور نے کہلا بھیجا کہ جمعہ پڑھ لیں اور حضور کا انتظار نہ کریں۔" (ذکر حبیب ص 172 از مفتی محمد صادق قادیانی)

